www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

معزز قارئین توجہ فرمائیں!

کتاب وسنت ڈاٹ کام پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب .....

- عام قاری کے مطالعے کے لیے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد اَپ لوڈ (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کی خاطر ڈاؤن لوڈ، پرنٹ، فوٹو کاپی اور الیکٹرانک ذرائع سے محض مندرجات نشرواشاعت کی مکمل اجازت ہے۔

☆ تنبیہ ☆

- کسی بھی کتاب کو تجارتی یا مادی نفع کے حصول کی خاطر استعمال کرنے کی ممانعت ہے۔
- ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کے لیے استعمال کرنا اخلاقی، قانونی وشرعی جرم ہے۔

﴿اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں﴾

- نشرواشاعت، کتب کی خرید وفروخت اور کتب کے استعمال سے متعلقہ کسی بھی قسم کی معلومات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

kitabosunnat@gmail.com
www.KitaboSunnat.com

www.KitaboSunnat.com

دعا کیجئے

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دعا کیجئے

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نام کتاب ---------- دعا کیجئے

تالیف ---------- اُمِ عبداللہ

ناشر ---------- الھدیٰ پبلی کیشنز، اسلام آباد

ایڈیشن ---------- اوّل

ISBN ---------- 978-969-8665-64-7

تعداد ---------- 20,000

قیمت ----------

تاریخ اشاعت ---------- یکم جولائی 2014ء، رمضان 1435ھ

ملنے کے پتے

اسلام آباد
7-اے کے بروہی روڈ H-11/4 اسلام آباد، پاکستان
فون: +92-51-4866130-1 +92-51-4866125-9
salesoffice.isb@alhudapk.com

کراچی
30-اے سندھی مسلم کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی کراچی، پاکستان
فون: +92-21-34169588 +92-21-34169557

امریکہ
PO Box 2256 Keller TX 76244
فون: +1-480-234-8918 +1-817-285-9450
www.alhudaonlinebooks.com

کینیڈا
5671 McAdam Rd ON L4Z IN9 Mississauga Canada
فون: +1-647-869-6679 +1-905-624-2030
www.alhudainstitute.ca

برطانیہ
14 Wangey Road Chadwell Heath
Essex RM6 4AJ London UK
فون: +44-78-8979-0369 +44-20-8599-5277
alhudaproducts.uk@gmail.com

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فہرست

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
1	مقدمہ	6
2	اللہ کے لیے تعریفی کلمات	8
3	نبی ﷺ پر درود بھیجنا	13
4	مقبول دعائیں	16
5	والدین کے لیے دعائیں	22
6	ازواج کے لیے دعائیں	25
7	اولاد کے لیے دعائیں	30
8	رزق کی کشادگی کی دعائیں	40
9	بھوک اور فاقوں سے بچنے کی دعائیں	48
10	گھریلو پریشانیوں سے نجات کی دعائیں	53
11	بیماری سے شفا کی دعائیں	61
12	ڈر اور گھبراہٹ کے وقت کی دعائیں	74
13	رنج وغم سے بچنے کی دعائیں	81
14	اخلاقی بیماریوں سے بچنے کی دعائیں	91
15	دل کی سلامتی کی دعائیں	97
16	جان ومال کی حفاظت کی دعائیں	102
17	سونے جاگنے کی دعائیں	111
18	صبح وشام کی دعائیں	119
19	سفر کی دعائیں	129
20	نظر بد اور حاسد سے حفاظت کی دعائیں	140
21	جادو سے حفاظت کی دعائیں	145

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نمبر شمار	عنوان	صفحہ
22	شیطان سے حفاظت کی دعائیں	163
23	تعوذ پڑھنے کے مواقع	167
24	اچھا پڑوسی پانے اور برے پڑوسی سے بچنے کی دعائیں	180
25	نعمتوں کے زوال سے بچنے کی دعائیں	183
26	کھانے کے بعد کی دعائیں	189
27	قرض سے نجات کی دعائیں	192
28	زندگی کی مشقتوں سے بچنے کی دعائیں	198
29	استخارہ اور خیر پانے کی دعائیں	206
30	ظلم سے بچنے کی دعائیں	215
31	حصول علم کی دعائیں	224
32	تسبیحات اور ان کی اہمیت	227
33	تسبیحات کے مواقع	234
34	نماز کے بعد کی دعائیں	241
35	گناہوں کی بخشش کی دعائیں	252
36	بری موت سے بچنے کی دعائیں	261
37	میت کے لیے دعائیں	271
38	میت کے گھر والوں کو دینے کے لیے دعائیں	277
39	عذاب قبر اور فتنہ قبر سے حفاظت کی دعائیں	278
40	آخرت کی بھلائی کی دعائیں	284
41	جہنم سے بچنے اور جنت کے حصول کی دعائیں	290

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

مقدمہ

دعا کی اہمیت وفضیلت

دعا عبادت ہے

نبی ﷺ نے فرمایا: اَلدُّعَاءُ هُوَ الْعِبَادَةُ (قَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْ أَسْتَجِبْ لَكُمْ.

دعا عبادت ہے تمھارے رب کا فرمان ہے۔ ''تم مجھ سے دعا کرو، میں قبول کروں گا۔'' (سنن أبي داود: 1479)

اللہ کے نزدیک دعا سے زیادہ کوئی چیز معزز نہیں

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: لَيْسَ شَيْءٌ أَكْرَمَ عَلَى اللّٰهِ مِنَ الدُّعَاءِ.

اللہ کے نزدیک دعا سے زیادہ کوئی چیز معزز نہیں۔ (مسند أحمد: 8748)

اللہ تعالیٰ خود بندے کو دعا کرنے کے لیے پکارتا ہے

نبی ﷺ نے فرمایا: يَنْزِلُ اللّٰهُ إِلَى السَّمَاءِ الدُّنْيَا كُلَّ لَيْلَةٍ حِيْنَ يَمْضِيْ ثُلُثُ اللَّيْلِ الْأَوَّلُ فَيَقُوْلُ أَنَا الْمَلِكُ أَنَا الْمَلِكُ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَدْعُوْنِيْ فَأَسْتَجِيْبَ لَهُ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَسْأَلُنِيْ فَأُعْطِيَهُ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَسْتَغْفِرُنِيْ فَأَغْفِرَ لَهُ فَلَا يَزَالُ كَذٰلِكَ حَتّٰى يُضِيْءَ الْفَجْرُ.

جب رات کا پہلا تہائی حصہ گزر جاتا ہے تو اللہ تعالیٰ آسمان دنیا پر نزول فرماتے ہیں اور کہتے ہیں کہ میں بادشاہ ہوں! میں بادشاہ ہوں! کون ہے جو مجھ سے دعا کرے کہ میں اسے قبول کرلوں؟ کون ہے جو مجھ سے سوال کرے کہ میں اسے عطا کروں؟ کون ہے جو مجھ سے بخشش طلب کرے کہ میں اسے بخشش دوں؟ مسلسل طلوع فجر تک اسی طرح ہوتا رہتا ہے۔

(صحیح مسلم: 1772)

دعا تقدیر کو بھی بدل سکتی ہے

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: لَا يَرُدُّ الْقَضَاءَ إِلَّا الدُّعَاءُ وَلَا يَزِيْدُ فِي الْعُمُرِ إِلَّا الْبِرُّ.

کوئی چیز تقدیر کو نہیں بدل سکتی سوائے دعا کے اور کوئی چیز عمر میں اضافہ نہیں کرسکتی سوائے نیکی کے۔

(سنن الترمذی: 2139)

دعا ضرور فائدہ دیتی ہے

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: إِنَّ الدُّعَاءَ يَنْفَعُ مِمَّا نَزَلَ وَمِمَّا لَمْ يَنْزِلْ فَعَلَيْكُمْ عِبَادَ اللّٰهِ بِالدُّعَاءِ.

دعا اس کے بارے میں بھی فائدہ دیتی ہے جو کچھ نازل ہو چکا اور اسکے بارے میں بھی جو نہیں اترا، پس اللہ کے بندو تم پر دعا کرنا لازم ہے۔ (سنن الترمذی: 3548)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مَا مِنْ رَجُلٍ يَدْعُوْ اللّٰهَ بِدُعَاءٍ إِلَّا اسْتُجِيْبَ لَهُ فَإِمَّا أَنْ يُعَجِّلَ لَهُ فِي الدُّنْيَا وَإِمَّا أَنْ يُدَّخَرَ لَهُ فِي الْآخِرَةِ وَإِمَّا أَنْ يُكَفِّرَ عَنْهُ مِنْ ذُنُوْبِهِ بِقَدْرِ مَا دَعَا مَا لَمْ يَدْعُ بِإِثْمٍ أَوْ قَطِيْعَةِ رَحِمٍ أَوْ يَسْتَعْجِلْ قَالُوْا يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ وَكَيْفَ يَسْتَعْجِلُ قَالَ يَقُوْلُ دَعَوْتُ رَبِّيْ فَمَا اسْتَجَابَ لِيْ.

اگر کوئی شخص اللہ سے دعا کرتا ہے تو اس کی دعا ضرور قبول ہوتی ہے خواہ دنیا میں ہی اسے وہ چیز جلدی عطا کر دی جائے یا اسے اس کے لئے آخرت میں ذخیرہ بنا دیا جائے، یا پھر اس دعا کے بقدر اسکے گناہ اس سے دور کر دیے جائیں۔ بشرطیکہ اس کی دعا کسی گناہ یا قطع رحمی کے لئے نہ ہو اور وہ جلدی نہ کرے، صحابہ کرام نے عرض کیا یا رسول اللہ! جلدی سے کیا مراد ہے؟ فرمایا: وہ یہ کہے کہ میں نے اپنے رب سے دعا کی لیکن اس نے قبول نہ کی۔ (سنن الترمذی: 3968)

اللہ تعالیٰ بندوں کو خالی ہاتھ لوٹانے سے حیا کرتا ہے

سلمان فارسی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ: إِنَّ اللّٰهَ عَزَّ وَجَلَّ لَيَسْتَحْيِيْ أَنْ يَبْسُطَ الْعَبْدُ إِلَيْهِ يَدَيْهِ يَسْأَلُهُ خَيْرًا فَيَرُدَّهُمَا خَائِبَتَيْنِ.

اللہ تعالیٰ کو اس بات سے حیا آتی ہے کہ اس کا کوئی بندہ اس کے سامنے ہاتھ پھیلا کر کوئی سوال کرے اور وہ انہیں خالی لوٹا دے۔ (مسند أحمد: 23714)

اللہ تعالیٰ بندے کے اٹھے ہوئے ہاتھوں میں خیر ضرور ڈالتا ہے

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: إِنَّ اللّٰهَ رَحِيْمٌ كَرِيْمٌ يَسْتَحْيِيْ مِنْ عَبْدِهِ أَنْ يَرْفَعَ إِلَيْهِ يَدَيْهِ ثُمَّ لَا يَضَعُ فِيْهِمَا خَيْرًا!

تمہارا رب بڑی شرم والا اور بڑے کرم والا ہے اس کو اس بات سے شرم آتی ہے کہ اس کا کوئی بندہ اس کے آگے اپنے دونوں ہاتھ پھیلائے پھر وہ ان میں کوئی خیر نہ ڈالے۔ (صحیح الترغیب والترھیب: 1636)

اللہ سے دعا نہ کرنا تکبر کی علامت ہے

وَقَالَ رَبُّكُمُ ادْعُوْنِيْ أَسْتَجِبْ لَكُمْ إِنَّ الَّذِيْنَ يَسْتَكْبِرُوْنَ عَنْ عِبَادَتِيْ سَيَدْخُلُوْنَ جَهَنَّمَ دَاخِرِيْنَ ○

اور تمہارے رب نے فرمایا: مجھے پکارو، میں تمہاری دعا قبول کروں گا۔ بے شک وہ لوگ جو میری عبادت سے تکبر کرتے ہیں عنقریب ذلیل ہو کر جہنم میں داخل ہوں گے۔ (غافر: 60)

دعا نہ کرنا اللہ کی ناراضگی مول لینا ہے

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مَنْ لَمْ يَسْأَلِ اللّٰهَ يَغْضَبْ عَلَيْهِ.

جو آدمی اللہ تعالیٰ سے سوال نہیں کرتا، اللہ تعالیٰ اس سے ناراض ہو جاتا ہے۔ (سنن الترمذی: 3373)

جون 2014ء، شعبان 1435ھ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اللہ تعالیٰ کے لیے تعریفی کلمات

دعا سے پہلے اللہ کی تعریف کی اہمیت

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نماز پڑھ رہا تھا اور نبی ﷺ ابوبکر اور عمر ایک ساتھ تھے۔ جب میں بیٹھا تو اللہ تعالیٰ کی حمد وثنا بیان کی پھر نبی ﷺ پر درود بھیجا پھر اپنے لئے دعا کی تو نبی ﷺ نے فرمایا مانگو عطا کیا جائے گا، مانگو عطا کیا جائے گا۔ (سنن الترمذی:593)

افضل کلام

رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا گیا: کون سا کلام افضل ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جو اللہ نے اپنے فرشتوں اور اپنے بندوں کے لیے چنا۔

1. سُبۡحَانَ اللّٰہِ وَبِحَمۡدِہٖ.

پاک ہے اللہ اپنی تعریف کے ساتھ۔ (صحیح مسلم:6925)

پسندیدہ کلام

ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول ﷺ! میرے ماں باپ آپ پر قربان، اللہ عزوجل کو کونسا کلام زیادہ پسند ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جو اللہ تعالیٰ نے اپنے فرشتوں کے لئے پسند کر رکھا ہے۔

2. سُبۡحَانَ رَبِّیۡ وَبِحَمۡدِہٖ سُبۡحَانَ رَبِّیۡ وَبِحَمۡدِہٖ.

پاک ہے میرا رب اور اسی کے لیے سب تعریف ہے، پاک ہے میرا رب اور اسی کے لیے سب تعریف ہے۔ (سنن الترمذی:3593)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جنت کا خزانہ

نبی ﷺ نے ابوموسیٰ اشعریؓ سے فرمایا: کیا میں تمہیں ایک ایسا کلمہ نہ بتادوں جو جنت کا خزانہ ہے، تو میں نے کہا، کیوں نہیں! آپ ﷺ نے فرمایا:

3. لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ.

نہیں کوئی (برائی سے بچنے کی) ہمت اور (نیکی کرنے کی) قوت سوائے اللہ (کی توفیق) سے۔

(صحیح البخاری:6409)

اللہ کو محبوب کلمات

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بیشک اللہ کو سب سے زیادہ محبوب کلام یہ ہے کہ بندہ کہے۔

4. سُبْحَانَکَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِکَ وَتَبَارَکَ اسْمُکَ وَتَعَالٰی جَدُّکَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُکَ.

اے اللہ! تو پاک ہے اپنی تعریف کے ساتھ، تیرا نام بڑا ہی برکت والا ہے، تیری بزرگی بلند و برتر ہے، تیرے علاوہ کوئی الٰہ نہیں۔ (السلسلة الصحيحة:2598)

نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ کے نزدیک سب سے محبوب کلام یہ ہے۔

5. سُبْحَانَ اللّٰهِ لَا شَرِيْکَ لَهُ لَهُ الْمُلْکُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِيْرٌ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ.

اللہ پاک ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے بادشاہت ہے اور اسی کے لیے تمام تعریف ہے، اور

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وہ ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے (برائی سے بچنے کی) طاقت اور (نیکی کرنے کی) قوت اللہ کی توفیق کے بغیر نہیں، اللہ پاک ہے اور اسی کی تعریف ہے۔ (صحیح الادب المفرد:497)

تعریفی کلمات

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

6. سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ.

اللہ پاک ہے اور سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے، کہنا میرے نزدیک ہر اس چیز سے محبوب ہے جس پر سورج طلوع ہوتا ہے۔ (صحیح مسلم:6847)

7. لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ.

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے اور سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے اور اللہ پاک ہے اور نہیں کوئی (برائی سے بچنے کی) ہمت اور (نیکی کرنے کی) قوت سوائے اللہ (کی توفیق) سے۔

(مسند احمد:6973)

8. اَللّٰهُ أَكْبَرُ كَبِيْرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا وَسُبْحَانَ اللّٰهِ بُكْرَةً وَّأَصِيْلًا.

اللہ سب سے بڑا ہے، بہت بڑا اور سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے، بہت زیادہ اور میں صبح و شام اللہ کی پاکی بیان کرتا ہوں۔ (صحیح مسلم:1358)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

9. اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ قَيِّمُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ لَكَ مُلْكُ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَنْ فِيهِنَّ وَلَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ نُورُ السَّمَوَاتِ وَالْأَرْضِ وَلَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ الْحَقُّ وَوَعْدُكَ الْحَقُّ وَلِقَاؤُكَ حَقٌّ وَقَوْلُكَ حَقٌّ وَالْجَنَّةُ حَقٌّ وَالنَّارُ حَقٌّ وَالنَّبِيُّونَ حَقٌّ وَمُحَمَّدٌ ﷺ حَقٌّ وَالسَّاعَةُ حَقٌّ.

اے اللہ! ہر طرح کی تعریف تیرے ہی لیے ہے، تو آسمانوں اور زمین اور ان میں رہنے والی تمام مخلوق کا سنبھالنے والا ہے اور تیری ہی تعریف ہے، آسمانوں اور زمین اور ان کے درمیان کی تمام چیزوں پر حکومت تیرے ہی لیے ہے اور تیری ہی تعریف ہے، تو نور ہے آسمانوں اور زمین کا اور تیری ہی تعریف ہے، تو سچا ہے اور تیرا وعدہ سچا ہے اور تیری ملاقات برحق ہے اور تیری بات سچی ہے اور جنت برحق ہے اور دوزخ برحق ہے اور تمام نبی سچے ہیں اور محمد ﷺ سچے ہیں اور قیامت برحق ہے۔

(صحیح البخاری:1120)

10. اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ مِلْءَ السَّمَاءِ وَمِلْءَ الْأَرْضِ وَمِلْءَ مَاشِئْتَ مِنْ شَيْءٍ بَعْدُ، اَللّٰهُمَّ طَهِّرْنِي بِالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَالْمَاءِ الْبَارِدِ، اَللّٰهُمَّ طَهِّرْنِي مِنَ الذُّنُوبِ وَالْخَطَايَا كَمَا يُنَقَّى الثَّوْبُ الْأَبْيَضُ مِنَ الْوَسَخِ.

اے اللہ! تیرے ہی لیے ہر قسم کی تعریف ہے جس سے کہ آسمان بھر جائیں، زمین بھر جائے اور ان کے علاوہ جو تو چاہے بھر جائے۔ اے اللہ! مجھے برف، اولوں اور ٹھنڈے پانی کے ساتھ پاک کر دے، اے

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ! مجھے گناہوں اور خطاؤں سے ایسے پاک کر دے جس طرح سفید کپڑا میل کچیل سے صاف کیا جاتا ہے۔ (صحیح مسلم:1069)

11. اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ أَنْتَ رَبُّ كُلِّ شَيْءٍ وَإِلٰهُ كُلِّ شَيْءٍ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ وَحْدَكَ لَا شَرِيكَ لَكَ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُولُكَ وَالْمَلَائِكَةُ يَشْهَدُونَ.

اے اللہ! آسمان وزمین کو پیدا کرنے والے! پوشیدہ اور ظاہر سب کو جاننے والے! تو ہر چیز کا رب ہے اور ہر چیز کا معبود ہے۔ میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں تو اکیلا ہے تیرا کوئی شریک نہیں اور یہ کہ محمد ﷺ تیرے بندے اور رسول ہیں اور فرشتے بھی اس بات کی گواہی دیتے ہیں۔

(مسند احمد:6597)

12. لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيكَ لَهُ اللّٰهُ أَكْبَرُ كَبِيرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيرًا سُبْحَانَ اللّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِينَ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللّٰهِ الْعَزِيزِ الْحَكِيمِ.

اللہ کے سوا کوئی الٰہ نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں۔ اللہ سب سے بڑا ہے بہت بڑا اور تمام تعریف اللہ کے لیے ہے، بہت زیادہ، پاک ہے اللہ جو تمام جہانوں کا رب ہے۔ نہیں کوئی (برائی سے بچنے کی) ہمت اور (نیکی کرنے کی) قوت سوائے اللہ کے جو بہت زبردست حکمت والا ہے۔

(صحیح مسلم: 6848)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نبی ﷺ پر درود بھیجنا

دعا سے پہلے درود کی اہمیت

علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہر دعا روک دی جاتی ہے یہاں تک کہ محمد ﷺ پر درود پڑھا جائے۔

(صحیح الترغیب والترھیب:1675)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص مجھ پر ایک مرتبہ درود بھیجے گا اللہ اس پر دس رحمتیں نازل فرمائے گا اور اس کی دس غلطیاں معاف کر دی جائیں گی اور اس کے دس درجے بلند کئے جائیں گے۔ (سنن النسائی:1297)

آپ ﷺ نے فرمایا: مجھ پر درود بھیجو اور خوب کوشش سے دعا کرو، کہو:

1. اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ.

اے اللہ! محمد ﷺ اور آل محمد ﷺ پر خصوصی رحمتیں نازل فرما۔ (سنن النسائی:1292)

2. اَللّٰھُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا صَلَّیْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی آلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَجِیْدٌ اَللّٰھُمَّ بَارِکْ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَعَلٰی آلِ مُحَمَّدٍ کَمَا بَارَکْتَ عَلٰی اِبْرَاھِیْمَ وَعَلٰی آلِ اِبْرَاھِیْمَ اِنَّکَ حَمِیْدٌ مَجِیْدٌ.

اے اللہ! اپنی رحمت نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جیسا کہ تو نے اپنی رحمت نازل فرمائی ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر۔ بیشک تو تعریف والا اور بزرگی والا ہے۔ اے اللہ! برکت نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جیسا کہ تو نے برکت نازل فرمائی ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر۔ بیشک تو تعریف والا اور بزرگی والا ہے۔ (صحیح البخاری: 3370)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

3. اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّأَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّأَزْوَاجِهٖ وَذُرِّيَّتِهٖ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَّجِيْدٌ.

اے اللہ! رحمت نازل فرما محمد پر اور ان کی بیویوں پر اور ان کی اولاد پر جیسا کہ تو نے رحمت نازل فرمائی آل ابراہیم پر اور اپنی برکت نازل فرما محمد پر اور ان کی بیویوں اور ان کی اولاد پر جیسا کہ تو نے برکت نازل فرمائی آل ابراہیم پر۔ بیشک تو تعریف والا اور بزرگی والا ہے۔ (صحیح البخاری:3369)

4. اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ عَبْدِكَ وَرَسُوْلِكَ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَّعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَآلِ اِبْرَاهِيْمَ.

اے اللہ! اپنی رحمت نازل کر محمد پر جو تیرے بندے ہیں اور تیرے رسول ہیں جس طرح تو نے رحمت نازل کی ابراہیم پر اور برکت بھیج محمد پر اور ان کی آل پر جس طرح تو نے برکت بھیجی ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر۔ (صحیح البخاری:6358)

5. اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَآلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ.

اے اللہ! محمد پر اور آل محمد پر اپنی رحمتیں نازل فرما، جیسے کہ تو نے ابراہیم پر رحمتیں نازل فرمائیں اور محمد پر اور آل محمد پر اپنی برکتیں نازل فرما جیسے کہ تو نے آل ابراہیم پر

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اپنی برکتیں نازل فرمائیں۔ بیشک تو تعریف والا اور بزرگی والا ہے۔(سنن ابی داؤد: 978)

6. اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدِ النَّبِيِّ الْأُمِّيِّ وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ

اے اللہ! محمد جو نبی اُمّی ہیں اور آل محمد پر اپنی رحمت نازل فرما۔(سنن ابی داؤد: 981)

7. اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى أَهْلِ بَيْتِهِ وَعَلٰى أَزْوَاجِهِ وَذُرِّيَّتِهِ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ وَبَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى أَهْلِ بَيْتِهِ وَعَلٰى أَزْوَاجِهِ وَذُرِّيَّتِهِ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ.

اے اللہ! محمد پر اور ان کے اہل بیت پر اور ان کی بیویوں پر اور ان کی اولاد پر اپنی رحمتیں نازل فرما جیسے تو نے آل ابراہیم پر رحمتیں نازل فرمائیں، بے شک تو قابل تعریف، بزرگی والا ہے اور محمد پر اور ان کے اہل بیت پر اور ان کی بیویوں پر اور ان کی اولاد پر اپنی برکتیں اسی طرح نازل فرما جیسے تو نے آل ابراہیم پر برکتیں نازل فرمائیں بے شک تو قابل تعریف والا اور بزرگی والا ہے۔

(مسند احمد: 23173)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مقبول دعائیں

وہ کلمات جن کے پڑھنے سے دعا قبول ہوتی ہے

انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نبی ﷺ کے ساتھ تھا کہ ایک آدمی نے دعا کی اور کہا:

1. يَا بَدِيْعَ السَّمَاوَاتِ يَا حَيُّ يَا قَيُّومُ اِنِّيْ أَسْأَلُکَ.

اے آسمانوں کو پیدا کرنے والے! اے زندہ اور قائم رہنے والے! بے شک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں۔

تو آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تمہیں معلوم ہے کہ اس نے کس چیز کے ساتھ دعا کی؟ اس ذات کی قسم جس کے ہاتھ میں میری جان ہے، اس نے اللہ کو اس کے اس نام سے پکارا کہ جب اس نام سے پکارا جاتا ہے تو وہ قبول فرماتا ہے۔

(صحیح الادب المفرد: 546)

بریدہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے ایک شخص کو کہتے سنا:

2. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَسْأَلُکَ أَنِّیْ أَشْهَدُ أَنَّکَ أَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا أَنْتَ الْأَحَدُ الصَّمَدُ الَّذِیْ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ لَهُ كُفُوًا أَحَدٌ.

اے اللہ! بے شک میں تجھ سے سوال کرتا ہوں، کہ میں گواہی دیتا ہوں کہ یقیناً تو ہی اللہ ہے، تیرے سوا کوئی الٰہ نہیں تو ایک ہے، بے نیاز ہے، ایسی ذات ہے جس نے کسی کو جنم نہیں دیا اور نہ ہی وہ جنم دیا گیا اور نہ ہی اس کا کوئی ہمسر ہے۔

(یہ سن کر) آپ ﷺ نے فرمایا: تم نے اللہ سے اس کا وہ نام لے کر مانگا ہے کہ جب اس سے اس (نام) کے ساتھ سوال کیا جاتا ہے تو وہ عطا کرتا ہے اور جب اس کے ساتھ دعا کی جاتی ہے تو قبول فرماتا ہے۔ (سنن أبی داؤد: 1493)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ایک مرتبہ نبی ﷺ نے ایک آدمی کو اس طرح دعا کرتے ہوئے سنا:

3. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَسْأَلُکَ بِأَنَّ لَکَ الْحَمْدَ لَا اِلٰهَ اِلَّا أَنْتَ وَحْدَکَ لَا شَرِیْکَ لَکَ الْمَنَّانُ بَدِیْعُ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ.

اے اللہ! بے شک میں تجھ سے مانگتا ہوں (اس وسیلے سے) کہ ساری حمد تیرے لیے ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو اکیلا ہے تیرا کوئی شریک نہیں۔ اے بہت زیادہ احسان کرنے والے! آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے والے، جلال اور اکرام والے!

تو نبی ﷺ نے فرمایا یقیناً تو نے اللہ سے اس کے اس اسم اعظم کے ذریعے دعا مانگی ہے کہ جب اس کے ذریعے دعا مانگی جائے تو وہ اسے قبول کرتا ہے اور جب اس کے ذریعے سوال کیا جائے تو وہ عطا کرتا ہے۔ (مسند احمد: 12205)

سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مچھلی کے پیٹ میں ذوالنون (یونس علیہ السلام) کی دعا یہ تھی:

4. لَا اِلٰهَ اِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَکَ اِنِّیْ کُنْتُ مِنَ الظَّالِمِیْنَ.

تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو پاک ہے، یقیناً میں ظلم کرنے والوں میں سے ہوں۔

جو مسلمان آدمی بھی کسی مقصد کے لیے ان کلمات کے ساتھ دعا کرتا ہے تو اللہ تعالیٰ ضرور اسکی دعا قبول فرماتا ہے۔

(سنن الترمذی: 3505)

اللہ کے اسم اعظم والے کلمات

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ نبی ﷺ مسجد میں داخل ہوئے تو ایک شخص نماز پڑھنے کے بعد دعا کرتے ہوئے یہ کہہ رہا تھا۔

5. اَللّٰهُمَّ لَا اِلٰهَ اِلَّا أَنْتَ الْمَنَّانُ بَدِیْعُ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ ذَا الْجَلَالِ وَالْاِکْرَامِ.

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے اللہ! تیرے علاوہ کوئی عبادت کے لائق نہیں تو بہت ہی احسان کرنے والا، آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے والا اور عظمت و کرم والا ہے۔

تو نبی ﷺ نے فرمایا: کیا تم لوگ جانتے ہو کہ اس نے کن الفاظ سے اللہ سے دعا کی ہے؟ اس نے اللہ سے اس کے اسم اعظم (کے وسیلے) سے دعا کی ہے۔ اگر اس کے ذریعے دعا کی جائے تو وہ دعا قبول کرتا ہے اور اگر اس کے ذریعے سوال کیا جائے تو وہ عطا کرتا ہے۔ (سنن الترمذی: 3544)

جب ''لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ'' کے بعد دعا کی جائے

نوف رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہمیں بتایا گیا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اپنے فرشتوں سے فرمایا میرے بندوں کو بلاؤ۔ فرشتوں نے عرض کیا: یارب! یہ کیسے ہو سکتا ہے جبکہ ان کے درمیان سات آسمان اور اس سے آگے عرش حائل ہے؟ اللہ نے فرمایا: جب وہ

6. لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ.

اللہ کے سوا کوئی الٰہ نہیں۔

کہہ لیں تو ان کی پکار قبول ہوگی۔ (مسند احمد: 6860)

جب رات کو آنکھ کھلنے پر یہ پڑھا جائے

نبی ﷺ نے فرمایا: جس شخص کی رات کو آنکھ کھل گئی اور اس نے جاگ کر یوں کہا:

7. لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ.

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، بادشاہی اسی کی ہے، اور اسی کے لیے

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سب تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر کامل قدرت رکھتا ہے۔ سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے، اللہ پاک ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے اور اللہ کی مدد کے بغیر نہ (برائی سے بچنے کی) ہمت ہے نہ (نیکی کرنے کی) طاقت۔

پھر (اس کے بعد) اس نے کہا:

اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ.

یا کوئی دعا کی تو اس کی دعا قبول کی جاتی ہے۔ اور اگر اس نے وضو کیا اور نماز پڑھی تو اس کی نماز قبول کی جاتی ہے۔

(صحیح البخاری:1154)

جب سورۃ الفاتحہ اور سورۃ البقرۃ کی آخری دو آیات کے بعد دعا کی جائے

ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں: اس دوران کہ جبریل علیہ السلام نبی ﷺ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے کہ آپ ﷺ نے اوپر سے ایک آواز سنی تو آپ نے اپنا سر مبارک اٹھایا۔ تو جبریل علیہ السلام نے فرمایا: یہ آسمان کا دروازہ ہے جسے آج کے دن کھولا گیا ہے۔ آج سے پہلے کبھی نہیں کھولا گیا۔ پھر اس سے ایک فرشتہ اترا۔ فرمایا: یہ فرشتہ جو زمین کی طرف اترا ہے یہ آج سے پہلے کبھی نہیں اترا۔ اس (فرشتے) نے سلام کیا اور کہا کہ آپ کو ان دو نوروں کی خوشخبری ہو جو آپ کو دیے گئے اور آپ سے پہلے کسی نبی کو نہیں دیئے گئے ایک فاتحۃ الکتاب اور دوسری سورۃ البقرۃ کی آخری آیات۔ آپ ان دونوں میں سے جو حرف بھی پڑھیں گے تو آپ کو ضرور عطا کیا جائے گا۔ (صحیح مسلم:1877)

سورۃ الفاتحہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ ○ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ مَالِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ○ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ○ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ○

سب تعریف اللہ کے لیے ہے جو سارے جہانوں کا پالنے والا ہے۔ جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔ بدلے کے دن کا مالک ہے۔ ہم صرف تیری عبادت کرتے ہیں اور صرف تجھ سے مدد مانگتے ہیں۔ ہمیں سیدھے راستے پر چلا۔ ان لوگوں کے راستے پر جن پر تو نے انعام کیا، جن پر نہ غصہ کیا گیا اور نہ وہ گمراہ ہیں۔ (الفاتحة: 7-1)

سورۃ البقرۃ کی آخری دو آیات

اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ○ لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○

رسول (ﷺ) ایمان لایا اُس پر جو اس کے رب کی طرف سے اس پر نازل کیا گیا اور مومن بھی، سب کے سب ایمان لائے اللہ پر، اس کے فرشتوں پر، اس کی کتابوں پر اور اس کے رسولوں پر۔ (وہ کہتے

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہیں) ہم اس کے رسولوں میں سے کسی میں فرق نہیں کرتے اور وہ کہتے ہیں ہم نے سنا اور ہم نے اطاعت کی، اے ہمارے رب! ہم تجھ سے مغفرت طلب کرتے ہیں اور ہمیں تیری ہی طرف لوٹنا ہے۔ اللہ کسی کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا، اسی کے لیے ہے جو اس نے (نیکی) کی اور اسی پر ہے جو اس نے (گناہ) کمایا، اے ہمارے رب! اگر ہم بھول جائیں یا ہم خطا کریں تو ہمیں نہ پکڑنا، اے ہمارے رب! ہم پر وہ بوجھ نہ ڈالنا جیسا کہ تو نے ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا، اے ہمارے رب! تو ہم سے وہ بوجھ نہ اٹھوانا جس کے اٹھانے کی طاقت ہم میں نہیں، ہم سے درگزر فرما اور ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما، تو ہی ہمارا مولا ہے پس کافر قوم کے مقابلے میں ہماری مدد فرما۔ (البقرۃ:286-285)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

والدین کے لیے دعائیں

والدین پر رحمت کی دعا

1. رَبِّ ارْحَمْهُمَا كَمَا رَبَّيَانِي صَغِيرًا ○

اے میرے رب! ان دونوں پر رحم کر جیسے انھوں نے بچپن میں مجھے پالا۔ (الاسراء: 24)

ابو مرہ نے بیان کیا کہ ایک بار وہ ابو ہریرہ کے ساتھ ان کے وطن العقیق گئے جب ابو ہریرہ اپنے وطن پہنچے تو بڑی اونچی آواز میں کہا: اماں جان! السلام علیک ورحمۃ اللہ وبرکاتہ انہوں نے جواب دیا: وعلیک السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ پھر ابو ہریرہ کہنے لگے:

2. رَحِمَكِ اللّٰهُ كَمَا رَبَّيْتِنِي صَغِيرًا.

اللہ تعالیٰ آپ پر رحم فرمائے جیسا کہ آپ نے بچپن میں میری پرورش فرمائی۔

ان کی والدہ نے جواب دیا: اے میرے بیٹے تمہیں بھی اللہ تعالیٰ بہترین جزا دے اور تم سے راضی ہو جیسا کہ تم نے بڑھاپے میں میرے ساتھ نیک سلوک کیا۔ (صحیح الأدب المفرد: 11)

والدین کی مغفرت کی دعا

3. رَبَّنَا اغْفِرْ لِي وَلِوَالِدَيَّ وَلِلْمُؤْمِنِينَ يَوْمَ يَقُومُ الْحِسَابُ ○

اے ہمارے رب! مجھے بخش دے اور میرے ماں باپ کو اور ایمان والوں کو، جس دن حساب قائم ہوگا۔

(ابراھیم: 41)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

والدین پر اللہ کی نعمتوں کا شکر ادا کرنے کی دعا

4. رَبِّ أَوْزِعْنِيٓ أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيٓ أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صٰلِحًا تَرْضٰهُ وَأَدْخِلْنِيْ بِرَحْمَتِكَ فِيْ عِبَادِكَ الصّٰلِحِيْنَ ○

اے میرے رب! مجھے توفیق دے کہ میں تیری اس نعمت کا شکر ادا کر سکوں جو تو نے مجھے اور میرے والدین کو عطا کی ہے اور اس بات کی بھی کہ میں ایسے اچھے عمل کروں جو تجھے پسند ہوں اور اپنی رحمت سے مجھے اپنے صالح بندوں میں داخل کر۔ (النمل:19)

فوت شدہ والدین کے لیے مغفرت کی دعا کرنا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ عزوجل جنت میں ایک نیک آدمی کے درجے کو بلند کرتا ہے تو وہ پوچھتا ہے کہ اے میرے رب! یہ درجہ مجھے کیسے ملا؟ اللہ فرماتا ہے کہ تیرے حق میں تیری اولاد کے استغفار کی برکت سے۔

(مسند احمد: 10610)

5. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ وَعَافِهِ وَاعْفُ عَنْهُ وَأَكْرِمْ نُزُلَهُ وَ وَسِّعْ مُدْخَلَهُ وَاغْسِلْهُ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَ نَقِّهِ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ وَأَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا مِنْ دَارِهِ وَأَهْلًا خَيْرًا مِنْ أَهْلِهِ وَزَوْجًا خَيْرًا مِنْ زَوْجِهِ وَأَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَأَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ أَوْ مِنْ عَذَابِ النَّارِ.

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے اللہ اس کو بخش دے اور اس پر رحم فرما اور اسے عافیت عطا فرما اور اسے معاف فرما اور اس کی بہترین مہمانی فرما اور اس کی قبر کو کشادہ فرما اور اسے پانی برف اور اولوں سے دھو دے اور اسکے گناہوں کو اس طرح صاف کر دے جیسے کہ تو سفید کپڑے کو میل کچیل سے صاف کرتا ہے اور اسے اس کے گھر کے بدلے بہتر گھر عطا فرما اور گھر والوں سے بہتر گھر والے عطا فرما اور اس کی بیوی سے بہتر بیوی عطا فرما اور اسے جنت میں داخل فرما اور قبر کے عذاب سے بچا اور آگ کے عذاب سے بچا۔ (صحیح مسلم:2276)

(فوت شدہ والدین کے لیے مزید دعائیں، میت کے لیے دعائیں میں دیکھیں)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ازواج کے لیے دعائیں

آنکھوں کی ٹھنڈک بننے والے زوج کی دعا کرنا

1. رَبَّنَا هَبْ لَنَا مِنْ أَزْوَاجِنَا وَذُرِّيّٰتِنَا قُرَّةَ أَعْيُنٍ وَّاجْعَلْنَا لِلْمُتَّقِيْنَ اِمَامًا○

اے ہمارے رب! ہمیں ہماری بیویوں اور ہماری اولادوں سے آنکھوں کی ٹھنڈک عطا فرما اور ہمیں پرہیزگاروں کا امام بنا۔(الفرقان:74)

دلہن کے گھر آنے پر دینے کی دعا

عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ نبی ﷺ نے جب مجھ سے شادی کی تو میری والدہ میرے پاس آئیں اور مجھے آپ ﷺ کے گھر کے اندر لے گئیں۔ گھر کے اندر انصار کی عورتیں موجود تھیں۔ انہوں نے یوں دعا دی:

2. عَلَى الْخَيْرِ وَالْبَرَكَةِ وَعَلٰى خَيْرِ طَائِرٍ.

خیر و برکت کے ساتھ آئی ہو، تمہارا نصیب اچھا ہے۔(صحیح البخاری:5156)

شادی کرنے والے کو دینے کی دعا

نبی ﷺ نے عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ پر زردی کا نشان دیکھا تو پوچھا کہ یہ کیا ہے؟ انہوں نے کہا کہ میں نے ایک عورت سے ایک گٹھلی کے وزن کے برابر سونے کے مہر پر نکاح کیا ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

3. بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ.

اللہ تعالیٰ تمہیں برکت دے۔

دعوت ولیمہ کرو خواہ ایک بکری ہی کی ہو۔(صحیح البخاری:5155)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شادی شدہ جوڑے کو دینے کی دعا

نبی ﷺ جب کسی کو اس کی شادی کی مبارک باد دیتے تو فرماتے:

4. بَارَکَ اللّٰہُ لَکَ وَبَارَکَ عَلَیْکَ وَجَمَعَ بَیْنَکُمَا فِیْ خَیْرٍ .

اللہ تمہیں برکت دے، تم پر برکت فرمائے اور تم دونوں کو خیر کے ساتھ اکٹھا رکھے۔

(سنن أبي داؤد:2130)

عقیل بن ابی طالب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انھوں نے قبیلہ بنو جشم کی ایک خاتون سے شادی کی، لوگوں نے (مبارک باد کے طور پر) کہا: تمھاری آپس میں موافقت ہو اور بیٹے نصیب ہوں۔ عقیل نے فرمایا اس طرح نہ کہو بلکہ جس طرح رسول اللہ ﷺ نے فرمایا ہے اس طرح کہو:

5. اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لَھُمْ وَبَارِکْ عَلَیْھِمْ .

اے اللہ! انھیں برکت دے اور ان پر برکت نازل فرما۔ (سنن ابن ماجه:1906)

شادی کی رات بیوی کے پاس داخل ہوتے وقت کی دعا

شقیق کہتے ہیں کہ ایک شخص جس کا نام ابو جریر تھا وہ ابن مسعود کے پاس آیا اور اس نے کہا کہ: میں نے ایک نوجوان کنواری لڑکی سے شادی کی ہے۔ میں خوف زدہ ہوں کہ وہ مجھ سے نفرت کرے گی۔ تو عبداللہ بن مسعود نے فرمایا: الفت اللہ کی طرف سے ہوتی ہے اور نفرت شیطان کی طرف سے ہوتی ہے۔ شیطان چاہتا ہے کہ تمہارے لیے اس چیز کو ناپسندیدہ کر کے دکھلائے جو اللہ نے تمہارے لیے حلال کی ہے۔ جب وہ تمہارے پاس آئے تو اس کو حکم دینا کہ وہ تمہارے پیچھے کھڑی ہو کر دو رکعت نماز پڑھے۔ ایک روایت میں یہ الفاظ زیادہ ہیں کہ ابن مسعود نے کہا کہ کہنا:

6. اَللّٰھُمَّ بَارِکْ لِیْ فِیْ أَھْلِیْ وَبَارِکْ لَھُمْ فِیَّ اَللّٰھُمَّ اجْمَعْ بَیْنَنَا مَا جَمَعْتَ بِخَیْرٍ وَفَرِّقْ بَیْنَنَا اِذَا

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فَرَّقْتَ اِلٰی خَیْرٍ .

اے اللہ! میرے لیے میری بیوی میں برکت دے اور اس کے لیے مجھ میں برکت دے۔ اے اللہ! ہمیں اکٹھا رکھنا تو خیر پر اکٹھا رکھنا اور جب تو ہمارے درمیان جدائی ڈالے تو خیر کی طرف جدائی ڈالنا۔

(مصنف ابن أبی شیبۃ: 15176) (آداب الزفاف للألبانی)

بیوی کی پیشانی پکڑ کر دعا کرنا

نبی علیہ السلام نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی بیوی، خادم یا جانور حاصل کرے تو اس کی پیشانی پکڑ کر کہے:

7. اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ أَسْأَلُکَ مِنْ خَیْرِھَا وَخَیْرِ مَا جُبِلَتْ عَلَیْہِ وَأَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّھَا وَشَرِّ مَا جُبِلَتْ عَلَیْہِ .

اے اللہ! میں تجھ سے اس کی بھلائی مانگتا ہوں اور اس کی پیدائشی عادتوں کی بھلائی مانگتا ہوں، اور اس کے شر سے اور اس کی پیدائشی عادتوں کے شر سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔ (سنن ابن ماجہ: 1918)

بیوی سے صحبت کے وقت کی دعا

نبی علیہ السلام نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنی بیوی سے صحبت کرے تو کہے۔

8. بِاسْمِ اللّٰہِ اَللّٰھُمَّ جَنِّبْنَا الشَّیْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّیْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا.

اللہ کے نام کے ساتھ۔ اے اللہ! ہمیں شیطان سے بچا اور شیطان کو اس سے دور رکھ جو تو ہمیں عطا فرمائے۔

تو ان کو جو اولاد ملے گی اسے شیطان نقصان نہیں پہنچا سکے گا۔ (صحیح البخاری: 141)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ایسے ساتھی سے پناہ مانگنا جو قبل از وقت بوڑھا کر دے

9. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُبِکَ مِنْ جَارِ السُّوْءِ وَمِنْ زَوْجٍ تُشَيِّبُنِیْ قَبْلَ الْمَشِيْبِ وَمِنْ وَلَدٍ يَكُوْنُ عَلَیَّ رَبًّا، وَمِنْ مَالٍ يَكُوْنُ عَلَیَّ عَذَابًا، وَمِنْ خَلِيْلٍ مَاكِرٍ عَيْنُهُ تَرَانِیْ وَقَلْبُهُ يَرْعَانِیْ اِنْ رَاٰی حَسَنَةً دَفَنَهَا وَاِذَا رَاٰی سَيِّئَةً أَذَاعَهَا.

اے اللہ میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں برے پڑوسی سے اور ایسے زوج سے جو مجھے بڑھاپے سے پہلے بوڑھا کر دے اور ایسی اولاد سے جو مجھ پر آقا بن کر بیٹھے اور ایسے مال سے جو میرے لئے باعث عذاب بن جائے اور ایسے چال باز دوست سے جس کی آنکھیں مجھے دیکھ رہی ہوں اور جس کا دل میری نگرانی کرتا ہو اگر وہ نیکی دیکھے تو اس کو دباتا جائے اور جب برائی دیکھے تو اس کو نشر کر دے۔ (السلسلة الصحيحة:3137)

شوہر کی وفات پر پڑھنے کی دعا

ام سلمہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا جس مسلمان پر کوئی بھی مصیبت آئے اور وہ وہی کہے جس کا اللہ نے اس کو حکم دیا ہے یعنی

10. اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ اَللّٰهُمَّ أْجُرْنِیْ فِیْ مُصِيْبَتِیْ وَأَخْلِفْ لِیْ خَيْرًا مِنْهَا.

بے شک ہم اللہ کے لیے ہیں اور ہم اسی کی طرف لوٹائے جائیں گے۔ اے اللہ! مجھے میری مصیبت میں اجر دے اور مجھے اس سے بہتر بدل عطا فرما۔

تو اللہ اس کو اس سے بہتر عطا فرماتے ہیں۔ کہتی ہیں کہ جب ابو سلمہ فوت ہوئے تو میں نے کہا ابو سلمہ سے افضل کون سے

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مسلمان ہوں گے۔ پہلا گھرانہ تھا جس نے رسول اللہ ﷺ کی طرف ہجرت فرمائی پھر میں نے اسی قول کو دہرایا تو اللہ نے مجھے (ابوسلمہ کے بدلے) رسول اللہ ﷺ عطا فرمائے۔ (صحیح مسلم:2126)

ام سلمہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جب تم کسی مریض یا میت کے پاس موجود ہو تو خیر کی بات کہا کرو۔ کیونکہ جو تم کہتے ہو اس پر فرشتے آمین کہتے ہیں۔ وہ کہتی ہیں کہ جب ابوسلمہ کا انتقال ہوا تو میں نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا اے اللہ کے رسول! ابوسلمہ فوت ہو گئے ہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا تم یہ دعا کرو کہ:

11. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَلَهُ وَأَعْقِبْنِيْ مِنْهُ عُقْبَى حَسَنَةً.

اے اللہ مجھے اور انہیں معاف فرما اور مجھے ان کا نعم البدل عطا فرما۔

میں نے یہ (دعا) مانگی تو اللہ نے مجھے ان سے زیادہ بہترین بدل محمد ﷺ عطا فرمائے۔

(صحیح مسلم:2129)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اولاد کے لیے دعائیں

نیک اور پاکیزہ اولاد کے حصول کی دعا

1. رَبِّ هَبْ لِيْ مِنَ الصّٰلِحِيْنَ ○

اے میرے رب! مجھے صالح اولاد عطا فرما۔ (الصافات:100)

زکریا علیہ السلام کا دعا کرنا

2. رَبِّ لَا تَذَرْنِيْ فَرْدًا وَّأَنْتَ خَيْرُ الْوَارِثِيْنَ ○

اے میرے رب! مجھے اکیلا نہ چھوڑ اور تو سب وارثوں سے بہتر ہے۔ (الانبیاء:89)

3. رَبِّ هَبْ لِيْ مِنْ لَّدُنْكَ ذُرِّيَّةً طَيِّبَةً اِنَّكَ سَمِيْعُ الدُّعَآءِ ○ (آل عمران:38)

اے میرے رب! مجھے اپنی طرف سے نیک اور پاکیزہ اولاد عطا فرما، بے شک تو ہی دعا سننے والا ہے۔

اولاد کے حصول کے لیے استغفار کرنا

4. فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّكُمْ اِنَّهٗ كَانَ غَفَّارًا ○ يُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَيْكُمْ مِّدْرَارًا ○ وَيُمْدِدْكُمْ بِأَمْوَالٍ وَّبَنِيْنَ ○

(نوح کہتے ہیں) تو میں نے کہا کہ اپنے رب سے بخشش مانگ لو، بلاشبہ وہ بہت معاف کرنے والا ہے۔ وہ تم پر آسمان سے خوب بارشیں برسائے گا۔ اور تمہاری مال اور اولاد سے مدد کرے گا۔ (نوح:10-12)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

5. اَللّٰھُمَّ اغْفِرْ لِیْ، وَارْحَمْنِیْ، وَاھْدِنِیْ، وَارْزُقْنِیْ.

اے اللہ! مجھے بخش دے، مجھ پر رحم فرما، مجھے ہدایت دے اور مجھے رزق عطا فرما۔

(صحیح الادب المفرد: 508)

ایسی اولاد کی دعا کرنا جو علمی وارث بنے

زکریا علیہ السلام کی دعا

6. ذِکْرُ رَحْمَتِ رَبِّکَ عَبْدَہٗ زَکَرِیَّاo اِذْ نَادٰی رَبَّہٗ نِدَآءً خَفِیًّاo قَالَ رَبِّ اِنِّیْ وَھَنَ الْعَظْمُ مِنِّیْ وَاشْتَعَلَ الرَّأْسُ شَیْبًا وَّلَمْ اَکُنْ بِدُعَآئِکَ رَبِّ شَقِیًّاo وَاِنِّیْ خِفْتُ الْمَوَالِیَ مِنْ وَّرَآءِیْ وَکَانَتِ امْرَأَتِیْ عَاقِرًا فَھَبْ لِیْ مِنْ لَّدُنْکَ وَلِیًّاo یَّرِثُنِیْ وَیَرِثُ مِنْ اٰلِ یَعْقُوْبَ وَاجْعَلْہُ رَبِّ رَضِیًّاo

یہ آپ کے رب کی اس رحمت کا ذکر ہے جو اس نے اپنے بندے زکریا پر کی تھی۔ جب زکریا نے اپنے رب کو چپکے چپکے پکارا۔ اور کہا اے میرے رب! میری ہڈیاں بوسیدہ ہو چکیں اور بڑھاپے کی وجہ سے سر کے بال سفید ہو گئے، تاہم اے میرے رب! میں تجھے پکار کر کبھی محروم نہیں رہا۔ میں اپنے پیچھے اپنے بھائی بندوں (کی برائیوں سے) ڈرتا ہوں اور میری بیوی بانجھ ہے تو اپنی جناب سے مجھے ایک وارث عطا فرما جو میرا اور آل یعقوب کا وارث بنے اور اے میرے رب! اسے پسندیدہ انسان بنانا۔

(مریم: 6-2)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اولاد کو اللہ کے راستے میں قبول کرنے کی دعا

7. رَبِّ اِنِّیْ نَذَرْتُ لَکَ مَا فِیْ بَطْنِیْ مُحَرَّرًا فَتَقَبَّلْ مِنِّیْ اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ ○

اے میرے رب! بے شک میں نے تیرے لیے اس کی نذر مانی ہے جو میرے پیٹ میں ہے کہ آزاد چھوڑا ہوا ہوگا، سو مجھ سے قبول فرما، بے شک تو ہی سب کچھ سننے والا، سب کچھ جاننے والا ہے۔

(آل عمران:35)

اولاد کو شیطان کے شر سے محفوظ رکھنے کی دعا

8. اِنِّیْ اُعِیْذُھَا بِکَ وَذُرِّیَّتَھَا مِنَ الشَّیْطٰنِ الرَّجِیْمِ ○

بے شک میں اس کو اور اس کی اولاد کو شیطان مردود سے تیری پناہ میں دیتی ہوں۔(آل عمران:36)

نبی ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنی بیوی سے صحبت کرے تو کہے:

9. بِاسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّیْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّیْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا.

اللہ کے نام کے ساتھ۔ اے اللہ! ہمیں شیطان سے بچا اور شیطان کو اس سے دور رکھ جو تو ہمیں عطا فرمائے۔

تو ان کو جو اولاد ملے گی اسے شیطان نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ (صحیح البخاری:141)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اولاد کو شرک سے محفوظ رکھنے کی دعا

10. وَاجْنُبْنِیْ وَبَنِیَّ اَنْ نَّعْبُدَ الْاَصْنَامَ ○

اور مجھے بھی اور میری اولاد کو بھی (اس بات سے) بچائے رکھنا کہ ہم بتوں کی عبادت کریں۔ (ابراھیم:35)

اولاد کے نماز قائم کرنے کی دعا

11. رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلٰوۃِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ○

اے میرے رب! مجھے بھی اور میری اولاد کو بھی نماز قائم رکھنے والا بنا۔ اے ہمارے رب! میری دعا قبول فرما۔ (ابراھیم:40)

اولاد کی اصلاح کے لیے دعا

12. رَبِّ اَوْزِعْنِیْٓ اَنْ اَشْکُرَ نِعْمَتَکَ الَّتِیْٓ اَنْعَمْتَ عَلَیَّ وَعَلٰی وَالِدَیَّ وَاَنْ اَعْمَلَ صَالِحًا تَرْضٰہُ وَاَصْلِحْ لِیْ فِیْ ذُرِّیَّتِیْ اِنِّیْ تُبْتُ اِلَیْکَ وَاِنِّیْ مِنَ الْمُسْلِمِیْنَ ○

اے میرے رب! مجھے توفیق دے کہ میں تیرے اس احسان کا شکر ادا کروں جو تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر کیا ہے اور یہ بھی کہ میں ایسے اچھے عمل کروں جو تجھے پسند ہوں اور میری خاطر میری اولاد کی اصلاح کر، میں تیرے حضور توبہ کرتا ہوں اور بلاشبہ میں فرمانبردار ہوں۔ (الاحقاف:15)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ایسی اولاد سے پناہ مانگنا جو سرکش بن جائے

13. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنْ جَارِ السُّوْءِ وَمِنْ زَوْجٍ تُشَیِّبُنِیْ قَبْلَ الْمَشِیْبِ وَمِنْ وَلَدٍ یَکُوْنُ عَلَیَّ رَبًّا، وَمِنْ مَالٍ یَکُوْنُ عَلَیَّ عَذَابًا، وَمِنْ خَلِیْلٍ مَاکِرٍ عَیْنُهُ تَرَانِیْ وَقَلْبُهُ یَرْعَانِیْ اِنْ رَاٰی حَسَنَةً دَفَنَهَا وَاِذَا رَاٰی سَیِّئَةً أَذَاعَهَا.

اے اللہ! میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں برے پڑوسی سے اور ایسے زوج سے جو مجھے بڑھاپے سے پہلے بوڑھا کر دے اور ایسی اولاد سے جو میرا آقا بن بیٹھے اور ایسے مال سے جو میرے لئے باعث عذاب بن جائے اور ایسے چال باز دوست سے جس کی آنکھیں مجھے دیکھ رہی ہوں اور جس کا دل میری نگرانی کرتا ہو اگر وہ کوئی نیکی (کی بات) دیکھے تو اس کو دبا دے اور اگر کوئی برائی (کی بات) دیکھے تو اس کو پھیلا دے۔ (السلسلة الصحیحة: 3137)

اولاد کی حفاظت کی دعا

ابن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ نبی ﷺ حسن و حسین رضی اللہ عنہما کے لئے پناہ طلب کیا کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ تمہارے والد (ابراہیم علیہ السلام) بھی ان کلمات کے ذریعے اسماعیل اور اسحاق کے لئے پناہ مانگا کرتے تھے:

14. أَعُوْذُ بِکَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ کُلِّ شَیْطَانٍ وَّهَامَّةٍ وَمِنْ کُلِّ عَیْنٍ لَامَّةٍ.

میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کے کامل کلمات کے ذریعے ہر شیطان سے اور ہر زہریلے جانور سے اور ہر نقصان پہنچانے والی نظر بد سے۔ (صحیح البخاری: 3371)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اولاد کی دینی و دنیاوی ضروریات پوری ہونے کی دعا کرنا

ابراہیم علیہ السلام کی دعا

15. رَبَّنَآ اِنِّیۡۤ اَسۡکَنۡتُ مِنۡ ذُرِّیَّتِیۡ بِوَادٍ غَیۡرِ ذِیۡ زَرۡعٍ عِنۡدَ بَیۡتِکَ الۡمُحَرَّمِ رَبَّنَا لِیُقِیۡمُوا الصَّلٰوۃَ فَاجۡعَلۡ اَفۡئِدَۃً مِّنَ النَّاسِ تَہۡوِیۡۤ اِلَیۡہِمۡ وَارۡزُقۡہُمۡ مِّنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّہُمۡ یَشۡکُرُوۡنَ○

اے ہمارے رب! میں نے اپنی اولاد کے ایک حصے کو تیرے قابل احترام گھر کے پاس ایسے میدان میں لا بسایا ہے جہاں کوئی کھیتی نہیں، اے ہمارے رب! تا کہ وہ نماز قائم کریں۔ سو لوگوں کے دل ایسے کر دے کہ ان کی طرف مائل رہیں اور انھیں پھلوں سے رزق عطا کر، تا کہ وہ شکر کریں۔ (ابراھیم:37)

بچوں کو علم و حکمت کی دعا دینا

16. اَللّٰھُمَّ عَلِّمْہُ الْکِتَابَ.

اے اللہ اسے کتاب (قرآن) کی تعلیم دے۔ (صحیح البخاری:75)

17. اَللّٰھُمَّ عَلِّمْہُ الْحِکْمَۃَ .

اے اللہ اسے حکمت (سنت) سکھا۔ (صحیح البخاری:3756)

18. اَللّٰھُمَّ فَقِّھْہُ فِی الدِّیْنِ وَعَلِّمْہُ التَّأْوِیْلَ.

اے اللہ! اسے دین کی سمجھ عطا فرما اور (کتاب) کی تاویل و تفسیر سکھا۔ (مسند احمد:3022)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بچوں کے درست فیصلہ کرنے کی دعا

ابوسلمہ کہتے ہیں کہ ان کے والدین ان کے متعلق اپنا مقدمہ لے کر نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے ان میں سے ایک مسلمان تھا اور دوسرا کافر۔ نبی ﷺ نے بچے کو اختیار دیا، وہ ان میں سے کافر کی طرف مائل ہوا۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا:

19. اَللّٰهُمَّ اهْدِهِ .

اے اللہ! اسے ہدایت دے۔

تو وہ مسلمان کی طرف مائل ہو گیا، چنانچہ آپ ﷺ نے (اس مسلمان) کے حق میں فیصلہ کر دیا۔ (مسند احمد:23755)

رافع بن سنان رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے اسلام قبول کر لیا مگر ان کی بیوی نے اسلام قبول کرنے سے انکار کر دیا (جس کی وجہ سے ان دونوں کے درمیان علیحدگی ہو گئی) پس وہ نبی ﷺ کے پاس آئی اور کہا: میری بیٹی نے ابھی ابھی دودھ چھوڑا ہے یا چھوڑنے کے قریب ہے۔ رافع نے کہا: بیٹی میری ہے۔ نبی ﷺ نے رافع سے کہا: ایک طرف بیٹھ جاؤ اور عورت سے کہا: دوسری طرف بیٹھ جاؤ اور بچی کو ان دونوں کے درمیان بٹھا دیا۔ پھر ماں باپ سے کہا: تم دونوں اسے بلاؤ۔ (انہوں نے بلایا) تو بچی اپنی ماں کی طرف جھک گئی۔ پس نبی ﷺ نے کہا:

20. اَللّٰهُمَّ اهْدِهَا .

اے اللہ! اس بچی کو ہدایت دے۔ (سنن ابی داؤد:2244)

چنانچہ بچی باپ کی طرف مائل ہو گئی تو اسی نے اس کو لے لیا۔

بچوں کی لمبی زندگی کی دعا

انس رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ نبی ﷺ ہمارے گھر والوں کے پاس آیا کرتے تھے۔ ایک دن آپ ﷺ تشریف لائے اور ہمارے لیے دعا کی تو (میری والدہ) ام سلیم نے عرض کیا: یہ آپ کا چھوٹا سا خادم ہے۔ کیا آپ اس کو دعا نہ دیں گے؟ آپ ﷺ نے فرمایا:

21. اَللّٰهُمَّ أَكْثِرْ مَالَهُ وَوَلَدَهُ، وَأَطِلْ حَيَاتَهُ، وَاغْفِرْ لَهُ.

اے اللہ! اس کے مال و اولاد کو زیادہ کر، اس کی زندگی لمبی کر اور اسے بخش دے۔

آپ ﷺ نے میرے لیے تین چیزوں کی دعا فرمائی۔ تو (اپنی اولاد میں سے) ایک سو تین کو تو میں دفن کر چکا ہوں اور میرے پھل ایک سال میں دو بار آیا کرتے ہیں۔ اور میری عمر لمبی ہو گئی ہے حتی کہ میں لوگوں سے شرمانے لگا ہوں اور

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں بخشش کی امید رکھتا ہوں۔(صحیح الادب المفرد:509)

اولاد کے رزق میں برکت کی دعا

22. اَللّٰهُمَّ أَكْثِرْ مَالَهُ وَوَلَدَهُ وَبَارِكْ لَهُ فِيمَا أَعْطَيْتَهُ.

اے اللہ! اس کے مال واولاد کو زیادہ کر اور جو کچھ تو نے اسے دیا ہے، اس میں اسے برکت عطا فرما۔

(صحیح البخاری:6334)

اولاد کے کھانے میں برکت کی دعا

23. اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِي اللَّحْمِ وَالْمَاءِ.

اے اللہ! ان کے گوشت اور پانی میں برکت عطا فرما۔(صحیح البخاری:3364)

فرمانبردار اولاد کو دی جانے والی دعا

ابو مرہ نے بیان کیا کہ ایک بار وہ ابو ہریرہ کے ساتھ ان کے وطن العقیق گئے جب ابو ہریرہ اپنے وطن پہنچے تو بڑی اونچی آواز میں کہا: اماں جان! السلام علیک ورحمۃ اللہ وبرکاتہ انہوں نے جواب دیا: وعلیک السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ پھر ابو ہریرہ کہنے لگے: اللہ تعالیٰ آپ پر رحم فرمائے جیسا کہ آپ نے بچپن میں میری پرورش فرمائی۔ ان کی والدہ نے جواب دیا:

24. جَزَاكَ اللّٰهُ خَيْرًا وَرَضِيَ عَنْكَ كَمَا بَرَرْتَنِي كَبِيرًا.

اے میرے بیٹے تمہیں بھی اللہ تعالیٰ بہترین جزا دے اور تم سے راضی ہو جیسا کہ تم نے بڑھاپے میں میرے ساتھ نیک سلوک کیا۔ (صحیح الأدب المفرد:11)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بچوں کے بچوں کے لیے دعا کرنا/نسلوں کے لیے دعا کرنا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

25. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِلْاَنْصَارِ وَلِأَبْنَاءِ الْاَنْصَارِ وَلِأَبْنَاءِ أَبْنَاءِ الْاَنْصَارِ.

اے اللہ! انصار کی، انصار کے بچوں کی اور انصار کے بچوں کے بچوں کی مغفرت فرما۔

(صحیح مسلم: 6414)

("انصار" کی جگہ اپنے بچوں کا نام لیں)

سفر پر جاتے ہوئے بھی بچوں کی فکر اور ان کے لیے دعا کرنا

26. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُبِکَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَكَآبَةِ الْمُنْقَلَبِ وَالْحَوْرِ بَعْدَ الْكَوْرِ وَدَعْوَةِ الْمَظْلُوْمِ وَسُوْءِ الْمَنْظَرِ فِي الْأَهْلِ وَالْمَالِ وَالْوَلَدِ.

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں سفر کی سختی سے اور لوٹنے کے رنج وغم سے اور نفع کے بعد نقصان سے اور مظلوم کی بددعا سے اور گھر اور مال اور بچوں میں برا منظر دیکھنے سے۔ (سنن النسائی: 5498)

اولاد کی وفات پر پڑھنے کی دعا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب کسی آدمی کا بچہ فوت ہو جاتا ہے تو اللہ اپنے فرشتوں سے فرماتا ہے کہ کیا تم نے میرے بندے کے بیٹے کی روح قبض کی؟ وہ عرض کرتے ہیں، ہاں۔ اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ تم نے اس کے دل کا پھل (ٹکڑا) قبض کیا؟ وہ عرض کرتے ہیں جی ہاں۔ پھر اللہ تعالیٰ پوچھتے ہیں میرے بندے نے کیا کہا؟ وہ (فرشتے) عرض کرتے ہیں اس نے تیری تعریف کی اور پڑھا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

27. اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ.

بے شک ہم اللہ کے لیے ہیں اور بے شک ہمیں اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔

اللہ تعالیٰ فرماتے ہیں کہ میرے بندے کے لیے جنت میں ایک گھر بناؤ اور اس کا نام بیت الحمد رکھو۔

(سنن الترمذی:1021)

میت بچے کی بخشش کی دعا

28. اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا وَسَلَفًا وَأَجْرًا.

اے اللہ! اس (بچے) کو ہمارے لیے ہم سے پہلے آگے جا کر انتظام کرنے والا اور اجر کا باعث بنا دے۔ (صحیح البخاری، کتاب الجنائز)

میت بچے کو عذاب قبر سے محفوظ رکھنے کی دعا

29. اَللّٰهُمَّ أَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ.

اے اللہ! اس کو قبر کے عذاب سے بچا۔ (الموطا لامام مالك :613)

یتیم بچوں کو دعا دینا

30. اَللّٰهُمَّ اخْلُفْ جَعْفَرًا فِيْ أَهْلِهِ وَبَارِكْ لِعَبْدِ اللّٰهِ فِيْ صَفْقَةِ يَمِيْنِهِ.

اے اللہ جعفر کے اہل خانہ کے معاملے میں تو ان کا خلیفہ بن جا اور عبداللہ کے دائیں ہاتھ کے معاملے میں برکت عطا فرما۔ (مسند احمد:1750)

(''جعفر'' کی جگہ میت اور ''عبداللہ'' کی جگہ یتیم بچے کا نام لیں)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رزق کی کشادگی کی دعائیں

بہترین رزق دینے والے سے رزق مانگنا

1. وَارْزُقْنَا وَأَنْتَ خَيْرُ الرَّازِقِينَ ○

اور ہمیں رزق دے اور تو سب رزق دینے والوں سے بہتر ہے۔ (المائدۃ: 114)

نبی ﷺ نے فرمایا: جب تم کہو گے:

2. اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِي.

اے اللہ! مجھے رزق دے۔

تو اللہ تعالیٰ کہے گا: میں نے رزق دینے کا فیصلہ کر دیا۔ (السلسلة الصحيحة: 3336)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک آدمی اپنی بیوی کے پاس آیا اس نے اس پر فاقے کے حالات دیکھے تو وہ جنگل کی طرف نکل گیا یہ دیکھ کر اس کی بیوی چکی کی طرف بڑھی اور اسے لا کر رکھا اور تنور کو دہکایا اور کہنے لگی،

3. اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا.

اے اللہ ہمیں رزق عطا فرما۔

اس نے دیکھا تو اچانک پیالہ بھرا ہوا تھا۔ پھر وہ تنور کے پاس گئی تو وہ بھی بھرا ہوا تھا۔ اتنے میں اس کا شوہر واپس آ گیا اور کہنے لگا کیا میرے بعد تمہیں کچھ حاصل ہوا ہے؟ اس کی بیوی نے کہا ہاں، ہمارے رب کی طرف سے۔ چنانچہ وہ اٹھ کر چکی کے پاس گیا۔ نبی ﷺ سے یہ واقعہ ذکر کیا گیا۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا اگر وہ چکی کا پاٹ نہ اٹھاتا تو وہ قیامت تک گھومتی ہی رہتی۔ (مسند احمد: 10658)

رزق کے حصول کے لیے اللہ سے اس کا فضل مانگنا

عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی ﷺ کے پاس ایک مہمان آیا، آپ ﷺ نے کھانا لانے کے لیے (ایک آدمی کو) اپنی بیویوں کے پاس بھیجا، لیکن ان میں سے کسی ایک کے پاس بھی کھانا نہ ملا۔ تو آپ ﷺ نے یہ دعا کی:

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

4. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَسْأَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ وَرَحْمَتِکَ فَاِنَّهُ لَا یَمْلِکُهَا اِلَّا اَنْتَ.

اے اللہ! میں تجھ سے تیرے فضل اور تیری رحمت کا سوال کرتا ہوں، بے شک تیرے سوا اس کا کوئی مالک نہیں.

چنانچہ آپ ﷺ کے پاس بھنی ہوئی بکری کا تحفہ لایا گیا۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: یہ اللہ کا فضل ہے اور ہم رحمت کا انتظار کر رہے ہیں۔ (السلسلة الصحيحة :1543)

رزق کے حصول کے لیے استغفار کرنا

5. فَقُلْتُ اسْتَغْفِرُوْا رَبَّکُمْ اِنَّهُ کَانَ غَفَّارًا o یُرْسِلِ السَّمَآءَ عَلَیْکُمْ مِّدْرَارًا o وَیُمْدِدْکُمْ بِأَمْوَالٍ وَّبَنِیْنَ وَیَجْعَلْ لَّکُمْ جَنّٰتٍ وَّیَجْعَلْ لَّکُمْ أَنْهٰرًا o

(نوح کہتے ہیں) تو میں نے کہا کہ اپنے رب سے بخشش مانگ لو، بلاشبہ وہ بہت معاف کرنے والا ہے۔ وہ تم پر آسمان سے خوب بارشیں برسائے گا اور تمہاری مال اور اولاد سے مدد کرے گا اور تمہارے لیے باغ پیدا کرے گا اور نہریں جاری کرے گا۔ (نوح :12-10)

ایک شخص آپ ﷺ کے پاس آیا اس نے کہا: اے اللہ کے رسول! جب میں اپنے رب سے دعا کروں تو کیا کہا کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: کہو:

6. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَارْحَمْنِیْ وَعَافِنِیْ وَارْزُقْنِیْ.

اے اللہ مجھے معاف فرما، مجھ پر رحم فرما، مجھے عافیت دے اور مجھے رزق عطا فرما۔

اس کے بعد آپ نے انگوٹھے کو نکال کر باقی چار انگلیوں کو بند کر کے فرمایا: یہ چیزیں تمہاری دنیا و آخرت کو جمع کرنے والی ہیں۔ (صحيح مسلم:7026)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رزق کے حصول کے لیے تسبیح کرنا

نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ کے نبی نوح ﷺ کی وفات کا وقت جب قریب آیا تو انہوں نے اپنے بیٹے سے فرمایا:

7. سُبْحَانَ اللّٰهِ وَ بِحَمْدِهِ.

پاک ہے اللہ اپنی تعریف کے ساتھ

کا ورد کرتے رہنا کہ یہ ہر چیز کی نماز ہے اور اس کے ذریعے مخلوق کو رزق ملتا ہے۔ (السلسلة الصحيحة: 134)

حلال وطیب رزق کی دعا مانگنا

8. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَسْأَلُکَ عِلْمًا نَافِعًا وَرِزْقًا طَيِّبًا وَعَمَلًا مُتَقَبَّلًا .

اے اللہ! میں تجھ سے نفع بخش علم، طیب رزق اور قبولیت والے عمل کا سوال کرتا ہوں۔

(سنن ابن ماجه: 925)

9. اَللّٰهُمَّ اكْفِنِیْ بِحَلَالِکَ عَنْ حَرَامِکَ وَأَغْنِنِیْ بِفَضْلِکَ عَمَّنْ سِوَاکَ .

اے اللہ! اپنے حلال کے ذریعے حرام سے میری کفایت فرما اور اپنی مہربانی سے مجھے اپنے علاوہ ہر ایک سے بے نیاز فرما دے۔ (سنن الترمذی: 3563)

ضرورت کے مطابق رزق مانگنا

10. اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ رِزْقَ آلِ بَيْتِیْ قُوْتًا.

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے اللہ! میرے گھر والوں کو اتنی روزی دے کہ وہ زندہ رہ سکیں۔ (مسند احمد:7173)

بڑھاپے میں وسیع رزق کی دعا

11. اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ اَوْسَعَ رِزْقِکَ عَلَيَّ عِنْدَ كِبَرِ سِنِّيْ وَانْقِطَاعِ عُمُرِيْ.

اے اللہ! جب میں بوڑھا ہو جاؤں اور میری عمر ختم ہونے لگے تو تو اپنا رزق مجھ پر وسیع کر دے۔

(المعجم الاوسط للطبرانی:3611)

فضل، رزق اور برکت کی دعا

12. اَللّٰهُمَّ لَکَ الْحَمْدُ كُلُّهُ اَللّٰهُمَّ لَا قَابِضَ لِمَا بَسَطْتَ وَلَا مُقَرِّبَ لِمَا بَاعَدْتَ وَلَا مُبَاعِدَ لِمَا قَرَّبْتَ وَلَا مُعْطِيَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا مَانِعَ لِمَا أَعْطَيْتَ اَللّٰهُمَّ ابْسُطْ عَلَيْنَا مِنْ بَرَكَاتِکَ وَرَحْمَتِکَ وَفَضْلِکَ وَرِزْقِکَ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَسْأَلُکَ النَّعِيْمَ الْمُقِيْمَ الَّذِيْ لَا يَحُوْلُ وَلَا يَزُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَسْأَلُکَ النَّعِيْمَ يَوْمَ الْعَيْلَةِ وَالْأَمْنَ يَوْمَ الْحَرْبِ اَللّٰهُمَّ عَائِذًا بِکَ مِنْ سُوْءِ مَا اَعْطَيْتَنَا وَشَرِّ مَا مَنَعْتَ مِنَّا.

اے اللہ! تیرے ہی لیے سب قسم کی تعریف ہے، اے اللہ! جو تو پھیلا دے اسے کوئی سمیٹنے والا نہیں، جو تو

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دور کردے تو کوئی اسے نزدیک کرنے والا نہیں، جسے تو نزدیک کردے تو اسے کوئی دور کرنے والا نہیں، جس سے تو روکے اسے کوئی دینے والا نہیں، اور جسے تو دے اس کو کوئی روکنے والا نہیں۔ اے اللہ! ہم پر اپنی برکات، اپنی رحمت، اپنے فضل اور اپنے رزق کو پھیلا دے۔ اے اللہ! میں تجھ سے ایسی نعمتیں مانگتا ہوں جو ہمیشہ قائم رہیں نہ (تیری اطاعت میں) حائل ہوں اور نہ زائل ہوں۔ اے اللہ! میں تجھ سے تنگی کے دن کی نعمت اور جنگ کے دن کے امن کا سوال کرتا ہوں۔ اے اللہ! تیری پناہ میں آتا ہوں اس چیز کی برائی سے جو تو نے عطا کی اور اس چیز کے شر سے جو تو نے ہم سے روک لی۔

(صحیح الادب المفرد: 541)

رزق میں برکت کی دعا

13. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ ،وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ، وَبَارِکْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ.

اے اللہ! میرے گناہ معاف کردے، میرے گھر میں وسعت پیدا کردے اور میرے رزق میں برکت دے۔ (صحیح الجامع الصغیر: 1266)

صاع اور مد میں برکت کی دعا

14. اَللّٰهُمَّ بَارِکْ لَنَا فِیْ صَاعِنَا وَمُدِّنَا وَاجْعَلْ مَعَ الْبَرَکَةِ بَرَکَتَیْنِ.

اے اللہ! ہمارے لئے ہمارے صاع میں اور ہمارے مد میں برکت عطا فرما اور ایک برکت کے ساتھ دو برکتیں کردے۔ (صحیح مسلم: 3337)

www.KitaboSunnat.com

پھلوں میں برکت کی دعا

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ جب لوگ پہلا پھل دیکھتے تو وہ اسے نبی ﷺ کی طرف لے آتے تو جب رسول اللہ ﷺ اسے پکڑتے تو دعا فرماتے:

15. اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْ ثَمَرِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِيْ مَدِيْنَتِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِيْ صَاعِنَا وَبَارِكْ لَنَا فِيْ مُدِّنَا.

اے اللہ! ہمارے لئے ہمارے پھلوں میں برکت عطا فرما اور ہمارے لئے ہمارے مدینہ میں برکت عطا فرما اور ہمارے لئے ہمارے صاع میں برکت عطا فرما اور ہمارے لئے ہمارے مد میں برکت عطا فرما۔ (صحیح مسلم: 3334)

زمین کے پھل پانے کی دعا

16. اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنَا مِنْ ثَمَرَاتِ الْأَرْضِ وَبَارِكْ لَنَا فِيْ مُدِّنَا وَصَاعِنَا.

اے اللہ ہمیں زمین کے پھلوں کا رزق دے اور ہمارے مد اور ہمارے صاع میں برکت عطا فرما۔ (مسند احمد: 5354)

کھانے پینے کے بعد رزق میں برکت کی دعا کرنا

ابن عباس رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جسے اللہ تعالیٰ کوئی کھانا کھانے کو دے تو اسے چاہیے کہ یوں کہے:

17. اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَارْزُقْنَا خَيْرًا مِنْهُ.

اے اللہ! ہمیں اس میں برکت دے اور اس سے بہتر رزق عطا فرما۔

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور جسے اللہ تعالیٰ دودھ پینے کو دے تو اسے یوں کہنا چاہیے۔

18. اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ.

اے اللہ! ہمیں اس میں برکت دے اور ہمیں اس سے زیادہ دے۔ (سنن ابن ماجة: 3322)

اولاد کے لیے رزق کی دعا

19. رَبَّنَا اِنِّيْٓ اَسْكَنْتُ مِنْ ذُرِّيَّتِيْ بِوَادٍ غَيْرِ ذِيْ زَرْعٍ عِنْدَ بَيْتِكَ الْمُحَرَّمِ رَبَّنَا لِيُقِيْمُوا الصَّلٰوةَ فَاجْعَلْ اَفْئِدَةً مِّنَ النَّاسِ تَهْوِيْٓ اِلَيْهِمْ وَارْزُقْهُمْ مِنَ الثَّمَرٰتِ لَعَلَّهُمْ يَشْكُرُوْنَ ○

اے ہمارے رب! میں نے اپنی اولاد کے ایک حصے کو تیرے قابل احترام گھر کے پاس ایسے میدان میں لا بسایا ہے جہاں کوئی کھیتی نہیں، اے ہمارے رب! تاکہ وہ نماز قائم کریں۔ سو کچھ لوگوں کے دل ایسے کر دے کہ ان کی طرف مائل رہیں اور انھیں پھلوں سے رزق عطا کر تاکہ وہ شکر کریں۔ (ابراهيم: 37)

اولاد کے رزق میں برکت کی دعا

20. اَللّٰهُمَّ ارْزُقْهُ مَالًا وَوَلَدًا وَبَارِكْ لَهُ.

اے اللہ! اسے مال اور اولاد عطا فرما اور اس کو برکت عطا کر۔ (صحيح البخاري: 1982)

دوسروں کے رزق میں برکت کی دعا

21. اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَهُمْ فِيْمَا رَزَقْتَهُمْ وَاغْفِرْ لَهُمْ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَارْحَمْهُمْ.

اے اللہ! جو رزق تو نے ان کو دیا اس میں ان کو برکت عطا فرما اور ان کی مغفرت فرما اور ان پر رحم فرما۔

(صحیح مسلم: 5328)

22. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُمْ وَارْحَمْهُمْ وَبَارِكْ عَلَيْهِمْ وَوَسِّعْ عَلَيْهِمْ فِيْ أَرْزَاقِهِمْ.

اے اللہ! ان کی بخشش فرما اور ان پر رحم فرما اور انہیں برکت عطا فرما اور ان کے رزقوں کو کشادہ فرما۔

(مسند احمد: 17678)

23. بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِيْ أَهْلِكَ وَمَالِكَ.

اللہ تعالیٰ آپ کے اہل اور آپ کے مال میں برکت عطا فرمائے۔ (صحیح البخاری: 2049)

کمانے والے کے ہاتھ میں برکت کی دعا

عروہ بارقی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے ایک دینار دیا تا کہ میں ان کے لیے ایک بکری خرید لاؤں۔ میں نے ایک دینار میں دو بکریاں خریدیں اور ان میں سے ایک بکری ایک دینار میں فروخت کر کے دوسری بکری اور ایک دینار لے کر نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ پھر آپ کے سامنے قصہ بیان کیا تو نبی ﷺ نے ان سے فرمایا:

بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِيْ صَفْقَةِ يَمِيْنِكَ.

اللہ تمہارے دائیں ہاتھ کے معاملات میں برکت دے۔ (سنن الترمذی: 1258)

اس کے بعد عروہ کوفہ میں کناسہ کے مقام پر تجارت کیا کرتے اور بہت زیادہ نفع کمایا کرتے۔ پس عروہ کوفہ میں سب سے زیادہ مالدار تھے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بھوک اور فاقوں سے بچنے کی دعائیں

دل کے غنا کی دعا کرنا

1. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَسْأَلُکَ الْهُدٰی وَالتُّقٰی وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰی .

اے اللہ! میں تجھ سے ہدایت، تقوی، پاکدامنی اور غنا کا سوال کرتا ہوں۔ (صحیح مسلم:7079)

فقر وفاقہ سے پناہ مانگنا

2. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْفَقْرِ وَالْقِلَّةِ وَالذِّلَّةِ وَأَعُوْذُ بِکَ مِنْ أَنْ أَظْلِمَ أَوْ أُظْلَمَ .

اے اللہ! میں فقر، قلت اور ذلت سے تیری پناہ میں آتا ہوں اور اس بات سے تیری پناہ میں آتا ہوں کہ میں کسی پر ظلم کروں یا کوئی مجھ پر ظلم کرے۔ (سنن أبی داؤد:1544)

نماز کے بعد فقر سے پناہ مانگنا

مسلم بن ابوبکرہ کہتے ہیں کہ میرے والد نماز کے بعد فرماتے تھے:

3. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْکُفْرِ وَالْفَقْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ .

اے اللہ میں کفر اور فقر اور عذاب قبر سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔ (سنن النسائی:1347)

چنانچہ میں بھی یہ کہنے لگا تو میرے والد نے دریافت کیا: اے میرے بیٹے! تم نے یہ جملے کس سے سیکھے ہیں؟ تو میں نے عرض کیا کہ آپ سے سیکھے ہیں۔ انہوں نے کہا: رسول اللہ ﷺ انہیں نماز کے بعد پڑھا کرتے تھے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صبح وشام فقر سے پناہ مانگنا

4. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُبِکَ مِنَ الْکُفْرِ وَالْفَقْرِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ لَا اِلٰهَ اِلَّا أَنْتَ.

اے اللہ! میں کفر اور فقر سے تیری پناہ میں آتا ہوں، اے اللہ! میں عذاب قبر سے تیری پناہ میں آتا ہوں تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ (مسند احمد:20430)

بستر پر لیٹتے وقت فقر سے غنی ہونے کی دعا کرنا

5. اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَرَبَّ کُلِّ شَیْءٍ، فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوٰی، مُنْزِلَ التَّوْرَاةِ وَالْاِنْجِیْلِ وَالْقُرْآنِ الْعَظِیْمِ، أَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ کُلِّ دَابَّةٍ أَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِیَتِهَا، أَنْتَ الْأَوَّلُ فَلَیْسَ قَبْلَکَ شَیْءٌ، وَأَنْتَ الْآخِرُ فَلَیْسَ بَعْدَکَ شَیْءٌ، وَأَنْتَ الظَّاهِرُ فَلَیْسَ فَوْقَکَ شَیْءٌ، وَأَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَیْسَ دُوْنَکَ شَیْءٌ، اِقْضِ عَنِّی الدَّیْنَ وَأَغْنِنِیْ مِنَ الْفَقْرِ.

اے اللہ! اے آسمانوں اور زمین کے رب! اور ہر چیز کے رب! اے دانے اور گٹھلی کو پھاڑنے والے! اے تورات، انجیل اور قرآن عظیم کو نازل فرمانے والے! میں ہر اس جاندار کے شر سے تیری پناہ میں آتا ہوں جس کی پیشانی تیری قبضے میں ہے۔ تو ہی اول ہے تجھ سے پہلے کوئی نہیں۔ تو ہی آخر ہے تیرے بعد کوئی نہیں۔ تو ہی ظاہر ہے تجھ سے اوپر کوئی نہیں۔ تو ہی باطن ہے تجھ سے پوشیدہ تر کوئی چیز نہیں۔ مجھ سے

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میرا قرض ادا کر دے اور مجھے فقر سے (نجات دے کر) غنی کر دے۔ (سنن ابن ماجہ:3873)

امیری اور فقیری کے شر سے اللہ کی پناہ مانگنا

6. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنْ فِتْنَةِ النَّارِ وَعَذَابِ النَّارِ وَمِنْ شَرِّ الْغِنٰی وَالْفَقْرِ.

اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں آگ کے فتنہ اور آگ کے عذاب سے اور مالداری اور فقر کے شر سے۔ (سنن أبی داؤد:1543)

دیئے جانے اور روکے جانے کے شر سے بچنے کی دعا

7. اَللّٰهُمَّ لَا قَابِضَ لِمَا بَسَطْتَ وَلَا بَاسِطَ لِمَا قَبَضْتَ وَلَا هَادِیَ لِمَنْ أَضْلَلْتَ وَلَا مُضِلَّ لِمَنْ هَدَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا مَانِعَ لِمَا أَعْطَیْتَ وَلَا مُقَرِّبَ لِمَا بَاعَدْتَ وَلَا مُبَاعِدَ لِمَا قَرَّبْتَ وَأَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ مَا أَعْطَیْتَنَا وَشَرِّ مَا مَنَعْتَ مِنَّا.

اے اللہ! جو تو پھیلا دے اسے کوئی سمیٹنے والا نہیں، جو تو سمیٹ لے اسے کوئی پھیلانے والا نہیں، جسے تو گمراہ کر دے اسے کوئی ہدایت دینے والا نہیں اور جسے تو ہدایت دے اسے گمراہ کرنے والا کوئی نہیں اور جس سے تو روکے اسے کوئی دینے والا نہیں اور جسے تو دے اس کو کوئی روکنے والا نہیں۔ جسے تو دور کر دے اسے کوئی قریب کرنے والا نہیں اور جسے تو قریب کر دے اسے دور کرنے والا کوئی نہیں اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس چیز کے شر سے جو تو نے ہمیں دی اور اس چیز کے شر سے جو تو نے ہم سے روک لی۔

(ظلال الجنة للألبانی:381)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بھوک سے پناہ مانگنا

8. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْجُوْعِ فَاِنَّهُ بِئْسَ الضَّجِيْعُ وَأَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْخِيَانَةِ فَاِنَّهَا بِئْسَتِ الْبِطَانَةُ.

اے اللہ! میں بھوک سے تیری پناہ مانگتا ہوں پس بے شک وہ بہت بری ساتھی ہے۔ اور میں خیانت سے تیری پناہ چاہتا ہوں، بیشک پوشیدہ خصلتوں میں سے یہ بہت بری خصلت ہے۔

(سنن ابی داؤد: 1547)

شدت بھوک کے وقت کی دعا

عائشہ رضی اللہ عنہا فرماتی ہیں کہ آپ ﷺ جب رات کو بھوک کی شدت کی وجہ سے کروٹیں بدلتے تو (یہ دعا) پڑھتے:

9. لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْوَاحِدُ الْقَهَّارُ رَبُّ السَّمَاوَاتِ وَالْأَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا الْعَزِيْزُ الْغَفَّارُ.

کوئی معبود برحق نہیں مگر اللہ، جو اکیلا اور زبردست ہے، آسمانوں، زمین اور ان دونوں کے درمیان والی تمام چیزوں کا رب ہے، وہ غالب اور بہت بخشنے والا ہے۔ (السلسلة الصحيحة: 2066)

خشک سالی اور بارش کی دعا

10. (اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ۝ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ۝ مٰلِکِ يَوْمِ الدِّيْنِ ۝) لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ يَفْعَلُ مَا يُرِيْدُ اَللّٰهُمَّ اَنْتَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا أَنْتَ الْغَنِيُّ وَنَحْنُ الْفُقَرَاءُ أَنْزِلْ عَلَيْنَا

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الْغَيْثَ وَاجْعَلْ مَا أَنْزَلْتَ لَنَا قُوَّةً وَبَلَاغًا اِلٰى حِيْنٍ.

تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جو تمام جہانوں کا پالنے والا ہے۔ بہت مہربان، نہایت رحم کرنے والا ہے۔ روز جزا کا بادشاہ ہے۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔ وہ جو چاہتا ہے کرتا ہے۔ اے اللہ! تو ہی اللہ ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو غنی (بے پروا) ہے اور ہم فقیر (محتاج) ہیں، ہم پر بارش نازل فرما اور جو تو نازل فرمائے اسے ہمارے لیے قوت اور ایک وقت تک کے لیے گزران بنا دے۔

(سنن أبی داؤد: 1173)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گھریلو پریشانیوں سے نجات کی دعائیں

گھریلو پریشانیوں پر صبر کرنا اور اللہ سے مدد مانگنا

1. اَللّٰهُ الْمُسْتَعَانُ اَللّٰهُمَّ صَبْرًا وَعَلَى اللّٰهِ التُّكْلَانُ.

اللہ ہی مددگار ہے، اے اللہ! صبر عطا فرما اور اللہ پر ہی میرا توکل ہے۔ (مسند احمد: 19644)

پریشانیوں میں پڑھنے کی دعا

اسماء بنت عمیس رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے کہا: کیا میں تمہیں ایسے کلمات نہ سکھاؤں جن کو تم پریشانی کے وقت پڑھا کرو؟ وہ کلمات یہ ہیں:

2. اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّيْ لَا أُشْرِكُ بِهٖ شَيْئًا.

اللہ ہی، اللہ ہی میرا رب ہے، میں اس کے ساتھ کسی چیز کو شریک نہیں بناتی۔ (سنن ابی داؤد: 1525)

گھریلو کام کاج کی تھکاوٹ کا علاج

علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو چکی پیسنے سے بہت تکلیف ہوتی۔ پھر انہیں معلوم ہوا کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس کچھ قیدی آئے ہیں۔ اس لئے وہ بھی ان میں سے ایک خادم کی درخواست لے کر حاضر ہوئیں۔۔۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جو کچھ تم لوگوں نے مانگا ہے، میں تمہیں اس سے بہتر بات نہ بتاؤں؟ جب تم دونوں اپنے بستر پر لیٹ جاؤ تو!

3. اَللّٰهُ أَكْبَرُ 34 مرتبہ

اور اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ 33 مرتبہ

اور سُبْحَانَ اللّٰهِ 33 مرتبہ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پڑھ لیا کرو۔ پس بے شک یہ عمل تم دونوں کے لیے اس سے بہتر ہے جو تم دونوں نے مانگا ہے۔ (صحیح البخاری: 3113)

خادم کی جگہ کفایت کرنے والی دعا

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ فاطمہ رضی اللہ عنہا نبی ﷺ کے پاس خادم مانگنے آئیں تو آپ ﷺ نے ان سے کہا کہ تم یہ کہو:

4. اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ، رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ، مُنْزِلَ التَّوْرَاةِ وَالْإِنْجِيْلِ وَالْقُرْآنِ، فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوٰى أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْءٍ أَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهِ، أَنْتَ الْأَوَّلُ فَلَيْسَ قَبْلَكَ شَيْءٌ، وَأَنْتَ الْآخِرُ فَلَيْسَ بَعْدَكَ شَيْءٌ، وَأَنْتَ الظَّاهِرُ فَلَيْسَ فَوْقَكَ شَيْءٌ، وَأَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَيْسَ دُوْنَكَ شَيْءٌ، اِقْضِ عَنِّي الدَّيْنَ وَأَغْنِنِيْ مِنَ الْفَقْرِ.

اے اللہ! اے ساتوں آسمانوں کے رب! اور عرش عظیم کے رب! اے ہمارے رب اور ہر چیز کے رب! تورات، انجیل اور قرآن نازل کرنے والے! دانے اور گٹھلی کو چیرنے والے! میں تجھ سے ہر اس چیز کے شر سے پناہ مانگتا ہوں جسے تو اس کی پیشانی کے بالوں سے پکڑنے والا ہے، تو سب سے پہلے ہے تجھ سے پہلے کوئی نہیں، اور تو ہی آخر ہے تیرے بعد کوئی نہیں، اور تو ہی ظاہر ہے تجھ سے اوپر کوئی نہیں اور تو ہی باطن ہے تجھ سے پوشیدہ تر کوئی چیز نہیں، مجھ سے میرا قرض ادا کر دے اور مجھے فقر سے (نجات دے کر) غنی کر دے۔ (سنن الترمذی: 3481)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مکان کی تنگی دور کرنے کی دعا

5. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ، وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ، وَبَارِکْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ.

اے اللہ! میرے گناہ معاف کردے، میرے لیے میرے گھر میں وسعت پیدا کردے اور میرے لیے میرے رزق میں برکت دے۔ (صحیح الجامع الصغیر: 1266)

گھریلو معاملات کی اصلاح کی دعا

6. اَللّٰهُمَّ أَصْلِحْ لِیْ دِیْنِیَ الَّذِیْ هُوَ عِصْمَةُ أَمْرِیْ وَأَصْلِحْ لِیْ دُنْیَایَ الَّتِیْ فِیْهَا مَعَاشِیْ وَأَصْلِحْ لِیْ آخِرَتِیْ الَّتِیْ فِیْهَا مَعَادِیْ وَاجْعَلِ الْحَیَاةَ زِیَادَةً لِیْ فِیْ کُلِّ خَیْرٍ وَاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَةً لِیْ مِنْ کُلِّ شَرٍّ.

اے اللہ! میرے دین کو درست فرما جو میرے معاملات کا محافظ ہے اور میری دنیا کو درست فرما جس میں میرا معاش ہے اور میری آخرت کو درست فرما جس میں میرا لوٹنا ہے اور میری زندگی کو ہر بھلائی میں میرے لئے زیادتی کا باعث بنادے اور موت کو میرے لئے ہر شر سے راحت بنادے۔ (صحیح مسلم: 6903)

گھریلو معاملات میں درست فیصلہ کرنے کی دعا

7. اَللّٰهُمَّ أَسْتَهْدِیْکَ لِأَرْشَدِ أَمْرِیْ وَأَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ.

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے اللہ میں تجھ سے اپنے معاملات میں رشد و ہدایت کا طلب گار ہوں اور میں اپنے نفس کے شر سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔ (مسند احمد: 16369)

آپس میں محبت پیدا کرنے کی دعا

8. اَللّٰهُمَّ أَلِّفْ بَيْنَ قُلُوْبِنَا، وَأَصْلِحْ ذَاتَ بَيْنِنَا، وَاهْدِنَا سُبُلَ السَّلَامِ، وَنَجِّنَا مِنَ الظُّلُمَاتِ اِلَى النُّوْرِ، وَجَنِّبْنَا الْفَوَاحِشَ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ، وَبَارِكْ لَنَا فِيْ أَسْمَاعِنَا وَأَبْصَارِنَا وَقُلُوْبِنَا وَأَزْوَاجِنَا وَذُرِّيَّاتِنَا، وَتُبْ عَلَيْنَا اِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيْمُ، وَاجْعَلْنَا شَاكِرِيْنَ لِنِعْمَتِكَ مُثْنِيْنَ بِهَا قَابِلِيْهَا وَأَتِمَّهَا عَلَيْنَا.

اے اللہ! ہمارے دلوں میں الفت پیدا فرما دے اور ہمارے آپس کے معاملات کی اصلاح کر دے اور سلامتی کے راستوں کی طرف ہماری رہنمائی فرما اور ہمیں اندھیروں سے نجات دے کر نور کی طرف لے آ، اور ہمیں تمام ظاہری اور چھپی بدکاریوں سے محفوظ رکھ۔ اور ہمارے کانوں اور ہماری آنکھوں اور ہمارے دلوں اور ہمارے زوج، اور ہمارے بچوں میں برکتیں عطا فرما اور ہماری توبہ قبول فرما بلاشبہ تو بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والا اور رحم کرنے والا ہے اور ہمیں اپنی نعمتوں کا شکر کرنے والا بنا دے اور ان کی تعریف کرنے والا اور ان کو قبول کرنے والا بنا دے اور ان (نعمتوں) کو ہم پر کامل فرما دے۔

(سنن أبي داؤد: 969)

اپنے نفس کے شر سے بچنے کی دعا

9. اَللّٰهُمَّ قِنِيْ شَرَّ نَفْسِيْ وَاعْزِمْ لِيْ عَلٰى أَرْشَدِ أَمْرِيْ.

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے اللہ! مجھے میرے نفس کے شر سے بچا، اور اس کام پر میری مدد فرما جو زیادہ بھلائی والا ہو۔

(مسند احمد:19992)

اپنے سیدھے رہنے کی دعا

10. اَللّٰهُمَّ اهْدِنِیْ وَسَدِّدْنِیْ .

اے اللہ! مجھے ہدایت دے اور مجھے سیدھا رکھ۔(صحیح مسلم:6911)

اپنی زبان اور دل کی درستگی کی دعا

شکل بن حمید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ میں نے کہا: اے اللہ کے رسول! مجھے کوئی دعا سکھایئے جس سے میں فائدہ حاصل کروں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: کہو

11. اَللّٰهُمَّ عَافِنِیْ مِنْ شَرِّ سَمْعِیْ وَبَصَرِیْ وَلِسَانِیْ وَقَلْبِیْ وَمِنْ شَرِّ مَنِیِّیْ .

اے اللہ! مجھے میرے کانوں، آنکھوں، زبان، دل اور شرمگاہ کے شر سے محفوظ رکھ۔ (سنن النسائی:5484)

12. رَبِّ أَعِنِّیْ وَلَا تُعِنْ عَلَیَّ، وَانْصُرْنِیْ وَلَا تَنْصُرْ عَلَیَّ، وَامْكُرْ لِیْ وَلَا تَمْكُرْ عَلَیَّ، وَاهْدِنِیْ وَيَسِّرْ هُدَایَ اِلَیَّ، وَانْصُرْنِیْ عَلٰی مَنْ بَغٰی عَلَیَّ، اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِیْ لَكَ شَاكِرًا، لَكَ ذَاكِرًا، لَكَ رَاهِبًا، لَكَ مِطْوَاعًا اِلَیْكَ مُخْبِتًا أَوْ مُنِیْبًا، رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِیْ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَاغْسِلْ حَوْبَتِيْ وَأَجِبْ دَعْوَتِيْ وَثَبِّتْ حُجَّتِيْ وَاهْدِ قَلْبِيْ وَسَدِّدْ لِسَانِيْ وَاسْلُلْ سَخِيْمَةَ قَلْبِيْ .

اے میرے رب! میری مدد فرما، میرے خلاف کسی کی مدد نہ کر، میری نصرت فرما، میرے خلاف کسی کی نصرت نہ کر۔ میرے حق میں تدبیر فرما، میرے خلاف تدبیر نہ کر۔ میری رہنمائی فرما اور ہدایت کو میرے لیے آسان فرما دے۔ اور جو میرے خلاف بغاوت کرے اس کے مقابلے میں میری مدد فرما، اے اللہ! مجھے اپنا شکر گزار، اپنا ذکر کرنے والا، تجھی سے ڈرنے والا، تیرا از حد اطاعت گزار اور بہت ہی تواضع کرنے والا یا بار بار پلٹ کر آنے والا بنا دے۔ اے میرے رب! میری توبہ قبول کر لے، میری خطائیں دھو ڈال، میری دعا قبول فرما، میری حجت قائم فرما دے، میرے دل کو ہدایت دے، میری زبان کو (حق پر) مستقیم رکھ اور میرے دل سے میل کچیل (بغض، حسد اور کینہ وغیرہ) نکال دے۔

(سنن أبي داؤد: 1512)

دوسروں کی زبان اور دل کی درستگی کی دعا کرنا

13. اَللّٰهُمَّ ثَبِّتْ لِسَانَهُ وَاهْدِ قَلْبَهُ.

اے اللہ! اس کی زبان کو ثابت قدم رکھ اور اس کے دل کو ہدایت بخش۔ (مسند احمد: 882)

بچوں کی طرف سے آنے والی اخلاقی پریشانی میں ان کو دعا دینا

14. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ ذَنْبَهُ وَطَهِّرْ قَلْبَهُ وَحَصِّنْ فَرْجَهُ.

اے اللہ! اس کے گناہ معاف فرما، اس کے دل کو پاک فرما اور اس کی شرمگاہ کی حفاظت فرما۔

(مسند احمد: 22211)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گھر والوں کو خدمت کرنے پر دعا دینا

ابوزید رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ نے پانی طلب کیا میں ایک پیالے میں پانی لے کر حاضر ہوا اس میں ایک بال تھا جسے میں نے نکال لیا۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا:

15. اَللّٰهُمَّ جَمِّلْهُ.

اے اللہ! اسے جمال عطا فرما۔

راوی کہتے ہیں کہ میں نے ابوزید رضی اللہ عنہ کو 94 سال کی عمر میں دیکھا تو ان کی داڑھی میں ایک بال بھی سفید نہ تھا۔

(مسند احمد: 22881)

گھر والوں کے حقوق استطاعت کے مطابق ادا کر کے بھی اللہ سے دعا کرنا

عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ (اپنی ازواج کے مابین) تقسیم کرتے اور عدل کرتے اور فرمایا کرتے:

اَللّٰهُمَّ هٰذَا قَسْمِيْ فِيْمَا أَمْلِكُ فَلَا تَلُمْنِيْ فِيْمَا تَمْلِكُ وَلَا أَمْلِكُ.

اے اللہ! یہ میری تقسیم ہے جو میرے بس میں ہے، اور اس بات میں مجھے ملامت نہ فرمانا جس کا تو مالک ہے (یعنی دل کا میلان) اور میرا اس پر اختیار نہیں۔ (سنن أبي داؤد: 2134)

سفر پر جاتے ہوئے بھی گھر والوں اور بچوں کی فکر اور ان کے لیے دعا کرنا

17. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَكَآبَةِ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الْمُنْقَلَبِ وَالْحَوْرِ بَعْدَ الْكَوْرِ وَدَعْوَةِ الْمَظْلُومِ وَسُوءِ الْمَنْظَرِ فِي الْأَهْلِ وَالْمَالِ وَالْوَلَدِ.

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں سفر کی سختی سے اور لوٹنے کے رنج وغم سے اور نفع کے بعد نقصان سے اور مظلوم کی بددعا سے اور گھر اور مال اور بچوں میں برا منظر دیکھنے سے۔(سنن النسائی:5498)

www.KitaboSunnat.com

بیماری سے شفا کی دعائیں

قرآنی دعائیں

ہر طرح کی تکلیف دور کرنے والی سورت

1. سورۃ الفاتحہ

بِسۡمِ اللّٰہِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ

اَلۡحَمۡدُ لِلّٰہِ رَبِّ الۡعٰلَمِیۡنَ oاَلرَّحۡمٰنِ الرَّحِیۡمِ oمٰلِکِ یَوۡمِ الدِّیۡنِ oاِیَّاکَ نَعۡبُدُ وَاِیَّاکَ نَسۡتَعِیۡنُ oاِھۡدِنَا الصِّرَاطَ الۡمُسۡتَقِیۡمَ oصِرَاطَ الَّذِیۡنَ أَنۡعَمۡتَ عَلَیۡھِمۡ غَیۡرِ الۡمَغۡضُوۡبِ عَلَیۡھِمۡ وَلَا الضَّآلِّیۡنَ o

سب تعریف اللہ کے لیے ہے جو سارے جہانوں کا پالنے والا ہے۔ جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔ بدلے کے دن کا مالک ہے۔ ہم صرف تیری عبادت کرتے ہیں اور صرف تجھ سے مدد مانگتے ہیں۔ ہمیں سیدھے راستے پر چلا۔ ان لوگوں کے راستے پر جن پر تو نے انعام کیا، جن پر نہ غصہ کیا گیا اور نہ وہ گمراہ ہیں۔ (الفاتحۃ: 7-1)

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ کے چند صحابہ عرب کے قبائل میں سے کسی قبیلے کے پاس سے گزرے۔ قبیلے والوں نے ان کی ضیافت نہ کی۔ اس دوران میں اس قبیلے کے سردار کو کسی زہریلے جانور نے ڈس لیا۔ قبیلے والوں نے صحابہ سے کہا: تمہارے پاس اس کی کوئی دوا یا کوئی دم کرنے والا ہے؟ صحابہ نے کہا کہ تم لوگوں نے ہماری مہمان نوازی نہیں کی لہٰذا ہم اس وقت تک دم نہیں کریں گے جب تک تم ہمارے لیے اس کی مزدوری نہ طے کر دو۔ چنانچہ انہوں نے چند بکریاں دینا طے کر دیں۔ پھر ان میں سے ایک شخص نے سورۃ الفاتحہ پڑھنا شروع کر دی، دم کرتے

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وقت منہ میں تھوک جمع کرتا رہا اور متاثرہ جگہ پر لگاتا رہا ایسا کرنے سے وہ شخص تندرست ہو گیا۔ چنانچہ قبیلہ والے بکریاں لے کر آئے لیکن صحابہ نے کہا کہ جب تک ہم نبی ﷺ سے نہ پوچھ لیں یہ بکریاں نہیں لے سکتے۔ پھر جب آپ ﷺ سے پوچھا تو آپ مسکرائے اور فرمایا تمہیں کیسے معلوم ہوا کہ سورۃ الفاتحہ سے دم بھی کیا جا سکتا ہے؟ بکریاں لے لو اور اس میں میرا حصہ بھی رکھو۔ (صحیح البخاری:5736)

2. معوّذات

سورۃ الاخلاص

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ○ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُ كُفُوًا أَحَدٌ ○

کہہ دو وہ اللہ ایک ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔ نہ اس کی کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے۔ اور نہ کوئی اس کا ہمسر ہے۔ (الاخلاص: 1-4)

سورۃ الفلق

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ○ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ○ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ○ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ○ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ○

کہہ دو میں مخلوق کے رب کی پناہ پکڑتا ہوں، اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی۔ اور اندھیری رات کے شر سے جب وہ چھا جائے۔ اور گرہوں میں پھونکنے والیوں کے شر سے۔ اور حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرے۔ (الفلق: 1-5)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سورۃ الناس

بِسۡمِ اللّٰهِ الرَّحۡمٰنِ الرَّحِيۡمِ

قُلۡ أَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ o مَلِكِ النَّاسِ o اِلٰهِ النَّاسِ o مِنۡ شَرِّ الۡوَسۡوَاسِ الۡخَنَّاسِ o الَّذِيۡ يُوَسۡوِسُ فِيۡ صُدُوۡرِ النَّاسِ o مِنَ الۡجِنَّةِ وَالنَّاسِ o

کہہ دو میں پناہ پکڑتا ہوں لوگوں کے رب کی۔ لوگوں کے بادشاہ کی۔ لوگوں کے معبود کی۔ وسوسہ ڈالنے والے کے شر سے، جو (وسوسہ ڈال کر) پیچھے ہٹ جاتا ہے۔ وہ جو لوگوں کے سینوں میں وسوسہ ڈالتا ہے۔ جنوں اور انسانوں میں سے۔ (الناس:6-1)

بیماری میں معوّذات کا دم کرنا

عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب بیمار پڑتے تو اپنے اوپر معوذات پڑھ کر پھونکا کرتے اور اپنے (جسم) پر اپنے ہاتھ پھیرا کرتے تھے، پھر جب وہ مرض آپ کو لاحق ہوا جس میں آپ کی وفات ہوئی تو میں وہی معوذات جن سے آپ ﷺ دم کیا کرتے تھے، وہ پڑھ کر آپ پر دم کیا کرتی تھی اور میں آپ ﷺ کے ہاتھ کو آپ (کے جسم) پر پھیر دیتی تھی۔ (صحیح البخاری:4439)

زہریلے جانور کے ڈنک مارنے پر معوّذات پڑھنا

علی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی ﷺ کو بچھو نے ڈس لیا جبکہ آپ ﷺ نماز پڑھ رہے تھے۔ جب آپ نماز سے فارغ ہوئے تو فرمایا: اللہ تعالیٰ بچھو پر لعنت کرے وہ نہ نمازی کو چھوڑتا ہے نہ کسی اور کو۔ پھر آپ ﷺ نے پانی اور نمک منگوایا۔ آپ ﷺ اس پر ملتے جاتے اور قُلۡ يٰۤاَيُّهَا الۡكٰفِرُوۡنَ، قُلۡ أَعُوۡذُ بِرَبِّ الۡفَلَقِ اور قُلۡ أَعُوۡذُ بِرَبِّ النَّاسِ پڑھتے جاتے۔ (المعجم الصغیر للطبرانی:830)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ایوب علیہ السلام کی دعا

4. أَنِّي مَسَّنِيَ الضُّرُّ وَأَنْتَ أَرْحَمُ الرَّاحِمِينَ ○

بے شک، مجھے تکلیف پہنچی ہے اور تو رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ رحم والا ہے۔ (الأنبیاء: 83)

بیماری میں اللہ کی تعریف کرنا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب بندہ بیمار ہوتا ہے تو اللہ تعالیٰ اس کی طرف دو فرشتے بھیجتا ہے اور فرماتا ہے کہ دیکھتے رہو وہ ان لوگوں سے کیا کہتا ہے جو اس کی بیمار پرسی کو آتے ہیں۔ اگر وہ ان کے سامنے اللہ عزوجل کی حمد و ثنا کرتا ہے تو وہ دونوں فرشتے اس حمد و ثنا کو اوپر اللہ عزوجل کی طرف لے کر چڑھ جاتے ہیں، حالانکہ وہ اسے خوب جانتا ہے۔ تو وہ فرماتا ہے: میرے بندے کا مجھ پر حق ہے کہ اگر میں اس کو فوت کر دوں تو اس کو جنت میں داخل کروں گا اور اگر شفا دوں گا تو اس کو پہلے گوشت سے اچھا گوشت اور اس کو پہلے خون سے اچھا خون دوں گا اور اس سے اس کی برائیوں کو دور کر دوں گا۔

(الموطأ لإمام مالك: 1682)

شفا کی دعائیں

5. اِكْشِفِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ! لَا يَكْشِفُ الْكَرْبَ غَيْرُكَ.

تکلیف دور کر دے، اے لوگوں کے رب! تیرے علاوہ تکلیف کو کوئی دور نہیں کر سکتا۔

(صحيح الجامع الصغير: 1224)

6. اِمْسَحِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ بِيَدِكَ الشِّفَاءُ لَا يَكْشِفُ الْكَرْبَ اِلَّا أَنْتَ.

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے لوگوں کے رب! تکلیف کو دور کر دے، شفا تو تیرے ہی ہاتھ میں ہے، تیرے سوا تکلیف کو دور کرنے والا اور کوئی نہیں ہے۔ (صحیح البخاری: 5744)

شدید تکلیف سے نجات کی دعا / جسم کے کسی حصے میں شدید تکلیف پر پڑھنے کی دعا

عثمان بن ابی عاص ثقفیؓ کہتے ہیں کہ میں نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا۔ مجھے اتنی تکلیف تھی کہ قریب تھا کہ وہ مجھے ہلاک کر دیتی۔ تو نبی ﷺ نے مجھ سے فرمایا: اس (درد کی جگہ) پر اپنا دایاں ہاتھ رکھو اور سات مرتبہ کہو:

9. بِسْمِ اللّٰهِ أَعُوْذُ بِعِزَّةِ اللّٰهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ.

اللہ کے نام کے ساتھ، میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کی عزت کی اور اس کی قدرت کی، اس شر سے جو میں پاتا ہوں اور جس سے میں ڈرتا ہوں۔

(عثمان کہتے ہیں کہ) میں نے یہ دعا پڑھی تو اللہ نے مجھے شفا دے دی۔ (سنن ابن ماجہ: 3522)

بیماری میں کمی کی دعا

10. اَللّٰهُمَّ انْقُصْ مِنَ الْمَرَضِ، وَلَا تَنْقُصْ مِنَ الْأَجْرِ.

اے اللہ! بیماری کو کم کر دے اور اجر میں کمی نہ کرنا۔ (صحیح الأدب المفرد: 389)

جوڑوں کے درد کا علاج

نبی ﷺ نے فرمایا: تم میں جو کوئی آدمی صبح کرتا ہے تو اس کے ہر جوڑ پر صدقہ لازم ہے تو ہر مرتبہ

11. سُبْحَانَ اللّٰهِ کہنا صدقہ ہے، ہر مرتبہ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ کہنا صدقہ ہے اور ہر مرتبہ

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہنا صدقہ ہے، ہر مرتبہ

اَللّٰهُ أَكْبَرُ کہنا صدقہ ہے،

نیکی کا حکم دینا صدقہ ہے اور برائی سے روکنا صدقہ ہے۔ (صحیح مسلم: 1671)

پھوڑے اور زخم کے لیے دعا

عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ جب کسی انسان کے کسی (عضو) میں کوئی تکلیف ہوتی یا پھوڑا یا زخم ہوتا تو نبی ﷺ اپنی انگلی اس طرح رکھتے (سفیان (راوی) نے اپنی شہادت کی انگلی زمین پر رکھی)، پھر اسے اٹھا کر فرماتے:

12. بِاسْمِ اللّٰهِ تُرْبَةُ أَرْضِنَا بِرِيقَةِ بَعْضِنَا لِيُشْفٰى بِهِ سَقِيْمُنَا بِاِذْنِ رَبِّنَا.

اللہ کے نام کے ساتھ، ہماری زمین کی مٹی، ہم میں سے بعض کے تھوک کے ساتھ، تاکہ ہمارے رب کے حکم سے ہمارے بیمار کو شفا دی جائے۔ (صحیح مسلم: 8719)

عافیت کی دعائیں کرنا

12. اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَدَنِيْ اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ سَمْعِيْ اَللّٰهُمَّ عَافِنِيْ فِيْ بَصَرِيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا أَنْتَ.

اے اللہ! میرے جسم کو عافیت عطا کر، اے اللہ! میرے کان کو عافیت عطا کر، اے اللہ! میری نگاہ کو عافیت عطا کر، تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں۔ (سنن أبی داؤد: 5090)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

13. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاهْدِنِيْ وَعَافِنِيْ وَارْزُقْنِيْ

اے اللہ! مجھے بخش دے اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے ہدایت دے اور مجھے عافیت دے اور مجھے رزق دے۔

(صحیح مسلم :6849)

انس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ کسی مسلمان کی عیادت کے لئے تشریف لے گئے، وہ چوزے کی طرح ہو چکا تھا، تو رسول اللہ ﷺ نے اس سے پوچھا کیا تم کسی چیز کی دعا مانگتے تھے یا اس سے کوئی سوال کرتے تھے؟ اس نے کہا جی ہاں! میں یہ دعا مانگتا تھا کہ اے اللہ! تو نے مجھے آخرت میں جو سزا دینی ہے وہ جلدی دنیا ہی میں دے دے۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا سبحان اللہ! تمہارے اندر اس کی ہمت یا طاقت نہیں، تم نے یہ دعا کیوں نہ کی کہ:

14. اَللّٰهُمَّ آتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ.

اے اللہ! ہمیں دنیا میں بھی بھلائی عطا فرما اور آخرت میں بھی بھلائی عطا فرما اور ہمیں آگ کے عذاب سے محفوظ فرما۔

نبی ﷺ نے اللہ سے اس کے لیے دعا کی تو اللہ نے اسے شفا دے دی۔ (صحیح مسلم:6835)

بیماری میں اللہ کا ذکر کرنا/مرض الموت میں پڑھنے کی دعائیں

نبی ﷺ نے فرمایا: جب بندہ کہتا ہے:

15. لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ.

اللہ کے سوا کوئی الٰہ نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے۔

تو اس کا رب اس کی تصدیق کرتا ہے اور فرماتا ہے: میرے علاوہ کوئی معبود نہیں اور میں سب سے بڑا ہوں اور جب بندہ کہتا ہے:

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ،

اللہ کے سوا کوئی الٰہ نہیں، وہ اکیلا ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میرے علاوہ کوئی معبود نہیں میں اکیلا ہوں۔ اور جب بندہ کہتا ہے:

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ،

اللہ کے سوا کوئی الٰہ نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔

تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میرے علاوہ کوئی معبود نہیں اور میرا کوئی شریک نہیں اور جب بندہ کہتا ہے:

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ،

اللہ کے سوا کوئی الٰہ نہیں، اسی کے لیے بادشاہی ہے اور اسی کے لیے سب تعریف ہے۔

تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میرے علاوہ کوئی معبود نہیں۔ میرے لئے ہی بادشاہی ہے اور میرے لئے ہی ہر قسم کی تعریف ہے

اور جب بندہ کہتا ہے۔

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ،

اللہ کے سوا کوئی الٰہ نہیں اور (گناہ سے بچنے کی) ہمت اور (نیکی کرنے کی) طاقت نہیں مگر اللہ

(کی مدد) کے ساتھ۔

تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے: میرے علاوہ کوئی معبود نہیں اور (گناہ سے بچنے کی) ہمت اور (نیکی کرنے کی) طاقت مجھ ہی سے حاصل ہو سکتی ہے۔ نبی ﷺ یہ فرمایا کرتے تھے جس نے اپنی بیماری میں یہ کہا اور پھر فوت ہو گیا اسے دوزخ کی آگ نہیں کھائے گی۔ (سنن الترمذی: 3430)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے اس طرح کہا:

16. لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ اَكْبَرُ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا شَرِيْكَ لَهُ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ.

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اس کا کوئی شریک نہیں، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اسی کے لیے بادشاہت ہے اور اسی

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کے لیے سب تعریف ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور (برائی سے بچنے کی) طاقت اور (نیکی کرنے کی) قوت نہیں مگر اللہ (کی مدد) کے ساتھ۔

تو وہ ان کلمات کو اپنی انگلیوں پر پانچ بار گرہ دے لے، پھر فرمایا کہ جو ان کلمات کو دن میں یا رات میں یا مہینے میں پڑھ لے، پھر اسی دن یا اسی رات یا اسی مہینے میں فوت ہو جائے، تو اس کے گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں۔

(صحیح الترغیب والترھیب:3481)

موت کے بالکل قریب مانگنے کی دعا

عائشہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی ﷺ سے سنا اور وفات سے کچھ پہلے آپ کی طرف کان لگایا جبکہ آپ ﷺ پشت سے ان کا سہارا لیے ہوئے تھے۔ آپ ﷺ فرما رہے تھے:

17. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَأَلْحِقْنِيْ بِالرَّفِيْقِ.

اے اللہ! میری مغفرت فرما، مجھ پر رحم کر اور رفیق سے مجھے ملا۔ (صحیح البخاری :4440)

مریض کی عیادت کے وقت کی دعائیں

18. لَا بَأْسَ طَهُوْرٌ اِنْ شَاءَ اللّٰهُ.

کوئی فکر کی بات نہیں۔ ان شاء اللہ یہ مرض (گناہوں سے) پاک کرنے والا ہے۔ (صحیح البخاری:5656)

19. اِكْشِفِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ اِلٰهَ النَّاسِ.

بیماری دور فرما دے، اے لوگوں کے رب! اے لوگوں کے معبود! (سنن ابن ماجہ:3473)

20. أَذْهِبِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ اشْفِهِ أَنْتَ الشَّافِيْ لَا شِفَاءَ اِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا.

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بیماری دور کردے، اے لوگوں کے رب! اس کو شفا دے تو ہی شفا دینے والا ہے، شفا تیری ہی شفا ہے، ایسی شفا کہ بیماری بالکل نہ رہے۔ (صحیح مسلم:5707)

21. اَللّٰهُمَّ رَبَّ النَّاسِ مُذْهِبَ الْبَأْسِ اشْفِ أَنْتَ الشَّافِيْ لَا شَافِيَ اِلَّا أَنْتَ شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا.

اے اللہ! اے لوگوں کے رب! تکلیف کو دور کرنے والے! شفا عطا فرما، تو ہی شفا دینے والا ہے تیرے سوا کوئی شفا دینے والا نہیں، ایسی شفا عطا فرما کہ بیماری بالکل باقی نہ رہے۔ (صحیح البخاری:5742)

22. بِاسْمِ اللّٰهِ أَرْقِيْكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ يُؤْذِيْكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ نَفْسٍ أَوْ عَيْنِ حَاسِدٍ اَللّٰهُ يَشْفِيْكَ بِاسْمِ اللّٰهِ أَرْقِيْكَ.

اللہ کے نام کے ساتھ میں آپ پر دم کرتا ہوں، ہر اس چیز سے جو آپ کو تکلیف پہنچائے، اور ہر نفس کے شر سے یا حاسد کی نظر سے، اللہ آپ کو شفا عطا فرمائے، میں اللہ کے نام کے ساتھ آپ پر دم کرتا ہوں۔ (صحیح مسلم:5700)

23. بِاسْمِ اللّٰهِ يُبْرِيْكَ وَمِنْ كُلِّ دَاءٍ يَشْفِيْكَ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ وَشَرِّ كُلِّ ذِيْ عَيْنٍ.

اللہ کے نام کے ساتھ، وہ آپ کو تندرست کرے گا اور ہر بیماری سے آپ کو شفا دے گا اور حاسد کے شر سے جب وہ حسد کرے اور ہر نظر بد والے کے شر سے۔ (صحیح مسلم:5699)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

24. بِسْمِ اللّٰهِ أَرْقِيْكَ وَاللّٰهُ يَشْفِيْكَ مِنْ كُلِّ دَاءٍ فِيْكَ أَذْهِبِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ أَنْتَ الشَّافِيْ لَا شَافِيَ اِلَّا أَنْتَ .

اللہ کے نام کے ساتھ، میں آپ کو دم کرتا ہوں اور اللہ آپ کو ہر اس بیماری سے شفا عطا فرمائے جو آپ کے (جسم) میں ہے، اے لوگوں کے رب! اس کی تکلیف کو دور فرما، اور شفا عطا فرما کیونکہ تو ہی شفا دینے والا ہے اور تیرے علاوہ کوئی شفا نہیں دے سکتا۔ (مسند احمد:26821)

25. اَللّٰهُمَّ اشْفِ قَلْبَهُ، وَاشْفِ سَقْمَهُ.

اے اللہ! اسکے دل کو شفا دے اور اس کی بیماری کو دور کر دے۔ (صحیح الأدب المفرد:417)

26. اَللّٰهُمَّ اشْفِ عَبْدَكَ يَنْكَأُ لَكَ عَدُوًّا أَوْ يَمْشِيْ لَكَ اِلٰى جَنَازَةٍ.

اے اللہ! اپنے بندے کو شفا دے تا کہ تیری راہ میں دشمن کو زخمی کرے یا تیری خاطر جنازے کے ساتھ چلے۔ (سنن أبي داؤد:3107)

ہر طرح کی بیماری سے شفا کا دم

نبی ﷺ نے فرمایا: جب کوئی شخص کسی ایسے مریض کی عیادت کرے جس کی موت کا وقت ابھی قریب نہ آیا ہو اور اس کے پاس سات مرتبہ یہ دعا پڑھے۔

27. أَسْأَلُ اللّٰهَ الْعَظِيْمَ رَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ أَنْ يَشْفِيَكَ.

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں عظمت والے اللہ، جو عرش عظیم کا رب ہے، سے دعا کرتا ہوں کہ وہ تمہیں شفا دے۔

تو اللہ اسے اس مرض سے شفا دے دے گا۔(سنن أبی داؤد:3106)

مریض کے سینے پر ہاتھ رکھ کر دعا پڑھنا

عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب بیمار ہوئے تو میں نے اپنا ہاتھ نبی ﷺ کے سینے پر رکھ کر یہ دعا کی:

28. أَذْهِبِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ أَنْتَ الطَّبِيبُ وَأَنْتَ الشَّافِي.

تکلیف کو دور فرما، اے لوگوں کے رب! تو ہی طبیب ہے اور تو ہی شفا دینے والا ہے۔

اور رسول اللہ ﷺ خود یہ کہہ رہے تھے: مجھے رفیق اعلیٰ سے ملا دے، مجھے رفیق اعلیٰ سے ملا دے۔(مسند احمد:24774)

مریض کی پیشانی، سینے اور پیٹ پر ہاتھ پھیر کر دعا پڑھنا

سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں مکہ میں بیمار ہوا تو نبی ﷺ میری عیادت کے لیے تشریف لائے اور اپنا ہاتھ میری پیشانی پر رکھا پھر میرے سینے اور پیٹ پر ہاتھ پھیرا پھر دعا کی:

29. اَللّٰهُمَّ اشْفِ سَعْدًا.

اے اللہ! سعد کو شفا عطا فرما۔

اور اس کے لیے اس کی ہجرت کو مکمل فرما۔(سنن أبی داؤد:3104)

(سَعْدًا کی جگہ مریض کا نام لیں۔)

جلے ہوئے مریض پر پڑھنے کی دعا

محمد بن حاطب کی والدہ ام جمیل بنت مجلل کہتی ہیں کہ ایک مرتبہ میں تمہیں سرزمین حبشہ سے لے کر آ رہی تھی کہ جب میں مدینہ سے ایک یا دو راتوں کے فاصلے پر رہ گئی تو میں نے تمہارے لیے کھانا پکانا شروع کیا اسی اثنا میں لکڑیاں ختم ہو گئیں،

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں لکڑیوں کی تلاش میں نکلی تو تم ہانڈی کے پاس گئے اور وہ الٹ کر تمہارے بازو پر گر گئی۔ میں تمہیں لے کر نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئی اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میرے ماں باپ آپ پر قربان ہوں! یہ محمد بن حاطب ہیں نبی ﷺ نے تمہارے منہ میں اپنا لعاب ڈالا اور تمہارے سر پر ہاتھ پھیرا اور تمہارے لیے دعا کی اور تمہارے ہاتھ پر اپنا لعاب ڈالتے جاتے تھے اور کہتے جاتے تھے۔

30. أَذْهِبِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ وَاشْفِ أَنْتَ الشَّافِي لَا شِفَاءَ إِلَّا شِفَاؤُكَ شِفَاءً لَا يُغَادِرُ سَقَمًا.

تکلیف کو دور فرما، اے لوگوں کے رب! اور شفا عطا فرما کیونکہ تو ہی شفا دینے والا ہے، تیری شفا کے سوا کوئی شفا نہیں ہے ایسی شفا عطا فرما جو بیماری (کا نام ونشان) بھی نہ چھوڑے۔

میں تمہیں نبی ﷺ کے پاس سے لے کر اٹھنے بھی نہیں پائی تھی کہ تمہارا ہاتھ ٹھیک ہو گیا۔ (مسند احمد: 15453)

مصیبت زدہ اور بیمار کو دیکھ کر

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص کسی کو مصیبت میں مبتلا دیکھ کر یہ دعا پڑھے۔

31. اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِي عَافَانِي مِمَّا ابْتَلَاكَ بِهِ وَفَضَّلَنِي عَلٰى كَثِيرٍ مِمَّنْ خَلَقَ تَفْضِيلًا.

تمام تعریفیں اسی ذات کے لیے ہیں جس نے مجھے (اس مصیبت سے) نجات دی جس کے ساتھ اس نے تجھے مبتلا کیا اور مجھے اپنی اکثر مخلوق پر بہت فضیلت دی۔

تو اس کو وہ مصیبت نہیں پہنچے گی۔ (سنن الترمذی: 3432)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ڈر اور گھبراہٹ کے وقت کی دعائیں

آندھی اور سخت اندھیرے کے وقت گھبراہٹ کی دعا

(سورۃ الفلق اور سورۃ الناس)

عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ ایک بار میں رسول اللہ ﷺ کے ساتھ چل رہا تھا۔ ہم جحفہ اور ابواء کے درمیان تھے کہ آندھی آئی اور سخت اندھیرا چھا گیا تو رسول اللہ ﷺ

1. قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ.

کے ذریعے پناہ مانگنے لگے اور فرمانے لگے کہ اے عقبہ! ان کے ذریعے اللہ سے پناہ مانگا کرو۔ کسی پناہ مانگنے والے نے ان سے بڑھ کر افضل کلمات سے پناہ نہیں مانگی۔ (سنن أبي داؤد: 1463)

ابن عابس جہنی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھ سے فرمایا اے ابن عابس! کیا میں تمہیں تعوذ کے سب سے افضل کلمات کے بارے میں نہ بتاؤں جن سے تعوذ کرنے والے تعوذ کرتے ہیں؟ میں نے عرض کیا: کیوں نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: یہ دو سورتیں

2. قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ.

(مسند أحمد: 17297)

جان کے خوف کے وقت کی دعا

3. اَلَّذِيْنَ قَالَ لَهُمُ النَّاسُ اِنَّ النَّاسَ قَدْ جَمَعُوْا لَكُمْ فَاخْشَوْهُمْ فَزَادَهُمْ اِيْمَانًا وَّقَالُوْا حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ○

وہ لوگ کہ لوگوں نے ان سے کہا کہ بے شک لوگوں نے تمہارے لیے (فوج) جمع کر لی ہے، سو ان سے

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ڈرو، تو اس (بات) نے انھیں ایمان میں زیادہ کر دیا اور انھوں نے کہا ہمیں اللہ کافی ہے اور وہ اچھا کار ساز ہے۔ (آل عمران: 173)

ڈر اور گھبراہٹ میں کثرت سے اللہ کا ذکر کرنا

4. اَلَّذِيْنَ آمَنُوْا وَتَطْمَئِنُّ قُلُوْبُهُمْ بِذِكْرِ اللّٰهِ أَلَا بِذِكْرِ اللّٰهِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ ○

جو لوگ ایمان لاتے ہیں اور ان کے دل اللہ کے ذکر سے مطمئن ہو جاتے ہیں۔ یاد رکھو! دل اللہ کے ذکر سے ہی مطمئن ہوتے ہیں۔ (الرعد: 28)

ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو تم میں سے رات سے عاجز آ جائے کہ وہ پریشان کرے گی، یا مال خرچ کرنے سے بخل کرے یا دشمن سے جہاد کرنے سے بزدلی کرے تو اسے چاہیے کہ خوب اللہ کا ذکر کرے۔ (صحیح الترغیب والترھیب: 1496)

نبی ﷺ کی گھبراہٹ کے وقت کی دعائیں

زینب بنت جحش رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ ایک دن رسول اللہ ﷺ ان کے پاس گھبرائے ہوئے داخل ہوئے، آپ ﷺ فرما رہے تھے:

5. لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ.

عرب میں اس برائی کی وجہ سے بربادی آ جائے گی جس کے دن قریب آنے کو ہیں۔

(صحیح البخاری: 7135)

6. اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّیْ لَا شَرِیْکَ لَهُ.

اللہ ہی اللہ ہی میرا رب ہے، اس کا کوئی شریک نہیں۔ (صحیح الجامع الصغیر: 8859)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ڈر یا گھبراہٹ کے موقع پر انہیں یہ کلمات سکھایا کرتے تھے:

7. أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ غَضَبِهِ وَشَرِّ عِبَادِهِ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَأَنْ يَحْضُرُوْنِ.

میں اللہ کے کامل کلمات کی پناہ میں آتا ہوں، اس کی ناراضگی سے، اس کے بندوں کے شر سے، شیطانوں کے وسوسوں سے اور اس بات سے کہ وہ میرے پاس آئیں۔ (سنن ابی داؤد:3893)

بدر کی رات نبی ﷺ کی دعا

نبی ﷺ قبلہ رخ ہوئے پھر (دعا کے لیے) اپنے ہاتھوں کو اٹھایا اور اپنے رب سے گڑگڑا کر دعا مانگنا شروع کی:

8. اَللّٰهُمَّ أَنْجِزْ لِيْ مَا وَعَدْتَنِيْ اَللّٰهُمَّ آتِ مَا وَعَدْتَنِيْ.

اے اللہ! میرے لئے اپنے کئے ہوئے وعدے کو پورا فرما، اے اللہ! اپنے وعدہ کے مطابق عطا فرما، اے اللہ! اگر اہل اسلام کی یہ جماعت ہلاک ہوگئی تو زمین پر تیری عبادت نہ کی جائے گی۔

آپ ﷺ برابر اپنے رب سے ہاتھ دراز کئے قبلہ کی طرف منہ کر کے دعا مانگتے رہے یہاں تک کہ آپ کی چادر آپ کے شانہ سے گر پڑی۔ پس ابوبکر رضی اللہ عنہ آئے، آپ کی چادر کو اٹھایا اور اسے آپ کے کندھے پر ڈالا پھر آپ کے پیچھے سے آپ ﷺ سے لپٹ گئے اور عرض کی: اے اللہ کے نبی! آپ کی اپنے رب سے دعا کافی ہو چکی۔ عنقریب وہ آپ سے اپنے کئے ہوئے وعدے کو پورا کرے گا، تو اللہ عزوجل نے یہ آیت نازل فرمائی: جب تم اپنے رب سے فریاد کر رہے تھے تو اس نے تمہاری دعا قبول کی کہ میں تمہاری مدد ایک ہزار لگاتار فرشتوں سے کروں گا۔ پس اللہ نے آپ ﷺ کی فرشتوں کے ذریعہ مدد فرمائی۔ (صحیح مسلم:4588)

نہایت گھبراہٹ کے وقت کی دعا

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ ہم نے غزوہ خندق کے دن عرض کیا: اے اللہ کے رسول! ہمارے دل تو (اچھل کر) حلق میں آ گئے ہیں، کیا کوئی (دعا) ہے جس کو ہم پڑھ لیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: ہاں! (یہ دعا پڑھو)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

9. اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِنَا وَ آمِنْ رَوْعَاتِنَا.

اے اللہ! ہمارے عیوب پر پردہ ڈال اور ہمارے خوف کو امن سے تبدیل فرما۔(السلسلة الصحيحة:2018)

رات کے وقت گھبراہٹ کی دعا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو رات سے خوف کھائے کہ وہ پریشان کرے گی، یا مال خرچ کرنے سے بخل کرے یا دشمن سے مقابلہ کرنے سے ڈرے تو چاہیے کہ وہ اس قول کی کثرت کردے۔

10. سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ.

پاک ہے اللہ اپنی تعریف کے ساتھ

کیونکہ یہ اللہ کے نزدیک سونے کا پہاڑ اللہ عزوجل کے راستے میں خرچ کرنے سے زیادہ محبوب ہے۔

(صحيح الترغيب والترهيب:1541)

دشمن سے ڈر کے وقت کی دعا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو اپنے مال کو خرچ کرنے سے بچائے اور دشمن سے جہاد کرنے سے ڈرے اور رات سے خوف کھائے کہ وہ اس کو پریشان کرے گی تو اسے چاہیے کہ وہ اس قول کی کثرت کردے۔

11. لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَسُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَاللّٰهُ أَكْبَرُ.

اللہ کے سوا کوئی الٰہ نہیں، اللہ پاک ہے، سب تعریفیں اللہ ہی کے لیے ہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے۔(صحيح الادب المفرد:209)

رات کو نیند میں گھبراہٹ کی دعا

خالد بن ولید رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ میں رات کو گھبرا جایا کرتا تھا، پھر میں نبی ﷺ کے پاس حاضر ہوا تو میں نے

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عرض کیا: میں رات کو ڈر جاتا ہوں تو میں اپنی تلوار اٹھا لیتا ہوں اور جو چیز سامنے آتی ہے میں اسے تلوار سے مار ڈالتا ہوں۔

تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں وہ کلمات نہ سکھاؤں جو مجھے روح الامین نے سکھائے ہیں؟ کہو:

12. أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ الَّتِي لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَلَا فَاجِرٌ مِنْ شَرِّ مَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَمَا يَعْرُجُ فِيهَا وَمِنْ شَرِّ فِتَنِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمِنْ كُلِّ طَارِقٍ إِلَّا طَارِقًا يَطْرُقُ بِخَيْرٍ يَا رَحْمٰنُ.

میں اللہ کے تمام کلمات کے ذریعے پناہ مانگتا ہوں جن سے آگے نہ کوئی نیک اور نہ کوئی فاجر بڑھ سکتا ہے۔ ان تمام چیزوں کے شر سے جو آسمان سے اترتی ہیں اور جو آسمان کی طرف چڑھتی ہیں اور رات ودن کے فتنوں کے شر سے اور رات کو ہر آنے والے کے شر سے سوائے اس کے جو خیر کے ساتھ آئے، اے نہایت رحم کرنے والے! (السلسلة الصحيحة:2738)

برے خواب کے شر سے بچنے کی دعا

13. أَعُوذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّهَا وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ.

میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کی اس (خواب) کے شر سے اور شیطان کے شر سے۔

ابوسلمہؓ سے مروی ہے، انہوں نے کہا کہ میں (برے) خواب دیکھتا تھا اور اس کی وجہ سے بیمار پڑ جاتا تھا۔ آخر میں نے ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے سنا کہ میں بھی خواب دیکھتا تھا اور میں بھی بیمار پڑ جاتا تھا۔ آخر میں نے نبی ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا کہ اچھے خواب اللہ کی طرف سے ہوتے ہیں پس جب کوئی اچھے خواب دیکھے تو اس کا ذکر صرف اسی سے کرے جس سے وہ محبت کرتا ہو اور جب برا خواب دیکھے تو اس (خواب) کے شر سے اور شیطان کے شر سے اللہ کی پناہ مانگے اور تین مرتبہ تھتکارے اور اس کا کسی سے ذکر نہ کرے پس وہ اسے ہرگز کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔

(صحيح البخاري:7044)

ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اچھا خواب اللہ کی طرف سے ہے، اور پریشان کن

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

خواب شیطان کی طرف سے ہے۔اس لیے جب تم میں سے کوئی شخص کوئی ایسا خواب دیکھے جو اس اسے ناگوار ہو تو بیدار ہوتے ہی تین مرتبہ تھوکے اور اس خواب کی برائی سے اللہ کی پناہ مانگے۔پس وہ (خواب) اس کو کوئی نقصان نہیں دے سکے گا۔اور ابوسلمہ (راوی) کہتے ہیں کہ پہلے میں ایسے خواب دیکھتا تھا جو مجھ پر پہاڑ سے بھی زیادہ گراں ہوتے تھے جب سے میں نے یہ حدیث سنی ہے، میں ان کی کوئی پرواہ نہیں کرتا۔ (صحیح البخاری:5747)

گھبراہٹ والا خواب دیکھنے کے بعد کی دعا

محمد بن منکدر کہتے ہیں کہ ایک آدمی نبی ﷺ کے پاس آیا اور ان ہولناکیوں کا شکوہ کیا، جو وہ خواب میں دیکھتا تھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: جب تم اپنے بستر پر آؤ تو یہ کہا کرو:

14. أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ غَضَبِهٖ وَعِقَابِهٖ وَمِنْ شَرِّ عِبَادِهٖ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَأَنْ يَحْضُرُوْنِ.

میں اللہ کے کامل کلمات کی پناہ میں آتا ہوں، اس کے غضب سے، اس کی سزا سے، اس کے بندوں کے شر سے، شیطانوں کے وسوسوں سے اور اس بات سے کہ وہ میرے پاس آئیں۔(السلسلة الصحيحة:264)

صبح وشام گھبراہٹوں سے امن پانے کی دعا

15. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَسْأَلُكَ الْعَافِيَةَ فِی الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَسْأَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِیْ دِيْنِیْ وَدُنْيَایَ وَأَهْلِیْ وَمَالِیْ اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِیْ وَآمِنْ رَوْعَاتِیْ اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِیْ مِنْ بَيْنِ يَدَیَّ وَمِنْ خَلْفِیْ وَعَنْ يَمِيْنِیْ وَعَنْ شِمَالِیْ وَمِنْ فَوْقِیْ وَأَعُوْذُ بِعَظَمَتِكَ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أَنْ أُغْتَالَ مِنْ تَحْتِيْ .

اے اللہ! میں تجھ سے دنیا وآخرت میں عافیت کا سوال کرتا ہوں، اے اللہ! میں تجھ سے اپنی دنیا اور اپنے دین، اپنے اہل خانہ اور اپنے مال کے متعلق درگزر اور عافیت کا سوال کرتا ہوں، اے اللہ! میرے عیوب پر پردہ ڈال اور مجھے خوف سے امن عطا کر، اے اللہ! میرے آگے، میرے پیچھے، میرے دائیں، میرے بائیں اور میرے اوپر سے میری حفاظت فرما۔ اور میں تیری عظمت کے ذریعے سے اس بات سے پناہ چاہتا ہوں کہ میں اپنے نیچے کی طرف سے ہلاک کر دیا جاؤں۔ (مسند احمد :4785)

گھبراہٹ میں اجر اور بہترین بدلہ پانے کی دعا

ام سلمہ سے مروی ہے کہ بے شک ابوسلمہ نے انہیں بتایا کہ انہوں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے سنا: جس مسلمان پر بھی مصیبت آئے پھر وہ گھبرا کر اللہ کے اس قول میں پناہ لے یعنی یہ کہے:

16. اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ اَللّٰهُمَّ عِنْدَكَ احْتَسَبْتُ مُصِيْبَتِيْ فَاْجُرْنِيْ فِيْهَا وَعَوِّضْنِيْ مِنْهَا.

بے شک ہم اللہ ہی کے لیے ہیں اور بے شک ہمیں اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ اے اللہ! میں اپنی مصیبت میں تجھ ہی سے اجر کی امید رکھتا ہوں پس مجھے اس پر اجر دے اور مجھے اس کا بدلہ دے۔

تو اللہ تعالیٰ اس کو اس (مصیبت) پر اجر بھی دیتے ہیں اور اس سے بہتر بدلہ بھی عطا فرماتے ہیں۔

(سنن ابن ماجہ:1598)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رنج وغم سے بچنے کی دعائیں

اپنے غم کی فریاد اللہ سے کرنا

1. اِنَّمَآ أَشْكُوْا بَثِّيْ وَحُزْنِيْٓ اِلَى اللّٰهِ...o

میں اپنی پریشانی اور غم کی فریاد اللہ ہی سے کرتا ہوں۔ (یوسف:86)

اللہ کو کافی سمجھنا

2. وَمَنْ يَّتَوَكَّلْ عَلَى اللّٰهِ فَهُوَ حَسْبُهٗ...o

اور جو کوئی اللہ پر بھروسا کرے تو وہ اسے کافی ہے۔ (الطلاق: 3)

ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ جب ابراہیم علیہ السلام کو آگ میں ڈالا گیا تو ان کا آخری قول یہ تھا:

3. حَسْبِيَ اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ.

مجھے اللہ کافی ہے اور وہ بہترین کارساز ہے۔ (صحیح البخاری:4564)

استغفار کرنا

4. لَوْ لَا تَسْتَغْفِرُوْنَ اللّٰهَ لَعَلَّكُمْ تُرْحَمُوْنَo

تم اللہ سے بخشش کیوں نہیں طلب کرتے تاکہ تم پر رحم کیا جائے۔ (النمل: 46)

نبی ﷺ نے فرمایا: بندہ جب تک اللہ عزوجل سے استغفار کرتا ہے اس وقت تک اللہ عزوجل کے عذاب سے محفوظ رہتا ہے۔ (مسند أحمد:23999)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

5. رَبِّ اِنِّيْ ظَلَمْتُ نَفْسِيْ فَاغْفِرْ لِيْ...o

اے میرے رب! بلاشبہ میں نے اپنے آپ پر ظلم کیا ہے۔ پس مجھے معاف فرما دے۔ (القصص:16)

6. رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَأَنْتَ خَيْرُ الرّٰحِمِيْنَo

اے میرے رب! بخش دے اور رحم کر اور تو رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ رحم والا ہے۔

(المؤمنون: 118)

7. أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَأَتُوْبُ اِلَيْهِ.

میں اللہ سے استغفار کرتا ہوں اور اس سے توبہ کرتا ہوں۔ (صحیح البخاری:6307)

رنج وغم میں کثرت سے تسبیحات کرنا

8. سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ.

پاک ہے اللہ اپنی تعریف کے ساتھ۔ (صحیح مسلم: 6843)

9. وَلَقَدْ نَعْلَمُ أَنَّكَ يَضِيْقُ صَدْرُكَ بِمَا يَقُوْلُوْنَo فَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ وَكُنْ مِّنَ السّٰجِدِيْنَo وَاعْبُدْ رَبَّكَ حَتّٰى يَأْتِيَكَ الْيَقِيْنُo

اور بلاشبہ یقیناً ہم جانتے ہیں کہ آپ کا سینہ اس سے تنگ ہوتا ہے جو وہ کہتے ہیں۔ پس اپنے رب کی حمد کے ساتھ تسبیح کریں اور سجدہ کرنے والوں میں سے ہو جائیں۔ اور اپنے رب کی عبادت کریں، یہاں تک کہ آپ کے پاس یقین آ جائے۔ (الحجر:99-97)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رنج وغم میں اللہ کی تعریف اور اس کا شکر وصبر کرنا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: مومن کے متعلق اللہ عزوجل کی تقدیر اور فیصلے پر مجھے تعجب ہوتا ہے کہ اگر اسے کوئی بھلائی حاصل ہوتی ہے تو وہ اپنے رب کی تعریف کرتا ہے اور اس کا شکر ادا کرتا ہے اور اگر کوئی مصیبت پہنچتی ہے تو وہ اس پر بھی اپنے رب کی تعریف کرتا ہے اور صبر کرتا ہے۔ (مسند احمد :1487)

عائشہ رضی اللہ عنہا بیان کرتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ جب کوئی پسندیدہ چیز دیکھتے تو کہتے سب تعریفیں اس اللہ کے لیے جس کے فضل وانعام سے نیک کام انجام پاتے ہیں۔ اور جب ناپسندیدہ چیز دیکھتے تو فرماتے:

10. اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ .

ہر حال میں اللہ ہی کی تعریف ہے۔ (سنن ابن ماجہ :3803)

نبی ﷺ پر کثرت سے درود پڑھنا

ابی بن کعب ؓ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میں آپ پر بکثرت درود بھیجتا ہوں، میں اپنی دعا میں آپ پر کس قدر درود بھیجوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جتنا تم چاہو۔ میں نے عرض کیا چوتھائی حصہ؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جتنا چاہو، اگر اس سے بھی زیادہ کرو تو تمہارے لیے بہتر ہے۔ میں نے عرض کیا آدھا حصہ؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جتنا چاہو، اگر اس سے بھی زیادہ کرو تو تمہارے لیے بہتر ہے۔ میں نے عرض کیا: اگر میری ساری دعا آپ پر درود ہی ہو؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: پھر تو تمہاری فکریں دور ہو جائیں گی اور تمہارے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے۔

(سنن الترمذی :2457)

درود ابراہیمی

11. اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مَجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِكْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَكْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّكَ حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ.

اے اللہ! اپنی رحمت نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جیسا کہ تو نے اپنی رحمت نازل فرمائی ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر۔ بیشک تو تعریف والا اور بزرگی والا ہے۔ اے اللہ! برکت نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جیسا کہ تو نے برکت نازل فرمائی ابراہیم پر اور آل ابراہیم پر۔ بیشک تو تعریف والا اور بزرگی والا ہے۔ (صحیح البخاری: 3370)

مصائب سے نجات دلانے والا کلمہ

نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے

12. لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ.

کہا تو ایک دن یہ کلمہ اسے اس کے مصائب سے نجات دلائے گا، اس سے پہلے جو ہو چکا وہ ہو چکا۔

(السلسلة الصحيحة: 1932)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص اخلاص کے ساتھ

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ.

کہتا ہے اس کے لئے آسمان کے دروازے کھول دیئے جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ وہ (کلمہ) عرش تک پہنچ جاتا ہے۔ (یہ اسی صورت میں ہوتا ہے) جب کبیرہ گناہوں سے بچا جائے۔ (سنن الترمذی: 3590)

غم سے لازمی نجات دینے والی دعا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کیا میں تمہیں ایسی دعا نہ بتادوں کہ جب کسی رنج والم یا دنیا کی آزمائشوں میں سے کسی آزمائش

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں مبتلا آدمی اسے پڑھے تو اس کی تکلیف دور ہو جائے؟ آپ ﷺ سے کہا گیا: کیوں نہیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

ذوالنون (یونس علیہ السلام) کی دعا:

13. لَا اِلٰهَ اِلَّا أَنْتَ سُبْحَانَكَ اِنِّي كُنْتُ مِنَ الظَّالِمِيْنَ .

تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو پاک ہے، بے شک میں ہی ظالموں میں سے ہوں۔

(السلسلة الصحيحة:1744)

نبی ﷺ کی رنج وغم کے وقت کی دعائیں

14. يَا حَيُّ يَا قَيُّوْمُ بِرَحْمَتِكَ أَسْتَغِيْثُ.

اے زندہ اور اے قائم رہنے والے! میں تیری رحمت کے وسیلے سے فریاد کرتا ہوں۔

(صحيح الجامع الصغير:4791)

15. اَللّٰهُ اَللّٰهُ رَبِّي لَا أُشْرِكُ بِهِ شَيْئًا .

اللہ ہی، اللہ ہی، میرا رب ہے، میں اس کے ساتھ کسی کو شریک نہیں کرتا۔ (صحيح الجامع الصغير:348)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس کو کوئی پریشانی یا غم یا بیماری یا سختی لاحق ہو تو وہ کہے:

16. اَللّٰهُ رَبِّي لَا شَرِيْكَ لَهُ.

اللہ میرا رب ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔

تو اس سے وہ چیز دور کر دی جاتی ہے۔ (صحيح الجامع الصغير:6040)

17. اَللّٰهُمَّ اِنِّي أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحَزَنِ وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْبُخْلِ وَالْجُبْنِ وَضَلَعِ الدَّيْنِ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں دکھ اور غم اور عاجزی اور سستی اور بخل اور بزدلی اور قرض کے بوجھ اور لوگوں کے دباؤ سے۔ (صحیح البخاری:2893)

ابن عباس رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ اللہ کے نبی ﷺ پریشانی آنے پر یہ فرماتے تھے:

17. لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْعَظِيْمُ الْحَلِيْمُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ رَبُّ السَّمٰوَاتِ وَرَبُّ الْأَرْضِ وَرَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيْمِ.

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے جو نہایت عظمت والا اور بردبار ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہے جو عرش عظیم کا رب ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو آسمانوں کا رب، زمین کا رب اور عرش کریم کا رب ہے۔ (صحیح مسلم:6921)

علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ کسی تکلیف یا مصیبت آنے پر رسول اللہ ﷺ نے مجھے یہ دعا سکھائی ہے کہ میں کہوں:

18. لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ الْحَلِيْمُ الْكَرِيْمُ سُبْحَانَ اللّٰهِ وَتَبَارَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعَالَمِيْنَ.

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ نہایت بردبار اور سخی ہے، اللہ پاک ہے، اللہ کی ذات بڑی بابرکت ہے، وہ عرش عظیم کا رب ہے اور تمام تعریفیں اللہ کے لئے ہیں جو تمام جہانوں کا رب ہے۔ (مسند احمد:701)

پریشان حال کی دعا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: پریشان حال کے لیے یہ دعا ہے:

19. اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ أَرْجُوْ فَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَيْنٍ وَأَصْلِحْ لِيْ شَأْنِيْ كُلَّهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا أَنْتَ.

اے اللہ! میں تیری رحمت کا امیدوار ہوں، تو مجھے آنکھ جھپکنے تک کے لیے بھی میرے نفس کے حوالے نہ کرنا اور میرے سارے معاملات درست فرما دے تیرے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں۔

(سنن أبی داؤد:5092)

دنیا کے غم کی آسانی کی دعا

20. اَللّٰهُمَّ لَاسَهْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَهُ سَهْلًا، وَأَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزْنَ اِذَا شِئْتَ سَهْلًا.

اے اللہ! نہیں کوئی کام آسان مگر وہی جسے تو آسان کر دے اور تو جب چاہتا ہے مشکل کام کو آسان کر دیتا ہے۔ (السلسلة الصحيحة:2886)

21. اَللّٰهُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا يَحُوْلُ بَيْنَنَا وَبَيْنَ مَعَاصِيْكَ وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهِ جَنَّتَكَ وَمِنَ الْيَقِيْنِ مَا تُهَوِّنُ بِهِ عَلَيْنَا مُصِيْبَاتِ الدُّنْيَا وَمَتِّعْنَا بِأَسْمَاعِنَا وَأَبْصَارِنَا وَقُوَّتِنَا مَا أَحْيَيْتَنَا وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنَّا وَاجْعَلْ ثَأْرَنَا عَلٰى مَنْ ظَلَمَنَا وَانْصُرْنَا عَلٰى مَنْ عَادَانَا، وَلَا تَجْعَلْ مُصِيْبَتَنَا فِيْ دِيْنِنَا، وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا أَكْبَرَ هَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا، وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مَنْ لَا يَرْحَمُنَا .

اے اللہ! ہم میں اپنے خوف کو اتنا تقسیم کر دے کہ وہ ہمارے اور تیری نافرمانی کے درمیان حائل ہو جائے اور اپنی فرمانبرداری (ہم میں اتنی تقسیم کر دے کہ) وہ ہمیں تیری جنت تک پہنچا دے اور اتنا یقین دے کہ ہم پر دنیا کی مصیبتیں آسان ہو جائیں اور جب تک تو ہمیں زندہ رکھے ہمیں ہماری سماعت، بصارت اور قوت سے مستفید کر اور اسے ہمارا وارث بنا دے۔ اور ہمارا انتقام اسی تک محدود کر دے جو ہم پر ظلم کرے۔ جو ہم سے دشمنی کرے اس کے مقابلے میں ہماری مدد فرما اور ہمارے دین میں مصیبت نازل نہ فرما، دنیا ہی کو ہمارا سب سے بڑا غم نہ بنا اور نہ (دنیا کو) ہمارے علم کی انتہا بنا اور ہم پر ایسے (شخص) کو مسلط نہ کر جو ہم پر رحم نہ کرے۔ (سنن الترمذی: 3502)

غم اور دکھ میں کہے جانے والے کلمات

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کسی شخص کو جب کبھی کوئی غم اور دکھ لاحق ہو اور وہ یہ (کلمات) کہہ لے:

22. اَللّٰهُمَّ اِنِّي عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ أَمَتِكَ نَاصِيَتِي بِيَدِكَ مَاضٍ فِيَّ حُكْمُكَ عَدْلٌ فِيَّ قَضَاؤُكَ أَسْأَلُكَ بِكُلِّ اسْمٍ هُوَ لَكَ سَمَّيْتَ بِهِ نَفْسَكَ أَوْ عَلَّمْتَهُ أَحَدًا مِنْ خَلْقِكَ أَوْ أَنْزَلْتَهُ فِي كِتَابِكَ أَوِ اسْتَأْثَرْتَ بِهِ فِي عِلْمِ الْغَيْبِ عِنْدَكَ أَنْ تَجْعَلَ الْقُرْآنَ رَبِيعَ قَلْبِي وَنُورَ صَدْرِي وَجِلَاءَ حُزْنِي وَذَهَابَ هَمِّي.

اے اللہ! میں تیرا بندہ ہوں تیرے بندے کا بیٹا اور تیری باندی کا بیٹا، میری پیشانی تیرے ہاتھ میں ہے،

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میری ذات پر تیرا حکم ہی چلتا ہے، میری ذات کے متعلق تیرا فیصلہ عدل وانصاف والا ہے، میں تجھ سے تیرے ہر اس نام کا واسطہ دے کر سوال کرتا ہوں، جو تو نے اپنے لیے خود تجویز کیا، یا اپنی مخلوق میں سے کسی کو وہ نام سکھایا، یا اسے اپنی کتاب میں نازل فرمایا، یا اپنے پاس علم غیب میں ہی اسے محفوظ رکھا کہ تو قرآن کو میرے دل کی بہار، میرے سینے کا نور، میرے غم میں روشنی اور میری پریشانی کی دوری کا ذریعہ بنا دے۔

تو اللہ تعالیٰ اس کا غم اور دکھ دور کر دیں گے اور اس کی جگہ کشادگی پیدا کر دیں گے۔ کسی نے پوچھا:

اے اللہ کے رسول! کیا ہم اس دعا کو سیکھ نہ لیں، فرمایا کیوں نہیں، جو بھی اس دعا کو سنے اس کے لئے مناسب ہے کہ اسے سیکھ لے۔ (السلسلة الصحيحة:199)

کرب کے وقت کا دم

23. اِمْسَحِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ بِيَدِكَ الشِّفَاءُ لَا يَكْشِفُ الْكَرْبَ اِلَّا أَنْتَ.

تکلیف کو دور فرما اے لوگوں کے رب! شفا تیرے ہی ہاتھ میں ہے، اس تکلیف کو تیرے سوا کوئی دور نہیں کر سکتا۔ (مسند أحمد:24234)

غم و پریشانی کے وقت اپنا کوئی نیک عمل بتا کر اللہ کو پکارنا

24. اَللّٰهُمَّ فَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنِّي قَدْ فَعَلْتُ ذٰلِكَ ابْتِغَاءَ وَجْهِكَ فَافْرُجْ لَنَا مِنْهَا.

اے اللہ! اگر تیرے علم کے مطابق میں نے یہ کام تیری رضا حاصل کرنے کے لیے کیا تھا تو ہمارے لیے اس میں کشادگی پیدا کر دے۔ (صحيح البخاري:5974)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مصیبت اور غم کی خبر سننے پر

ام سلمہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ اگر کسی مسلمان پر کوئی مصیبت آئے اور وہ کہے جس کا اللہ نے اس کو حکم دیا ہے یعنی:

اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ اَللّٰهُمَّ أْجُرْنِيْ فِيْ مُصِيْبَتِيْ وَأَخْلِفْ لِيْ خَيْرًا مِنْهَا.

بے شک ہم اللہ کے لیے ہیں اور ہم اسی کی طرف لوٹائے جائیں گے۔ اے اللہ! مجھے میری مصیبت میں اجر دے اور مجھے اس کا نعم البدل عطا فرما۔

تو اللہ اس کو اس سے بہتر عطا فرماتے ہیں، کہتی ہیں کہ جب ابوسلمہ فوت ہوئے تو میں نے کہا ابوسلمہ سے افضل کون سے مسلمان ہوں گے؟ پہلا گھرانہ تھا جس نے رسول اللہ ﷺ کی طرف ہجرت فرمائی پھر میں نے یہ قول کہا تو اللہ نے مجھے (ابوسلمہ کے بدلے) رسول اللہ ﷺ عطا فرمائے۔ (صحیح مسلم:2126)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اخلاقی بیماریوں سے بچنے کی دعائیں

کینے سے بچنے کی دعا

1. رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِاِخْوَانِنَا الَّذِيْنَ سَبَقُوْنَا بِالْاِيْمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِيْ قُلُوْبِنَا غِلًّا لِّلَّذِيْنَ آمَنُوْا رَبَّنَا اِنَّكَ رَءُوْفٌ رَّحِيْمٌ ○

اے ہمارے رب! ہمیں بھی بخش دے اور ہمارے ان بھائیوں کو بھی جو ہم سے پہلے ایمان لائے تھے اور جو لوگ ایمان لائے ہیں، ان کے لیے ہمارے دلوں میں کدورت نہ رہنے دے۔ اے ہمارے رب! تو بڑا شفقت کرنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔ (الحشر:10)

اچھی سیرت کی دعا

2. اَللّٰهُمَّ أَحْسَنْتَ خَلْقِيْ فَأَحْسِنْ خُلُقِيْ.

اے اللہ! تو نے میری صورت بہت اچھی بنائی ہے، پس میری سیرت بھی بہت اچھی کر دے۔

(مسند احمد:24392)

اچھے اخلاق کی دعا مانگنا

3. اَللّٰهُمَّ اهْدِنِيْ لِأَحْسَنِ الْأَخْلَاقِ لَا يَهْدِيْ لِأَحْسَنِهَا اِلَّا أَنْتَ وَاصْرِفْ عَنِّيْ سَيِّئَهَا لَايَصْرِفُ عَنِّيْ سَيِّئَهَا اِلَّا أَنْتَ.

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے اللہ! مجھے اچھے اخلاق کی ہدایت عطا فرما تیرے سوا کوئی اچھے اخلاق کی ہدایت نہیں دے سکتا اور برے اخلاق مجھ سے دور فرما تیرے سوا کوئی مجھ سے برے اخلاق دور کرنے والا نہیں ہے۔

(صحیح مسلم: 1812)

ابوامامہ کہتے ہیں کہ میں تمہارے نبی ﷺ کی جس فرض یا نفل نماز کے بھی قریب ہوا، میں نے انہیں ان کلمات سے دعا کرتے ہوئے سنا، نہ وہ ان میں اضافہ کرتے نہ کمی۔

4. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذُنُوْبِيْ وَخَطَايَايَ، اَللّٰهُمَّ أَنْعِشْنِيْ، وَاجْبُرْنِيْ، وَاهْدِنِيْ لِصَالِحِ الْأَعْمَالِ وَالْأَخْلَاقِ، فَإِنَّهُ لَا يَهْدِيْ لِصَالِحِهَا، وَلَا يَصْرِفُ سَيِّئَهَا إِلَّا أَنْتَ.

اے اللہ! میرے گناہوں اور میری خطاؤں کو معاف فرما۔ اے اللہ مجھے تندرست کر دے۔ میری کمیاں پوری کر دے، اور نیک اعمال اور اخلاق کی طرف میری رہنمائی فرما، کیونکہ ان کی نیکی کی طرف رہنمائی کرنے والا اور ان کی برائی کو دور کرنے والا تیرے سوا کوئی نہیں۔

(معجم الکبیر للطبرانی: 7811، صحیح الجامع الصغیر: 2146)

بری اخلاقی صفات سے اللہ کی پناہ مانگنا

5. اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ مُنْكَرَاتِ الْأَخْلَاقِ وَالْأَعْمَالِ وَالْأَهْوَاءِ.

اے اللہ! بے شک میں برے اخلاق، برے اعمال اور بری خواہشات سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

(سنن الترمذی: 3591)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دل کی سختی، غفلت اور نفاق سے اللہ کی پناہ مانگنا

6. اَللّٰهُمَّ اِنِّی أَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْعَجْزِ وَالْکَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَالْهَرَمِ وَالْقَسْوَةِ وَالْغَفْلَةِ وَالْعَيْلَةِ وَالذِّلَّةِ وَالْمَسْكَنَةِ وَاَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْفَقْرِ وَالْكُفْرِ وَالْفُسُوْقِ وَالشِّقَاقِ وَالنِّفَاقِ وَالسُّمْعَةِ وَالرِّيَاءِ.

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں عاجزی اور سستی سے، بزدلی اور بخل سے، انتہائی بڑھاپے، دل کی سختی اور غفلت سے، مفلسی، ذلت اور ناداری سے اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں محتاجی اور کفر سے، نافرمانی، مخالفت اور نفاق سے، شہرت اور دکھاوے سے۔ (صحیح الجامع الصغیر: 1285)

بخل سے پناہ مانگنا

7. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْبُخْلِ وَالْهَرَمِ.

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں بخل اور انتہائی بڑھاپے سے۔ (سنن أبي داؤد: 3974)

سستی، بزدلی اور کنجوسی سے اللہ کی پناہ مانگنا

8. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْکَسَلِ وَ أَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْجُبْنِ وَأَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْهَرَمِ وَأَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْبُخْلِ.

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں سستی سے اور تیری پناہ مانگتا ہوں بزدلی سے اور تیری پناہ مانگتا ہوں ناکارہ بڑھاپے سے اور تیری پناہ مانگتا ہوں بخل سے۔ (صحیح البخاری: 6371)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بچوں کو بزدلی سے پناہ مانگنا سکھانا

سعد رضی اللہ عنہ اپنے بچوں کو یہ کلمات اس طرح سکھاتے تھے جیسے معلم بچوں کو لکھنا سکھاتا ہے اور فرماتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ نماز کے بعد ان کے ذریعے پناہ مانگتے:

9. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْجُبْنِ وَأَعُوْذُ بِکَ أَنْ أُرَدَّ اِلٰی أَرْذَلِ الْعُمُرِ وَأَعُوْذُ بِکَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْیَا وَأَعُوْذُ بِکَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ.

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں بزدلی سے، اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں کہ عمر کے سب سے رذیل حصے میں پہنچا دیا جاؤں اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں دنیا کے فتنوں سے اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں قبر کے عذاب سے۔ (صحیح البخاری:2822)

غصے کے وقت اللہ کی پناہ مانگنا

سلیمان بن صرد کہتے ہیں کہ دو آدمیوں نے نبی ﷺ کے پاس گالی گلوچ کی، اس وقت ہم بھی آپ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، ان میں سے ایک دوسرے کو غصے کی حالت میں گالیاں دے رہا تھا اور اس کا چہرہ سرخ ہو گیا تھا۔ تو نبی ﷺ نے فرمایا: میں ایسا کلمہ جانتا ہوں کہ اگر یہ کہہ دے تو اس کی یہ غصہ کی حالت چلی جائے گی کاش یہ کہہ دے:

10. أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّیْطَانِ الرَّجِیْمِ.

میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کی شیطان مردود سے۔

لوگوں نے اس آدمی سے کہا کہ تم سنتے نہیں نبی ﷺ کیا فرما رہے ہیں؟ اس نے کہا میں دیوانہ نہیں ہوں۔ (صحیح البخاری:6115)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اپنے اعضاء کے شر سے پناہ مانگنا

11. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ سَمْعِیْ وَمِنْ شَرِّ بَصَرِیْ وَمِنْ شَرِّ لِسَانِیْ وَمِنْ شَرِّ قَلْبِیْ وَمِنْ شَرِّ مَنِیِّیْ.

اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں اپنے کان کی برائی سے، اپنی آنکھ کی برائی سے، اپنی زبان کی برائی سے، اپنے دل کی برائی سے اور اپنے مادہ منویہ کی برائی سے۔ (سنن ابی داؤد:1553)

اپنے اعمال کے شر سے پناہ مانگنا

فروہ بن نوفل اشجعی کہتے ہیں کہ میں نے عائشہ رضی اللہ عنہا ام المؤمنین سے پوچھا کہ رسول اللہ ﷺ کیا دعا مانگا کرتے تھے؟ انہوں نے کہا: آپ ﷺ فرمایا کرتے تھے:

12. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّمَا عَمِلْتُ وَمِنْ شَرِّ مَا لَمْ أَعْمَلْ.

اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں ان اعمال کے شر سے جو میں نے کیے ہیں اور ان اعمال کے شر سے بھی جو میں نے نہیں کیے۔ (صحیح مسلم:6895)

13. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ مَا عَمِلَتْهُ نَفْسِیْ.

اے اللہ! میں ان اعمال کے شر سے تیری پناہ میں آتا ہوں جو میرے نفس نے کیے ہیں۔ (مسند احمد:24033)

ایسے نفس سے پناہ مانگنا جو سیر نہ ہو

14. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُبِکَ مِنْ عِلْمٍ لَا یَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لَا

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يَخْشَعُ وَمِنْ نَفْسٍ لَا تَشْبَعُ وَمِنْ دَعْوَةٍ لَا يُسْتَجَابُ لَهَا.

اے اللہ! میں ایسے علم سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو نفع دینے والا نہ ہو اور ایسے دل سے جو ڈرنے والا نہ ہو اور ایسے نفس سے جو سیر ہونے والا نہ ہو اور ایسی دعا سے جو قبول ہونے والی نہ ہو۔

(صحیح مسلم:6906)

دوسروں پر ظلم کرنے سے اللہ کی پناہ مانگنا

15. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْفَقْرِ وَالْقِلَّةِ وَالذِّلَّةِ وَأَعُوْذُ بِکَ مِنْ أَنْ أَظْلِمَ أَوْ أُظْلَمَ.

اے اللہ! میں فقر و فاقہ، قلت اور ذلت سے تیری پناہ میں آتا ہوں اور اس بات سے تیری پناہ میں آتا ہوں کہ میں کسی پر ظلم کروں یا کوئی مجھ پر ظلم کرے۔ (سنن أبی داؤد:146)

جس پر کوئی زیادتی کی ہو اس کے لیے دعا

16. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَتَّخِذُ عِنْدَکَ عَهْدًا لَنْ تُخْلِفَنِیْهِ فَاِنَّمَا أَنَا بَشَرٌ فَأَیُّ الْمُؤْمِنِیْنَ آذَیْتُهُ شَتَمْتُهُ لَعَنْتُهُ جَلَدْتُهُ فَاجْعَلْهَا لَهُ صَلَاةً وَزَکَاةً وَقُرْبَةً تُقَرِّبُهُ بِهَا اِلَیْکَ یَوْمَ الْقِیَامَةِ.

اے اللہ! میں تجھ سے عہد کرتا ہوں اور تو ہرگز وعدے کے خلاف نہیں کرتا، میں صرف ایک انسان ہوں، تو جس مومن کو میں تکلیف دوں، اس کو برا کہوں، اس پر لعنت کروں، اسے سزا دوں تو تو اسے اس کے لئے رحمت اور پاکیزگی اور ایسا قرب کا باعث بنا دے کہ وہ قیامت کے دن اس کے ذریعے تیرے قریب ہو۔ (صحیح مسلم:6619)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دل کی سلامتی کی دعائیں

دل کے ٹیڑھے پن سے بچنے کی دعا

1. رَبَّنَا لَا تُزِغْ قُلُوْبَنَا بَعْدَ اِذْ هَدَيْتَنَا وَهَبْ لَنَا مِنْ لَّدُنْكَ رَحْمَةً اِنَّكَ اَنْتَ الْوَهَّابُo

اے ہمارے رب! ہدایت دینے کے بعد ہمارے دلوں کو ٹیڑھا نہ کر اور اپنے پاس سے ہمیں رحمت عطا فرما۔ بلاشبہ تو ہی سب کچھ عطا کرنے والا ہے۔ (آل عمران:8)

دل میں نور پیدا کرنے کی دعا

2. اَللّٰهُمَّ اجْعَلْ فِيْ قَلْبِيْ نُوْرًا.

اے اللہ! میرے دل میں نور پیدا کر۔ (صحیح البخاری:6316)

دل کو صاف کرنے کی دعا

3. اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ قَلْبِيْ بِمَاءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّ قَلْبِيْ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ وَبَاعِدْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ.

اے اللہ! میرے دل کو برف اور اولے کے پانی سے دھو دے اور میرے دل کو خطاؤں سے ایسے صاف

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کردے جیسے تو سفید کپڑے کو میل سے صاف کرتا ہے اور میرے اور میری خطاؤں کے درمیان اتنی دوری کردے جتنی دوری تو نے مشرق و مغرب میں رکھی ہے۔ (صحیح البخاری: 6368)

دل کی ہدایت کی دعا

4. اَللّٰهُمَّ اهْدِ قَلْبِي وَسَدِّدْ لِسَانِي وَاسْلُلْ سَخِيمَةَ قَلْبِي.

اے اللہ! میرے دل کو رہنمائی عطا فرما، میری زبان کو درستگی عطا فرما اور میرے دل کے کینے کو دور فرما۔

(مسند احمد: 1997)

دین پر دل کی ثابت قدمی کی دعا

5. اَللّٰهُمَّ مُصَرِّفَ الْقُلُوبِ صَرِّفْ قُلُوبَنَا عَلٰى طَاعَتِكَ.

اے اللہ! اے دلوں کے پھیرنے والے! ہمارے دلوں کو اپنی اطاعت پر پھیر دے۔

(صحیح مسلم: 6750)

شہر بن حوشب کہتے ہیں کہ میں نے ام سلمہ سے کہا: اے ام المومنین! رسول اللہ ﷺ جب آپ کے پاس ہوتے تو اکثر کیا دعا کرتے؟ تو انہوں نے کہا نبی ﷺ کی اکثر دعا یہ ہوا کرتی تھی:

6. يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ ثَبِّتْ قَلْبِي عَلٰى دِينِكَ.

اے دلوں کو الٹ پلٹ کرنے والے! میرے دل کو اپنے دین پر جما دے۔

وہ کہتی ہیں کہ میں نے آپ ﷺ سے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! آپ کی اکثر دعا یہ کیوں ہوتی ہے۔

يَا مُقَلِّبَ الْقُلُوبِ ثَبِّتْ قَلْبِي عَلٰى دِينِكَ.

آپ ﷺ نے فرمایا اے ام سلمہ! ہر آدمی کا دل اللہ عزوجل کی انگلیوں میں سے دو انگلیوں کے درمیان ہوتا ہے جب

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چاہے اسے سیدھا رکھتا ہے اور جب چاہے اسے ٹیڑھا کر دیتا ہے۔ (مسند احمد:26679)

دل میں تقویٰ پیدا کرنے کی دعا

7. اَللّٰهُمَّ آتِ نَفْسِي تَقْوَاهَا وَزَكِّهَا أَنْتَ خَيْرُ مَنْ زَكَّاهَا أَنْتَ وَلِيُّهَا وَمَوْلَاهَا.

اے اللہ! میرے نفس کو تقویٰ عطا کر اور اسے پاکیزہ بنا، تو ہی پاکیزہ بنانے والوں میں سے بہتر ہے اور تو ہی اس کا مددگار اور مالک ہے۔ (صحیح مسلم:6906)

8. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَسْأَلُكَ الْهُدٰى وَالتُّقٰى وَالْعَفَافَ وَالْغِنٰى.

اے اللہ! میں تجھ سے ہدایت، تقویٰ، پاکدامنی اور غنا کا سوال کرتا ہوں۔ (صحیح مسلم:6904)

سلامت دل کی دعا کرنا

9. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَسْأَلُكَ الثَّبَاتَ فِي الْأَمْرِ وَالْعَزِيْمَةَ عَلَى الرُّشْدِ، وَأَسْأَلُكَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِكَ، وَعَزَائِمَ مَغْفِرَتِكَ وَأَسْأَلُكَ شُكْرَ نِعْمَتِكَ وَحُسْنَ عِبَادَتِكَ وَأَسْأَلُكَ قَلْبًا سَلِيْمًا وَلِسَانًا صَادِقًا وَأَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا تَعْلَمُ وَأَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ وَأَسْتَغْفِرُكَ لِمَا تَعْلَمُ اِنَّكَ أَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ.

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے اللہ میں تجھ سے دین میں ثابت قدمی اور ہدایت میں پختگی کا سوال کرتا ہوں اور میں تجھ سے تیری رحمت کو واجب کرنے والے اور تیری مغفرت کو لازم کرنے والے امور کا سوال کرتا ہوں، میں تجھ سے تیری نعمتوں کا شکر ادا کرنے اور اچھے انداز میں عبادت کرنے کا سوال کرتا ہوں، میں تجھ سے سلامت دل اور سچی زبان کا سوال کرتا ہوں، اور میں تجھ سے ہر اس بھلائی کا سوال کرتا ہوں جسے تو جانتا ہے اور ہر اس برائی سے تیری پناہ چاہتا ہوں جو تیرے علم میں ہے اور تجھ سے ان (تمام گناہوں) کی بخشش کا سوال کرتا ہوں جو تیرے علم میں ہیں، بے شک تو غیبوں کو خوب جاننے والا ہے۔

(السلسلة الصحيحة:3228)

ایسے دل سے پناہ مانگنا جو ڈرتا نہ ہو

10. اَللّٰهُمَّ اِنِّی أَعُوْذُبِکَ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لَا يَخْشَعُ وَمِنْ نَفْسٍ لَا تَشْبَعُ وَمِنْ دَعْوَةٍ لَا يُسْتَجَابُ لَهَا.

اے اللہ! میں ایسے علم سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو نفع دینے والا نہ ہو اور ایسے دل سے جو ڈرنے والا نہ ہو اور ایسے نفس سے جو سیر ہونے والا نہ ہو اور ایسی دعا سے جو قبول ہونے والی نہ ہو۔

(صحيح مسلم:6906)

اپنے دل کے شر سے پناہ مانگنا

11. اَللّٰهُمَّ اِنِّی أَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّ سَمْعِیْ وَمِنْ شَرِّ بَصَرِیْ وَمِنْ شَرِّ لِسَانِیْ وَمِنْ شَرِّ قَلْبِیْ وَمِنْ شَرِّ مَنِیِّیْ.

اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں اپنے کان کے شر سے اور اپنی آنکھ کے شر سے اور اپنی زبان کے شر سے اور اپنے دل کے شر سے اور اپنے مادہ منویہ کے شر سے۔ (سنن أبي داود:1553)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دوسروں کے دل کی ہدایت کی دعا

12. اَللّٰهُمَّ اهْدِ قَلْبَهُ وَثَبِّتْ لِسَانَهُ.

اے اللہ! اس کے دل کو ہدایت دے اور اس کی زبان کو مضبوط کر۔ (سنن ابن ماجہ:2310)

دوسروں کے دل کی طہارت کی دعا

13. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ ذَنْبَهُ وَطَهِّرْ قَلْبَهُ وَحَصِّنْ فَرْجَهُ.

اے اللہ! اس کے گناہ معاف فرما، اس کے دل کو پاک فرما اور اس کی شرمگاہ کی حفاظت فرما۔

(مسند احمد:22211)

دوسروں کے دل کی شفا کی دعا

14. اَللّٰهُمَّ اشْفِ قَلْبَهُ، وَاشْفِ سَقَمَهُ.

اے اللہ! اس کے دل کو شفا دے اور اس کی بیماری کو دور کر دے۔ (صحیح الأدب المفرد:417)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جان و مال کی حفاظت کی دعائیں

آیت الکرسی مال کے تحفظ میں کفایت کرنے والی دعا

محمد بن ابی بن کعب اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ان کے کھجوروں کے کھلیان تھے، وہ اس میں کمی دیکھتے۔ تو ایک رات انہوں نے چور کو پکڑ لیا وہ جانور سے مشابہ ایک نوعمر لڑکا تھا۔ انہوں نے اس کو سلام کیا تو اس نے جواب دیا۔ انہوں نے کہا تم کون ہو؟ جن یا انسان؟ اس نے کہا میں جن ہوں۔ انہوں نے کہا اپنا ہاتھ میری طرف بڑھاؤ۔ تو اس نے اپنا ہاتھ بڑھایا۔ اس کا ہاتھ کتے کے ہاتھ کی طرح تھا اور اس کے بال کتے کے بال کی طرح تھے۔ انہوں نے پوچھا کیا اس طرح جنوں کی تخلیق ہوتی ہے؟ اس نے کہا جن یہ جانتے ہیں کہ جنوں میں مجھ سے زیادہ شدید اور کوئی نہیں ہے۔ انہوں نے کہا تم میرے پاس کیوں آئے ہو؟ اس نے کہا ہمیں خبر ملی ہے کہ تم صدقہ کرنا بہت پسند کرتے ہو تو ہم تمہارے کھانے میں سے اپنا حصہ لینے آئے ہیں۔ انہوں نے کہا کیا چیز تم سے بچا سکتی ہے؟ اس نے کہا وہ آیت جو سورۃ البقرہ میں ہے (اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ) جو کوئی اسے رات کو پڑھے گا وہ صبح تک ہم سے پناہ میں رہے گا اور جو اسے صبح پڑھے گا وہ رات تک ہم سے پناہ میں رہے گا۔ پھر جب صبح انہوں نے اس بات کا ذکر نبی ﷺ سے کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس خبیث نے سچ کہا۔ (المعجم الکبیر للطبرانی: 542)

سورۃ البقرۃ کی آخری دو آیات کا کافی ہونا

نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے رات کو سورۃ البقرۃ کی آخری دو آیات پڑھیں وہ اسے کافی ہو جائیں گی۔

(صحیح البخاری: 5009)

اللہ کو کافی سمجھنا

1. حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ○

ہمیں اللہ کافی ہے اور وہ اچھا کارساز ہے۔ (آل عمران: 173)

ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ حَسْبُنَا اللّٰهُ وَنِعْمَ الْوَكِيْلُ ہمیں اللہ کافی ہے اور وہ اچھا کارساز ہے۔ اس کو ابراہیم علیہ السلام نے اس وقت کہا تھا جب ان کو آگ میں ڈالا گیا تھا اور یہی کلمہ محمد ﷺ نے اس وقت کہا تھا جب

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لوگوں نے (مسلمانوں کو ڈرانے کے لیے) کہا تھا کہ بے شک لوگوں نے تمھارے لیے (فوج) جمع کر لی ہے، سو ان سے ڈرو، تو اس (بات) نے انھیں ایمان میں زیادہ کر دیا اور انھوں نے کہا: ہمیں اللہ کافی ہے اور وہ اچھا کارساز ہے۔

(صحیح البخاری:4563)

2. حَسْبِيَ اللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ عَلَيْهِ تَوَكَّلْتُ وَهُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ○

مجھے اللہ کافی ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، میں نے اسی پر بھروسا کیا اور وہی عرش عظیم کا رب ہے۔

(التوبۃ:129)

صبح وشام حفاظت کی دعائیں پڑھنا

3. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَسْأَلُكَ الْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَسْأَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِيْ دِيْنِيْ وَدُنْيَايَ وَأَهْلِيْ وَمَالِيْ اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِيْ وَآمِنْ رَوْعَاتِيْ اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِيْ مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ وَمِنْ خَلْفِيْ وَعَنْ يَمِيْنِيْ وَعَنْ شِمَالِيْ وَمِنْ فَوْقِيْ وَأَعُوْذُ بِعَظَمَتِكَ أَنْ أُغْتَالَ مِنْ تَحْتِيْ.

اے اللہ! میں تجھ سے دنیا اور آخرت میں عافیت کا سوال کرتا ہوں۔ اے اللہ! میں تجھ سے اپنے دین و دنیا میں اور اپنے اہل و مال میں معافی اور عافیت کا سوال کرتا ہوں۔ اے اللہ! میرے عیب چھپا دے۔ مجھے میری گھبراہٹوں سے امن عنایت فرما۔ اے اللہ! میرے آگے، میرے پیچھے، میرے دائیں، میرے بائیں اور میرے اوپر سے میری حفاظت فرما۔ میں اس بات سے تیری عظمت کی پناہ میں آتا ہوں کہ میں نیچے سے اچانک ہلاک کر دیا جاؤں۔ (سنن ابی داؤد:5076)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سوتے وقت اللہ کی حفاظت مانگنا

4. اَللّٰهُمَّ! أَنْتَ خَلَقْتَ نَفْسِي وَأَنْتَ تَوَفَّاهَا، لَكَ مَمَاتُهَا وَمَحْيَاهَا، اِنْ أَحْيَيْتَهَا فَاحْفَظْهَا، وَاِنْ أَمَتَّهَا فَاغْفِرْلَهَا، اَللّٰهُمَّ! اِنِّي أَسْأَلُكَ الْعَافِيَةَ.

اے اللہ! تو نے میری جان کو پیدا کیا ہے اور تو ہی اس کو فوت کرے گا، تیرے لیے ہی اس کا مرنا اور زندہ رہنا ہے۔ اگر تو اس کو زندگی عطا کرے تو اس کی حفاظت کرنا اور اگر تو اس کو موت دے تو اسے بخش دینا۔ اے اللہ! میں تجھ سے عافیت کا سوال کرتا ہوں۔ (السلسلة الصحيحة: 3998)

5. بِاسْمِكَ رَبِّ وَضَعْتُ جَنْبِي وَبِكَ أَرْفَعُهُ اِنْ أَمْسَكْتَ نَفْسِي فَارْحَمْهَا وَاِنْ أَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهِ عِبَادَكَ الصَّالِحِيْنَ.

اے میرے رب! تیرے نام سے میں نے اپنا پہلو رکھا ہے اور تیرے ہی نام سے اٹھاؤں گا اگر تو نے میری جان کو روک لیا تو اس پر رحم کرنا اور اگر چھوڑ دیا (زندگی باقی رکھی) تو اس کی اس طرح حفاظت کرنا جس طرح تو اپنے نیک بندوں کی حفاظت کرتا ہے۔ (صحيح البخاري: 6320)

اپنا آپ اللہ کے سپرد کر کے سونا

براء بن عازب کہتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: جب تم اپنے بستر پر آؤ تو اس طرح وضو کرو جس طرح نماز کے لیے کرتے ہو پھر داہنی کروٹ پر لیٹ کر یوں کہو:

6. اَللّٰهُمَّ أَسْلَمْتُ وَجْهِيَ اِلَيْكَ وَفَوَّضْتُ أَمْرِيَ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اِلَیْکَ وَأَلْجَأْتُ ظَهْرِیْ اِلَیْکَ رَغْبَةً وَرَهْبَةً اِلَیْکَ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنْکَ اِلَّا اِلَیْکَ اَللّٰهُمَّ آمَنْتُ بِکِتَابِکَ الَّذِیْ أَنْزَلْتَ وَبِنَبِیِّکَ الَّذِیْ أَرْسَلْتَ.

اے اللہ! میں نے اپنا چہرہ تیرے تابع کر دیا اور اپنا معاملہ تیرے سپرد کر دیا اپنی پشت تیری پناہ میں دی (تجھے ہی اپنا سہارا بنالیا) تجھ سے اُمید اور تیرے خوف کے ساتھ۔ تجھ سے بھاگ کر میرے لیے تیرے سوا کہیں کوئی جائے پناہ اور جائے نجات نہیں۔ اے اللہ! میں تیری اس کتاب پر ایمان لایا جو تو نے نازل کی ہے اور تیرے اس نبی کو تسلیم کیا جسے تو نے رسول بنا کر بھیجا ہے۔

تو اگر تم اسی رات مر گئے تو فطرت پر مرو گے اور ان (کلمات) کو اپنا آخری کلام بناؤ۔ (صحیح البخاری:247)

تمام دن شیطان سے حفاظت کی دعا

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو شخص دن بھر میں سو مرتبہ یہ دعا پڑھے گا:

7. لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِیْکَ لَهُ لَهُ الْمُلْکُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ.

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لئے بادشاہی ہے اور اسی کے لئے سب تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر کامل قدرت رکھنے والا ہے۔

تو اسے دس غلام آزاد کرنے کے برابر ثواب ملے گا۔ اس کے لیے سو نیکیاں لکھی جائیں گی اور سو برائیاں اس سے مٹا دی جائیں گی۔ اس روز دن بھر یہ دعا شیطان سے اس کی حفاظت کرتی رہے گی حتی کہ شام ہو جائے اور کوئی شخص اس سے بہتر عمل لے کر نہ آئے گا، مگر جو اس سے بھی زیادہ یہ کلمہ پڑھ لے۔ (صحیح البخاری:6403)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دشمن سے حفاظت کی دعا

ابوموسیٰ اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ کو جب کسی قوم سے کوئی اندیشہ ہوتا تو اس طرح دعا کرتے۔

8. اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُکَ فِیْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُ بِکَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ.

اے اللہ! ہم تجھے ان کے مقابلے میں پیش کرتے ہیں اور ان کی شرارتوں سے تیری پناہ میں آتے ہیں۔

(سنن أبی داؤد:1539)

ناگہانی آفت سے حفاظت کی دعا

9. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُبِکَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِکَ وَتَحَوُّلِ عَافِيَتِکَ وَفُجَاءَةِ نِقْمَتِکَ وَجَمِيْعِ سَخَطِکَ.

اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ تیری دی ہوئی کوئی نعمت چھن جائے یا تیری دی ہوئی عافیت پلٹ جائے یا تیرا کوئی ناگہانی عذاب آ جائے۔ اور تیرے تمام غصے اور ناراضیوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ (صحیح مسلم:6943)

سخت مشقت اور بری تقدیر سے حفاظت کی دعا

10. أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ جَهْدِ الْبَلَاءِ وَدَرَکِ الشَّقَاءِ وَسُوْءِ الْقَضَاءِ وَشَمَاتَةِ الْأَعْدَاءِ.

میں اللہ کی پناہ چاہتا ہوں سخت مشقت سے، اور بدنصیبی کے پانے سے، اور بری تقدیر سے اور دشمنوں کے خوش ہونے سے۔ (صحیح البخاری:6616)

www.KitaboSunnat.com

لوگوں کے غلبے سے حفاظت کی دعا

انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ کہا کرتے تھے:

11. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحَزَنِ وَالْعَجْزِ وَالْكَسَلِ وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَضَلَعِ الدَّيْنِ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں غم والم سے، عاجزی سے، سستی سے، بزدلی سے، بخل سے، قرض چڑھ جانے سے اور لوگوں کے غلبہ سے۔ (صحیح البخاری:6369)

ظاہری وباطنی فتنے سے حفاظت کی دعا

12. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُبِکَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُبِکَ مِنْ عَذَابِ النَّارِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَعُوْذُبِکَ مِنَ الْفِتَنِ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُبِکَ مِنْ فِتْنَةِ الْأَعْوَرِ الْكَذَّابِ .

اے اللہ! میں قبر کے عذاب سے تیری پناہ میں آتا ہوں، اے اللہ! میں آگ کے عذاب سے تیری پناہ میں آتا ہوں، اے اللہ! میں ظاہری اور باطنی فتنوں سے تیری پناہ میں آتا ہوں اور اے اللہ! میں اس کانے دجال کے فتنے سے تیری پناہ میں آتا ہوں جو بہت بڑا جھوٹا ہے۔ (مسند احمد:2778)

ہر شر سے حفاظت کی دعا

13. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَسْأَلُکَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهِ عَاجِلِهِ وَآجِلِهِ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ أَعْلَمْ وَأَعُوْذُبِکَ مِنَ الشَّرِّ كُلِّهِ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَاجِلِهِ وَ آجِلِهِ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ أَعْلَمْ .

اے اللہ! میں تجھ سے ہر بھلائی کا سوال کرتا ہوں، وہ جلد ملنے والی ہو یا بدیر اور مجھے اس کا علم ہو یا نہ ہو اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں ہر شر سے، وہ جلدی طاری ہونے والا ہو یا بدیر اور وہ میرے علم میں ہو یا نہ ہو۔

(السلسلة الصحيحة:1542)

لباس کے شر سے حفاظت کی دعا

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ کہتے ہیں رسول اللہ ﷺ جب کوئی نیا کپڑا پہنتے تو قمیص یا عمامہ (کہہ کر) اس کپڑے کا نام لیتے پھر فرماتے:

14. اَللّٰهُمَّ لَكَ الْحَمْدُ أَنْتَ كَسَوْتَنِيهِ أَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِهِ وَخَيْرِ مَا صُنِعَ لَهُ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهِ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَهُ.

اے اللہ! سب تعریفیں تیرے لیے ہیں تو نے ہی یہ مجھے پہنایا ہے، میں تجھ سے اس کی خیر اور جس کے لیے یہ کپڑا بنایا گیا ہے اس کی خیر کا سوال کرتا ہوں اور اس کے شر اور جس کے لیے یہ بنایا گیا ہے اس کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ (سنن أبي داؤد:4022)

بیوی اور خادم کے شر سے حفاظت کی دعا

15. اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا جَبَلْتَهَا عَلَيْهِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَمِنْ شَرِّ مَا جَبَلْتَهَا عَلَيْهِ.

اے اللہ! میں اس کی خیر کا سوال کرتا ہوں اور اس خیر کا جس پر تو نے اس کو پیدا کیا، اور اس کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور اس شر سے جس پر تو نے اس کو پیدا کیا ہے۔ (سنن أبي داؤد:2162)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دن اور رات کے شر سے حفاظت کی دعا

16. أَمْسَيْنَا وَأَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ ،رَبِّ أَسْأَلُكَ خَيْرَ مَا فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَخَيْرَ مَا بَعْدَهَا وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَشَرِّ مَا بَعْدَهَا رَبِّ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَسُوْءِ الْكِبَرِ رَبِّ أَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابٍ فِيْ النَّارِ وَعَذَابٍ فِيْ الْقَبْرِ.

ہم نے شام کی اور اللہ کے ملک نے شام کی اور ساری تعریفیں اس اللہ کے لئے ہیں جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔ اسی کے لئے بادشاہت ہے اور اس کے لئے تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر کامل قدرت رکھنے والا ہے۔ اے میرے رب! میں تجھ سے اس رات کی بھلائی اور اس رات کے بعد کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں اور اس رات کے شر سے اور اس کے بعد کے شر سے پناہ مانگتا ہوں۔ اے میرے رب! میں سستی اور بڑھاپے کی برائی سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ اے میرے رب! میں آگ میں عذاب اور قبر میں عذاب سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

(صحیح مسلم: 6908)

اور جب آپ ﷺ صبح کرتے تو اس طرح کہتے:

أَصْبَحْنَا وَأَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ ....

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

رات اور دن کی برائی سے پناہ مانگنا

17. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنْ یَوْمِ السُّوْءِ وَمِنْ لَیْلَةِ السُّوْءِ وَمِنْ سَاعَةِ السُّوْءِ وَ مِنْ صَاحِبِ السُّوْءِ وَمِنْ جَارِ السُّوْءِ فِیْ دَارِ الْمُقَامَةِ.

اے اللہ! میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں برے دن سے، بری رات سے، بری گھڑی سے، برے ساتھی سے اور مستقل رہائش کے برے پڑوسی سے۔ (صحیح الجامع الصغیر: 1299)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سونے جاگنے کی دعائیں

سوتے وقت کی دعائیں

سورۃ البقرۃ کی آخری دو آیات

نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے سورۃ البقرۃ کی آخری دو آیات رات کو پڑھیں وہ اسے کافی ہو جائیں گی۔

(صحیح البخاری: 5009)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کی تخلیق سے دو ہزار سال قبل کتاب لکھ دی تھی اور اس میں سے دو آیتیں نازل کر کے ان سے سورۃ البقرۃ کا اختتام فرما دیا، لہٰذا جس گھر میں تین راتوں تک سورۃ البقرۃ کی آخری دو آیتیں پڑھی جائیں گی شیطان اس (گھر) کے قریب نہیں آ سکے گا۔ (مسند احمد: 18414)

سورۃ الاخلاص اور معوذتین

عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ نبی ﷺ جب اپنے بستر پر آرام فرماتے تو روزانہ رات کو اپنے دونوں ہاتھوں کو ملا کر ان پر

1. قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ، قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ اَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ.

پڑھ کر پھونک مارتے پھر دونوں ہاتھ اپنے تمام جسم پر پھیرتے جہاں تک ممکن ہوتا۔ پہلے اپنے سر اور چہرے پر پھیرتے اور سامنے کے بدن پر اور یہ عمل آپ ﷺ تین مرتبہ کرتے تھے۔ (صحیح البخاری: 5017)

آیۃ الکرسی

2. اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا يَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ○

اللہ (وہ ہے کہ) اس کے سوا کوئی معبود نہیں، زندہ ہے، ہر چیز کو قائم رکھنے والا ہے، نہ اسے اونگھ پکڑتی ہے اور نہ نیند، اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے، کون ہے وہ جو اس کے پاس اس کی اجازت کے بغیر سفارش کرے، جانتا ہے جو کچھ ان کے سامنے اور جو ان کے پیچھے ہے اور وہ اس کے علم میں سے کسی چیز کا احاطہ نہیں کرتے مگر جتنا وہ چاہے۔ اس کی کرسی آسمانوں اور زمین کو سمائے ہوئے ہے اور اسے ان دونوں کی حفاظت نہیں تھکاتی اور وہی سب سے بلند، سب سے بڑا ہے۔

ایک جن نے ابی بن کعب رضی اللہ عنہ سے کہا: وہ آیت جو سورۃ البقرۃ میں ہے (اَللّٰهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ) جو کوئی اسے رات کو پڑھے گا وہ صبح تک ہم سے پناہ میں رہے گا اور جو صبح اسے پڑھے گا وہ رات تک ہم سے پناہ میں رہے گا۔ (صحیح الترغیب والترھیب:662)

سورۃ السجدۃ اور سورۃ الملک

رسول اللہ ﷺ اس وقت تک نہ سوتے تھے جب تک الٓمٓ تَنْزِيْلُ (السَّجْدَة) اور تَبَارَكَ الَّذِيْ بِيَدِهِ الْمُلْكُ نہ پڑھ لیتے۔ (سنن الترمذی:2892)

تسبیحات فاطمہ ہر طرح کی تھکاوٹ کا علاج

علی رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ فاطمہ رضی اللہ عنہا کو چکی پیسنے سے بہت تکلیف ہوتی۔ پھر انہیں معلوم ہوا کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس کچھ قیدی آئے ہیں۔ اس لئے وہ بھی ان میں سے ایک خادم کی درخواست لے کر حاضر ہوئیں۔ آپ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نے فرمایا: جو کچھ تم لوگوں نے مانگا ہے، میں تمہیں اس سے بہتر بات نہ بتاؤں؟ جب تم دونوں اپنے بستر پر لیٹ جاؤ تو

3. اَللّٰهُ أَكْبَرُ 34 مرتبہ اور

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ 33 مرتبہ اور

سُبْحَانَ اللّٰهِ 33 مرتبہ

پڑھ لیا کرو۔ پس بے شک یہ عمل تم دونوں کے لیے اس سے بہتر ہے جو تم دونوں نے مانگا ہے۔ (صحیح البخاری:3113)

رسول اللہ ﷺ جب رات کو بستر پر لیٹتے تو اپنا ہاتھ رخسار کے نیچے رکھتے اور کہتے:

4. اَللّٰهُمَّ بِاسْمِكَ اَمُوْتُ وَاَحْيَا.

اے اللہ! تیرے نام کے ساتھ مرتا ہوں اور زندہ ہوتا ہوں۔ (صحیح البخاری: 6314)

نبی ﷺ جب سونے کا ارادہ فرماتے تو اپنا دایاں ہاتھ رخسار کے نیچے رکھ لیتے پھر تین مرتبہ فرماتے:

5. اَللّٰهُمَّ قِنِيْ عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ.

اے اللہ! مجھے اپنے عذاب سے بچالینا جس دن تو اپنے بندوں کو اٹھائے گا۔ (سنن ابی داؤد:5045)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص اپنے بستر پر جانے لگے تو اسے چاہیے کہ وہ اپنے کپڑے کے کنارے سے اسے تین مرتبہ جھاڑ لے پھر یہ دعا پڑھے:

6. بِاسْمِكَ رَبِّيْ وَضَعْتُ جَنْبِيْ وَبِكَ اَرْفَعُهُ،اِنْ اَمْسَكْتَ نَفْسِيْ فَاغْفِرْلَهَا وَاِنْ اَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهِ عِبَادَكَ الصَّالِحِيْنَ.

اے میرے رب! تیرا نام لے کر میں اپنا پہلو رکھتا ہوں اور تیرے نام ہی کے ساتھ اس کو اٹھاتا ہوں۔ اگر تو میری جان کو روک لے تو اسے بخش دینا اور اگر اسے واپس بھیج دے تو اس کی حفاظت فرمانا

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جس طرح تو اپنے نیک بندوں کی حفاظت فرماتا ہے۔ (صحیح البخاری:7393)

7. اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ أَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَكَفَانَا وَآوَانَا فَكَمْ مِّمَّنْ لَّا كَافِیَ لَهُ وَلَا مُؤْوِیَ.

اللہ کا شکر ہے جس نے ہمیں کھلایا اور پلایا اور ہماری کفایت کی اور ہمیں ٹھکانہ دیا، کتنے ہی ایسے لوگ ہیں جن کے لیے نہ کوئی کفایت ہے نہ ٹھکانہ۔ (صحیح مسلم:6894)

8. بِسْمِ اللّٰهِ وَضَعْتُ جَنْبِیْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ وَأَخْسِأْ شَیْطَانِیْ وَفُكَّ رِهَانِیْ وَاجْعَلْنِیْ فِی النَّدِیِّ الْأَعْلٰی.

اللہ کے نام کے ساتھ میں نے اپنا پہلو رکھا اے اللہ! میرے گناہ بخش دے اور میرے شیطان کو ذلیل کر دے اور میری قید کو کھول دے۔ اور مجھے اعلیٰ وارفع مجلس کا ہم نشین کر۔ (سنن أبی داؤد:5056)

9. اَللّٰهُمَّ عَالِمَ الْغَیْبِ وَالشَّهَادَةِ فَاطِرَ السَّمَاوَاتِ وَالْاَرْضِ رَبَّ كُلِّ شَیْءٍ وَمَلِیْكَهُ أَشْهَدُ أَنْ لَّا اِلٰهَ اِلَّا أَنْتَ أَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِیْ وَشَرِّ الشَّیْطَانِ وَشِرْكِهِ.

اے اللہ! ظاہر اور پوشیدہ سب کچھ جاننے والے، اے آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے والے، ہر چیز کے رب اور اس کے مالک! میں اس بات کی گواہی دیتا ہوں کہ تیرے علاوہ کوئی معبود نہیں، میں اپنی ذات کے شر، شیطان کے شر اور اس کے شرک سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔ (مسند أحمد:51)

10. اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَفَانِیْ وَآوَانِیْ وَأَطْعَمَنِیْ وَسَقَانِیْ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَالَّذِيْ مَنَّ عَلَيَّ فَأَفْضَلَ وَالَّذِيْ أَعْطَانِيْ فَأَجْزَلَ، أَلْحَمْدُ لِلّٰهِ عَلٰى كُلِّ حَالٍ، اَللّٰهُمَّ رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَّمَلِيْكَهُ وَاِلٰهَ كُلِّ شَيْءٍ أَعُوْذُبِكَ مِنَ النَّارِ.

تمام تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے میری کفایت کی اور مجھے رہنے کو جگہ عنایت فرمائی، مجھے کھلایا اور پلایا اور وہ ذات جس نے مجھ پر احسان کیا اور بہت زیادہ کیا، جس نے مجھے دیا اور بہت خوب دیا۔ ہر حال میں اللہ ہی کی تعریف ہے۔ اے اللہ! اے ہر چیز کے پالنے والے اور اس کے مالک! اے ہر چیز کے معبود! میں آگ سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ (سنن أبي داؤد:5058)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے اپنے بستر پر لیٹتے ہوئے یہ دعا پڑھی تو اس نے ساری مخلوق کی بیان کردہ اللہ تعالیٰ کی تعریفیں کہہ ڈالیں:

11. اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ كَفَانِیْ وَ آوَانِیْ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ أَطْعَمَنِیْ وَ سَقَانِیْ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ مَنَّ عَلَیَّ فَأَفْضَلَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَسْأَلُكَ بِعِزَّتِكَ أَنْ تُنَجِّيَنِیْ مِنَ النَّارِ.

تمام تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے میری کفایت کی اور مجھے رہنے کو جگہ عنایت فرمائی۔ تمام تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے مجھے کھلایا اور پلایا۔ تمام تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے مجھ پر احسان کیا اور مہربانی کی۔ اے اللہ! میں تجھ سے تیری عزت کے واسطے سے سوال کرتا ہوں کہ تو مجھے آگ سے نجات دے دے۔ (المستدرك للحاكم:2045)

نبی ﷺ نے فرمایا: جو شخص اپنے بستر پر جا کر یہ دعا پڑھے تو اس کے سارے گناہ معاف کر دیے جاتے ہیں اگرچہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔

12. لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ،

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَلَهُ الْحَمْدُ،وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ ، سُبْحَانَ اللّٰهِ، وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ، وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ، وَاللّٰهُ أَكْبَرُ .

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کی بادشاہت ہے اور اسی کے لئے تمام تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے۔ اللہ کی توفیق کے بغیر گناہ چھوڑنے کی طاقت اور نیکی کرنے کی قوت نہیں ہے۔ اللہ تعالیٰ ہر عیب سے پاک ہے اور سب تعریف اللہ کے لیے ہے اور اللہ کے سوا کوئی معبود برحق نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے۔ (صحیح ابن حبان:5528)

13. اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوَاتِ وَرَبَّ الْأَرْضِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ،رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوٰى وَمُنْزِلَ التَّوْرٰةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْفُرْقَانِ،أَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْءٍ اَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهِ،اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الْأَوَّلُ فَلَيْسَ قَبْلَكَ شَيْءٌ وَأَنْتَ الْآخِرُ فَلَيْسَ بَعْدَكَ شَيْءٌ وَأَنْتَ الظَّاهِرُ فَلَيْسَ فَوْقَكَ شَيْءٌ وَاَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَيْسَ دُوْنَكَ شَيْءٌ، اِقْضِ عَنَّا الدَّيْنَ وَأَغْنِنَا مِنَ الْفَقْرِ .

اے اللہ! آسمانوں اور زمین کے رب اور عرش عظیم کے رب، اے ہمارے رب اور ہر چیز کے رب، دانے اور گٹھلی کے پھاڑنے والے، تورات، انجیل اور فرقان (قرآن) نازل کرنے والے! میں ہر چیز کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں تو ہی اس کو پیشانی سے پکڑنے والا ہے، اے اللہ! تو ہی اوّل ہے

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پس تجھ سے پہلے کوئی نہیں اور تو ہی آخر ہے پس تیرے بعد کوئی نہیں اور تو ہی ظاہر ہے پس تجھ سے اوپر کوئی نہیں اور تو ہی باطن ہے پس تیرے سوا کوئی نہیں، ہم سے قرض ادا کروا دے اور ہمیں محتاجی سے مالدار کر دے۔ (صحیح مسلم:6889)

14. اَللّٰهُمَّ خَلَقْتَ نَفْسِي وَأَنْتَ تَوَفَّاهَا، لَكَ مَمَاتُهَا وَمَحْيَاهَا، اِنْ أَحْيَيْتَهَا فَاحْفَظْهَا وَاِنْ أَمَتَّهَا فَاغْفِرْ لَهَا، اَللّٰهُمَّ اِنِّي أَسْأَلُكَ الْعَافِيَةَ .

اے اللہ! تو نے میری جان کو پیدا کیا اور تو ہی اس کو فوت کرے گا، تیرے لیے ہی اس کا مرنا اور اس کا جینا ہے۔ اگر تو اسے زندہ رکھے تو اس کی حفاظت کرنا اور اگر تو اسے موت دے تو اس کو بخش دینا، اے اللہ! بے شک میں تجھ سے عافیت طلب کرتا ہوں۔ (صحیح مسلم:6888)

براء بن عازب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: جب تم اپنے بستر پر لیٹنے آؤ تو نماز کی طرح کا وضو کرو۔ پھر داہنی کروٹ پر لیٹ کر یوں کہو:

15. اَللّٰهُمَّ أَسْلَمْتُ وَجْهِي اِلَيْكَ وَفَوَّضْتُ أَمْرِي اِلَيْكَ وَأَلْجَأْتُ ظَهْرِي اِلَيْكَ رَغْبَةً وَرَهْبَةً اِلَيْكَ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ اَللّٰهُمَّ آمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِي أَنْزَلْتَ وَبِنَبِيِّكَ الَّذِي أَرْسَلْتَ.

اے اللہ! میں نے اپنا چہرہ تیرے سپرد کر دیا۔ اپنا معاملہ تجھے سونپ دیا۔ میں نے (تیرے ثواب کی) توقع اور (تیرے عذاب کے) ڈر سے تجھے ہی پشت پناہ بنالیا۔ تجھ سے بھاگ کر کہیں پناہ اور نجات کی جگہ نہیں مگر تیرے ہی پاس۔ اے اللہ! جو کتاب تو نے نازل کی میں اس پر ایمان لایا۔ جو نبی تو نے بھیجا میں اس پر ایمان لایا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اگر تم اسی رات مر گئے تو تم فطرت پر مرو گے اور اس دعا کو سب باتوں کے آخر میں پڑھو۔ (صحیح البخاری:247)

جاگنے کی دعائیں

رسول اللہ ﷺ جب جاگتے تو فرماتے :

16. اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ أَحْیَانَا بَعْدَ مَا أَمَاتَنَا وَإِلَیْهِ النُّشُوْرُ.

تمام تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے ہمیں مرنے (سونے) کے بعد دوبارہ زندگی دی اور اسی کی طرف لوٹ کر جانا ہے۔(صحیح البخاری:6314)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی جاگے تو یہ کہے:

17. اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ عَافَانِیْ فِیْ جَسَدِیْ وَرَدَّ عَلَیَّ رُوْحِیْ وَأَذِنَ لِیْ بِذِکْرِهِ.

سب تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے میرے جسم کو عافیت دی اور مجھ پر میری روح لوٹائی اور مجھے اپنے ذکر کی توفیق دی۔ (سنن الترمذی:3401)

معوّذتین

عقبہ بن عامرؓ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے ان سے فرمایا: ''کیا میں تمہیں ایسی دو سورتیں نہ سکھا دوں جو ان تمام سورتوں سے بہتر ہیں جنہیں لوگ پڑھتے ہیں؟ میں نے عرض کیا کیوں نہیں اے اللہ کے رسول ﷺ! چنانچہ نبی ﷺ نے مجھے۔

18. قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ.

پڑھائیں۔ پھر نماز کھڑی ہوئی، نبی ﷺ آگے بڑھے اور نماز میں یہی دونوں سورتیں پڑھیں۔ پھر میرے پاس سے گزرتے ہوئے فرمایا: اے عقبہ! تم کیا سمجھے؟ یہ دونوں سورتیں سوتے وقت بھی پڑھا کرو اور بیدار ہو کر بھی پڑھا کرو۔

(سنن النسائی:5439)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صبح وشام کی دعائیں

اللہ کا ذکر کرنا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میرے نزدیک طلوع آفتاب کے وقت تک بیٹھ کر اللہ کا ذکر کرنا اور

1. اَللّٰهُ أَكْبَرُ اللہ سب سے بڑا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے

سُبْحَانَ اللّٰهِ اللہ پاک ہے

اور لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

کہنا اولاد اسماعیل علیہ السلام میں سے دو یا اس سے زیادہ غلام آزاد کرنے سے زیادہ بہتر ہے اسی طرح نماز عصر سے غروب آفتاب تک اللہ کا ذکر کرنا میرے نزدیک اولاد اسماعیل علیہ السلام میں سے چار غلام آزاد کرنے سے زیادہ بہتر ہے۔ (مسند احمد:22194)

آیۃ الکرسی

2. اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا يَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ○

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ (وہ ہے کہ) اس کے سوا کوئی معبود نہیں، زندہ ہے، ہر چیز کو قائم رکھنے والا ہے، نہ اسے اونگھ پکڑتی ہے اور نہ نیند، اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے، کون ہے وہ جو اس کے پاس اس کی اجازت کے بغیر سفارش کرے، جانتا ہے جو کچھ ان کے سامنے اور جو ان کے پیچھے ہے اور وہ اس کے علم میں سے کسی چیز کا احاطہ نہیں کرتے مگر جتنا وہ چاہے۔ اس کی کرسی آسمانوں اور زمین کو سمائے ہوئے ہے اور اسے ان دونوں کی حفاظت نہیں تھکاتی اور وہی سب سے بلند، سب سے بڑا ہے۔

محمد بن ابی بن کعب اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ان کے کھجوروں کے کھلیان تھے تو وہ اس میں کمی دیکھتے۔ تو ایک رات انہوں نے چور کو پکڑ لیا وہ ایک جانور سے مشابہ ایک نوعمر لڑکا تھا۔ انہوں نے اس کو سلام کیا تو اس نے جواب دیا۔ انہوں نے کہا تم کون ہو؟ جن یا انسان؟، اس نے کہا میں جن ہوں (پھر انہوں نے حدیث بیان کی جس میں) انہوں نے کہا کیا چیز تم سے بچا سکتی ہے؟ اس نے کہا وہ آیت جو سورۃ البقرۃ میں ہے "اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ" جو کوئی اسے رات کو پڑھے گا وہ صبح تک ہم سے پناہ میں رہے گا اور جو صبح اسے پڑھے گا وہ رات تک ہم سے پناہ میں رہے گا۔ پھر جب صبح کو انہوں نے اس بات کا ذکر نبی ﷺ سے کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اس خبیث نے سچ کہا ہے۔

(المعجم الکبیر للطبرانی: 542)

معوّذات

2. سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق اور سورۃ الناس۔ (تین تین بار)

عبداللہ بن خبیب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ بارش بھی ہو رہی تھی اور اندھیرا بھی تھا ہم رسول اللہ ﷺ کا انتظار کر رہے تھے تاکہ آپ ہمیں نماز پڑھائیں، اسی اثنا میں آپ ﷺ باہر تشریف لائے اور میرا ہاتھ پکڑ کر فرمایا: کہو، میں خاموش رہا۔ آپ ﷺ نے دوبارہ فرمایا: کہو، تو میں نے پوچھا کیا کہوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: قُلْ هُوَ اللّٰهُ اَحَدٌ اور معوذتین صبح و شام تین تین مرتبہ پڑھ لیا کرو، روزانہ دو مرتبہ تمہاری کفایت ہوگی۔ (مسند أحمد: 22664)

جویریہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی ﷺ صبح کے وقت نماز ادا کرنے کے بعد ان کے پاس سے چلے گئے اور وہ اپنی جائے نماز پر ہی بیٹھی ہوئی تھیں پھر دن چڑھے آپ ﷺ واپس تشریف لائے تو وہ وہیں بیٹھی ہوئی تھیں۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: جس وقت سے میں تمہارے پاس سے گیا ہوں تم اسی طرح بیٹھی ہوئی ہو؟ انہوں نے عرض کیا: جی ہاں۔ نبی ﷺ نے فرمایا: میں نے تمہارے بعد ایسے چار کلمات تین مرتبہ کہے ہیں کہ اگر تمہارے آج کے کہے ہوئے کلمات کو

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ان کے ساتھ وزن کیا جائے تو ان کلمات کا وزن زیادہ ہوگا۔

3. سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ عَدَدَ خَلْقِهِ وَرِضَا نَفْسِهِ وَزِنَةَ عَرْشِهِ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهِ.

اللہ کی تعریف اور اسی کی پاکی ہے اس کی مخلوق کی تعداد کے برابر اور اس کی رضا اور اس کے عرش کے وزن اور اس کے کلمات کی سیاہی کے برابر۔ (صحیح مسلم: 6913)

عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا آپ ﷺ فرماتے تھے: جس نے (شام کو)

4. بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِي لَا يَضُرُّ مَعَ اسْمِهِ شَيْءٌ فِي الْأَرْضِ وَلَا فِي السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِيعُ الْعَلِيمُ.

اللہ کے نام سے، وہ ذات جس کے نام کے ساتھ کوئی چیز زمین میں اور آسمان میں نقصان نہیں دے سکتی اور وہ بہت سننے والا، بہت جاننے والا ہے۔

تین بار یہ دعا پڑھ لی اسے صبح تک کوئی اچانک مصیبت نہیں آئے گی اور جس نے صبح کے وقت تین بار یہ دعا پڑھ لی اسے شام تک کوئی اچانک مصیبت نہیں آئے گی۔ راوی بیان کرتے ہیں کہ (اس حدیث کو روایت کرنے والے) ابان بن عثمان کو فالج ہو گیا۔ تو ان سے حدیث سننے والا ان کو تعجب سے دیکھنے لگا (کہ پھر یہ فالج کیونکر ہو گیا؟) تو انہوں نے کہا: کیا ہوا مجھے کیا دیکھتے ہو؟ اللہ کی قسم! میں نے عثمان رضی اللہ عنہ پر جھوٹ نہیں بولا ہے اور نہ عثمان رضی اللہ عنہ نے نبی ﷺ پر جھوٹ بولا۔ لیکن جس دن مجھے یہ فالج ہوا میں اس دن غصے میں تھا اور یہ کلمات پڑھنا بھول گیا۔

(سنن أبي داؤد: 5088)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ اپنے صحابہ کو سکھاتے کہ جب تم میں سے کوئی صبح کرے تو یوں کہے:

5. اللّٰهُمَّ بِكَ أَصْبَحْنَا وَبِكَ أَمْسَيْنَا وَبِكَ نَحْيَا وَبِكَ نَمُوتُ وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ.

اے اللہ! تیرے حکم سے ہم نے صبح کی اور تیرے حکم سے ہم نے شام کی اور تیرے حکم سے ہم جیتے

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور تیرے حکم سے ہم مرتے ہیں اور تیری ہی طرف پلٹ کر جانا ہے۔

اور جب شام کرے تو یوں کہے:

6. اَللّٰهُمَّ بِکَ أَمْسَيْنَا وَبِکَ أَصْبَحْنَا وَبِکَ نَحْيَا وَبِکَ نَمُوْتُ وَاِلَيْکَ النُّشُوْرُ.

اے اللہ! تیرے حکم سے ہم نے شام کی اور تیرے حکم سے ہم نے صبح کی اور تیرے حکم سے ہم جیتے اور تیرے حکم سے ہم مرتے ہیں اور تیری ہی طرف دوبارہ اٹھایا جانا ہے۔ (سنن الترمذی: 3391)

عبدالرحمٰن بن ابزٰی اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ نبی ﷺ جب صبح کرتے اور جب شام کرتے تو پڑھا کرتے تھے.

7. أَصْبَحْنَا عَلٰى فِطْرَةِ الْاِسْلَامِ وَعَلٰى كَلِمَةِ الْاِخْلَاصِ وَعَلٰى دِيْنِ نَبِيِّنَا مُحَمَّدٍ ﷺ وَعَلٰى مِلَّةِ أَبِيْنَا اِبْرَاهِيْمَ، حَنِيْفًا مُّسْلِمًا وَّمَا كَانَ مِنَ الْمُشْرِكِيْنَ.

ہم نے صبح کی فطرتِ اسلام پر، کلمۂ اخلاص پر اور اپنے نبی محمد ﷺ کے دین پر اور اپنے باپ ابراہیم علیہ السلام کی ملت پر جو یکسو مسلمان تھے اور وہ مشرکوں میں سے نہیں تھے۔ (مسند احمد: 15360)

ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کی: اے اللہ کے رسول ﷺ مجھے کچھ سکھایئے جو میں کہا کروں جب صبح کروں اور شام کروں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اے ابوبکر کہو:

8. اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ، عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ، لَا اِلٰهَ اِلَّا أَنْتَ رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَمَلِيْكَهُ أَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهِ وَأَنْ أَقْتَرِفَ عَلٰى نَفْسِيْ سُوْءًا أَوْ أَجُرَّهُ اِلٰى مُسْلِمٍ.

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے اللہ! آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے، چھپے اور کھلے کے جاننے والے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو ہر چیز کا رب اور اس کا مالک ہے، میں تیری پناہ چاہتا ہوں اپنے نفس کے شر سے اور شیطان کے اور اس کے شرک کے شر سے اور یہ کہ میں اپنی جان کو کسی برائی میں ملوث کروں یا کسی دوسرے مسلمان کو اس کی طرف مائل کروں۔ (سنن الترمذی: 3529)

عبداللہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے جب اللہ کے نبی ﷺ شام کرتے تو فرماتے:

9. أَمْسَيْنَا وَأَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، رَبِّ أَسْئَلُكَ خَيْرَ مَا فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَخَيْرَ مَا بَعْدَهَا وَأَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَشَرِّ مَا بَعْدَهَا، رَبِّ أَعُوْذُبِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَسُوْءِ الْكِبَرِ، رَبِّ أَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابٍ فِي النَّارِ وَعَذَابٍ فِي الْقَبْرِ.

ہم نے شام کی اور تمام عالم نے شام کی اللہ کے لیے اور تمام تعریف اللہ کے لیے ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے بادشاہی ہے اور اسی کے لیے تمام تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے، اے میرے رب! میں تجھ سے آج کی رات کی اور جو اس کے بعد ہے اس کی بھلائی مانگتا ہوں اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں آج کی رات اور جو اس کے بعد ہے اس کی برائی سے، اے میرے رب! میں تیری پناہ چاہتا ہوں سستی اور بدترین بڑھاپے سے، اے میرے رب! میں تیری پناہ چاہتا ہوں آگ کے عذاب سے اور قبر کے عذاب سے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور جب صبح کرتے تو اس طرح فرماتے:

10. أَصْبَحْنَا وَ أَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ، رَبِّ أَسْأَلُكَ خَيْرَ مَا فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ وَخَيْرَ مَا بَعْدَهُ وَاَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيْ هٰذَا الْيَوْمِ وَشَرِّ مَا بَعْدَهُ، رَبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَسُوْءِ الْكِبَرِ رَبِّ اَعُوْذُبِكَ مِنْ عَذَابٍ فِي النَّارِ وَعَذَابٍ فِي الْقَبْرِ.

ہم نے صبح کی اور تمام عالم نے صبح کی اللہ کے لیے اور تمام تعریف اللہ کے لیے ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے بادشاہی ہے اور اسی کے لیے تمام تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے، اے میرے رب! میں تجھ سے آج کے دن کی اور جو اس کے بعد ہے اس کی بھلائی مانگتا ہوں اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں آج کے دن اور جو اس کے بعد ہے اس کی برائی سے، اے میرے رب! میں تیری پناہ چاہتا ہوں سستی اور بدترین بڑھاپے سے، اے میرے رب! میں تیری پناہ چاہتا ہوں آگ کے عذاب سے اور قبر کے عذاب سے۔

(صحیح مسلم: 6908)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص صبح کے وقت یہ کہے:

11. رَضِيْتُ بِاللّٰهِ رَبًّا وَّبِالْاِسْلَامِ دِيْنًا وَبِمُحَمَّدٍ ﷺ نَبِيًّا.

میں اللہ کے معبود ہونے، اسلام کے دین ہونے اور محمد ﷺ کے نبی ہونے پر راضی ہوا۔

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تو میں اس بات کا ضامن ہوں کہ اس کا ہاتھ پکڑے رکھوں گا یہاں تک کہ اسے جنت میں داخل کر دوں گا۔ (السلسلة الصحيحة: 2686)

11. اَللّٰهُمَّ عَافِنِیْ فِیْ بَدَنِیْ، اَللّٰهُمَّ عَافِنِیْ فِیْ سَمْعِیْ، اَللّٰهُمَّ عَافِنِیْ فِیْ بَصَرِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا أَنْتَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُبِکَ مِنَ الْکُفْرِ وَالْفَقْرِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُبِکَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ، لَا اِلٰهَ اِلَّا أَنْتَ. (صبح شام تین تین بار)

اے اللہ! میرے بدن میں مجھے عافیت دے، اے اللہ! میرے کانوں میں مجھے عافیت دے، اے اللہ! میری آنکھوں میں مجھے عافیت دے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ اے اللہ! یقیناً میں تیری پناہ چاہتا ہوں کفر اور فقر و فاقہ سے، اے اللہ! بے شک میں تیری پناہ چاہتا ہوں عذاب قبر سے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ (سنن أبي داؤد: 5090)

انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فاطمہ رضی اللہ عنہا سے کہا میری وصیت سننے کے بعد تمہیں کیا چیز روکتی ہے کہ تم صبح و شام یہ کہو:

12. یَاحَیُّ یَا قَیُّوْمُ بِرَحْمَتِکَ أَسْتَغِیْثُ أَصْلِحْ لِیْ شَأْنِیْ کُلَّهُ وَ لَا تَکِلْنِیْ اِلٰی نَفْسِیْ طَرْفَةَ عَیْنٍ.

اے زندہ اور قائم رہنے والے، تیری رحمت کے سبب سے فریاد کرتا ہوں کہ میرے سب کاموں کی اصلاح فرما دے اور پلک جھپکنے تک کے لیے بھی مجھے میرے نفس کے حوالے نہ کر۔

(المستدرك للحاكم: 2044)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شدّاد بن اَوس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: سب سے عمدہ استغفار یہ ہے۔

13. اَللّٰهُمَّ أَنْتَ رَبِّي لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ خَلَقْتَنِي وَأَنَا عَبْدُكَ وَأَنَا عَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ أَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ أَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ وَ أَبُوْءُ بِذَنْبِي فَاغْفِرْلِي اِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا أَنْتَ.

اے اللہ! تو ہی میرا رب ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، تو نے مجھے پیدا کیا اور میں تیرا بندہ ہوں اور میں اپنی استطاعت کے مطابق تجھ سے کیے ہوئے عہد اور وعدے پر قائم ہوں، میں تیری پناہ چاہتا ہوں ہر برائی سے جو میں نے کی، میں اپنے اوپر تیری عطا کردہ نعمتوں کا اعتراف کرتا ہوں اور اپنے گناہ کا اعتراف کرتا ہوں، پس مجھے بخش دے، یقیناً تیرے سوا کوئی گناہوں کو بخش نہیں سکتا۔

آپ ﷺ نے فرمایا: جس نے اس دعا کے الفاظ پر یقین رکھتے ہوئے صبح ان کو کہہ لیا اور اسی دن شام ہونے سے پہلے اس کا انتقال ہو گیا تو وہ جنت والوں میں سے ہے اور جس نے اس دعا کے الفاظ پر یقین رکھتے ہوئے رات میں ان کو پڑھ لیا اور پھر اس کا صبح ہونے سے پہلے انتقال ہو گیا تو وہ جنت والوں میں سے ہے۔ (صحیح البخاری: 6306)

عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ صبح و شام یہ دعائیں پڑھنا ترک نہیں فرماتے تھے:

14. اَللّٰهُمَّ اِنِّي أَسْأَلُكَ الْعَافِيَةَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، اَللّٰهُمَّ اِنِّي أَسْأَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِي دِيْنِي وَدُنْيَايَ وَأَهْلِي وَمَالِي، اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِي وَ آمِنْ رَوْعَاتِي اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِي مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ وَمِنْ خَلْفِي وَعَنْ يَمِيْنِي وَعَنْ شِمَالِي وَمِنْ فَوْقِي وَأَعُوْذُ بِعَظَمَتِكَ أَنْ أُغْتَالَ مِنْ تَحْتِي.

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے اللہ! بے شک میں آپ سے دنیا اور آخرت میں عافیت مانگتا ہوں، اے اللہ! بے شک میں آپ سے درگزر کا اور عافیت کا سوال کرتا ہوں اپنے دین میں اپنی دنیا میں اپنے اہل میں اور اپنے مال میں، اے اللہ! میرے عیب ڈھانپ دے اور مجھے خوف سے امن دے۔ اے اللہ! میری حفاظت کر، میرے سامنے سے اور میرے پیچھے سے اور میرے دائیں سے اور میرے بائیں سے اور میرے اوپر سے اور میں پناہ چاہتا ہوں تیری عظمت کے ذریعے اس سے کہ میں نیچے سے ہلاک کیا جاؤں۔

(سنن أبی داؤد:5074)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک شخص نبی ﷺ کے پاس آیا اور کہا یا رسول اللہ ﷺ کل رات بچھو کاٹنے سے مجھے بڑی تکلیف پہنچی ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا اگر تو شام کو یہ کہہ لیتا:

15. أَعُوذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَاخَلَقَ.

میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کے تمام کلمات کے ساتھ، ہر اُس چیز کے شر سے جو اُس نے پیدا کی ہے۔

تو وہ تجھے ضرر نہ دیتا۔ (صحیح مسلم:6880)

ابو عیاش رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص صبح کے وقت یہ کہہ لے:

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ.

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے بادشاہت ہے اور اسی کے لیے سب تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والا ہے۔

تو اسے اولادِ اسماعیل میں سے ایک غلام آزاد کرنے کا ثواب ہوگا اور اس کے لیے دس نیکیاں لکھی جائیں گی اس سے دس غلطیاں مٹائی جائیں گی، اس کے دس درجات بلند کیے جائیں گے اور شام تک کے لیے شیطان سے حفاظت میں رہے گا اور اگر شام کو یہ کہہ لے تو صبح تک کے لیے یہی کچھ ہے۔ (سنن أبی داؤد:5077)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص صبح اور شام کے وقت سو مرتبہ یہ کلمہ کہے:

سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ.

اللہ پاک ہے اور اسی کی تعریف ہے۔

تو روز قیامت اس سے افضل عمل کوئی نہ لائے گا مگر وہ شخص جس نے اس جیسے کلمات کہے یا اس سے زیادہ کہے۔

(صحیح مسلم:6843)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سفر کی دعائیں

گھر والوں کی مسافر کے لیے دعائیں

مسافر کو اللہ کے سپرد کرنے کی دعا

1. أَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِيْنَكَ وَأَمَانَتَكَ وَخَوَاتِيْمَ عَمَلِكَ.

میں تمہارے دین، تمہاری امانت اور تمہارے عمل کے اختتام کو اللہ تعالیٰ کے حوالے کرتا ہوں۔

(سنن أبي داؤد: 2602)

مجاہد کہتے ہیں کہ میں اور ایک آدمی عراق جانے کے لئے نکلے تو عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ ہمیں رخصت کرنے کے لئے ہمارے ہمراہ چلے جب انہوں نے ہمیں چھوڑنے کا ارادہ کیا تو کہا: میرے پاس تمہیں دینے کے لئے کچھ نہیں۔ لیکن میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا کہ جب کسی چیز کو اللہ کے سپرد کیا جاتا ہے تو وہ اس کی حفاظت کرتا ہے:

2. أَسْتَوْدِعُ اللّٰهَ دِيْنَكُمْ وَأَمَانَتَكُمْ وَخَوَاتِيْمَ أَعْمَالِكُمْ.

میں تمہارے دین، تمہاری امانت اور تمہارے اعمال کے خاتمے کو اللہ کے سپرد کرتا ہوں۔

(السلسلة الصحيحة: 2547)

مسافر کو خیر کی دعا دینا

3. زَوَّدَكَ اللّٰهُ التَّقْوٰى وَغَفَرَ ذَنْبَكَ وَيَسَّرَ لَكَ الْخَيْرَ حَيْثُمَا كُنْتَ.

اللہ تجھے تقویٰ کا توشہ عطا کرے، تیرے گناہ معاف کرے، اور جہاں کہیں بھی تو ہو تیرے لیے خیر کو آسان کرے۔ (سنن الترمذي: 3444)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مسافر کے لیے سفر میں آسانی کی دعا کرنا

4. اَللّٰهُمَّ اطْوِ لَهُ الْأَرْضَ وَهَوِّنْ عَلَيْهِ السَّفَرَ.

اے اللہ! اس کے لیے زمین کو لپیٹ دے اور اس کے لیے سفر کو آسان فرما۔ (سنن الترمذی: 3445)

مسافر کی سفر میں دعائیں

مسافر کی دعا کی اہمیت

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

5. ثَلَاثُ دَعَوَاتٍ يُسْتَجَابُ لَهُنَّ لَا شَكَّ فِيهِنَّ دَعْوَةُ الْمَظْلُومِ وَ دَعْوَةُ الْمُسَافِرِ وَدَعْوَةُ الْوَالِدِ لِوَلَدِهِ.

تین دعاؤں کی قبولیت میں کوئی شک نہیں، مظلوم کی دعا، مسافر کی دعا، اور والد کی اپنی اولاد کے حق میں دعا۔ (سنن ابن ماجه: 3862)

مسافر کا گھر والوں کو اللہ کے سپرد کرنا

6. أَسْتَوْدِعُكَ اللّٰهَ الَّذِي لَا تَضِيعُ وَدَائِعُهُ.

میں تمہیں اللہ کے سپرد کرتا ہوں جس کے سپرد کی ہوئی چیزیں ضائع نہیں ہوتیں۔ (سنن ابن ماجه: 2825)

سواری پر بیٹھنے کی دعا

علی بن ربیعہ کہتے ہیں کہ میں علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے ہاں حاضر تھا کہ سوار ہونے کے لیے آپ کے سامنے سواری لائی گئی۔ آپ نے جب اپنا پاؤں رکاب میں ڈال لیا تو کہا:

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

7. بِسْمِ اللّٰهِ.

پھر جب ٹھیک طرح سے اس پر بیٹھ گئے تو کہا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ.

پھر کہا:

سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَلَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّآ اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ.

پاک ہے وہ ذات جس نے اس کو ہمارے تابع کیا اور ہم از خود اس کو اپنا تابع نہ بنا سکتے تھے اور بلاشبہ ہم اپنے رب ہی کی طرف لوٹ جانے والے ہیں۔

پھر تین بار اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ کہا۔

پھر تین بار اَللّٰهُ اَكْبَرُ کہا۔

پھر کہا: سُبْحَانَكَ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْ لِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اَنْتَ.

اے اللہ! تو پاک ہے میں نے اپنی جان پر ظلم کیا ہے تو مجھے معاف فرما دے بلاشبہ تیرے سوا اور کوئی نہیں جو گناہوں کو بخش سکے۔

پھر آپ ہنسے۔ آپ سے کہا گیا: امیر المؤمنین! آپ کس بات پر ہنسے ہیں؟ فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا تھا کہ آپ ﷺ نے ایسے ہی کیا تھا جیسے کہ میں نے کیا ہے اور آپ ﷺ ہنسے (بھی) تھے تو میں نے آپ ﷺ سے دریافت کیا تھا: اے اللہ کے رسول! آپ کس بات پر ہنسے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا بلاشبہ تیرے رب کو اپنے بندے پر تعجب آتا ہے جب وہ کہتا ہے: میرے گناہ بخش دے۔ بندہ جانتا ہے کہ میرے سوا گناہوں کو کوئی بخش نہیں سکتا۔

(سنن أبی داؤد: 2604)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آسمان کی طرف انگلی اٹھا کر دعا کرنا

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب سفر کے لیے اپنی سواری پر سوار ہوتے تو اپنی انگلی سے (آسمان کی طرف) اشارہ کر کے فرماتے ---

8. اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ وَالْخَلِيفَةُ فِي الْأَهْلِ اَللّٰهُمَّ اصْحَبْنَا بِنُصْحِكَ وَاقْلِبْنَا بِذِمَّةٍ اَللّٰهُمَّ ازْوِ لَنَا الْأَرْضَ وَهَوِّنْ عَلَيْنَا السَّفَرَ اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَكَآبَةِ الْمُنْقَلَبِ.

اے اللہ! تو سفر کا ساتھی ہے اور گھر والوں کا خلیفہ ہے۔ اے اللہ! تو خیر خواہی کے ساتھ ہمارا ساتھی بن اور ہمیں ذمے اور حفاظت کے ساتھ واپس لوٹا۔ اے اللہ ہمارے لیے زمین کو سکیڑ دے اور ہم پر سفر آسان کر دے۔ اے اللہ میں سفر کی مشقت سے اور برا لوٹنے سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

(سنن الترمذی:3438)

سواری دینے والے رب کے ساتھ کی دعا

9. اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ وَالْخَلِيفَةُ فِي الْأَهْلِ وَالْحَامِلُ عَلَى الظَّهْرِ اَللّٰهُمَّ اصْحَبْنَا بِنُصْحٍ وَاقْلِبْنَا بِذِمَّةٍ أَعُوذُ بِكَ مِنْ مِلْحِ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَكَآبَةِ الْمُنْقَلَبِ.

اے اللہ! تو ہی سفر میں میرا ساتھی اور اہل وعیال میں میرا جانشین ہے اور سواری کی پیٹھ پر بٹھانے والا ہے اے اللہ! خیر خواہی کے ساتھ ہماری رفاقت فرما اور اپنی ذمہ داری میں واپس پہنچا ہم سفر کی مشقت کی بدمزگی سے اور واپسی کی پریشانی سے تیری پناہ میں آتے ہیں۔ (مسند احمد:9205)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نیکی اور تقویٰ والے سفر کی دعا

رسول اللہ ﷺ جب بھی اپنے اونٹ پر سوار ہو کر کسی سفر کے لئے نکلتے تو تین مرتبہ

10. اَللّٰهُ اَكْبَرُ .

کہتے پھر فرماتے:

سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِيْنَ وَاِنَّا اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْأَلُكَ فِیْ سَفَرِنَا هٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰى وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰى اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَيْنَا سَفَرَنَا هٰذَا وَاطْوِ عَنَّا بُعْدَهُ اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الصَّاحِبُ فِیْ السَّفَرِ وَالْخَلِيْفَةُ فِیْ الْأَهْلِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَكَآبَةِ الْمَنْظَرِ وَسُوْءِ الْمُنْقَلَبِ فِیْ الْمَالِ وَالْأَهْلِ.

پاک ہے وہ ذات کہ جس نے ہمارے لئے اسے مسخر فرما دیا اور ہم اسے مسخر کرنے والے نہ تھے اور ہم اپنے رب کی طرف پلٹ کر جانے والے ہیں، اے اللہ! ہم اس سفر میں تجھ سے نیکی اور تقویٰ کا اور ان اعمال کا سوال کرتے ہیں کہ جن سے تو راضی ہوتا ہے۔ اے اللہ! ہمارے اس سفر کو ہم پر آسان فرما اور اس کی مسافت کو لپیٹ دے، اے اللہ! تو ہی اس سفر میں ہمارا رفیق ہے اور گھر والوں کا نگہبان ہے اے اللہ! میں سفر کی تکلیفوں اور رنج و غم کے منظر سے اور اپنے مال اور گھر والوں میں برے انجام سے لوٹنے سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ (صحیح مسلم: 3275)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سفر میں مشقتوں سے پناہ طلب کرنا

11. اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ وَالْخَلِيفَةُ فِي الْأَهْلِ اَللّٰهُمَّ اِنِّي أَعُوذُبِکَ مِنَ الضُّبْنَةِ فِي السَّفَرِ وَالْكَآبَةِ فِي الْمُنْقَلَبِ اَللّٰهُمَّ اقْبِضْ لَنَا الْأَرْضَ وَهَوِّنْ عَلَيْنَا السَّفَرَ.

اے اللہ! تو ہی اس سفر میں ہمارا رفیق ہے اور گھر والوں کا نگہبان ہے، اے اللہ! میں سفر کی تنگی اور واپسی کی پریشانی سے تیری پناہ میں آتا ہوں، اے اللہ! زمین کو ہمارے لیے لپیٹ دے اور ہمارے لیے اس سفر کو آسان فرما دے۔ (مسند احمد:2723)

سفر میں گھر والوں اور بچوں کی فکر اور ان کے لیے دعا کرنا

12. اَللّٰهُمَّ اِنِّي أَعُوذُ بِکَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَكَآبَةِ الْمُنْقَلَبِ وَالْحَوْرِ بَعْدَ الْكَوْرِ وَدَعْوَةِ الْمَظْلُومِ وَسُوْءِ الْمَنْظَرِ فِي الْأَهْلِ وَالْمَالِ وَالْوَلَدِ.

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں سفر کی سختی سے اور لوٹنے کے رنج وغم سے اور نفع کے بعد نقصان سے اور مظلوم کی بددعا سے اور گھر، مال اور بچوں میں برا منظر دیکھنے سے۔ (سنن النسائی:5498)

سفر میں عاجزی، سستی، بخل اور قرض سے پناہ کی دعا

انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے ابوطلحہ سے فرمایا: اپنے بچوں میں سے کوئی بچہ میرے لیے تلاش کر دو جو میری خدمت کرے جب کہ میں خیبر کے لیے نکلوں۔ ابوطلحہ اپنی سواری پر مجھے اپنے پیچھے بٹھا کر لے

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گئے، میں اس وقت ابھی لڑکا تھا، بالغ ہونے کے قریب تھا۔ جب بھی رسول اللہ ﷺ کہیں قیام فرماتے تو میں آپ کی خدمت کرتا۔ اکثر میں سنتا کہ آپ ﷺ یہ دعا کرتے:

13. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحَزَنِ وَالْعَجْزِ وَالْکَسَلِ وَالْبُخْلِ وَالْجُبْنِ وَضَلَعِ الدَّیْنِ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ.

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں غم اور رنج سے اور عاجزی سے اور سستی سے اور بخل سے اور بزدلی سے اور قرض چڑھ جانے سے اور لوگوں کے غلبہ سے۔ (صحیح البخاری:2893)

کشتی پر بیٹھنے کی دعا

14. بِسْمِ اللّٰهِ مَجْرٖهَا وَمُرْسٰهَا اِنَّ رَبِّیْ لَغَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ ○

اللہ کے نام کے ساتھ اس کا چلنا اور ٹھہرنا ہے۔ بے شک میرا رب بہت بخشنے والا نہایت مہربان ہے۔

(ھود:41)

دورانِ سفر

بلندی پر چڑھتے ہوئے:

15. اَللّٰهُ أَکْبَرُ.

اللہ سب سے بڑا ہے۔ (صحیح البخاری:2994)

بلندی سے نیچے اترتے ہوئے:

سُبْحَانَ اللّٰهِ.

اللہ پاک ہے۔ (صحیح البخاری:2994)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ کا ذکر کرنا

16. سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ.

اللہ پاک ہے اور سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے۔ (صحیح مسلم:6847)

نبی ﷺ نے معاذ رضی اللہ عنہ کو یمن کی طرف بھیجا تو انہوں نے کہا: اے اللہ کے رسول ﷺ مجھے کوئی وصیت فرمائیں۔ آپ ﷺ نے فرمایا: حسب استطاعت اللہ کا تقوی اختیار کرو، ہر پتھر اور درخت کے پاس اللہ کا ذکر کرو اور جب تم کوئی برائی کرو تو اسی وقت توبہ کرو، مخفی برائی کی تو بہ مخفی انداز میں اور علانیہ گناہ کی توبہ اعلانیہ انداز میں ہونی چاہئے۔

(السلسلة الصحيحة:3330)

کسی منزل پر پڑاؤ ڈالتے وقت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو کسی منزل پر پڑاؤ ڈالے اور یہ پڑھ لے:

17. أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ.

میں اللہ کے تمام کلمات کے ساتھ اس کی پناہ مانگتا ہوں، ہر چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی۔

تو اس جگہ سے کوچ کرنے تک کوئی چیز اس کو نقصان نہیں دے گی۔ (صحیح مسلم:6878)

کسی شہر / بستی میں داخل ہوتے وقت کی دعا

18. رَبِّ أَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ وَّ أَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ وَّاجْعَلْ لِّيْ مِنْ لَّدُنْكَ سُلْطَانًا نَّصِيْرًا ○

اے میرے رب! مجھے سچائی کے مقام پر داخل کر اور مجھے سچائی کے مقام ہی سے نکال اور میرے لیے اپنے پاس سے مددگار قوت مہیا فرما۔ (بنی اسرائیل:80)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

19. رَبِّ أَنْزِلْنِي مُنْزَلاً مُّبَرَكًا وَّ أَنْتَ خَيْرُ الْمُنْزِلِيْنَ○

اے میرے رب! مجھے برکت والی جگہ اتار اور تو سب سے اچھا ٹھکانہ دینے والا ہے۔(المؤمنون:29)

20. اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ وَمَا أَظَلَّتْ وَرَبَّ الْأَرَضِيْنَ السَّبْعِ وَمَا أَقَلَّتْ وَرَبَّ الرِّيَاحِ وَمَا أَذْرَتْ وَرَبَّ الشَّيَاطِيْنِ وَمَا أَضَلَّتْ اِنِّيْ أَسْأَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا فِيْهَا وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِيْهَا.

اے اللہ! اے ساتوں آسمانوں کے رب اور جن چیزوں پر انہوں نے سایہ کیا ہے اور ساتوں زمینوں کے رب اور جن چیزوں کو انہوں نے اٹھایا ہے اور ہواؤں کے رب اور جو کچھ انہوں نے اڑایا ہے اور شیطانوں کے رب اور جنہیں انہوں نے گمراہ کیا ہے بے شک میں تجھ سے اس بستی کی خیر اور جو اس میں ہے اس کی خیر کا سوال کرتا ہوں اور اس کے شر سے اور ان چیزوں کے شر سے جو اس میں ہے تیری پناہ مانگتا ہوں۔(السلسلة الصحيحة:2759)

سفر کے دوران صبح کے وقت مانگی جانے والی دعا

21. سَمِعَ سَامِعٌ بِحَمْدِ اللّٰهِ وَحُسْنِ بَلَائِهِ عَلَيْنَا رَبَّنَا صَاحِبْنَا وَأَفْضِلْ عَلَيْنَا عَائِذًا بِاللّٰهِ مِنَ النَّارِ.

سن لیا سننے والے نے اللہ کی حمد اور اس کی نعمتوں کی خوبی کے اقرار کو۔ اے اللہ! ہمارے ساتھ رہ اور ہم پر فضل کر اس حال میں کہ ہم جہنم سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔(صحیح مسلم:6900)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سفر سے واپسی کی دعائیں

22. اَللّٰهُ أَكْبَرُ، اَللّٰهُ أَكْبَرُ، اَللّٰهُ أَكْبَرُ، سُبْحَانَ الَّذِي سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِيْنَ وَإِنَّا إِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ، اَللّٰهُمَّ إِنَّا نَسْأَلُكَ فِيْ سَفَرِنَا هٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰى وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰى اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَيْنَا سَفَرَنَا هٰذَا وَاطْوِ عَنَّا بُعْدَهُ، اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الصَّاحِبُ فِي السَّفَرِ وَالْخَلِيْفَةُ فِي الْأَهْلِ، اَللّٰهُمَّ إِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَكَآبَةِ الْمَنْظَرِ وَسُوْءِ الْمُنْقَلَبِ فِي الْمَالِ وَالْأَهْلِ، آئِبُوْنَ تَائِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَا حَامِدُوْنَ.

اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، پاک ہے وہ ذات جس نے اس (سواری) کو ہمارے لیے مسخر کر دیا حالانکہ ہم اس کو قابو میں لانے والے نہ تھے اور بے شک ہم اپنے رب کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ اے اللہ! ہم اس سفر میں تجھ سے نیکی، تقویٰ اور ایسے عمل کا سوال کرتے ہیں جو تجھے پسند ہو۔ اے اللہ! ہم پر اس سفر کو آسان کر دے اور اس کی دوری کو لپیٹ دے۔ اے اللہ! تو اس سفر میں (ہمارا) ساتھی ہے اور ہمارے اہل وعیال میں ہمارا خلیفہ ہے۔ اے اللہ! میں سفر کی تکلیف سے، برے منظر سے اور اپنے اہل وعیال میں بری حالت کے ساتھ واپس آنے سے تیری پناہ طلب کرتا ہوں۔ ہم لوٹنے والے ہیں، توبہ کرنے والے ہیں، عبادت کرنے والے ہیں، اپنے رب کی تعریف کرنے والے ہیں۔ (صحیح مسلم: 3275)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

23. آئِبُوْنَ تَآئِبُوْنَ عَابِدُوْنَ لِرَبِّنَاحَامِدُوْنَ.

ہم لوٹنے والے ہیں، توبہ کرنے والے ہیں، عبادت کرنے والے ہیں، اپنے رب کی تعریف کرنے والے ہیں۔ (صحیح البخاری:3085)

24. اَوْبًا اَوْبًا لِرَبِّنَا تَوْبًا لَّا يُغَادِرُ عَلَيْنَا حَوْبًا.

پلٹنے والے ہیں، پلٹنے والے ہیں، ہم اپنے رب ہی کے حضور توبہ کرتے ہیں، ایسی توبہ جو ہم پر گناہوں کا کوئی اثر باقی نہ رہنے دے۔ (المعجم الکبیر للطبرانی، ج:11، 11735)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نظر بد اور حاسد سے حفاظت کی دعائیں

نظر بد کی دعائیں

کسی چیز کو دیکھ کر یہ کہنا

1. مَا شَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ...o

جو اللہ نے چاہا کچھ قوت نہیں مگر اللہ کی مدد سے۔(الکہف:39)

پسندیدہ چیز کو دیکھ کر برکت کی دعا دینا

2. بَارَکَ اللّٰهُ فِيْهِ.

اللہ تمھیں اس میں برکت دے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنے بھائی یا اس کی ذات یا اس کے مال میں کوئی ایسی چیز دیکھے جو اسے پسند آئے تو اسے چاہیے کہ وہ اسے برکت کی دعا دے کیونکہ نظر کا لگنا برحق ہے۔(مسند احمد: 15700)

معوذتین پڑھنا

قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ اور قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ.

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

3. قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِo مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَo وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَo وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِo وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَo

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہہ دو میں مخلوق کے رب کی پناہ پکڑتا ہوں، اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی۔ اور اندھیری رات کے شر سے جب وہ چھا جائے۔ اور گرہوں میں پھونکنے والیوں کے شر سے۔ اور حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرے۔ (الفلق:1-5)

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

4. قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ o مَلِكِ النَّاسِ o اِلٰهِ النَّاسِ o مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ o الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ o مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ o

کہہ دو میں پناہ پکڑتا ہوں لوگوں کے رب کی۔ لوگوں کے بادشاہ کی۔ لوگوں کے معبود کی۔ وسوسہ ڈالنے والے کے شر سے، جو (وسوسہ ڈال کر) پیچھے ہٹ جاتا ہے۔ وہ جو لوگوں کے سینوں میں وسوسہ ڈالتا ہے۔ جنوں اور انسانوں میں سے۔ (الناس:1-6)

ابوسعید رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جنوں اور انسانوں کی نظر بد سے پناہ مانگا کرتے تھے یہاں تک کہ معوذتین (سورۃ الفلق اور سورۃ الناس) نازل ہوئیں۔ جب یہ نازل ہوئیں تو آپ ﷺ نے انہیں پڑھنا شروع کر دیا اور ان کے علاوہ سب کچھ ترک کر دیا۔ (سنن الترمذی:2058)

اللہ کے مکمل کلمات کے ذریعے پناہ حاصل کرنا

ابن عباس رضی اللہ عنہما سے روایت ہے کہ نبی ﷺ حسن و حسین رضی اللہ عنہما کے لئے پناہ طلب کیا کرتے تھے اور فرماتے تھے کہ تمہارے والد (ابراہیم علیہ السلام) بھی ان کلمات کے ذریعہ اسماعیل اور اسحاق کے لئے پناہ مانگا کرتے تھے:

5. أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ كُلِّ شَيْطَانٍ وَهَامَّةٍ وَمِنْ كُلِّ عَيْنٍ لَامَّةٍ.

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میں پناہ مانگتا ہوں اللہ کے مکمل کلمات کے ذریعے ہر ایک شیطان سے اور ہر زہریلے جانور سے اور ہر نقصان پہنچانے والی نظر بد سے۔ (صحیح البخاری: 3371)

نظر بد سے حفاظت کا دم

عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ میں رسول اللہ ﷺ پر نظر بد سے حفاظت کے لئے دم کرتی تھی اور وہ اس طرح کہ میں اپنا ہاتھ ان کے سینے پر رکھتی اور کہتی:

6. اِمْسَحِ الْبَأْسَ رَبَّ النَّاسِ بِيَدِكَ الشِّفَاءُ لَا كَاشِفَ لَهُ اِلَّا أَنْتَ.

اے لوگوں کے رب! اس تکلیف کو دور فرما، شفا تیرے ہاتھ میں ہے، تیرے علاوہ اسے کوئی دور نہیں کر سکتا۔ (مسند احمد: 24995)

شدید نظر لگ جانے پر دعا

عبداللہ بن عامر کہتے ہیں کہ عامر بن ربیعہ اور سہل بن حنیف دونوں غسل کرنے کے ارادے سے نکلے وہ کوئی اوٹ تلاش کر رہے تھے۔ سہل نے اون کا جبہ اتارا۔ (عامر کہتے ہیں کہ) جب میں نے اسے دیکھا تو اسے میری نظر لگ گئی۔ وہ پانی میں اتر کر نہانے لگ گیا میں نے پانی میں اس کے بڑبڑانے کی آواز سنی۔ میں اس کے پاس آیا۔ اسے تین دفعہ آواز دی لیکن اس نے جواب نہ دیا۔ پھر میں نبی ﷺ کے پاس آیا اور ساری بات بتائی۔ آپ ﷺ تشریف لائے اور پانی میں داخل ہو گئے گویا کہ میں اب بھی آپ کی پنڈلیوں کی سفیدی دیکھ رہا ہوں۔ آپ نے اس کے سینے پر تین دفعہ ہاتھ مارا اور پھر یہ دعا دی:

7. اَللّٰهُمَّ أَذْهِبْ عَنْهُ حَرَّهَا وَ بَرْدَهَا وَ وَصَبَهَا.

اے اللہ! اس سے اس کی گرمی و سردی اور بیماری و لاغری دور کر دے۔

پھر کھڑے ہوئے اور فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنے بھائی یا اس کی ذات یا اس کے مال میں کوئی ایسی چیز دیکھے جو اسے پسند آئے تو اسے چاہیے کہ وہ اسے برکت کی دعا دے کیونکہ نظر کا لگنا برحق ہے۔ (السلسلة الصحيحة: 2572)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صبح وشام کی دعائیں پڑھنا

عثمان بن عفان رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ سے سنا آپ فرماتے تھے جس نے (شام کو) تین بار یہ دعا پڑھ لی اسے صبح تک کوئی اچانک مصیبت نہیں آئے گی۔

8. بِسْمِ اللّٰهِ الَّذِیْ لَا یَضُرُّ مَعَ اسْمِهٖ شَیْءٌ فِی الْأَرْضِ وَلَا فِی السَّمَاءِ وَهُوَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ .

اللہ کے نام سے، وہ ذات کہ اس کے نام سے کوئی چیز زمین میں ہو یا آسمان میں، نقصان نہیں دے سکتی اور وہ خوب سننے والا خوب جاننے والا ہے۔

اور جس نے صبح کے وقت تین بار یہ دعا پڑھ لی اسے شام تک کوئی اچانک مصیبت نہیں آئے گی. راوی نے بیان کیا کہ اس حدیث کے روایت کرنے والے ابان بن عثمان کو فالج ہو گیا تھا تو ان سے حدیث سننے والا ان کو تعجب سے دیکھنے لگا (کہ پھر یہ فالج کیسے ہو گیا؟) تو انہوں نے کہا: کیا ہوا مجھے کیا دیکھتے ہو؟ اللہ کی قسم! میں نے عثمان رضی اللہ عنہ پر جھوٹ نہیں بولا ہے اور نہ عثمان رضی اللہ عنہ نے رسول اللہ ﷺ پر جھوٹ بولا ہے۔ لیکن جس دن مجھے یہ فالج ہوا میں اس دن غصے میں تھا اور یہ کلمات پڑھنا بھول گیا تھا۔ (سنن أبی داؤد: 5090)

ہر طرح کے نقصان سے بچنے کی دعا

خولہ بنت حکیم سلمیہؓ سے مروی ہے، وہ کہتی ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا ہے کہ جو شخص کسی مقام پر پڑاؤ کرے اور یہ کہہ لے:

9. أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ.

میں اللہ کے کامل کلمات کی پناہ چاہتا ہوں ہر اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی ہے۔

تو اسے کوئی چیز نقصان نہ پہنچا سکے گی یہاں تک کہ وہ اپنی اس جگہ سے کوچ کر جائے۔ (صحیح مسلم: 6878)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حاسد کے شر سے بچنے کی دعائیں

سورۃ الفلق

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

10. قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ oمِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ oوَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ oوَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِoوَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ o

آپ کہیے کہ میں صبح کے رب کی پناہ مانگتا ہوں۔ ہر اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی ہے۔ اور اندھیری رات کے شر سے جب وہ چھا جائے۔ اور گرہوں میں پھونک مارنے والیوں کے شر سے۔ اور حاسد کے شر سے جب وہ حسد کرے۔ (الفلق: 1-5)

جبرائیل علیہ السلام کا دم

عبادہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ جبریل علیہ السلام رسول اللہ ﷺ کے پاس حاضر ہوئے اس حال میں کہ آپ ﷺ کانپ رہے تھے تو جبریل علیہ السلام نے کہا:

11. بِسْمِ اللّٰهِ أَرْقِيْكَ مِنْ كُلِّ شَيْءٍ يُؤْذِيْكَ مِنْ حَسَدِ حَاسِدٍ وَكُلِّ عَيْنٍ وَاسْمُ اللّٰهِ يَشْفِيْكَ.

اللہ کے نام کے ساتھ میں آپ کو دم کرتا ہوں ہر اس چیز سے جو آپ کو اذیت دیتی ہے، ہر حاسد کے حسد سے اور ہر نظر بد سے، اور اللہ کے نام کے ساتھ، اللہ آپ کو شفا دے۔ (مسند احمد: 22760)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جادو سے حفاظت کی دعائیں

قرآنی دعائیں

سورۃ الفاتحہ

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

1. اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ رَبِّ الْعٰلَمِيْنَ ○ اَلرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ ○ مٰلِكِ يَوْمِ الدِّيْنِ ○ اِيَّاكَ نَعْبُدُ وَاِيَّاكَ نَسْتَعِيْنُ ○ اِهْدِنَا الصِّرَاطَ الْمُسْتَقِيْمَ ○ صِرَاطَ الَّذِيْنَ اَنْعَمْتَ عَلَيْهِمْ غَيْرِ الْمَغْضُوْبِ عَلَيْهِمْ وَلَا الضَّآلِّيْنَ ○

سب تعریف اللہ کے لیے ہے جو سارے جہانوں کا پالنے والا ہے۔ جو بڑا مہربان نہایت رحم کرنے والا ہے۔ بدلے کے دن کا مالک ہے۔ ہم صرف تیری عبادت کرتے ہیں اور صرف تجھ سے مدد مانگتے ہیں۔ ہمیں سیدھے راستے پر چلا۔ ان لوگوں کے راستے پر جن پر تو نے انعام کیا، جن پر نہ غصہ کیا گیا اور نہ وہ گمراہ ہیں۔ (الفاتحۃ: 7-1)

خارجہ بن صلت تمیمی اپنے چچا سے روایت کرتے ہیں کہ وہ رسول اللہ ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے انہوں نے اسلام قبول کیا، پھر جب واپس جانے لگے تو ایک قوم کے پاس سے گزر ہوا جن کے یہاں ایک مجنون آدمی تھا جسے انہوں نے لوہے کی زنجیروں سے باندھ رکھا تھا، اس کے اہل خانہ کہنے لگے کہ ہمیں معلوم ہوا ہے کہ تمہارا یہ ساتھی (یعنی نبی ﷺ) خیر لے کر آیا ہے کیا تمہارے پاس کوئی ایسی چیز ہے جس سے تم اس کا علاج کر سکو؟ تو میں نے سورۃ الفاتحہ پڑھ کر دم کیا تو وہ ٹھیک ہو گیا۔ (سنن ابی داؤد: 3896)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سورۃ البقرۃ شیطان کا توڑ

سورۃ البقرۃ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سورۃ البقرۃ پڑھا کرو، کیونکہ اس کا پڑھنا باعث برکت، اسے چھوڑنا باعث حسرت ہے اور اس کے پڑھنے والے پر جادوگر قدرت نہیں پا سکتے۔ (صحیح مسلم:1874)

ابو ہریرہؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم اپنے گھروں کو قبرستان نہ بناؤ کیونکہ شیطان اس گھر سے بھاگ جاتا ہے جس گھر میں سورۃ البقرۃ کی تلاوت کی جاتی ہے۔ (صحیح مسلم:1864)

رقیہ شرعیہ

درج ذیل قرآنی آیات

سورۃ البقرۃ (1-5)

2. الٓمّٓ o ذٰلِکَ الْکِتٰبُ لَا رَیْبَ فِیْهِ هُدًی لِّلْمُتَّقِیْنَ o
الَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِالْغَیْبِ وَیُقِیْمُوْنَ الصَّلٰوةَ وَمِمَّا رَزَقْنٰهُمْ
یُنْفِقُوْنَ o وَالَّذِیْنَ یُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْکَ وَمَآ اُنْزِلَ
مِنْ قَبْلِکَ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ یُوْقِنُوْنَ o اُولٰٓئِکَ عَلٰی هُدًی
مِّنْ رَّبِّهِمْ وَاُولٰٓئِکَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ o

الم۔ یہ کتاب، اس میں کوئی شک نہیں، تقوی والوں کے لیے سراسر ہدایت ہے۔ وہ لوگ جو غیب پر ایمان لاتے ہیں اور نماز قائم کرتے ہیں اور جو ہم نے انہیں دیا، اس میں سے خرچ کرتے ہیں اور وہ جو اس پر ایمان لاتے ہیں جو تیری طرف اتارا گیا اور جو تجھ سے پہلے اتارا گیا اور وہ آخرت پر یقین رکھتے ہیں۔ یہی لوگ اپنے رب کی طرف سے ہدایت پر ہیں اور یہی لوگ کامیاب ہیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

3. وَاتَّبَعُوْا مَا تَتْلُوا الشَّيٰطِيْنُ عَلٰى مُلْكِ سُلَيْمٰنَ وَمَا كَفَرَ سُلَيْمٰنُ وَلٰكِنَّ الشَّيٰطِيْنَ كَفَرُوْا يُعَلِّمُوْنَ النَّاسَ السِّحْرَ وَمَآ اُنْزِلَ عَلَى الْمَلَكَيْنِ بِبَابِلَ هَارُوْتَ وَمَارُوْتَ وَمَا يُعَلِّمٰنِ مِنْ أَحَدٍ حَتّٰى يَقُوْلَآ اِنَّمَا نَحْنُ فِتْنَةٌ فَلَا تَكْفُرْ فَيَتَعَلَّمُوْنَ مِنْهُمَا مَا يُفَرِّقُوْنَ بِهٖ بَيْنَ الْمَرْءِ وَزَوْجِهٖ وَمَا هُمْ بِضَآرِّيْنَ بِهٖ مِنْ أَحَدٍ اِلَّا بِاِذْنِ اللّٰهِ وَيَتَعَلَّمُوْنَ مَا يَضُرُّهُمْ وَلَا يَنْفَعُهُمْ وَلَقَدْ عَلِمُوْا لَمَنِ اشْتَرٰهُ مَا لَهٗ فِي الْاٰخِرَةِ مِنْ خَلَاقٍ وَلَبِئْسَ مَا شَرَوْا بِهٖٓ اَنْفُسَهُمْ لَوْ كَانُوْا يَعْلَمُوْنَ○

اور انہوں نے اس کی پیروی کی جسے شیطان سلیمان کی بادشاہت میں پڑھتے تھے، اور سلیمان نے کفر نہیں کیا بلکہ شیطانوں نے کفر کیا، وہ لوگوں کو جادو سکھاتے اور (اس کی پیروی کرتے) جو بابل میں ہاروت اور ماروت دو فرشتوں پر نازل کیا گیا، حالانکہ وہ دونوں کسی ایک کو نہیں سکھاتے تھے، یہاں تک کہ وہ دونوں کہتے ہم تو محض ایک آزمائش ہیں لہٰذا تم کفر نہ کرو، چنانچہ وہ ان دونوں سے جادو سیکھتے جس کے ذریعے سے وہ شوہر اور اس کی بیوی کے درمیان جدائی ڈالتے اور وہ اس جادو سے اللہ کے حکم کے سوا کسی کو نقصان نہیں پہنچا سکتے تھے۔ اور وہ ان سے وہ علم سیکھتے تھے جو انہیں نقصان پہنچاتا اور نفع نہ دیتا، حالانکہ وہ جانتے تھے کہ جس نے اس کو خریدا، آخرت میں اس کے لیے کوئی حصہ نہیں، اور البتہ تحقیق وہ بہت بری چیز تھی جس کے بدلے میں انہوں نے اپنی جانیں بیچ ڈالیں کاش! وہ جان لیتے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سورۃ البقرۃ (163-164)

4. وَاِلٰهُكُمْ اِلٰهٌ وَّاحِدٌ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيْمُ ○ اِنَّ فِيْ خَلْقِ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَاخْتِلَافِ الَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَالْفُلْكِ الَّتِيْ تَجْرِيْ فِي الْبَحْرِ بِمَا يَنْفَعُ النَّاسَ وَمَآ اَنْزَلَ اللّٰهُ مِنَ السَّمَآءِ مِنْ مَّآءٍ فَاَحْيَا بِهِ الْاَرْضَ بَعْدَ مَوْتِهَا وَبَثَّ فِيْهَا مِنْ كُلِّ دَآبَّةٍ وَّتَصْرِيْفِ الرِّيٰحِ وَالسَّحَابِ الْمُسَخَّرِ بَيْنَ السَّمَآءِ وَالْاَرْضِ لَاٰيٰتٍ لِّقَوْمٍ يَّعْقِلُوْنَ ○

اور تمہارا معبود ایک ہی معبود ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ نہایت مہربان، بہت رحم فرمانے والا ہے۔ بے شک آسمانوں اور زمین کی پیدائش اور رات دن کے بدل بدل کر آنے جانے میں اور ان کشتیوں میں جو سمندر میں ان چیزوں کو لیے چلتی ہیں جو لوگوں کو نفع دیتی ہیں اور اللہ کے نازل کردہ آسمانی پانی میں کہ اس کے ذریعے زمین کو اس کی موت کے بعد زندہ کیا اور ہر قسم کے جانوروں میں جو اس میں پھیلائے ہیں اور ہواؤں کے پھیرنے میں اور آسمان و زمین کے درمیان مسخر کیے جانے والے بادلوں میں ان لوگوں کے لیے نشانیاں ہیں جو عقل رکھتے ہیں۔

سورۃ البقرۃ (255)

5. اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا يَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ o

اللہ (وہ ہے کہ) اس کے سوا کوئی معبود نہیں، زندہ ہے، ہر چیز کو قائم رکھنے والا ہے، نہ اسے اونگھ پکڑتی ہے اور نہ نیند، اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے، کون ہے وہ جو اس کے پاس اس کی اجازت کے بغیر سفارش کرے، جانتا ہے جو کچھ ان کے سامنے اور جو ان کے پیچھے ہے اور وہ اس کے علم میں سے کسی چیز کا احاطہ نہیں کرتے مگر جتنا وہ چاہے۔ اس کی کرسی آسمانوں اور زمین کو سمائے ہوئے ہے اور اسے ان دونوں کی حفاظت نہیں تھکاتی اور وہی سب سے بلند، سب سے بڑا ہے۔

سورۃ البقرۃ (285-286)

6. اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ لَا نُفَرِّقُ بَيْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ o لَا يُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَيْهَا مَا اكْتَسَبَتْ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَاعْفُ عَنَّا

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَآ أَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○

رسول ایمان لایا اس پر جو اس کے رب کی طرف سے نازل کیا گیا اور سب مومن بھی، سب کے سب ایمان لائے اللہ پر، اس کے فرشتوں پر، اس کی کتابوں پر اور اس کے رسولوں پر۔ ہم اس کے رسولوں میں سے کسی میں فرق نہیں کرتے اور وہ کہتے ہیں ہم نے سنا اور ہم نے اطاعت کی، تیری بخشش (مانگتے ہیں) اے ہمارے رب اور تیری طرف ہی لوٹنا ہے۔ اللہ کسی کو اس کی طاقت سے زیادہ تکلیف نہیں دیتا، اسی کے لیے ہے جو اس نے (نیکی) کی اور اس پر ہے جو اس نے (گناہ) کمایا، اے ہمارے رب! اگر ہم بھول جائیں یا ہم خطا کر لیں تو ہمیں نہ پکڑنا، اے ہمارے رب! ہم پر وہ بوجھ نہ ڈال جیسا کہ تو نے ہم سے پہلے لوگوں پر ڈالا، اے ہمارے رب! تو ہم سے وہ بوجھ نہ اٹھوا جس کے اٹھانے کی طاقت ہم میں نہیں، ہم سے درگزر فرما اور ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم فرما، تو ہی ہمارا مولا ہے پس کافر قوم کے مقابلے میں ہماری مدد فرما۔

سورۃ آل عمران (19-18)

7. شَهِدَ اللّٰهُ اَنَّهٗ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ وَالْمَلٰٓئِكَةُ وَاُولُوا الْعِلْمِ قَآئِمًا بِالْقِسْطِ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○ اِنَّ الدِّيْنَ عِنْدَ اللّٰهِ الْاِسْلَامُ وَمَا اخْتَلَفَ الَّذِيْنَ اُوْتُوا الْكِتٰبَ اِلَّا مِنْ بَعْدِ مَا جَآءَهُمُ الْعِلْمُ بَغْيًا بَيْنَهُمْ وَمَنْ يَّكْفُرْ بِاٰيٰتِ اللّٰهِ فَاِنَّ اللّٰهَ سَرِيْعُ الْحِسَابِ ○

اللہ نے گواہی دی کہ بے شک حقیقت یہ ہے کہ اس کے سوا کوئی معبود نہیں اور فرشتوں نے اور علم والوں

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نے بھی، اس حال میں کہ وہ انصاف پر قائم ہے، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، سب پر غالب، کمال حکمت والا ہے۔ بے شک دین اللہ کے نزدیک اسلام ہی ہے اور وہ لوگ جنہیں کتاب دی گئی انہوں نے اختلاف نہیں کیا مگر اس کے بعد کہ ان کے پاس علم آچکا آپس میں ضد کی وجہ سے اور جو اللہ کی آیات کا انکار کرے تو بے شک اللہ بہت جلد حساب لینے والا ہے۔

سورۃ الاعراف (54-56)

8. اِنَّ رَبَّكُمُ اللّٰهُ الَّذِیْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ فِیْ سِتَّةِ اَیَّامٍ ثُمَّ اسْتَوٰی عَلَی الْعَرْشِ یُغْشِی الَّیْلَ النَّهَارَ یَطْلُبُهٗ حَثِیْثًا وَّالشَّمْسَ وَالْقَمَرَ وَالنُّجُوْمَ مُسَخَّرٰتٍ بِاَمْرِهٖ اَلَا لَهُ الْخَلْقُ وَالْاَمْرُ تَبٰرَكَ اللّٰهُ رَبُّ الْعٰلَمِیْنَ○ اُدْعُوْا رَبَّكُمْ تَضَرُّعًا وَّخُفْیَةً اِنَّهٗ لَا یُحِبُّ الْمُعْتَدِیْنَ○ وَلَا تُفْسِدُوْا فِی الْاَرْضِ بَعْدَ اِصْلَاحِهَا وَادْعُوْهُ خَوْفًا وَّطَمَعًا اِنَّ رَحْمَتَ اللّٰهِ قَرِیْبٌ مِّنَ الْمُحْسِنِیْنَ○

بے شک تمہارا رب اللہ ہے جس نے آسمانوں اور زمین کو چھ دن میں پیدا کیا، پھر وہ عرش پر مستوی ہوا، وہ رات کو دن پر اوڑھا دیتا ہے جو تیز چلتا ہوا اس کے پیچھے چلا آتا ہے اور سورج اور چاند اور ستارے (پیدا کیے) اس حال میں کہ اس کے حکم سے تابع کیے ہوئے ہیں، سن لو! پیدا کرنا اور حکم دینا اسی کا کام ہے، بہت برکت والا ہے اللہ جو سارے جہانوں کا رب ہے۔ اپنے رب کو گڑگڑا کر اور خفیہ طور پر پکارو، بے شک وہ حد سے بڑھنے والوں سے محبت نہیں کرتا۔ اور زمین میں اس کی اصلاح کے بعد فساد مت پھیلاؤ اور اسے خوف اور طمع سے پکارو، بے شک اللہ کی رحمت نیکی کرنے والوں کے قریب ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سورۃ الاعراف (117-122)

9. وَأَوْحَيْنَآ اِلٰى مُوْسٰٓى أَنْ أَلْقِ عَصَاكَ فَاِذَا هِىَ تَلْقَفُ مَا يَأْفِكُونَ○ فَوَقَعَ الْحَقُّ وَبَطَلَ مَا كَانُوْا يَعْمَلُوْنَ○ فَغُلِبُوْا هُنَالِكَ وَانْقَلَبُوْا صَاغِرِيْنَ○ وَاُلْقِيَ السَّحَرَةُ سَاجِدِيْنَ○ قَالُوْٓا آمَنَّا بِرَبِّ الْعَالَمِيْنَ○ رَبِّ مُوْسٰى وَهَارُوْنَ○

اور ہم نے موسیٰ کو وحی کی کہ وہ اپنا عصا پھینک دے، تو اچانک وہ ان چیزوں کو نگلنے لگا جو وہ جھوٹ موٹ بنا رہے تھے۔ چنانچہ سچی بات ثابت ہوگئی اور اُن کا کیا کرایا سب باطل ہوگیا اور جادوگر سجدہ میں گر پڑے۔ کہنے لگے ہم ایمان لائے رب العالمین پر جو موسیٰ اور ہارون کا رب ہے۔

سورۃ یونس (81-82)

10. فَلَمَّآ أَلْقَوْا قَالَ مُوْسٰى مَا جِئْتُمْ بِهِ السِّحْرُ اِنَّ اللّٰهَ سَيُبْطِلُهٗ اِنَّ اللّٰهَ لَا يُصْلِحُ عَمَلَ الْمُفْسِدِيْنَ○ وَيُحِقُّ اللّٰهُ الْحَقَّ بِكَلِمٰتِهٖ وَلَوْ كَرِهَ الْمُجْرِمُوْنَ○

جب انہوں نے پھینکا تو موسیٰ نے کہا یہ جو تم لے کر آئے ہو یہ تو جادو ہے، بے شک اللہ اسے جلدی باطل کر دے گا، اس لیے کہ اللہ مفسدین کا کام درست نہیں کرتا۔ اور اللہ حق کو اپنے کلمات کے ذریعے ثابت کر دے گا خواہ مجرمین اس کو ناپسند ہی کریں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سورۃ طٰہٰ (69)

11. وَأَلْقِ مَا فِي يَمِينِكَ تَلْقَفْ مَا صَنَعُوا إِنَّمَا صَنَعُوا كَيْدُ سَاحِرٍ وَلَا يُفْلِحُ السَّاحِرُ حَيْثُ أَتَىٰ ○

جو تمہارے داہنے ہاتھ میں ہے اُسے ڈال دو، وہ اُن کے کرتب کو نگل جائے گا۔ اُنہوں نے جو کچھ بنایا وہ جادوگر کا دھوکا ہے اور جادوگر کہیں سے بھی آ جائے کامیاب نہیں ہو سکتا۔

سورۃ المؤمنون (115-118)

12. أَفَحَسِبْتُمْ أَنَّمَا خَلَقْنَاكُمْ عَبَثًا وَأَنَّكُمْ إِلَيْنَا لَا تُرْجَعُونَ ○ فَتَعَالَى اللَّهُ الْمَلِكُ الْحَقُّ لَا إِلَٰهَ إِلَّا هُوَ رَبُّ الْعَرْشِ الْكَرِيمِ ○ وَمَنْ يَدْعُ مَعَ اللَّهِ إِلَٰهًا آخَرَ لَا بُرْهَانَ لَهُ بِهِ فَإِنَّمَا حِسَابُهُ عِنْدَ رَبِّهِ إِنَّهُ لَا يُفْلِحُ الْكَافِرُونَ ○ وَقُلْ رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَأَنْتَ خَيْرُ الرَّاحِمِينَ ○

کیا تم نے گمان کر لیا کہ ہم نے تمہیں بے فائدہ پیدا کیا ہے اور یہ کہ تم ہماری طرف لوٹ کر نہیں آؤ گے؟ پس بہت بلند ہے اللہ، سچا بادشاہ، اس کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ عزت والے عرش کا رب ہے۔ اور جو شخص اللہ کے ساتھ کسی دوسرے معبود کو پکارے جس کی کوئی دلیل اس کے پاس نہیں، تو یقیناً اس کا حساب اس کے رب کے پاس ہے۔ بے شک کافر لوگ فلاح نہیں پائیں گے۔ اور آپ کہیں اے میرے رب! (میری) مغفرت فرما، اور (مجھ پر) رحم فرما اور تو رحم کرنے والوں میں سب سے بہتر (رحم کرنے والا) ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سورۃ الصّٰفّٰت (1-10)

13. وَالصّٰٓفّٰتِ صَفًّا ۝ فَالزّٰجِرٰتِ زَجْرًا ۝ فَالتّٰلِيٰتِ ذِكْرًا ۝ اِنَّ اِلٰهَكُمْ لَوَاحِدٌ ۝ رَبُّ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضِ وَمَا بَيْنَهُمَا وَرَبُّ الْمَشٰرِقِ ۝ اِنَّا زَيَّنَّا السَّمَآءَ الدُّنْيَا بِزِيْنَةِ ِۨالْكَوَاكِبِ ۝ وَحِفْظًا مِّنْ كُلِّ شَيْطٰنٍ مَّارِدٍ ۝ لَا يَسَّمَّعُوْنَ اِلَى الْمَلَاِ الْاَعْلٰى وَيُقْذَفُوْنَ مِنْ كُلِّ جَانِبٍ ۝ دُحُوْرًا وَّلَهُمْ عَذَابٌ وَاصِبٌ ۝ اِلَّا مَنْ خَطِفَ الْخَطْفَةَ فَاَتْبَعَهٗ شِهَابٌ ثَاقِبٌ ۝

قسم ہے ان (فرشتوں) کی جو صف باندھنے والے ہیں خوب صف باندھنا، پھر ان کی جو ڈانٹنے والے ہیں زبردست ڈانٹنا، پھر ان کی جو ذکر کرنے والے ہیں بلاشبہ تمہارا الٰہ ایک ہی ہے، وہ جو آسمانوں اور زمین کا اور ان دونوں کے درمیان کی چیزوں کا رب ہے اور سارے مشرقوں کا رب ہے۔ بلاشبہ ہم نے آسمانِ دنیا کو ستاروں کی زینت سے مزین کیا ہے اور اسے ہر سرکش شیطان سے محفوظ بنا دیا ہے، وہ عالم بالا کی باتیں سن نہیں سکتے، اور ہر طرف سے ان پر (شہاب) پھینکے جاتے ہیں تاکہ وہ بھاگ کھڑے ہوں اور ان کے لیے ہمیشہ رہنے والا عذاب ہے۔ تاہم اگر کوئی (شیطان کوئی بات) اچانک اچک کر لے اڑے تو ایک چمکتا ہوا شعلہ اس کا پیچھا کرتا ہے۔

سورۃ الاحقاف (29-33)

14. وَاِذْ صَرَفْنَآ اِلَيْكَ نَفَرًا مِّنَ الْجِنِّ يَسْتَمِعُوْنَ الْقُرْاٰنَ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فَلَمَّا حَضَرُوْهُ قَالُوْٓا اَنْصِتُوْا فَلَمَّا قُضِيَ وَلَّوْا اِلٰى قَوْمِهِمْ مُّنْذِرِيْنَ ○ قَالُوْا يَا قَوْمَنَا اِنَّا سَمِعْنَا كِتَابًا اُنْزِلَ مِنْ بَعْدِ مُوْسٰى مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ يَهْدِيْٓ اِلَى الْحَقِّ وَاِلٰى طَرِيْقٍ مُّسْتَقِيْمٍ○ يٰقَوْمَنَآ اَجِيْبُوْا دَاعِيَ اللّٰهِ وَاٰمِنُوْا بِهٖ يَغْفِرْ لَكُمْ مِّنْ ذُنُوْبِكُمْ وَيُجِرْكُمْ مِّنْ عَذَابٍ اَلِيْمٍ ○ وَمَنْ لَّا يُجِبْ دَاعِيَ اللّٰهِ فَلَيْسَ بِمُعْجِزٍ فِي الْاَرْضِ وَلَيْسَ لَهٗ مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَآءُ اُولٰٓئِكَ فِيْ ضَلٰلٍ مُّبِيْنٍ ○ اَوَلَمْ يَرَوْا اَنَّ اللّٰهَ الَّذِيْ خَلَقَ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَمْ يَعْيَ بِخَلْقِهِنَّ بِقَادِرٍ عَلٰٓى اَنْ يُّحْيِيَ الْمَوْتٰى بَلٰٓى اِنَّهٗ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ○

اور جب ہم نے جنوں کی ایک جماعت کو آپ کی طرف پھیرا، جبکہ وہ قرآن غور سے سنتے تھے، پھر جب وہ (نبی کی تلاوت سننے) ان کے پاس حاضر ہوئے، تو (ایک دوسرے سے) کہنے لگے خاموش ہو جاؤ پھر جب (قرآن) پڑھا جا چکا تو وہ اپنی قوم کو ڈرانے والے بن کر لوٹے۔ کہنے لگے: اے ہماری قوم! بے شک ہم نے ایک کتاب سنی ہے جو موسیٰ کے بعد نازل کی گئی ہے وہ ان کتابوں کی تصدیق کرتی ہے جو اس سے پہلے کی ہیں، وہ حق کی طرف اور صراط مستقیم کی طرف رہنمائی کرتی ہے۔ اے ہماری قوم! اللہ کے داعی کی بات کو قبول کر لو، اور اس پر ایمان لے آؤ، وہ تمہارے گناہ بخش دے گا اور تمہیں دردناک عذاب سے پناہ دے گا۔ اور جو کوئی اللہ کے داعی کی بات قبول نہیں کرے گا تو وہ زمین میں (اللہ کو) عاجز نہیں کر سکے گا' اور اس کے سوا اس کا کوئی مددگار نہیں ہوگا، یہی لوگ کھلی گمراہی میں ہیں۔ کیا وہ نہیں دیکھتے

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہ بے شک اللہ، جس نے آسمانوں اور زمین کو پیدا کیا اور وہ ان کے پیدا کرنے سے تھکا نہیں، اس پر قادر ہے کہ مردوں کو زندہ کرے؟ کیوں نہیں! بلاشبہ وہ ہر چیز پر کمال قدرت رکھنے والا ہے۔

سورۃ الرحمٰن (33-36)

15. يَا مَعْشَرَ الْجِنِّ وَالْإِنْسِ إِنِ اسْتَطَعْتُمْ أَنْ تَنْفُذُوا مِنْ أَقْطَارِ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ فَانْفُذُوا لَا تَنْفُذُونَ إِلَّا بِسُلْطٰنٍ ○ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ○ يُرْسَلُ عَلَيْكُمَا شُوَاظٌ مِّنْ نَّارٍ وَّنُحَاسٌ فَلَا تَنْتَصِرَانِ ○ فَبِأَيِّ آلَاءِ رَبِّكُمَا تُكَذِّبَانِ ○

اے گروہ جن وانس! اگر تم آسمانوں اور زمین کے کناروں سے باہر نکل بھاگنے کی طاقت رکھتے ہو تو نکل جاؤ! کسی غلبے کے بغیر تو تم نکل ہی نہیں سکتے۔ پھر تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟ تم دونوں پر آگ کا شعلہ اور دھواں چھوڑا جائے گا پھر تم دونوں بچ نہ سکو گے۔ پھر تم دونوں اپنے رب کی کس کس نعمت کو جھٹلاؤ گے؟

سورۃ الحشر (21-24)

16. لَوْ أَنْزَلْنَا هٰذَا الْقُرْآنَ عَلٰى جَبَلٍ لَّرَأَيْتَهٗ خَاشِعًا مُّتَصَدِّعًا مِّنْ خَشْيَةِ اللّٰهِ وَتِلْكَ الْأَمْثَالُ نَضْرِبُهَا لِلنَّاسِ لَعَلَّهُمْ يَتَفَكَّرُونَ ○ هُوَ اللّٰهُ الَّذِي لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ عَالِمُ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ هُوَ الرَّحْمٰنُ الرَّحِيمُ ○ هُوَ اللّٰهُ

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

الَّذِیْ لَآ إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْمَلِکُ الْقُدُّوْسُ السَّلَامُ الْمُؤْمِنُ الْمُهَیْمِنُ الْعَزِیْزُ الْجَبَّارُ الْمُتَکَبِّرُ سُبْحَانَ اللّٰهِ عَمَّا یُشْرِکُوْنَ o هُوَ اللّٰهُ الْخَالِقُ الْبَارِئُ الْمُصَوِّرُ لَهُ الْأَسْمَآءُ الْحُسْنٰی یُسَبِّحُ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ وَهُوَ الْعَزِیْزُ الْحَکِیْمُ o

(اے نبی ﷺ!) اگر ہم اس قرآن کو کسی پہاڑ پر نازل کرتے تو آپ دیکھتے کہ وہ اللہ کے خوف سے دب جاتا اور پھٹ جاتا اور یہ مثالیں ہم لوگوں کے لیے بیان کرتے ہیں شاید کہ وہ غور وفکر کریں۔ وہ اللہ ہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، ہر چھپی اور کھلی چیز کو جاننے والا ہے، وہی بے حد رحم والا، نہایت مہربان ہے۔ وہ اللہ ہی ہے جس کے سوا کوئی معبود نہیں، بادشاہ ہے، نہایت پاک، سلامتی والا، امن دینے والا، نگہبان، سب پر غالب، اپنی مرضی چلانے والا، بے حد بڑائی والا ہے، پاک ہے اللہ اس سے جو وہ شریک ٹھہراتے ہیں۔ وہ اللہ ہی ہے جو خاکہ بنانے والا، گھڑنے ڈھالنے والا، صورت بنانے والا ہے، سب اچھے نام اسی کے ہیں، اس کی تسبیح ہر وہ چیز کرتی ہے جو آسمانوں اور زمین میں ہے اور وہی سب پر غالب، کمال حکمت والا ہے۔

سورۃ التغابن (14-16)

17. یٰٓأَیُّهَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْٓا إِنَّ مِنْ أَزْوَاجِکُمْ وَأَوْلَادِکُمْ عَدُوًّا لَّکُمْ فَاحْذَرُوْهُمْ وَإِنْ تَعْفُوْا وَتَصْفَحُوْا وَتَغْفِرُوْا فَإِنَّ اللّٰهَ غَفُوْرٌ رَّحِیْمٌ o إِنَّمَا أَمْوَالُکُمْ وَأَوْلَادُکُمْ فِتْنَةٌ وَّاللّٰهُ عِنْدَهٗٓ أَجْرٌ عَظِیْمٌ o فَاتَّقُوا اللّٰهَ مَا اسْتَطَعْتُمْ وَاسْمَعُوْا وَأَطِیْعُوْا

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَأَنْفِقُوْا خَيْرًا لِّأَنْفُسِكُمْ وَمَنْ يُّوْقَ شُحَّ نَفْسِهٖ فَأُولٰٓئِكَ هُمُ الْمُفْلِحُوْنَ ○

اے لوگو جو ایمان لائے ہو! بے شک تمہاری بیویوں اور تمہارے بچوں میں سے بعض تمہارے دشمن ہیں، سو ان سے ہوشیار رہو اور اگر تم معاف کر دو اور درگزر کرو اور بخش دو تو بے شک اللہ بے حد بخشنے والا، نہایت رحم والا ہے۔ تمہارے مال اور تمہاری اولاد تو محض ایک آزمائش ہیں اور اللہ کے پاس بہت بڑا اجر ہے، سو اللہ سے ڈرو جتنی طاقت رکھو اور سنو اور حکم مانو اور خرچ کرو، تمہارے اپنے لیے بہتر ہوگا اور جو اپنے نفس کے بخل سے بچا لیے جائیں سو وہی کامیاب ہیں۔

سورۃ الجن (1-9)

18. قُلْ أُوْحِيَ إِلَيَّ أَنَّهُ اسْتَمَعَ نَفَرٌ مِّنَ الْجِنِّ فَقَالُوْٓا إِنَّا سَمِعْنَا قُرْآنًا عَجَبًا ○ يَّهْدِيْٓ إِلَى الرُّشْدِ فَاٰمَنَّا بِهٖ وَلَنْ نُّشْرِكَ بِرَبِّنَآ أَحَدًا ○ وَأَنَّهٗ تَعَالٰى جَدُّ رَبِّنَا مَا اتَّخَذَ صَاحِبَةً وَّلَا وَلَدًا ○ وَّأَنَّهٗ كَانَ يَقُوْلُ سَفِيْهُنَا عَلَى اللّٰهِ شَطَطًا ○ وَّأَنَّا ظَنَنَّآ أَنْ لَّنْ تَقُوْلَ الْإِنْسُ وَالْجِنُّ عَلَى اللّٰهِ كَذِبًا ○ وَّأَنَّهٗ كَانَ رِجَالٌ مِّنَ الْإِنْسِ يَعُوْذُوْنَ بِرِجَالٍ مِّنَ الْجِنِّ فَزَادُوْهُمْ رَهَقًا ○ وَّأَنَّهُمْ ظَنُّوْا كَمَا ظَنَنْتُمْ أَنْ لَّنْ يَّبْعَثَ اللّٰهُ أَحَدًا ○ وَّأَنَّا لَمَسْنَا السَّمَآءَ فَوَجَدْنَاهَا مُلِئَتْ حَرَسًا شَدِيْدًا وَّشُهُبًا ○ وَّأَنَّا كُنَّا نَقْعُدُ مِنْهَا مَقَاعِدَ لِلسَّمْعِ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فَمَنْ يَّسْتَمِعِ الْآنَ يَجِدْلَهُ شِهَابًا رَّصَدًا ○

(اے محمد ﷺ) آپ کہہ دیں کہ مجھے وحی کی گئی ہے کہ جنوں کے ایک گروہ نے (قرآن) غور سے سنا اور انہوں نے کہا کہ ہم نے بڑا عجیب قرآن سنا ہے۔ جو بھلائی کی طرف راہنمائی کرتا ہے سو ہم اس پر ایمان لے آئے (اب) ہم ہرگز کسی کو بھی اپنے رب کا شریک نہ بنائیں گے اور بے شک ہمارے رب کی شان بڑی بلند ہے۔ نہ اس نے کسی کو بیوی بنایا ہے اور نہ بیٹا اور بلاشبہ یہ ہمارے بے وقوف لوگ اللہ کے ذمے بہت سی جھوٹی باتیں لگاتے رہے ہیں اور یہ کہ ہم نے تو یہ سمجھ رکھا تھا کہ انسان اور جن اللہ کے بارے میں ہرگز کبھی جھوٹ نہیں بول سکتے۔ اور یہ کہ انسانوں میں سے کچھ لوگ جنوں میں سے کچھ لوگوں کی پناہ مانگا کرتے تھے، اسی طرح انہوں نے ان (جنوں کا غرور) اور بڑھا دیا۔ اور یہ کہ ان (انسانوں) نے بھی وہی گمان کیا جیسا تمہارا گمان تھا کہ اللہ کسی کو (رسول بنا کر) نہ بھیجے گا اور یہ کہ بے شک ہم نے آسمانوں کو ٹٹولا تو دیکھا کہ وہ سخت پہریداروں اور شہابوں سے بھرا ہے۔ اور یہ کہ پہلے ہم سُن گُن لینے کے لیے (آسمان میں) بیٹھنے کی جگہ پا لیتے تھے، مگر اب جو کان لگاتا ہے وہ اپنے لیے گھات میں ایک شہاب ثاقب لگا ہوا پاتا ہے۔

معوّذات

ہر شر سے بچنے کے لیے

سورۃ الاخلاص

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

19. قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ○ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُ كُفُوًا أَحَدٌ ○

کہہ دو وہ اللہ ایک ہے۔ اللہ ہی بے نیاز ہے۔ نہ اس کی کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے۔ اور نہ کوئی اس کا ہمسر ہے۔ (الاخلاص: 4-1)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سورۃ الفلق

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

20. قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ o مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ o وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ o وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ o وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ o

آپ کہیے: میں صبح کے رب کی پناہ مانگتا ہوں۔ ہر اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی ہے۔ اور اندھیری رات کے شر سے جب وہ چھا جائے۔ اور گرہوں میں پھونک مارنے والیوں کے شر سے۔ اور حاسد کے شر سے جب وہ حسد کرے۔ (الفلق: 5-1)

سورۃ الناس

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

21. قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ o مَلِكِ النَّاسِ o اِلٰهِ النَّاسِ o مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ o الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ o مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ o

آپ کہیے: میں پناہ پکڑتا ہوں لوگوں کے رب کی۔ لوگوں کے بادشاہ کی۔ لوگوں کے معبود کی۔ وسوسہ ڈالنے والے کے شر سے، جو (وسوسہ ڈال) کر پیچھے ہٹ جاتا ہے۔ وہ جو لوگوں کے سینوں میں وسوسہ ڈالتا ہے۔ جنوں اور انسانوں میں سے۔ (الناس: 6-1)

ابو سعید خدری سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ جنوں اور انسانوں کی نظر بد سے پناہ مانگا کرتے تھے پھر جب معوذتین نازل ہوئیں تو آپ ﷺ نے ان کو لازم پکڑ لیا اور ان کے سوا دوسروں کو ترک کر دیا۔ (سنن الترمذی: 2058)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عبداللہ بن خبیب رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک مرتبہ بارش بھی ہو رہی تھی اور اندھیرا بھی تھا ہم رسول اللہ ﷺ کا انتظار کر رہے تھے تا کہ آپ ہمیں نماز پڑھائیں، اسی اثنا میں آپ ﷺ باہر تشریف لائے اور میرا ہاتھ پکڑ کر فرمایا: کہو، میں خاموش رہا۔ آپ ﷺ نے دوبارہ فرمایا: کہو، تو میں نے پوچھا کیا کہوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ. اور معوذتین صبح وشام تین تین مرتبہ پڑھ لیا کرو، روزانہ دو مرتبہ تمہاری کفایت ہوگی۔ (مسند أحمد: 22664)

جبریل علیہ السلام کی سکھائی گئی دعا

ابو تیاح کہتے ہیں کہ ایک آدمی نے عبدالرحمٰن بن حنبش سے پوچھا کہ رسول اللہ ﷺ نے اس وقت کیا کیا جب ان کے پاس شیاطین آئے؟ انہوں نے کہا: شیاطین مختلف وادیوں اور گھاٹیوں سے اتر اتر کر رسول اللہ ﷺ کے پاس آئے اور ان میں سے ایک شیطان کے ساتھ آگ کا شعلہ تھا جس سے اس کا ارادہ تھا کہ رسول اللہ ﷺ کو جلا دے، لیکن وہ مرعوب ہو گیا۔۔۔ اور خود ہی پیچھے ہٹنے لگا، اتنی دیر میں جبرائیل آئے اور کہنے لگے کہ اے محمد کہیے۔ نبی ﷺ نے پوچھا کیا کہوں؟ انہوں نے کہا آپ کہیں:

22. أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ الَّتِيْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَلَا فَاجِرٌ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَذَرَأَ وَبَرَأَ وَمِنْ شَرِّ مَا يَنْزِلُ مِنَ السَّمَاءِ وَمِنْ شَرِّ مَا يَعْرُجُ فِيْهَا وَمِنْ شَرِّ مَا ذَرَأَ فِي الْأَرْضِ وَمِنْ شَرِّ مَا يَخْرُجُ مِنْهَا وَمِنْ شَرِّ فِتَنِ اللَّيْلِ وَالنَّهَارِ وَمِنْ شَرِّ كُلِّ طَارِقٍ إِلَّا طَارِقًا يَطْرُقُ بِخَيْرٍ يَا رَحْمٰنُ.

میں اللہ کے کامل کلمات کے ساتھ پناہ چاہتا ہوں جن سے آگے نہ تو کوئی نیک اور نہ ہی کوئی برا شخص بڑھ سکتا ہے، ہر اس (چیز) کے شر سے جس کو اس نے بنایا، پیدا کیا اور پھیلایا اور ہر اس چیز کے شر سے جو آسمان سے اترتی ہے اور اس چیز کے شر سے جو اس میں چڑھتی ہے اور اس چیز کے شر سے جسے اس نے زمین میں پیدا کیا اور اس چیز کے شر سے جو اس سے نکلتا ہے اور رات اور دن کے فتنوں کے شر سے اور رات کو آنے والے کے شر سے سوائے اس کے جو خیر کے ساتھ آئے، اے بہت رحم فرمانے والے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چنانچہ شیاطین کی آگ بجھ گئی اور اللہ عزوجل نے انہیں شکست دے دی۔

(مسند احمد:15461، السلسلة الصحيحة:2995)

شدید جنات کے حملے سے بچانے والی دعا

قعقاع بن حکیم سے روایت ہے کہ کعب احبار نے کہا اگر میں چند کلمات نہ پڑھا کرتا تو یہودی مجھے گدھا بنا دیتے لوگوں نے پوچھا وہ کلمات کیا ہیں؟ کعب نے کہا:

23. أَعُوْذُ بِوَجْهِ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ الَّذِىْ لَيْسَ شَىْءٌ أَعْظَمَ مِنْهُ وَبِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّاتِ الَّتِىْ لَا يُجَاوِزُهُنَّ بَرٌّ وَلَا فَاجِرٌ وَبِأَسْمَاءِ اللّٰهِ الْحُسْنٰى كُلِّهَا مَا عَلِمْتُ مِنْهَا وَمَا لَمْ أَعْلَمْ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ وَبَرَأَ وَذَرَأَ.

میں اللہ کے چہرے کی پناہ لیتا ہوں جس سے عظیم کوئی اور چیز نہیں ہے۔ اور اس کے مکمل کلمات کے ساتھ پناہ چاہتا ہوں جن سے کوئی نیک یا بد آگے نہیں بڑھ سکتا اور اس اللہ کے تمام اسمائے حسنیٰ کے ساتھ پناہ چاہتا ہوں جن کو میں جانتا ہوں اور جن کو میں نہیں جانتا اس چیز کے شر سے جس کو اس نے بنایا، پیدا کیا اور پھیلایا۔ (الموطأ لامام مالك:1707، مشكاة المصابيح:2479)

اپنا ہاتھ درد والی جگہ پر رکھ کر یہ دعا پڑھنا

24. بِسْمِ اللّٰهِ (3بار)

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ وَقُدْرَتِهِ مِنْ شَرِّ مَا أَجِدُ وَأُحَاذِرُ (7بار)

اللہ کے نام کے ساتھ۔ میں اللہ اور اس کی قدرت کی پناہ چاہتا ہوں، اس چیز کے شر سے جس کو میں پاتا ہوں اور جس سے میں ڈرتا ہوں۔ (صحيح مسلم:5737)

مزید دعاؤں کے لیے دیکھیں: بیماری سے شفا کی دعائیں، شیطان سے حفاظت کی دعائیں۔

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شیطان سے حفاظت کی دعائیں

شیاطین سے بچانے والی آیت، آیت الکرسی

1. اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِی السَّمٰوٰتِ وَمَا فِی الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِیْ یَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ یَعْلَمُ مَا بَیْنَ اَیْدِیْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا یُحِیْطُوْنَ بِشَیْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِیُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا یَئُوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِیُّ الْعَظِیْمُ ○

اللہ (وہ ہے کہ) اس کے سوا کوئی معبود نہیں، زندہ ہے، ہر چیز کو قائم رکھنے والا ہے، نہ اسے اونگھ پکڑتی ہے اور نہ نیند، اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے، کون ہے وہ جو اس کے پاس اس کی اجازت کے بغیر سفارش کرے، جانتا ہے جو کچھ ان کے سامنے اور جو ان کے پیچھے ہے اور وہ اس کے علم میں سے کسی چیز کا احاطہ نہیں کرتے مگر جتنا وہ چاہے۔ اس کی کرسی آسمانوں اور زمین کو سمائے ہوئے ہے اور اسے ان دونوں کی حفاظت نہیں تھکاتی اور وہی سب سے بلند، سب سے بڑا ہے۔

محمد بن ابی بن کعب اپنے والد سے روایت کرتے ہیں کہ ان کے کھجوروں کے کھلیان تھے، تو وہ اس میں کمی دیکھتے۔ تو ایک رات انہوں نے چور کو پکڑ لیا وہ جانور سے مشابہ ایک نوعمر لڑکا تھا۔ انہوں نے اس کو سلام کیا تو اس نے ان کو جواب دیا۔ انہوں نے کہا تم کون ہو؟ جن یا انسان؟ اس نے کہا نہیں! بلکہ میں جن ہوں۔ انہوں نے کہا اپنا ہاتھ میری طرف بڑھاؤ۔ تو اس نے اپنا ہاتھ بڑھایا۔ اس کا ہاتھ کتے کے ہاتھ کی طرح تھا اور اس کے بال کتے کے بال کی طرح تھے۔ انہوں نے پوچھا کیا اس طرح جنوں کی تخلیق ہوتی ہے؟ اس نے کہا: جن یہ جانتے ہیں کہ جنوں میں مجھ سے زیادہ شدید اور کوئی نہیں۔ انہوں نے کہا تم میرے پاس کیوں آئے ہو؟ اس نے کہا ہمیں خبر ملی ہے کہ تم صدقہ کرنا بہت پسند کرتے ہو تو ہم

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تمہارے کھانے میں سے اپنا حصہ لینے آئے ہیں۔انہوں نے کہا کیا چیز تم سے بچا سکتی ہے؟اس نے کہا وہ آیت جو سورۃ البقرۃ میں ہے۔(اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَیُّ الْقَیُّوْمُ)جو کوئی اسے رات کو پڑھے گا وہ صبح تک ہم سے پناہ میں رہے گا اور جو صبح اسے پڑھے گا وہ رات تک ہم سے پناہ میں رہے گا۔پھر جب صبح انہوں نے اس بات کا ذکر نبی ﷺ سے آ کر کیا تو آپ ﷺ نے فرمایا:اس خبیث نے سچ کہا ہے۔(المعجم الکبیر للطبرانی :542)

سورۃ البقرۃ کی آخری دو آیات

2. اٰمَنَ الرَّسُوْلُ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَیْهِ مِنْ رَّبِّهٖ وَالْمُؤْمِنُوْنَ كُلٌّ اٰمَنَ بِاللّٰهِ وَمَلٰٓئِكَتِهٖ وَكُتُبِهٖ وَرُسُلِهٖ لَا نُفَرِّقُ بَیْنَ اَحَدٍ مِّنْ رُّسُلِهٖ وَقَالُوْا سَمِعْنَا وَاَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَاِلَیْكَ الْمَصِیْرُ o لَا یُكَلِّفُ اللّٰهُ نَفْسًا اِلَّا وُسْعَهَا لَهَا مَا كَسَبَتْ وَعَلَیْهَا مَا اكْتَسَبَتْ رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِیْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَیْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِیْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِیْنَ o

رسول اس پر ایمان لایا جو اس کے رب کی جانب سے اس کی طرف نازل کیا گیا اور سب مومن بھی، ہر ایک اللہ اور اس کے فرشتوں اور اس کی کتابوں اور اس کے رسولوں پر ایمان لایا، ہم اس کے رسولوں میں سے کسی ایک کے درمیان فرق نہیں کرتے۔اور انھوں نے کہا ہم نے سنا اور ہم نے اطاعت کی، تیری بخشش مانگتے ہیں اے ہمارے رب! اور تیری ہی طرف لوٹ کر جانا ہے۔اللہ کسی جان کو تکلیف نہیں دیتا مگر اس کی گنجائش کے مطابق، اسی کے لیے ہے جو اس نے (نیکی) کمائی اور اسی پر ہے جو اس نے

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

(گناہ) کمایا، اے ہمارے رب! ہم سے مؤاخذہ نہ کر اگر ہم بھول جائیں یا خطا کر جائیں، اے ہمارے رب! اور ہم پر کوئی بھاری بوجھ نہ ڈال، جیسے تو نے اسے ان لوگوں پر ڈالا جو ہم سے پہلے تھے، اے ہمارے رب! اور ہم سے وہ چیز نہ اٹھوا جس (کے اٹھانے) کی ہم میں طاقت نہ ہو اور ہم سے درگزر کر اور ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم کر، تو ہی ہمارا مالک ہے، سو کافر لوگوں کے مقابلے میں ہماری مدد فرما۔

(البقرۃ:286-285)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بیشک اللہ تعالیٰ نے آسمانوں اور زمین کی تخلیق سے دو ہزار سال قبل کتاب لکھ دی تھی اور اس میں سے دو آیتیں نازل کر کے ان سے سورۃ البقرۃ کا اختتام فرما دیا، لہٰذا جس گھر میں تین راتوں تک سورۃ البقرہ کی آخری دو آیتیں پڑھی جائیں گی شیطان اس (گھر) کے قریب نہیں آ سکے گا۔ (مسند احمد:18414)

نبی ﷺ نے فرمایا: جس نے سورۃ البقرۃ کی آخری دو آیات رات کو پڑھیں وہ اسے کافی ہو جائیں گی۔

(صحیح البخاری:5009)

قرآنی دعائیں

3. رَبِّ أَعُوْذُبِکَ مِنْ هَمَزٰتِ الشَّيٰطِيْنِ ○ وَأَعُوْذُبِکَ رَبِّ أَنْ يَّحْضُرُوْنِ ○

اے میرے رب! میں شیطان کی اکساہٹوں سے تیری پناہ مانگتا ہوں اور اس بات سے بھی تیری پناہ مانگتا ہوں کہ وہ میرے پاس آئیں۔ (المؤمنون:98-97)

4. أَنِّيْ مَسَّنِيَ الشَّيْطٰنُ بِنُصْبٍ وَّعَذَابٍ ○

بے شک شیطان نے مجھے سخت تکلیف اور عذاب میں ڈال دیا ہے۔ (ص:41)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تعوذ پڑھنا

5. وَاِمَّا يَنْزَغَنَّكَ مِنَ الشَّيْطٰنِ نَزْغٌ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ اِنَّهٗ سَمِيْعٌ عَلِيْمٌ ○

اور اگر کبھی شیطان آپ کو اکسائے تو اللہ سے پناہ مانگیے بے شک وہ سب کچھ سننے اور جاننے والا ہے۔

(الأعراف:200)

6. أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ مِنْ هَمْزِهٖ وَنَفْخِهٖ وَنَفْثِهٖ.

میں اللہ کی پناہ چاہتا ہوں کہ شیطان مردود مجھ پر کوئی جنون کا اثر ڈالے یا مجھے تکبر پر آمادہ کرے یا غلط شعر وشاعری کی طرف لے آئے۔ (مسند احمد:22179)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تعوّذ پڑھنے کے مواقع

تلاوت قرآن سے پہلے تعوّذ پڑھنا

1. فَإِذَا قَرَأْتَ الْقُرْآنَ فَاسْتَعِذْ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطٰنِ الرَّجِيْمِ...o

پھر جب آپ قرآن پڑھنے لگیں تو شیطان مردود سے اللہ کی پناہ مانگ لیا کریں۔(النحل:98)

ابوسعید خدری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ قراءت سے پہلے یہ کہا کرتے تھے۔

2. أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ.

میں شیطان مردود سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں۔ (الأوسط لابن المنذر) صحیح

نماز میں قرآن بھلانے والے شیطان سے اللہ کی پناہ مانگنا

3. أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ.

میں شیطان مردود سے اللہ کی پناہ مانگتا ہوں۔

عثمان بن ابوالعاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ انہوں نے نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہو کر عرض کیا: اے اللہ کے رسول! شیطان میری نماز اور قراءت کے درمیان حائل ہوتا ہے اور مجھے قرآن بھلا دیتا ہے۔ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: وہ شیطان ہے جسے ''خنزب'' کہا جاتا ہے جب تم ایسی بات محسوس کرو تو اس سے اللہ کی پناہ مانگ لیا کرو اور اپنے بائیں جانب تین مرتبہ تھوک دیا کرو پس میں نے ایسے ہی کیا تو شیطان مجھ سے دور ہو گیا۔(صحیح مسلم:5738)

صبح وشام اور بستر پر لیٹتے وقت شیطان کے شر سے اللہ کی حفاظت مانگنا

ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! مجھے کچھ ایسے کلمات کا حکم دیجیے جنہیں میں جب صبح کروں اور

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جب شام کروں تو کہہ لیا کروں، آپ ﷺ نے فرمایا: کہو:

4. اَللّٰهُمَّ فَاطِرَ السَّمٰوَاتِ وَالْأَرْضِ عَالِمَ الْغَيْبِ وَالشَّهَادَةِ رَبَّ كُلِّ شَيْءٍ وَمَلِيْكَهُ أَشْهَدُ أَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا أَنْتَ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ نَفْسِيْ وَشَرِّ الشَّيْطَانِ وَشِرْكِهِ.

اے اللہ! آسمانوں اور زمین کے پیدا کرنے والے! پوشیدہ اور موجود (ہر چیز) کے جاننے والے! ہر چیز کے رب اور اس کے مالک! میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود برحق نہیں ہے، میں اپنے نفس کے شر سے، اور شیطان کے شر سے، اور اس کے شرک سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

آپ نے فرمایا: جب صبح کرو اور جب شام کرو اور جب اپنے بستر پر آؤ تب اس دعا کو پڑھ لیا کرو۔

(سنن أبي داؤد: 5064)

رات کو سوتے وقت

5. بِسْمِ اللّٰهِ وَضَعْتُ جَنْبِيْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَاخْسَأْ شَيْطَانِيْ وَفُكَّ رِهَانِيْ وَاجْعَلْنِيْ فِي النَّدِيِّ الْأَعْلٰى.

اللہ کے نام کے ساتھ میں نے اپنا پہلو رکھا اے اللہ! میرے گناہ بخش دے اور میرے شیطان کو ذلیل کر دے اور میری قید کو کھول دے۔ اور مجھے اعلیٰ وارفع مجلس کا ہم نشین کر۔ (سنن أبي داؤد: 5056)

برا خواب دیکھنے پر تعوذ پڑھنا / شیطانی خواب کے شر سے بچنے کی دعا

6. أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ شَرِّهَا وَمِنْ شَرِّ الشَّيْطَانِ

میں اللہ کی پناہ چاہتا ہوں اس (خواب) کے شر سے اور شیطان کے شر سے۔

ابوسلمہ سے مروی ہے، انہوں نے کہا کہ میں (برے) خواب دیکھتا تھا اور اس کی وجہ سے بیمار پڑ جاتا تھا۔ آخر میں نے ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کو یہ کہتے سنا کہ میں بھی خواب دیکھتا تھا اور بیمار پڑ جاتا تھا۔ آخر میں نے نبی ﷺ کو یہ فرماتے سنا کہ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اچھے خواب اللہ کی طرف سے ہوتے ہیں پس جب کوئی اچھے خواب دیکھے تو اس کا ذکر صرف اسی سے کرے جس سے وہ محبت کرتا ہو اور جب برا خواب دیکھے تو اس (خواب) کے شر سے اور شیطان کے شر سے اللہ کی پناہ مانگے اور تین مرتبہ تھتکارے اور اس کا کسی سے ذکر نہ کرے پس وہ اسے ہرگز کوئی نقصان نہ پہنچا سکے گا۔ (صحیح البخاری: 7044)

ابوقتادہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: اچھا خواب اللہ کی طرف سے ہے، اور پریشان کن خواب شیطان کی طرف سے ہے۔ اس لیے جب تم میں سے کوئی شخص کوئی ایسا خواب دیکھے جو اسے ناگوار ہو تو بیدار ہوتے ہی تین مرتبہ تھوکے اور اس خواب کی برائی سے اللہ کی پناہ مانگے۔ پس وہ (خواب) اس کو کوئی نقصان نہیں دے سکے گا۔ اور ابوسلمہ (راوی) کہتے ہیں کہ پہلے میں ایسے خواب دیکھتا تھا جو مجھ پر پہاڑ سے بھی زیادہ گراں ہوتے تھے جب سے میں نے یہ حدیث سنی ہے، میں ان کی کوئی پرواہ نہیں کرتا۔ (صحیح البخاری: 5747)

ڈر یا گھبراہٹ کے وقت

عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ڈر یا گھبراہٹ کے موقع پر انہیں یہ کلمات سکھایا کرتے تھے:

7. أَعُوْذُ بِكَلِمَاتِ اللّٰهِ التَّامَّةِ مِنْ غَضَبِهِ وَشَرِّ عِبَادِهِ وَمِنْ هَمَزَاتِ الشَّيَاطِيْنِ وَأَنْ يَحْضُرُوْنِ.

میں اللہ کے کامل کلمات کی پناہ میں آتا ہوں، اس کی ناراضگی سے، اس کے بندوں کے شر سے اور شیطانوں کے وسوسوں سے اور اس بات سے کہ وہ میرے پاس آئیں۔ (سنن ابی داؤد: 3893)

بیوی سے ہمبستری کے وقت

نبی ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنی بیوی سے صحبت کرے تو کہے:

8. بِاسْمِ اللّٰهِ اَللّٰهُمَّ جَنِّبْنَا الشَّيْطَانَ وَجَنِّبِ الشَّيْطَانَ مَا رَزَقْتَنَا.

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ کے نام کے ساتھ (شروع کرتا ہوں)۔ اے اللہ! ہمیں شیطان سے بچا اور شیطان کو اس سے دور رکھ جو تو ہمیں عطا فرمائے۔

تو ان کو جو اولاد ملے گی اسے شیطان نقصان نہیں پہنچا سکتا۔ (صحیح البخاری:141)

بیت الخلا میں داخل ہوتے وقت

9. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَعُوْذُ بِكَ مِنَ الْخُبُثِ وَالْخَبَائِثِ.

اے اللہ! بے شک میں ناپاک جنوں اور جنیوں سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ (صحیح البخاری:142)

مسجد میں داخل ہوتے وقت

عبداللہ بن عمرو بن عاص سے مروی ہے کہ نبی ﷺ جب مسجد میں داخل ہوتے تو کہا کرتے تھے۔

10. أَعُوْذُ بِاللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِوَجْهِهِ الْكَرِيْمِ وَسُلْطَانِهِ الْقَدِيْمِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ.

میں شیطان مردود کے شر سے اللہ کی پناہ چاہتا ہوں، جو انتہائی عظمت والا ہے، میں اس کے انتہائی محترم چہرے کی پناہ لیتا ہوں اور اس کے سلطان قدیم کی پناہ لیتا ہوں۔

تو عقبہ (راوی) نے کہا: کیا بس اتنا ہی؟ میں نے کہا: ہاں! آپ ﷺ نے فرمایا: انسان جب یہ کہہ لیتا ہے تو شیطان کہتا ہے کہ آج سارے دن کے لیے یہ مجھ سے محفوظ ہو گیا۔ (سنن أبي داؤد:466)

مسجد سے نکلتے وقت

11. اَللّٰهُمَّ اعْصِمْنِيْ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ.

اے اللہ! مجھے شیطان مردود سے بچا لے۔ (سنن ابن ماجه:514)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کسی بستی / شہر میں داخل ہوتے وقت

12. اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ وَمَا أَظْلَلْنَ وَرَبَّ الْأَرَضِيْنَ السَّبْعِ وَمَا أَقْلَلْنَ وَرَبَّ الرِّيَاحِ وَمَا أَذْرَيْنَ وَرَبَّ الشَّيَاطِيْنِ وَمَا أَضْلَلْنَ اِنِّيْ أَسْئَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا فِيْهَا وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِيْهَا .

اے اللہ! سات آسمانوں کے رب! اوران چیزوں کے جن پر آسمانوں نے سایہ کیا ہوا ہے اور سات زمینوں کے رب! اوران چیزوں کے جن کو ان زمینوں نے اٹھایا ہوا ہے۔ اور ہواؤں کے رب! اوران چیزوں کے جن کو یہ ہوائیں اڑاتی پھرتی ہیں۔ شیطانوں کے رب! اور جنہیں انہوں نے گمراہ کیا ہے۔ میں تجھ سے اس بستی کی خیر اور جو کچھ اس میں ہے اس کی خیر کا سوال کرتا ہوں۔ اور اس بستی کے شر سے اور جو کچھ اس میں ہے اس کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ (السلسلة الصحيحة:2759)

غصے کے وقت

سلیمان بن صرد کہتے ہیں کہ دو آدمیوں نے نبی ﷺ کے پاس گالی گلوچ کیا، اس وقت ہم بھی آپ کے پاس بیٹھے ہوئے تھے، ان میں سے ایک دوسرے کو غصے کی حالت میں گالیاں دے رہا تھا اور اس کا چہرہ سرخ ہو گیا تھا۔ تو نبی ﷺ نے فرمایا: میں ایسا کلمہ جانتا ہوں کہ اگر یہ کہہ دے تو اس کی یہ غصہ کی حالت چلی جائے گی کاش یہ کہہ لے،

13. أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ.

لوگوں نے اس آدمی سے کہا کہ تم سنتے نہیں نبی ﷺ کیا فرما رہے ہیں؟ اس نے کہا میں دیوانہ نہیں ہوں۔

(صحيح البخاري:6115)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غلط بات منہ سے نکل جانے پر

14. أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ.

سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ایک مرتبہ انہوں نے لات اور عزیٰ کی قسم کھالی، تو ان کے ساتھیوں نے ان سے کہا کہ تم نے بے ہودہ بات کہی، تو وہ نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوئے اور عرض کیا کہ میں نے ابھی نیا نیا اسلام قبول کیا ہے، اور میں نے لات اور عزیٰ کی قسم کھالی ہے۔ نبی ﷺ نے ان سے فرمایا تین مرتبہ یہ کہو:

15. لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ.

اور بائیں جانب تین مرتبہ تھتکار دو، اور شیطان سے اللہ کی پناہ مانگو، اور آئندہ ایسے مت کہنا۔ (مسند احمد: 1622)

گدھے کی آواز سن کر

16. أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ.

نبی ﷺ نے فرمایا: جب تم مرغ کی اذان سنو تو اللہ سے اس کا فضل مانگو کیونکہ اس (مرغ) نے فرشتہ دیکھا ہے۔ اور جب گدھے کی آواز سنو تو شیطان سے اللہ کی پناہ مانگو کیونکہ اس نے شیطان کو دیکھا ہے۔ (صحیح البخاری: 3303)

بسم اللہ پڑھ کر سارے کام کرنا

17. بِاسْمِ اللّٰهِ.

اللہ کے نام کے ساتھ۔

ابن عباس رضی اللہ عنہ رسول اللہ ﷺ سے روایت کرتے ہیں کہ ابلیس نے کہا: (اے میرے رب) تو نے اپنی ساری مخلوق کا رزق واضح کر دیا ہے، تو میرا رزق کہاں ہے؟ فرمایا: ہر وہ چیز جس پر میرا نام نہ لیا جائے۔

(السلسلة الصحيحة: 708)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: رات کی جب ابتدا ہو یا جب شام ہو تو اپنے بچوں کو روک لو (اور گھر سے باہر نہ نکلنے دو) کیونکہ اس وقت شیطان پھیل جاتے ہیں۔ پھر جب رات کی ایک گھڑی گزر جائے تو انہیں چھوڑ دو اور دروازے بند کر لو اور اللہ کا

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نام لو کیونکہ شیطان بند دروازے کو نہیں کھولتا اور اللہ کا نام لے کر اپنے مشکیزوں کا منہ باندھ دو۔ اللہ کا نام لے کر اپنے برتنوں کو ڈھک دو، خواہ کسی چیز کو چوڑائی میں رکھ کر ہی ڈھک سکو اور اپنے چراغ (سونے سے پہلے) بجھا دیا کرو۔

(صحیح البخاری: 5623)

بیت الخلا میں داخل ہوتے وقت بسم اللہ پڑھنا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جنوں کی آنکھوں اور انسانوں کی شرمگاہوں کا پردہ یہ ہے کہ جب کوئی بیت الخلا جائے تو:

18. بِاسْمِ اللّٰهِ.

پڑھ لے۔ (صحیح الجامع الصغیر: 3611)

لباس پہنتے وقت بسم اللہ پڑھنا

انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جنوں کی آنکھوں اور انسانوں کی شرمگاہوں کا پردہ یہ ہے کہ جب کوئی اپنے کپڑے اتارے تو:

19. بِاسْمِ اللّٰهِ.

پڑھ لے۔ (صحیح الجامع الصغیر: 3610)

سواری پر بسم اللہ پڑھ کر بیٹھنا

ابو لاس خزاعی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ نبی ﷺ نے ہمیں حج کے موقع پر صدقہ کے اونٹوں میں سے ایک اونٹ سواری کے لئے دیا، ہم نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! شاید یہ کمزوری کی وجہ سے ہمارا بوجھ نہ اٹھا سکے، نبی ﷺ نے فرمایا: ہر اونٹ کے کوہان پر ایک شیطان ہوتا ہے، جب تم اس پر سوار ہونے لگو تو اللہ کا نام لے کر سوار ہو جیسا کہ تمہیں حکم دیا گیا ہے، پھر ان کو اپنے لیے استعمال کرو، بلاشبہ اللہ تعالیٰ ہی سوار کرتا ہے۔ (السلسلة الصحیحة: 2271)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نیند سے بیدار ہوتے ہی اللہ کا ذکر کرنا

نبی ﷺ نے فرمایا: شیطان تم میں سے ہر ایک کی گردن پر جب وہ سو جاتا ہے تین گرہیں لگا دیتا ہے ہر ایک گرہ پر پھونک مارتا ہے کہ ابھی رات بڑی لمبی ہے تو جب کوئی بیدار ہوتا ہے اور اللہ کا ذکر کرتا ہے تو ایک گرہ کھل جاتی ہے اور جب وضو کرتا ہے تو اس پر سے دو گرہیں کھل جاتی ہیں اور جب وہ نماز پڑھ لیتا ہے تو ساری گرہیں کھل جاتی ہیں پھر وہ صبح کو ہشاش بشاش خوش مزاج اٹھتا ہے ورنہ اس کی صبح نفس کی خباثت اور سستی کے ساتھ ہوتی ہے۔ (صحیح مسلم:1819)

بچے کی پیدائش کے وقت اللہ کا ذکر کرنا

ابن عباس رضی اللہ عنہما نے (الوسواس) کے متعلق بتایا کہ جب بچہ پیدا ہوتا ہے تو شیطان اس کو کچوکا لگاتا ہے۔ اگر وہاں اللہ عزوجل کا ذکر کیا جائے تو وہ چلا جاتا ہے اور اگر اللہ کا نام نہ لیا جائے تو بچے کے دل پر جم جاتا ہے۔

(صحیح البخاری)

صبح وشام سو بار درج ذیل دعا پڑھنے سے شیطان سے حفاظت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے یہ کلمہ

20. لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ.

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لئے بادشاہی ہے اور اسی کے لئے سب تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔

دن میں سو دفعہ پڑھا اسے دس غلاموں کو آزاد کرنے کا ثواب ملے گا اور اس کے لئے سو نیکیاں لکھ دی جائیں گی اور اس کی سو برائیاں مٹا دی جائیں گی اور اس دن وہ شیطان کے شر سے محفوظ رہے گا یہاں تک کہ وہ شام کر لے۔ اور کوئی شخص (اس دن) اس سے بہتر عمل نہیں لاتا سوائے اس شخص کے جو اس سے زیادہ کرے۔ (صحیح البخاری:6403)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شیطان کے مقابلے میں اسلحہ بردار فرشتوں کا حصول

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص

21. لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ.

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لئے بادشاہی ہے اور اسی کے لئے تعریفیں ہیں۔ وہی زندہ کرتا اور مارتا ہے اور وہ ہر چیز پر قدرت رکھنے والا ہے۔

مغرب کے بعد دس مرتبہ پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ (اس کی حفاظت کے لئے) اسلحہ بردار فرشتے مقرر کر دیں گے جو اس کی صبح تک شیطان سے حفاظت کریں گے۔ (سنن الترمذی: 3534)

شیطان سے حفاظت کے لیے اذان دینا

22. اَللّٰهُ أَكْبَرُ اَللّٰهُ أَكْبَرُ اَللّٰهُ أَكْبَرُ اَللّٰهُ أَكْبَرُ أَشْهَدُ أَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ أَشْهَدُ أَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ أَشْهَدُ أَنَّ مُحَمَّدًا رَسُوْلُ اللّٰهِ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ حَيَّ عَلَى الصَّلَاةِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ اَللّٰهُ أَكْبَرُ اَللّٰهُ أَكْبَرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ.

سہیل سے روایت ہے، وہ کہتے ہیں کہ مجھے میرے والد نے بنی حارثہ کی طرف بھیجا میرے ساتھ ایک لڑکا یا ایک ساتھی تھا تو ایک دیوار سے ان کو ایک پکارنے والے نے ان کا نام لے کر پکارا۔ میرے ساتھی نے دیوار پر دیکھا تو کوئی چیز نہ تھی۔ میں نے یہ بات اپنے والد سے ذکر کی تو انہوں نے کہا اگر مجھے معلوم ہوتا کہ تمہارے ساتھ یہ واقعہ پیش آنے والا ہے تو میں تمہیں نہ بھیجتا لیکن جب تم ایسی آواز سنو تو اذان دیا کرو۔ بے شک میں نے ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے سنا وہ رسول اللہ ﷺ سے حدیث بیان کرتے تھے کہ آپ ﷺ نے فرمایا: جب اذان دی جاتی ہے تو شیطان پیٹھ پھیرتا ہے اور اس کے لئے گوز ہوتا ہے۔ (صحیح مسلم: 858)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْکَ پڑھنا

ابودرداءؓ فرماتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ کھڑے ہوئے تو ہم نے آپؐ کو یہ فرماتے ہوئے سنا:

23. أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْکَ.

میں تجھ سے اللہ کی پناہ میں آتا ہوں۔

پھر فرمایا:

24. أَلْعَنُکَ بِلَعْنَةِ اللّٰهِ.

میں تجھ پر اللہ کی لعنت بھیجتا ہوں۔

تین بار یہ کہا۔ اور آپؐ نے اپنا ہاتھ پھیلایا جیسے کوئی چیز لے رہے ہوں۔ جب آپؐ نماز سے فارغ ہوئے تو ہم نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! ہم نے آپؐ سے نماز میں کچھ کہتے ہوئے سنا، جو اس سے پہلے کبھی نہیں سنا اور ہم نے آپؐ کو اپنا ہاتھ پھیلاتے ہوئے بھی دیکھا۔ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ کا دشمن ابلیس آگ کا ایک شعلہ لے کر آیا تاکہ میرا منہ جلائے تو میں نے تین مرتبہ کہا

أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْکَ.

میں تجھ سے اللہ کی پناہ میں آتا ہوں،

پھر میں نے کہا کہ میں تجھ پر اللہ کی پوری لعنت بھیجتا ہوں وہ تین مرتبہ تک پیچھے نہیں ہٹا پھر میں نے اسے پکڑنے کا ارادہ کیا اللہ کی قسم اگر ہمارے بھائی سلیمان علیہ السلام کی دعا نہ ہوتی تو وہ صبح تک بندھا رہتا اور مدینہ والوں کے بچے اس کے ساتھ کھیلتے۔ (صحیح مسلم: 1211)

موت کے وقت شیطان کے اچکنے سے پناہ مانگنا

ابو یسر رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ یہ دعا فرمایا کرتے تھے:

25. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْهَدْمِ وَأَعُوْذُ بِکَ مِنَ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

التَّرَدِّیْ وَأَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْغَرَقِ وَالْحَرَقِ وَالْهَرَمِ وَأَعُوْذُبِکَ أَنْ یَتَخَبَّطَنِیَ الشَّیْطَانُ عِنْدَ الْمَوْتِ.

اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں دب کر مرنے سے اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں گر کر مرنے سے اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں غرق ہونے سے، جلنے یا از حد بوڑھا ہو جانے سے، اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس سے کہ شیطان مجھے موت کے وقت بدحواس کر دے۔ (سنن أبی داؤد: 1552)

شیطانی وسوسوں کا علاج

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ ایک شخص نبی ﷺ کے پاس آیا، اور اس نے عرض کیا: اللہ کے رسول! ہمارے دل میں کچھ خیالات آتے ہیں اور وہ اشارے کنائے سے کچھ اس طرح کہہ رہا تھا کہ ان خیالات کو زبان پر لانے کی بجائے کوئلہ ہو جانا اسے زیادہ پسند ہے، تو آپ ﷺ نے فرمایا:

26. اَللّٰهُ أَکْبَرُ اَللّٰهُ أَکْبَرُ اَللّٰهُ أَکْبَرُ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْ رَدَّ کَیْدَهُ اِلَی الْوَسْوَسَةِ.

اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ سب سے بڑا ہے، سب تعریف اس اللہ کی جس نے اس (ابلیس کے) مکر کو وسوسے کی طرف لوٹا دیا۔ (سنن أبی داؤد: 5112)

سورۃ الناس پڑھنا

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

27. قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ o مَلِکِ النَّاسِ o اِلٰهِ النَّاسِ o مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ o اَلَّذِیْ یُوَسْوِسُ فِیْ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

صُدُوْرِ النَّاسِ○مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ○ (الناس:6-1)

آپ کہیے میں پناہ پکڑتا ہوں لوگوں کے رب کی۔لوگوں کے بادشاہ کی۔لوگوں کے معبود کی۔وسوسہ ڈالنے والے کے شر سے، جو (وسوسہ ڈال کر) پیچھے ہٹ جاتا ہے۔وہ جو لوگوں کے سینوں میں وسوسہ ڈالتا ہے۔جنوں اور انسانوں میں سے۔

مسنون دعائیں

تعوّذ پڑھنا

28. أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنَ الشَّيْطَانِ الرَّجِيْمِ.

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا، تم میں سے کسی کے پاس شیطان آتا ہے اور کہتا ہے کہ فلاں چیز کس نے پیدا کی، فلاں چیز کس نے پیدا کی؟ یہاں تک کہ کہتا ہے کہ تمہارے رب کو کس نے پیدا کیا؟ جب کسی شخص کو ایسا وسوسہ آئے تو وہ اللہ سے پناہ مانگے اور اس (شیطانی خیال) کو چھوڑ دے۔(صحیح البخاری:3276)

آمَنْتُ بِاللّٰهِ پڑھنا

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: لوگ ہمیشہ سوالات کرتے رہیں گے حتیٰ کہ کہا جائے گا: یہ مخلوق اللہ نے پیدا کی ہے تو اللہ کو کس نے پیدا کیا؟ سو جو کوئی اس قسم کی کوئی بات کرے (یا وہم پائے) تو اسے چاہیے کہ یوں کہے:

29. آمَنْتُ بِاللّٰهِ.

میں اللہ پر ایمان لایا۔

اور ایک روایت میں ہے کہ جب لوگ ایسا کہیں تو تم کہو:

30. اللّٰهُ اَحَدٌ اَللّٰهُ الصَّمَدُ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ وَلَمْ يَكُنْ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لَّهُ كُفُوًا اَحَدٌ.

اللہ ایک ہے۔اللہ بے نیاز ہے۔نہ اس کی کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے۔اور نہ کوئی اس کا ہمسر ہے۔

پھر وہ اپنے بائیں جانب تین مرتبہ تھوکے اور شیطان سے پناہ مانگے۔ (سنن ابی داؤد: 4721،4722)

ابوزمیل کہتے ہیں کہ میں نے ابن عباس رضی اللہ عنہما سے سوال کیا، اس کیفیت کا کیا ہو جو میں اپنے سینے میں پاتا ہوں؟ انہوں نے پوچھا: وہ کیا ہے؟ میں نے کہا: اللہ کی قسم! میں اسے زبان پر نہیں لا سکتا۔انہوں نے کہا: کیا وہ شک شبے والی بات ہے؟ اور ہنس دیے اور بولے: اس سے کسی کو نجات نہیں۔حتی کہ اللہ تعالی نے یہ آیت اتاری: اگر تمہیں اس چیز میں شک ہو جو ہم نے اتاری ہے تو ان لوگوں سے پوچھ لو جو وہ کتاب پڑھتے ہیں جو تم سے پہلے اتاری گئی۔پھر انہوں نے مجھ سے کہا: جب تم اپنے جی میں کچھ محسوس کرو تو یہ پڑھا کرو:

31. هُوَ الْأَوَّلُ وَالْآخِرُ وَالظَّاهِرُ وَالْبَاطِنُ وَهُوَ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيمٌ.

وہ اللہ ہی سب سے اول ہے اور وہی سب سے آخر ہے۔وہی ظاہر ہے اور وہی باطن ہے اور وہ ہر چیز سے خوب باخبر ہے۔ (سنن ابی داؤد: 5110)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اچھا پڑوسی پانے اور برے پڑوسی سے بچنے کی دعائیں

اللہ کے پڑوسی بننے کی دعا کرنا

1. رَبِّ ابْنِ لِیْ عِنْدَکَ بَیْتًا فِی الْجَنَّةِ ○

اے میرے رب! میرے لیے اپنے پاس جنت میں ایک گھر بنا۔(التحریم:11)

صالح جلیس کی دعا کرنا

2. اَللّٰهُمَّ یَسِّرْ لِیْ جَلِیْسًا صَالِحًا.

اے اللہ! مجھے کوئی نیک ساتھی عطا فرما۔(صحیح البخاری:3742)

برے پڑوسی سے پناہ مانگنا

3. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنْ جَارِ السُّوْءِ وَمِنْ زَوْجٍ تُشَیِّبُنِیْ قَبْلَ الْمَشِیْبِ وَمِنْ وَلَدٍ یَکُوْنُ عَلَیَّ رَبًّا وَمِنْ مَالٍ یَکُوْنُ عَلَیَّ عَذَابًا، وَمِنْ خَلِیْلٍ مَاکِرٍ عَیْنُهُ تَرَانِیْ وَقَلْبُهُ یَرْعَانِیْ اِنْ رَّاٰی حَسَنَةً دَفَنَهَا وَاِذَا رَاٰی سَیِّئَةً أَذَاعَهَا.

اے اللہ! میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں برے پڑوسی سے اور ایسی بیوی سے جو مجھے بڑھاپے سے پہلے بوڑھا کر دے اور ایسی اولاد سے جو میرا آقا بن بیٹھے، اور ایسے مال سے جو میرے لئے باعث عذاب بن جائے اور ایسے چال باز دوست سے جس کی آنکھیں مجھے دیکھ رہی ہوں اور جس کا دل میری نگرانی

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کرتا ہوا گروہ مجھ میں کوئی بھلائی دیکھے تو اس کو دبا جائے اور جب کوئی برائی دیکھے تو اس کو پھیلا دے۔
(السلسلة الصحيحة:3137)

4. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنْ يَوْمِ السُّوْءِ وَمِنْ لَيْلَةِ السُّوْءِ وَمِنْ سَاعَةِ السُّوْءِ وَمِنْ صَاحِبِ السُّوْءِ وَمِنْ جَارِ السُّوْءِ فِیْ دَارِ الْمُقَامَةِ.

اے اللہ! میں تیری پناہ طلب کرتا ہوں برے دن سے، بری رات سے، بری گھڑی سے، برے ساتھی سے اور مستقل رہائش کے برے پڑوسی سے۔ (السلسلة الصحيحة:1443)

5. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُبِکَ مِنْ جَارِ السُّوْءِ فِیْ دَارِ الْمُقَامَةِ فَاِنَّ جَارَ الْبَادِيَةِ يَتَحَوَّلُ.

اے اللہ! میں مستقل رہائش کے برے پڑوسی سے تیری پناہ طلب کرتا ہوں، کیونکہ خیمہ نشین کا پڑوسی تو (ادھر ادھر) منتقل ہو جاتا ہے۔ (السلسلة الصحيحة:3943)

ظالم کے خلاف اللہ کی ہمسائیگی کی دعا کرنا

6. اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمٰوَاتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ كُنْ لِیْ جَارًا مِنْ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ وَاَحْزَابِهٖ مِنْ خَلَائِقِکَ أَنْ يَّفْرُطَ عَلَیَّ اَحَدٌ مِّنْهُمْ اَوْ يَطْغٰی، عَزَّ جَارُکَ، وَجَلَّ ثَنَاؤُکَ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اَنْتَ.

اے اللہ! سات آسمانوں کے رب اور عرش عظیم کے رب! تو میرا پڑوسی بن جا (یعنی میرے لیے پناہ بن

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جا) فلاں بن فلاں کے اور اس کے گروہ کے (مقابلے میں) جو تیری مخلوق ہیں (اور اس بات سے روک دے) کہ ان میں سے کوئی ایک بھی مجھ پر زیادتی کرے یا وہ سرکشی کرے، تیری پناہ بہت مضبوط ہے اور تیری تعریف بڑی شان والی ہے۔ اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ (صحیح الادب المفرد: 548)

میت کے لیے اللہ کی ہمسائیگی مانگنا

7. اَللّٰهُمَّ اِنَّ فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ فِيْ ذِمَّتِكَ وَحَبْلِ جِوَارِكَ فَقِهِ مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ النَّارِ وَأَنْتَ أَهْلُ الْوَفَاءِ وَالْحَقِّ اَللّٰهُمَّ فَاغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ اِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ.

اے اللہ! فلاں بن فلاں تیرے ذمے (کفالت) میں ہے اور تیری ہمسائیگی اور امان میں آ گیا ہے۔ سو تو اسے قبر کی آزمائش اور آگ کے عذاب سے محفوظ فرما دے، تو اپنے وعدے وفا کرنے والا اور حق والا ہے۔ اے اللہ! اسے بخش دے اور اس پر رحم فرما، بلاشبہ تو بہت ہی بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔

(سنن أبي داؤد: 3204)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نعمتوں کے زوال سے بچنے کی دعائیں

اللہ کی طرف سے ہی نعمتیں ملتی ہیں

1. وَمَا بِكُمْ مِنْ نِّعْمَةٍ فَمِنَ اللّٰهِ ثُمَّ اِذَا مَسَّكُمُ الضُّرُّ فَاِلَيْهِ تَجْـَٔرُوْنَ○ ثُمَّ اِذَا كَشَفَ الضُّرَّ عَنْكُمْ اِذَا فَرِيْقٌ مِّنْكُمْ بِرَبِّهِمْ يُشْرِكُوْنَ○

اور تمھارے پاس جو بھی نعمت ہے وہ اللہ کی طرف سے ہے۔ پھر جب تمھیں تکلیف پہنچتی ہے تو اسی کی طرف تم گڑگڑاتے ہو۔ پھر جب وہ تم سے اس تکلیف کو دور کر دیتا ہے تو تم میں سے کچھ لوگ اپنے رب کے ساتھ شرک کرنے لگتے ہیں۔

(النحل:54-53)

شکرانے سے نعمتیں بڑھتی ہیں

جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا:

2. اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ.

سب سے افضل شکر ہے۔ (السلسلة الصحيحة:1497)

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب اللہ کسی بندہ پر نعمت فرمائے اور وہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ.

کہے تو اس بندہ نے جو دیا، وہ بہتر ہے اس سے جو اس نے لیا۔ (یعنی اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ کہنا، مال، اولاد اور کسی بھی دوسری نعمت سے بڑا ہے)۔ (سنن ابن ماجه:3805)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نعمتوں کا شکر ادا کرنا

3. رَبِّ أَوْزِعْنِيٓ أَنْ أَشْكُرَ نِعْمَتَكَ الَّتِيٓ أَنْعَمْتَ عَلَيَّ وَعَلٰى وَالِدَيَّ وَأَنْ أَعْمَلَ صٰلِحًا تَرْضٰهُ وَأَدْخِلْنِي بِرَحْمَتِكَ فِي عِبَادِكَ الصّٰلِحِينَ ○

اے میرے رب! مجھے توفیق دے کہ میں تیری نعمت کا شکر کروں جو تو نے مجھ پر اور میرے والدین پر کی ہے اور یہ کہ میں نیک عمل کروں جسے تو پسند کرے اور اپنی رحمت سے مجھے اپنے نیک بندوں میں داخل فرما۔ (النمل:19)

ہر نماز کے بعد شکر ادا کرنے کی توفیق مانگنا

معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے ان کا ہاتھ پکڑا اور فرمایا اے معاذ! اللہ کی قسم مجھے تم سے محبت ہے۔ پھر فرمایا اے معاذ! میں تمہیں وصیت کرتا ہوں کہ کسی نماز کے بعد یہ دعا ہرگز ترک نہ کرنا:

4. اَللّٰهُمَّ أَعِنِّي عَلٰى ذِكْرِكَ وَشُكْرِكَ وَحُسْنِ عِبَادَتِكَ.

اے اللہ! اپنا ذکر کرنے، شکر کرنے اور بہترین انداز میں اپنی عبادت کرنے میں میری مدد فرما۔

(سنن أبي داؤد:1522)

سجدہ تلاوت میں نعمت کے شکر کی توفیق مانگنا

5. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي بِهَا، اَللّٰهُمَّ حُطَّ عَنِّي بِهَا وِزْرًا، وَأَحْدِثْ لِي بِهَا شُكْرًا، وَتَقَبَّلْهَا مِنِّي كَمَا تَقَبَّلْتَ مِنْ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَبْدِكَ دَاوُدَ سَجْدَتَهُ.

اے اللہ! مجھ سے اس (سجدے) کی وجہ سے معاف کر دے اور میرے لیے اس کے ذریعے شکر نعمت پیدا کر دے اور اسے مجھ سے قبول فرما لے جیسا کہ تو نے اپنے بندے داؤد سے ان کا سجدہ قبول فرمایا تھا۔

(صحیح الترغیب والترھیب:1442)

جب لوگ دنیا جمع کر رہے ہوں تو اللہ کی نعمتوں کا شکر ادا کرنے کی توفیق مانگنا

6. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَسْأَلُکَ الثَّبَاتَ فِیْ الْاَمْرِ وَالْعَزِیْمَةَ عَلَی الرُّشْدِ، وَأَسْأَلُکَ مُوْجِبَاتِ رَحْمَتِکَ، وَعَزَآئِمَ مَغْفِرَتِکَ وَأَسْأَلُکَ شُکْرَ نِعْمَتِکَ وَحُسْنَ عِبَادَتِکَ وَأَسْأَلُکَ قَلْبًا سَلِیْمًا وَلِسَانًا صَادِقًا وَأَسْأَلُکَ مِنْ خَیْرِ مَا تَعْلَمُ وَأَعُوْذُ بِکَ مِنْ شَرِّ مَا تَعْلَمُ وَأَسْتَغْفِرُکَ لِمَا تَعْلَمُ اِنَّکَ أَنْتَ عَلَّامُ الْغُیُوْبِ.

اے اللہ میں تجھ سے دین میں ثابت قدمی اور ہدایت میں پختگی کا سوال کرتا ہوں اور میں تجھ سے تیری رحمت کو واجب کرنے والے اور تیری مغفرت کو لازم کرنے والے امور کا سوال کرتا ہوں، میں تجھ سے تیری نعمتوں کا شکر ادا کرنے اور اچھے انداز میں عبادت کرنے کا سوال کرتا ہوں، میں تجھ سے سلامت دل اور سچی زبان کا سوال کرتا ہوں، اور میں تجھ سے ہر اس بھلائی کا سوال کرتا ہوں جسے تو جانتا ہے اور ہر اس برائی سے تیری پناہ چاہتا ہوں جو تیرے علم میں ہے اور تجھ سے ان (تمام گناہوں) کی بخشش کا سوال کرتا ہوں جو تیرے علم میں ہیں، بے شک تو غیبوں کو خوب جاننے والا ہے۔

(السلسلة الصحیحة:3228)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نعمت دیکھ کر یہ پڑھنا

7. مَا شَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ...○

جو اللہ نے چاہا، کچھ قوت نہیں مگر اللہ کی مدد سے۔ (الکہف: 39)

ہمیشہ رہنے والی نعمتوں کی دعا

8. اَللّٰهُمَّ لَکَ الْحَمْدُ کُلُّهُ اَللّٰهُمَّ لَا قَابِضَ لِمَا بَسَطْتَ وَلَا مُقَرِّبَ لِمَا بَاعَدْتَ وَلَا مُبَاعِدَ لِمَا قَرَّبْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا مَانِعَ لِمَا أَعْطَیْتَ اَللّٰهُمَّ ابْسُطْ عَلَیْنَا مِنْ بَرَکَاتِکَ وَرَحْمَتِکَ وَفَضْلِکَ وَرِزْقِکَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَسْأَلُکَ النَّعِیْمَ الْمُقِیْمَ الَّذِیْ لَا یَحُوْلُ وَلَا یَزُوْلُ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَسْأَلُکَ النَّعِیْمَ یَوْمَ الْعَیْلَةِ وَالْأَمْنَ یَوْمَ الْحَرْبِ اَللّٰهُمَّ عَائِذًا بِکَ مِنْ سُوْءِ مَا أَعْطَیْتَنَا وَشَرِّ مَا مَنَعْتَ مِنَّا.

اے اللہ! تیرے ہی لیے سب قسم کی تعریف ہے، اے اللہ! جو تو پھیلا دے اسے کوئی سمیٹنے والا نہیں، جو تو دور کر دے تو کوئی اسے نزدیک کرنے والا نہیں، جسے تو نزدیک کر دے تو اسے کوئی دور کرنے والا نہیں، جس سے تو روکے اسے کوئی دینے والا نہیں، اور جسے تو دے اس کو کوئی روکنے والا نہیں۔ اے اللہ! ہم پر اپنی برکات، اپنی رحمت، اپنے فضل اور اپنے رزق کو پھیلا دے۔ اے اللہ! میں تجھ سے ایسی نعمتیں مانگتا ہوں جو ہمیشہ قائم رہیں نہ (تیری اطاعت میں) حائل ہوں اور نہ زائل ہوں۔ اے اللہ! میں تجھ سے تنگی کے دن کی نعمت اور جنگ کے دن امن کا سوال کرتا ہوں۔ اے اللہ! تیری پناہ میں آتا ہوں اس

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

چیز کی برائی سے جو تو نے عطا کی اور اس چیز کے شر سے جو تو نے ہم سے روک لی۔

(صحیح الادب المفرد:541)

9. اَللّٰهُمَّ اِنِّی أَسْأَلُکَ اِیْمَانًا لَا یَرْتَدُّ وَنَعِیْمًا لَا یَنْفَدُ وَمُرَافَقَةَ مُحَمَّدٍ فِی أَعْلٰی جَنَّةِ الْخُلْدِ.

اے اللہ! میں تجھ سے ایسے ایمان کا سوال کرتا ہوں جس میں کبھی ارتداد نہ آئے، ایسی نعمتوں کا سوال کرتا ہوں جو کبھی ختم نہ ہوں، اور ہمیشہ کی جنت کے بلند حصے میں محمد ﷺ کی رفاقت کا سوال کرتا ہوں۔ (السلسلة الصحیحة :2301)

بدنی نعمتوں کی عافیت کی دعا

10. اَللّٰهُمَّ عَافِنِیْ فِیْ بَدَنِیْ اَللّٰهُمَّ عَافِنِیْ فِیْ سَمْعِیْ اَللّٰهُمَّ عَافِنِیْ فِیْ بَصَرِیْ لَا اِلٰهَ اِلَّا أَنْتَ.

اے اللہ! مجھے میرے بدن میں عافیت عطا فرما، اے اللہ مجھے میری سماعت میں عافیت عطا فرما، اے اللہ مجھے میری بصارت میں عافیت عطا فرما۔ تیرے علاوہ کوئی اور معبود نہیں ہے۔ (مسند احمد:20430)

نعمتوں کے زوال سے پناہ مانگنا

11. اَللّٰهُمَّ اِنِّی أَعُوْذُ بِکَ مِنْ زَوَالِ نِعْمَتِکَ وَتَحَوُّلِ عَافِیَتِکَ وَفُجَاءَةِ نِقْمَتِکَ وَجَمِیْعِ سَخَطِکَ.

اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ تیری (دی) کوئی نعمت چھن جائے یا تیری (دی) ہوئی عافیت پلٹ جائے یا کوئی ناگہانی عذاب آ جائے۔ اور تیرے تمام غصے (ناراضیوں) سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ (صحیح مسلم:6943)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نعمتوں کے زوال پر تسبیح کرنا

12. لَآ اِلٰهَ اِلَّآ اَنْتَ سُبْحٰنَكَ اِنِّیْ كُنْتُ مِنَ الظّٰلِمِیْنَ ○

تیرے سوا کوئی الٰہ نہیں تو پاک ہے بے شک میں ہی ظالموں میں سے ہوں۔ (الانبیاء:87)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کھانے کے بعد کی دعائیں

1. اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ.

سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ اس بندے سے راضی ہوتا ہے جو ایک لقمہ کھائے اور اس پر اس کا شکر ادا کرے اور ایک گھونٹ پیے اور اس پر اس کا شکر ادا کرے۔ (صحیح مسلم: 6932)

2. اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَأَطْعِمْنَا خَيْرًا مِّنْهُ.

اے اللہ! ہمیں اس کھانے میں برکت عطا فرما اور ہمیں اس سے بہتر کھانا کھلا۔ (سنن أبی داؤد: 3730)

3. اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَطْعَمَ وَسَقٰى وَسَوَّغَهُ وَجَعَلَ لَهُ مَخْرَجًا.

تمام تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے کھلایا اور پلایا اور اسے جسم میں پیوست کیا اور اس کے نکلنے کی راہ بنائی۔ (سنن أبی داؤد: 3851)

4. اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ أَطْعَمَنِيْ هٰذَا الطَّعَامَ وَرَزَقَنِيْهِ مِنْ غَيْرِ حَوْلٍ مِّنِّيْ وَلَا قُوَّةٍ.

تمام تعریف اللہ کے لیے ہے جس نے مجھے یہ کھانا کھلایا اور میری کسی قوت و طاقت کے بغیر مجھے عطا کیا۔

(سنن أبی داؤد: 4023)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

5. اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيْرًا طَيِّبًا مُبَارَكًا فِيْهِ غَيْرَ مَكْفِيٍّ وَلَا مُوَدَّعٍ وَلَا مُسْتَغْنًى عَنْهُ رَبَّنَا.

کثیر، پاکیزہ اور بابرکت تعریف اللہ کے لیے ہے، (اس کھانے کو) ہم کافی نہیں سمجھتے، نہ اس کو ترک کرتے ہیں اور اے ہمارے رب! نہ ہم اس سے بے پرواہ ہو سکتے ہیں۔ (صحیح البخاری: 5458)

6. اَللّٰهُمَّ أَطْعَمْتَ وَأَسْقَيْتَ وَأَغْنَيْتَ وَأَقْنَيْتَ وَهَدَيْتَ وَأَحْيَيْتَ فَلَكَ الْحَمْدُ عَلٰى مَا أَعْطَيْتَ.

اے اللہ! تو نے ہی کھلایا، تو نے ہی پلایا، تو ہی غنی کرتا ہے، تو ہی مالدار کرتا ہے، تو نے ہدایت دی اور تو نے ہی زندگی عطا فرمائی، جو تو نے عطا کیا اس پر تیری ہی تعریف ہے۔ (مسند احمد: 16595)

عروہ بن زبیر کے سامنے جب کوئی کھانے پینے کی چیز آتی یہاں تک کہ دوا بھی تو اس کو کھاتے پیتے اور کہتے:

7. أَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِيْ هَدَانَا وَأَطْعَمَنَا وَسَقَانَا وَنَعَّمَنَا، اَللّٰهُ أَكْبَرُ، اَللّٰهُمَّ أَلْفَتْنَا نِعْمَتُكَ بِكُلِّ شَرٍّ فَأَصْبَحْنَا مِنْهَا وَأَمْسَيْنَا بِكُلِّ خَيْرٍ فَنَسْأَلُكَ تَمَامَهَا وَشُكْرَهَا لَا خَيْرَ اِلَّا خَيْرُكَ وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ اِلٰهَ الصَّالِحِيْنَ وَرَبَّ الْعَالَمِيْنَ، أَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مَا شَاءَ اللّٰهُ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْمَا رَزَقْتَنَا وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ.

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سب تعریف اللہ کے لیے جس نے ہمیں ہدایت دی اور ہمیں کھلایا اور پلایا اور نعمتیں عطا فرمائیں۔ اللہ سب سے بڑا ہے، اے اللہ! تیری نعمت اس وقت آئی جب ہم شر میں پھنسے ہوئے تھے، ہم نے اس نعمت کی وجہ سے ہر طرح کی خیر کے ساتھ صبح کی اور شام کی، ہم تجھ سے مکمل نعمت اور اس کے شکر کا سوال کرتے ہیں۔ تیری خیر کے سوا کوئی خیر نہیں، تیرے سوا کوئی معبود نہیں، اے صالحین کے معبود اور سارے جہانوں کے رب! سب تعریف اللہ کے لیے ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں جو اللہ چاہتا ہے وہی ہوتا ہے کسی میں طاقت نہیں سوائے اللہ کے، اے اللہ! جو رزق تو ہمیں دے اس میں برکت دے اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچا۔

(الموطأ لامام مالك، كتاب صفة النبي ﷺ: 1740)

دودھ پینے کے بعد کی دعا

8. اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيْهِ وَزِدْنَا مِنْهُ.

اے اللہ! ہمیں اس میں برکت دے اور ہمیں اور زیادہ دے۔ (سنن ابن ماجه: 3322)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

قرض سے نجات کی دعائیں

اللہ سے مدد مانگنے پر قرض ادا ہو جانا

عبداللہ بن زبیر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ جنگ جمل کے دن جب زبیر رضی اللہ عنہ (میدان جنگ میں) کھڑے ہوئے تو مجھے بلایا، میں ان کے پہلو میں کھڑا ہو گیا، انہوں نے کہا: اے میرے پیارے بیٹے! آج کے دن ظالم یا مظلوم ہی قتل ہو گا۔ میں سمجھتا ہوں کہ آج میں مظلوم قتل کیا جاؤں گا اور مجھے سب سے بڑی فکر اپنے قرض کی ہے۔ کیا تمہیں کچھ اندازہ ہے کہ قرض ادا کرنے کے بعد ہمارا کچھ مال بچ سکے گا؟ پھر انہوں نے کہا: اے میرے پیارے بیٹے! ہمارا مال فروخت کر کے اس سے قرض ادا کر دینا۔ اور فرمانے لگے کہ اے میرے بیٹے! اگر قرض ادا کرنے سے عاجز ہو جاؤ تو میرے مولیٰ سے مدد طلب کر لینا۔ عبداللہ کہتے ہیں کہ اللہ کی قسم! میں ان کی بات نہ سمجھ سکا کہ انہوں نے کیا ارادہ کیا تھا یہاں تک کہ میں نے پوچھا: اے ابا جان! آپ کے مولیٰ کون ہیں؟ انہوں نے فرمایا: اللہ۔ عبداللہ کہتے ہیں: اللہ کی قسم! مجھے ان کا قرض ادا کرنے میں جو بھی دشواری آئی تو میں نے اسی طرح دعا کی کہ:

1. يَا مَوْلَى الزُّبَيْرِ اقْضِ عَنْهُ دَيْنَهُ.

اے زبیر کے مولیٰ! ان کا قرض ادا کر دے۔

تو ادائیگی کی صورت پیدا ہو جاتی تھی۔ (صحیح البخاری: 3129)

نبی ﷺ کا قرض سے پناہ مانگنا

عائشہ رضی اللہ عنہا کہتی ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نماز میں دعا کیا کرتے تھے:

2. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَعُوْذُبِکَ مِنَ الْمَأْثَمِ وَالْمَغْرَمِ.

اے اللہ! میں گناہ اور قرض سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

کسی نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! آپ قرض سے اتنی پناہ مانگتے ہیں؟ آپ ﷺ نے کہا: جب آدمی مقروض ہوتا ہے تو بات بات پر جھوٹ بولتا ہے اور وعدہ کر کے اس کی خلاف ورزی کرتا ہے۔ (صحیح البخاری: 2397)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

3. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُبِکَ مِنْ غَلَبَةِ الدَّیْنِ وَشَمَاتَةِ الْأَعْدَاءِ.

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں قرض کے غلبے سے اور دشمنوں کے خوش ہونے سے۔

(سنن النسائی:5488)

4. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُبِکَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحَزَنِ وَضَلَعِ الدَّیْنِ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ.

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں غم اور رنج سے اور قرض کے چڑھ جانے سے اور لوگوں کے غلبہ سے۔

(سنن أبی داؤد:1541)

سفر میں بھی قرض سے پناہ کی دعا کہ مسافر کی دعا مقبول ہے

انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے ابوطلحہ سے فرمایا: اپنے بچوں میں سے کوئی بچہ میرے لیے تلاش کر دو جو میری خدمت کرے جب کہ میں خیبر کے لیے نکلوں۔ ابوطلحہ اپنی سواری پر مجھے اپنے پیچھے بٹھا کر لے گئے، میں اس وقت ابھی لڑکا تھا، بالغ ہونے کے قریب تھا۔ جب بھی رسول اللہ ﷺ کہیں قیام فرماتے تو میں آپ کی خدمت کرتا۔ اکثر میں سنتا کہ آپ ﷺ یہ دعا کرتے:

5. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْهَمِّ وَالْحَزَنِ وَالْعَجْزِ وَالْکَسَلِ وَالْبُخْلِ وَالْجُبْنِ وَضَلَعِ الدَّیْنِ وَغَلَبَةِ الرِّجَالِ

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں غم اور رنج سے اور عاجزی سے اور سستی سے اور بخل سے اور بزدلی سے اور قرض چڑھ جانے سے اور لوگوں کے غلبہ سے۔ (صحیح البخاری:2893)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ادائیگی قرض کے لیے دعا

6. اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ مُنْزِلَ التَّوْرَاةِ وَالْاِنْجِيْلِ وَالْقُرْآنِ فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوٰى أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْءٍ أَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهِ أَنْتَ الْأَوَّلُ فَلَيْسَ قَبْلَكَ شَيْءٌ وَأَنْتَ الْآخِرُ فَلَيْسَ بَعْدَكَ شَيْءٌ وَأَنْتَ الظَّاهِرُ فَلَيْسَ فَوْقَكَ شَيْءٌ وَأَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَيْسَ دُوْنَكَ شَيْءٌ اقْضِ عَنِّيْ الدَّيْنَ وَأَغْنِنِيْ مِنَ الْفَقْرِ.

اے اللہ! ساتوں آسمانوں کے رب، اور عرش عظیم کے رب! اے ہمارے رب اور ہر چیز کے رب! تورات، انجیل اور قرآن نازل کرنے والے! دانے اور گٹھلی کو چیرنے والے! میں ہر چیز کے شر تیری سے پناہ مانگتا ہوں تو اسے اس کی پیشانی کے بالوں سے پکڑنے والا ہے۔ تو سب سے پہلے ہے تجھ سے پہلے کچھ نہیں تھا اور تو ہی آخر ہے تیرے بعد کچھ نہیں ہوگا۔ تو ہی ظاہر ہے تجھ سے اوپر کچھ نہیں اور تو ہی باطن میں ہے تجھ سے مخفی کوئی چیز نہیں۔ میرا قرض ادا کر دے اور مجھے فقر سے بے نیاز کر دے۔

(سنن الترمذی: 3481)

پہاڑ کے مثل قرض ادا ہو جانے کی دعا

علی رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ ایک غلام ان کے پاس آیا اور اس نے کہا: میں مکاتبت سے عاجز آ گیا ہوں، پس میری مدد فرمایئے، علی رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ کیا میں تمہیں وہ کلمات نہ سکھاؤں جو رسول اللہ ﷺ نے مجھے سکھائے تھے، اگر تم پر صیر نامی پہاڑ کے برابر بھی قرض ہوگا تو بھی اللہ تعالیٰ تمہاری طرف سے ادا کر دے گا۔ یوں کہو:

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

7. اَللّٰهُمَّ اكْفِنِي بِحَلَالِكَ عَنْ حَرَامِكَ وَأَغْنِنِي بِفَضْلِكَ عَمَّنْ سِوَاكَ.

اے اللہ! مجھے اپنے حرام (کردہ مال) سے اپنے حلال کے ساتھ کفایت فرما اور مجھے اپنے فضل کے ساتھ اپنے علاوہ سب سے بے نیاز کر دے۔ (سنن الترمذی:3563)

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے معاذ رضی اللہ عنہ سے فرمایا: کیا میں تمہیں ایسی دعا سکھاؤں کہ جس کے ساتھ تم دعا کرو، اگر تم پر احد پہاڑ کے برابر بھی قرضہ ہو تو اسے اللہ تعالیٰ تم سے ادا کر دے گا۔ اے معاذ یہ پڑھو:

8. اَللّٰهُمَّ مَالِكَ الْمُلْكِ تُؤْتِي الْمُلْكَ مَنْ تَشَاءُ وَتَنْزِعُ الْمُلْكَ مِمَّنْ تَشَاءُ وَتُعِزُّ مَنْ تَشَاءُ وَتُذِلُّ مَنْ تَشَاءُ بِيَدِكَ الْخَيْرُ اِنَّكَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ رَحْمَانُ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ، وَرَحِيْمَهُمَا تُعْطِيْهُمَا مَنْ تَشَاءُ ، وَتَمْنَعُ مِنْهُمَا مَنْ تَشَاءُ، اِرْحَمْنِي رَحْمَةً تُغْنِيْنِي بِهَا عَنْ رَحْمَةِ مَنْ سِوَاكَ.

اے اللہ بادشاہت کے مالک! تو جسے چاہتا ہے بادشاہت دیتا ہے اور جس سے چاہتا ہے چھین لیتا ہے اور جس کو تو چاہتا ہے عزت دیتا ہے اور جس کو تو چاہتا ہے ذلیل کر دیتا ہے تیرے ہی ہاتھ میں خیر و بھلائی ہے، اور تو ہی ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والا ہے۔ دنیا اور آخرت کا رحمٰن اور ان دونوں کا رحیم! تو جسے چاہتا ہے دنیا و آخرت دیتا ہے اور ان کو جن سے چاہتا ہے روک دیتا ہے، مجھ پر ایسی رحمت سے رحم فرما جو مجھے تیرے علاوہ کی رحمت سے بے نیاز کر دے۔ (صحیح الترغیب والترھیب:1821)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سونے سے قبل قرض کی ادائیگی کی دعا کرنا

سہیل کہتے ہیں کہ ہم میں سے جب کوئی سونے کا ارادہ کرتا تو ابو صالح اسے دائیں کروٹ پر لیٹنے اور یہ دعا پڑھنے کا حکم دیتے:

9. اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمَاوَاتِ وَرَبَّ الْأَرْضِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيْمِ رَبَّنَا وَرَبَّ كُلِّ شَيْءٍ فَالِقَ الْحَبِّ وَالنَّوٰى وَمُنْزِلَ التَّوْرَاةِ وَالْإِنْجِيْلِ وَالْفُرْقَانِ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ كُلِّ شَيْءٍ أَنْتَ آخِذٌ بِنَاصِيَتِهِ اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الْأَوَّلُ فَلَيْسَ قَبْلَكَ شَيْءٌ وَأَنْتَ الْآخِرُ فَلَيْسَ بَعْدَكَ شَيْءٌ وَأَنْتَ الظَّاهِرُ فَلَيْسَ فَوْقَكَ شَيْءٌ وَأَنْتَ الْبَاطِنُ فَلَيْسَ دُوْنَكَ شَيْءٌ اقْضِ عَنَّا الدَّيْنَ وَأَغْنِنَا مِنَ الْفَقْرِ .

اے اللہ! اے آسمانوں کے رب! اور اے زمین کے رب! اور عرش عظیم کے رب! اے ہمارے رب اور ہر چیز کے رب! دانے اور گٹھلی کو پھاڑنے والے! اے تورات، انجیل اور فرقان (قرآن) کو نازل کرنے والے! میں ہر شر والی چیز سے تیری پناہ چاہتا ہوں جس کی پیشانی تو ہی پکڑے ہوئے ہے۔ اے اللہ! تو سب سے پہلے ہے، تجھ سے پہلے کچھ نہ تھا۔ تو سب سے آخر ہے تیرے بعد کچھ نہ ہو گا۔ تو ہی ظاہر ہے تجھ سے زیادہ ظاہر کوئی نہیں۔ تو ہی پوشیدہ ہے تجھ سے پوشیدہ تر کوئی نہیں۔ ہمارا قرض ادا فرما دے اور ہمیں محتاجی سے بے پروا کر دے۔ (صحیح مسلم: 6889)

جس سے قرض لیا اس کو دعا دینا

10. بَارَكَ اللّٰهُ لَكَ فِيْ أَهْلِكَ وَمَالِكَ.

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ تمہارے اہل و مال میں برکت عطا فرمائے۔(سنن النسائی :4683)

قرض کی ادائیگی پر قرض لینے والے کو دعا دینا

11. أَوْفَيْتَنِي أَوْفَى اللّٰهُ بِكَ.

آپ نے مجھے پورا پورا حق دے دیا۔ اللہ تعالیٰ آپ کو بھی پورا بدلہ دے۔(صحیح البخاری:2305)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

زندگی کی مشقتوں سے بچنے کی دعائیں

بوجھوں میں آسانی کے لیے دعا کرنا

1. رَبَّنَا لَا تُؤَاخِذْنَآ اِنْ نَّسِيْنَآ اَوْ اَخْطَاْنَا رَبَّنَا وَلَا تَحْمِلْ عَلَيْنَآ اِصْرًا كَمَا حَمَلْتَهٗ عَلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِنَا رَبَّنَا وَلَا تُحَمِّلْنَا مَا لَا طَاقَةَ لَنَا بِهٖ وَاعْفُ عَنَّا وَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا اَنْتَ مَوْلٰنَا فَانْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○

اے ہمارے رب! ہم سے مؤاخذہ نہ کر اگر ہم بھول جائیں یا خطا کر جائیں، اے ہمارے رب! اور ہم پر کوئی بھاری بوجھ نہ ڈال، جیسے تو نے اس کو ان لوگوں پر ڈالا جو ہم سے پہلے تھے، اے ہمارے رب! اور ہم سے وہ چیز نہ اٹھوا جس کے اٹھانے کی ہم میں طاقت نہ ہو اور ہم سے درگزر کر اور ہمیں بخش دے اور ہم پر رحم کر، تو ہی ہمارا مددگار ہے، سو کافر لوگوں کے مقابلے میں ہماری مدد فرما۔ (البقرۃ:286)

حالات کی آسانی کے لیے دعائیں

2. رَبِّ اشْرَحْ لِيْ صَدْرِيْ ○ وَيَسِّرْ لِيْ اَمْرِيْ ○

اے میرے رب! میرے لیے میرا سینہ کھول دے۔ اور میرے لیے میرا کام آسان کر دے۔

(طٰہٰ:25-28)

3. اَللّٰهُمَّ لَا سَهْلَ اِلَّا مَا جَعَلْتَهٗ سَهْلًا، وَاَنْتَ تَجْعَلُ الْحَزْنَ اِذَا شِئْتَ سَهْلًا .

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے اللہ! انہیں کوئی کام آسان مگر وہی جسے تو آسان کر دے اور تو جب چاہتا ہے مشکل کام کو آسان کر دیتا ہے۔ (السلسلة الصحيحة:2886)

مشکل معاملات کے حل کے لیے دعا

4. رَبَّنَا آتِنَا مِنْ لَّدُنْکَ رَحْمَةً وَّهَيِّئْ لَنَا مِنْ أَمْرِنَا رَشَدًا ○

اے ہمارے رب! ہمیں اپنے پاس سے رحمت عطا کر اور ہمارے لیے ہمارے معاملے میں رہنمائی مہیا فرما۔ (الکہف:10)

فکریں دور کرنے کا نسخہ نبی ﷺ پر کثرت سے درود بھیجنا

5. اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا صَلَّيْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّکَ حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ اَللّٰهُمَّ بَارِکْ عَلٰى مُحَمَّدٍ وَعَلٰى آلِ مُحَمَّدٍ كَمَا بَارَکْتَ عَلٰى اِبْرَاهِيْمَ وَعَلٰى آلِ اِبْرَاهِيْمَ اِنَّکَ حَمِيْدٌ مَجِيْدٌ.

اے اللہ! اپنی رحمت نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جیسا کہ تو نے اپنی رحمت نازل فرمائی ابراہیم علیہ السلام پر اور آل ابراہیم پر۔ بیشک تو تعریف کیا ہوا، بڑی شان والا ہے۔ اے اللہ! برکت نازل فرما محمد پر اور آل محمد پر جیسا کہ تو نے برکت نازل فرمائی ابراہیم علیہ السلام پر اور آل ابراہیم پر۔ بیشک تو تعریف کیا ہوا، بڑی شان والا ہے۔ (صحیح البخاری:3370)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ابی بن کعبؓ کہتے ہیں کہ میں نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میں آپ پر بکثرت درود بھیجتا ہوں، میں اپنی دعا میں آپ پر کس قدر درود بھیجوں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جتنا تم چاہو۔ میں نے عرض کیا چوتھائی حصہ؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جتنا چاہو، اگر اس سے بھی زیادہ کرو تو تمہارے لیے بہتر ہے۔ میں نے عرض کیا آدھا حصہ؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جتنا چاہو، اگر اس سے بھی زیادہ کرو تو تمہارے لیے بہتر ہے۔ میں نے عرض کیا: اگر میری ساری دعا آپ پر درود ہی ہو؟ تو آپ ﷺ نے فرمایا: پھر تو تمہاری فکریں دور ہو جائیں گی اور تمہارے گناہ معاف کر دیے جائیں گے۔

(سنن الترمذی: 2457)

سختی کے وقت کی دعا

6. اَللّٰهُمَّ رَحْمَتَكَ أَرْجُوْ فَلَا تَكِلْنِيْ اِلٰى نَفْسِيْ طَرْفَةَ عَيْنٍ وَأَصْلِحْ لِيْ شَأْنِيْ كُلَّهُ لَا اِلٰهَ اِلَّا أَنْتَ.

اے اللہ! میں تیری رحمت کا امیدوار ہوں، تو مجھے آنکھ جھپکنے تک کے لیے میرے نفس کے حوالے نہ فرما، اور میرے سارے معاملات درست فرما دے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ (سنن أبی داود: 5090)

سختی و مشقت سے پناہ مانگنا

7. أَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ جَهْدِ الْبَلَاءِ وَدَرَكِ الشَّقَاءِ وَسُوْءِ الْقَضَاءِ وَشَمَاتَةِ الْأَعْدَاءِ.

میں اللہ کی پناہ چاہتا ہوں سخت مشقت سے اور بدنصیبی کے پانے سے اور بری تقدیر سے اور دشمنوں کے خوش ہونے سے۔ (صحیح البخاری: 6616)

سفر میں مشقتوں سے پناہ طلب کرنا

8. اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الصَّاحِبُ فِيْ السَّفَرِ وَالْخَلِيْفَةُ فِي الْأَهْلِ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَعُوْذُبِکَ مِنَ الضُّبْنَةِ فِيْ السَّفَرِ وَالْكَآبَةِ فِيْ الْمُنْقَلَبِ اَللّٰهُمَّ اقْبِضْ لَنَا الْأَرْضَ وَهَوِّنْ عَلَيْنَا السَّفَرَ.

اے اللہ! تو ہی اس سفر میں ہمارا رفیق ہے اور گھر والوں کا نگہبان ہے، اے اللہ! میں سفر کی تنگی اور واپسی کی پریشانی سے تیری پناہ میں آتا ہوں، اے اللہ! زمین کو ہمارے لیے لپیٹ دے اور ہمارے لیے اس سفر کو آسان فرما دے۔ (مسند أحمد: 2723)

دنیا و آخرت کی بھلائیاں مانگنا

ایک مرتبہ رسول اللہ ﷺ کسی مسلمان کی عیادت کے لئے تشریف لے گئے، وہ چوزے کی طرح ہو چکا تھا، تو رسول اللہ ﷺ نے اس سے پوچھا کیا تم کسی چیز کی دعا مانگتے تھے یا کوئی سوال کرتے تھے؟ اس نے کہا جی ہاں! میں یہ دعا مانگتا تھا کہ اے اللہ! تو نے مجھے آخرت میں جو سزا دینی ہے وہ جلدی دنیا میں ہی دے دے۔ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: سبحان اللہ! تمہارے اندر اس کی ہمت یا طاقت نہیں ہے، تم نے یہ دعا کیوں نہ کی کہ:

9. رَبَّنَا آتِنَا فِيْ الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِيْ الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ.

اے اللہ ہمیں دنیا میں بھلائی عطا فرما اور آخرت میں بھی بھلائی عطا فرما اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچا لے۔

پھر نبی ﷺ نے اللہ سے اس کے لیے دعا کی تو اللہ نے اسے شفا دے دی۔ (صحیح مسلم: 6835)

انس بن مالک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ جب وہ ایک دن زاویہ میں تھے تو ان سے کہا گیا کہ آپ کے کچھ بھائی بصرہ سے آئے ہیں، تاکہ آپ ان کے لیے دعا کریں، انہوں نے کہا:

10. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا، وَآتِنَا فِي الدُّنْيَا حَسَنَةً وَفِي الْآخِرَةِ حَسَنَةً وَقِنَا عَذَابَ النَّارِ.

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے اللہ! ہماری مغفرت فرما اور ہم پر رحم کر اور ہمیں دنیا میں بھلائی دے اور آخرت میں بھی بھلائی دے اور ہمیں آگ کے عذاب سے بچالے۔

تو انہوں نے اس سے زیادہ دعا کی خواہش کی تو آپ نے پھر اسی جیسا کہا۔ اور کہا کہ اگر یہ تمہیں مل گیا تو دنیا و آخرت کی خیر مل گئی۔ (صحیح الادب المفرد: 494)

دنیا اور آخرت کو جمع کرنے والے کلمات

آپ ﷺ کے پاس ایک شخص آیا اور اس نے کہا: اے اللہ کے رسول! جب میں اپنے رب سے دعا کروں تو کیا کہا کروں؟ آپ ﷺ نے فرمایا کہو:

11. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَعَافِنِيْ وَارْزُقْنِيْ.

اے اللہ مجھے معاف فرما مجھ پر رحم فرما مجھے ہدایت عطا فرما اور مجھے رزق عطا فرما۔

اس کے بعد آپ ﷺ نے انگوٹھے کو نکال کر باقی چار انگلیوں کو بند کر کے فرمایا: یہ چیزیں تمہاری دنیا و آخرت کو جمع کرنے والی ہیں۔ (صحیح مسلم: 6851)

دنیا و آخرت کی اصلاح کی دعائیں

12. اَللّٰهُمَّ أَصْلِحْ لِيْ دِيْنِيَ الَّذِيْ هُوَ عِصْمَةُ أَمْرِيْ وَأَصْلِحْ لِيْ دُنْيَايَ الَّتِيْ فِيْهَا مَعَاشِيْ وَأَصْلِحْ لِيْ آخِرَتِيْ الَّتِيْ فِيْهَا مَعَادِيْ وَاجْعَلِ الْحَيَاةَ زِيَادَةً لِيْ فِيْ كُلِّ خَيْرٍ وَاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَةً لِيْ مِنْ كُلِّ شَرٍّ.

اے اللہ! میرے دین کو درست فرما جو میرے معاملات کا محافظ ہے اور میری دنیا کو درست فرما جس میں میرا معاش ہے اور میری آخرت کو درست فرما جس میں میرا لوٹنا ہے اور میری زندگی کو ہر بھلائی میں

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میرے لئے زیادتی کا باعث بنادے اور موت کو میرے لئے ہر شر سے راحت بنادے۔

(صحیح مسلم:6903)

دنیا وآخرت کی عافیت کا سوال کرنا

13. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَسْأَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِيْ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ.

اے اللہ! میں تجھ سے دنیا اور آخرت میں درگزر اور عافیت کا سوال کرتا ہوں۔

انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی ﷺ کے پاس ایک آدمی آیا اور اس نے کہا: اے اللہ کے رسول ﷺ! کونسی دعا سب سے افضل ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ سے دنیا وآخرت میں درگزر اور عافیت مانگو۔ وہ شخص دوسرے دن پھر آیا اور عرض کیا: اے اللہ کے نبی ﷺ! سب سے افضل دعا کونسی ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: اللہ تعالیٰ سے دنیا وآخرت میں درگزر اور عافیت مانگو، جب تمہیں دنیا وآخرت میں عافیت مل گئی تو تم نے فلاح پالی۔ (صحیح الادب المفرد:496)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: بندہ اس دعا سے بہتر کوئی دعا نہیں مانگتا:

14. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَسْأَلُكَ الْمُعَافَاةَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ.

اے اللہ! میں تجھ سے دنیا وآخرت میں عافیت مانگتا ہوں۔ (سنن ابن ماجہ:3851)

15. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَسْأَلُكَ الْعَافِيَةَ فِيْ الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَسْأَلُكَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ فِيْ دِيْنِيْ وَدُنْيَايَ وَأَهْلِيْ وَمَالِيْ اَللّٰهُمَّ اسْتُرْ عَوْرَاتِيْ وَآمِنْ رَوْعَاتِيْ اَللّٰهُمَّ احْفَظْنِيْ مِنْ بَيْنِ يَدَيَّ وَمِنْ خَلْفِيْ وَعَنْ يَمِيْنِيْ وَعَنْ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شِمَالِيْ وَمِنْ فَوْقِيْ وَأَعُوْذُ بِعَظَمَتِكَ أَنْ أُغْتَالَ مِنْ تَحْتِيْ.

اے اللہ! میں تجھ سے دنیا اور آخرت میں عافیت کا سوال کرتا ہوں۔ اے اللہ! میں تجھ سے درگزر اور عافیت کا طلب گار ہوں اپنے دین و دنیا میں اور اپنے اہل و مال میں۔ اے اللہ! میرے عیبوں پر پردہ ڈال دے اور میری گھبراہٹوں میں امن عطا فرما۔ اے اللہ! میرے آگے، میرے پیچھے، میرے دائیں، میرے بائیں اور میرے اوپر سے میری حفاظت فرما۔ اور میں تیری عظمت کے ذریعے سے اس بات سے پناہ چاہتا ہوں کہ میں اپنے نیچے سے ہلاک کیا جاؤں۔ (سنن ابی داؤد: 5074)

دنیا کی رسوائی سے پناہ طلب کرنا

16. اَللّٰهُمَّ أَحْسِنْ عَاقِبَتَنَا فِي الْأُمُوْرِ كُلِّهَا وَأَجِرْنَا مِنْ خِزْيِ الدُّنْيَا وَعَذَابِ الْآخِرَةِ.

اے اللہ! ہمارے تمام معاملات کا انجام اچھا فرما، اور ہمیں دنیا کی رسوائی اور آخرت کے عذاب سے محفوظ فرما۔ (مسند احمد: 17628)

دنیا کی تنگی سے پناہ مانگنا

17. اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَعُوْذُبِكَ مِنْ ضِيْقِ الدُّنْيَا وَضِيْقِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ.

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں دنیا کی تنگی سے اور قیامت کے دن کی تنگی سے۔ (سنن ابی داؤد: 5085)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

زندگی کے فتنے سے پناہ مانگنا

18. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُبِکَ مِنَ الْبُخْلِ وَالْکَسَلِ وَأَرْذَلِ الْعُمُرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَفِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ.

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں بخل اور سستی سے اور رذیل عمر (بڑھاپے) سے، اور عذاب قبر سے اور زندگی اور موت کے فتنے سے۔ (صحیح مسلم: 6876)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

استخارہ اور خیر پانے کی دعائیں

استخارہ کی دعا

جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ ہمیں تمام معاملات میں استخارہ کی اس طرح تعلیم دیتے تھے، جیسے قرآن کی سورت سکھاتے تھے۔ آپ ﷺ فرماتے: جب تم میں سے کوئی شخص کسی کام کا ارادہ کرے تو وہ فرض کے علاوہ دو رکعات پڑھے اس کے بعد یوں دعا کرے:

1 اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَسْتَخِيْرُکَ بِعِلْمِکَ وَأَسْتَقْدِرُکَ بِقُدْرَتِکَ وَأَسْأَلُکَ مِنْ فَضْلِکَ الْعَظِيْمِ فَاِنَّکَ تَقْدِرُ وَلَا أَقْدِرُ وَتَعْلَمُ وَلَا أَعْلَمُ وَأَنْتَ عَلَّامُ الْغُيُوْبِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ هٰذَا الْأَمْرَ خَيْرٌ لِيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ أَمْرِيْ فَاقْدُرْهُ لِيْ وَيَسِّرْهُ لِيْ ثُمَّ بَارِکْ لِيْ فِيْهِ وَاِنْ كُنْتَ تَعْلَمُ أَنَّ هٰذَا الْأَمْرَ شَرٌّ لِيْ فِيْ دِيْنِيْ وَمَعَاشِيْ وَعَاقِبَةِ أَمْرِيْ... فَاصْرِفْهُ عَنِّيْ وَاصْرِفْنِيْ عَنْهُ وَاقْدُرْ لِيَ الْخَيْرَ حَيْثُ كَانَ ثُمَّ أَرْضِنِيْ بِهِ.

اے اللہ! میں تجھ سے تیرے علم کی بدولت خیر طلب کرتا ہوں اور تیری قدرت کی بدولت تجھ سے طاقت مانگتا ہوں اور تیرے فضل عظیم کا طلبگار رہوں کہ قدرت تو ہی رکھتا ہے اور مجھے کوئی قدرت نہیں۔ علم تجھ ہی کو ہے اور میں کچھ نہیں جانتا اور تو تمام پوشیدہ باتوں کو جاننے والا ہے۔ اے اللہ! اگر تیرے علم میں ہے کہ یہ کام (جس کے لیے استخارہ کیا جا رہا ہے) میرے دین، دنیا اور میرے کام کے انجام کے اعتبار سے میرے لیے بہتر ہے تو اسے میرے نصیب میں کر دے اور اسے میرے لیے آسان کر دے پھر مجھے

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اس میں برکت دے۔ اور اگر تیرے علم کے مطابق یہ کام میرے دین، دنیا اور میرے کام کے انجام کے اعتبار سے برا ہے۔ تو اسے مجھ سے ہٹا دے اور مجھے بھی اس سے ہٹا دے۔ پھر میرے لیے خیر مقدر فرما دے، جہاں بھی وہ ہو پھر مجھے راضی بھی کر دے۔ (صحیح البخاری:1162)

خیر پانے کی دعا

2. رَبِّ اِنِّیۡ لِمَاۤ اَنۡزَلۡتَ اِلَیَّ مِنۡ خَیۡرٍ فَقِیۡرٌ ۝

اے میرے رب! بے شک جو بھلائی بھی تو میری طرف نازل فرمائے، میں اس کا محتاج ہوں۔

(القصص:24)

دنیا و آخرت کی خیر جمع کرنے والی دعا

ابو طارق بن اشیم کہتے ہیں کہ میں سنا کرتا تھا کہ رسول اللہ ﷺ کے پاس جب کوئی شخص آ کر اسلام قبول کرتا تو آپ ﷺ اسے (یہ دعا) سکھاتے تھے:

3. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَارْزُقْنِيْ.

اے اللہ! مجھے معاف فرما اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے رزق عطا فرما۔

اور آپ ﷺ فرماتے یہ کلمات تمہارے لیے دنیا و آخرت کی خیر جمع کریں گے۔ (مسند احمد:15881)

خیر سے بھرنے والے کلمات

ابن ابی اوفی رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ ایک آدمی نبی ﷺ کی خدمت میں حاضر ہوا اور عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میں قرآن کا تھوڑا سا حصہ بھی یاد نہیں کر سکتا، اس لئے مجھے کوئی ایسی چیز سکھا دیجئے جو میرے لیے کافی ہو۔ آپ ﷺ نے فرمایا یوں کہہ لیا کر:

4. سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَلَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ.

اللہ پاک ہے اور ساری تعریف اللہ ہی کے لیے ہے اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے اور (برائی سے بچنے کی) ہمت اور (نیکی کے کرنے کی) طاقت نہیں مگر اللہ (کی مدد) کے ساتھ۔

اس نے کہا: اے اللہ کے رسول! یہ تو اللہ عزوجل کے لئے ہے، پس میرے لئے کیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: یوں کہو

5. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَعَافِنِيْ وَاهْدِنِيْ وَارْزُقْنِيْ.

اے اللہ! مجھے معاف فرما اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے عافیت عطا فرما اور مجھے ہدایت عطا فرما اور مجھے رزق عطا فرما۔

پھر وہ آدمی پلٹ کر چلا گیا اور اس نے اپنے دونوں ہاتھوں کو مضبوطی سے بند کر رکھا تھا۔ تو نبی ﷺ نے فرمایا اس شخص نے تو اپنے ہاتھ خیر سے بھر لیے۔ (مسند احمد: 19110)

خیر کثیر پانے کی دعا

براء بن عازب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے ایک آدمی سے فرمایا: جب تم سونے لگو یا جب تم اپنے بستر پر جاؤ تو کہو:

6. اَللّٰهُمَّ أَسْلَمْتُ وَجْهِيْ اِلَيْكَ وَأَلْجَأْتُ ظَهْرِيْ اِلَيْكَ وَفَوَّضْتُ أَمْرِيْ اِلَيْكَ رَغْبَةً وَرَهْبَةً اِلَيْكَ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ آمَنْتُ بِكِتَابِكَ الَّذِيْ أَنْزَلْتَ وَنَبِيِّكَ الَّذِيْ أَرْسَلْتَ.

اے اللہ! میں نے اپنا چہرہ تیرے تابع کر دیا، اور اپنی پشت تیری طرف جھکائی، اور اپنا معاملہ تیرے سپرد کر دیا، ثواب میں رغبت کرتے ہوئے اور تیرے عذاب سے ڈرتے ہوئے۔ تیری بارگاہ کے سوا کوئی

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ٹھکانا اور جائے پناہ نہیں۔ میں تیری اس کتاب پر ایمان لایا جو تو نے نازل کی، اور تیرے اس نبی پر ایمان لایا جسے تو نے بھیجا۔

پھر اگر تم اس رات میں فوت ہو گئے تو تمہاری موت فطرت (دین اسلام) پر ہوگی، اور اگر (خیریت سے) تمہاری صبح ہو گئی تو تمہاری یہ صبح اس حال میں ہوگی کہ تم بہت بھلائی حاصل کر چکے ہو گے۔ (سنن ابن ماجہ: 3876)

ہر طرح کی خیر پانے کا سوال کرنا

7. اَللّٰهُمَّ اِنِّي أَسْأَلُكَ مِنَ الْخَيْرِ كُلِّهِ عَاجِلِهِ وَ آجِلِهِ مَا عَلِمْتُ مِنْهُ وَمَا لَمْ أَعْلَمْ اَللّٰهُمَّ اِنِّي أَسْأَلُكَ مِنْ خَيْرِ مَا سَأَلَكَ عَبْدُكَ وَنَبِيُّكَ مُحَمَّدٌ ﷺ وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا عَاذَ مِنْهُ عَبْدُكَ وَنَبِيُّكَ اَللّٰهُمَّ اِنِّي أَسْأَلُكَ الْجَنَّةَ وَمَا قَرَّبَ اِلَيْهَا مِنْ قَوْلٍ أَوْ عَمَلٍ وَأَسْأَلُكَ أَنْ تَجْعَلَ كُلَّ قَضَاءٍ تَقْضِيْهِ لِي خَيْرًا.

اے اللہ! میں تجھ سے ہر خیر کا سوال کرتا ہوں خواہ وہ فوری ہو یا تاخیر سے، میں اسے جانتا ہوں یا نہ جانتا ہوں۔ اے اللہ! میں تجھ سے ہر اس خیر کا سوال کرتا ہوں جس کا سوال تجھ سے تیرے بندے اور تیرے نبی محمد ﷺ نے کیا ہے اور ہر اس چیز کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں جس سے تیرے بندے اور تیرے نبی نے پناہ مانگی ہو، اے اللہ! میں تجھ سے جنت اور اس کے قریب کر دینے والے ہر قول و عمل کا سوال کرتا ہوں اور میں تجھ سے سوال کرتا ہوں کہ تو میرے لئے جو فیصلہ بھی کرے، اسے میرے لیے خیر بنا دے۔ (مسند أحمد: 25019)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

دنیا کی زندگی میں خیر کے اضافے کی دعا

8. اَللّٰهُمَّ أَصْلِحْ لِيْ دِيْنِيَ الَّذِيْ هُوَ عِصْمَةُ أَمْرِيْ وَأَصْلِحْ لِيْ دُنْيَايَ الَّتِيْ فِيْهَا مَعَاشِيْ وَأَصْلِحْ لِيْ آخِرَتِيَ الَّتِيْ فِيْهَا مَعَادِيْ وَاجْعَلِ الْحَيَاةَ زِيَادَةً لِيْ فِيْ كُلِّ خَيْرٍ وَاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَةً لِيْ مِنْ كُلِّ شَرٍّ.

اے اللہ! میرے دین کو درست فرما جو میرے معاملات کا محافظ ہے اور میری دنیا کو درست فرما جس میں میرا معاش ہے اور میری آخرت کو درست فرما جس میں میرا لوٹنا ہے اور میری زندگی کو ہر بھلائی میں میرے لئے زیادتی کا باعث بنا دے اور موت کو میرے لئے ہر شر سے راحت بنا دے۔

(صحیح مسلم:6903)

دن اور رات کی خیر مانگنا

عبداللہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی ﷺ جب شام کرتے تو کہتے:

9. أَمْسَيْنَا وَأَمْسَى الْمُلْكُ لِلّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ لَا إِلٰهَ إِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ رَبِّ أَسْأَلُكَ خَيْرَ مَا فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَخَيْرَ مَا بَعْدَهَا وَأَعُوْذُبِكَ مِنْ شَرِّ مَا فِيْ هٰذِهِ اللَّيْلَةِ وَشَرِّ مَا بَعْدَهَا رَبِّ أَعُوْذُبِكَ مِنَ الْكَسَلِ وَسُوْءِ الْكِبَرِ رَبِّ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ عَذَابٍ فِيْ النَّارِ وَعَذَابٍ فِيْ الْقَبْرِ.

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہم نے شام کی اور اللہ کے ملک نے شام کی اور ساری تعریف اس اللہ کے لئے ہے جس کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں۔ اسی کے لئے بادشاہت ہے اور اس کے لئے تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والا ہے۔ اے میرے رب! میں تجھ سے اس رات کی بھلائی اور اس رات کے بعد کی بھلائی کا سوال کرتا ہوں اور اس رات کے شر سے اور اس کے بعد کے شر سے پناہ مانگتا ہوں اے میرے رب میں تجھ سے سستی اور بڑھاپے کی برائی سے پناہ مانگتا ہوں اے میرے رب! میں تجھ سے جہنم میں عذاب اور قبر میں عذاب سے پناہ مانگتا ہوں۔

اور جب آپ صبح کرتے تو اسی طرح کہتے:

أَصْبَحْنَا وَأَصْبَحَ الْمُلْكُ لِلّٰهِ .... (صحیح مسلم:6908)

سواری یا بیوی کی خیر کا سوال کرنا

10. اَللّٰهُمَّ اِنِّی أَسْأَلُکَ مِنْ خَیْرِهَا وَخَیْرِ مَا جُبِلَتْ عَلَیْهِ وَأَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا جُبِلَتْ عَلَیْهِ.

اے اللہ! میں تجھ سے اس کی خیر مانگتا ہوں اور اس کی پیدائشی عادتوں کی خیر چاہتا ہوں۔ اور تیری پناہ مانگتا ہوں اس کے شر سے اور اس کی پیدائشی عادتوں کے شر سے۔ (سنن ابن ماجہ:1918)

لباس پہنتے وقت خیر کا سوال کرنا

11. اَللّٰهُمَّ لَکَ الْحَمْدُ أَنْتَ کَسَوْتَنِیْهِ أَسْأَلُکَ مِنْ خَیْرِهِ وَخَیْرِ مَا صُنِعَ لَهُ وَأَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّهِ وَشَرِّ مَا صُنِعَ لَهُ.

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے اللہ! سب تعریفیں تیرے لیے ہیں تو نے ہی یہ مجھے پہنایا ہے، میں تجھ سے اس کی خیر اور جس کے لیے یہ کپڑا بنایا گیا ہے اس کی خیر کا سوال کرتا ہوں اور اس کی برائی اور جس کے لیے یہ بنایا گیا ہے اس کی برائی سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ (سنن أبي داؤد: 4020)

کھانا کھانے کے بعد خیر کی دعا کرنا

12. اَللّٰهُمَّ بَارِكْ لَنَا فِيهِ وَأَطْعِمْنَا خَيْرًا مِنْهُ.

اے اللہ! ہمارے لیے اس میں برکت عطا فرما اور ہمیں اس سے بہتر کھانا کھلا۔ (سنن أبي داؤد: 3730)

ہوا چلنے پر خیر کا سوال کرنا/ آندھی کو برا بھلا کہنے کی بجائے خیر مانگنا

13. اَللّٰهُمَّ إِنِّي أَسْأَلُكَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا فِيهَا وَخَيْرَ مَا أُرْسِلَتْ بِهِ وَأَعُوذُ بِكَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِيهَا وَشَرِّ مَا أُرْسِلَتْ بِهِ.

اے اللہ میں تجھ سے اس (ہوا) کی خیر مانگتا ہوں اور جو کچھ اس میں ہے اس کی خیر اور جو اس کے ذریعے بھیجا گیا ہے اس کی بھی خیر مانگتا ہوں اور اس کے شر اور جو کچھ اس میں ہے اس کے شر اور جو شر اس کے ذریعے بھیجا گیا ہے اس سے پناہ مانگتا ہوں۔ (صحیح مسلم: 2085)

بستی/شہر میں داخل ہوتے وقت خیر کا سوال کرنا

14. اَللّٰهُمَّ رَبَّ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ وَمَا أَظْلَلْنَ وَرَبَّ الْأَرَضِينَ السَّبْعِ وَمَا أَقْلَلْنَ وَرَبَّ الرِّيَاحِ وَمَا أَذْرَيْنَ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَرَبَّ الشَّيَاطِيْنِ وَمَا أَضَلَّتْ اِنِّیْ أَسْئَلُکَ خَيْرَهَا وَخَيْرَ مَا فِيْهَا وَأَعُوْذُبِکَ مِنْ شَرِّهَا وَشَرِّ مَا فِيْهَا.

اے اللہ! سات آسمانوں کے رب! اوران چیزوں کے جن پر آسمانوں نے سایہ کیا ہوا ہے اور سات زمینوں کے رب! اوران چیزوں کے جن کو ان زمینوں نے اٹھایا ہوا ہے۔ اور ہواؤں کے رب! اوران چیزوں کے جن کو یہ ہوائیں اڑاتی پھرتی ہیں۔ شیطانوں کے رب! اوران مخلوقات کے جن کو ان شیطانوں نے گمراہ کیا ہے۔ میں تجھ سے اس (بستی) کی خیر اور جو کچھ اس میں ہے اس کی خیر کا سوال کرتا ہوں۔ اور اس (بستی) کے شر سے اور جو کچھ اس میں ہے اس کے شر سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

(السلسلة الصحيحة: 2759)

مصیبت پہنچنے پر خیر کا سوال کرنا

15. اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ اَللّٰهُمَّ أْجُرْنِیْ فِیْ مُصِيْبَتِیْ وَأَخْلِفْ لِیْ خَيْرًا مِنْهَا.

بے شک ہم اللہ کے لیے ہیں اور ہم اسی کی طرف لوٹائے جائیں گے۔ اے اللہ! مجھے میری مصیبت میں اجر دے اور مجھے اس کا نعم البدل عطا فرما۔ (صحيح مسلم: 2126)

احسان کرنے والے کو خیر کی دعا دینا

16. جَزَاکَ اللّٰهُ خَيْرًا.

اللہ تجھے اس کا بہترین بدلہ دے۔ (سنن الترمذی: 2035)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

شادی کی مبارک باد دیتے ہوئے خیر کی دعا دینا

17. بَارَکَ اللّٰہُ لَکَ وَبَارَکَ عَلَیْکَ وَجَمَعَ بَیْنَکُمَا فِی خَیْرٍ.

اللہ تمہیں برکت دے، تم پر اپنی برکت فرمائے اور تم دونوں کو خیر کے ساتھ اکٹھا رکھے۔

(سنن أبی داؤد: 2130)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ظلم سے بچنے کی دعائیں

ظالموں کے لیے کوئی مددگار نہیں

1. رَبَّنَا مَا خَلَقْتَ هٰذَا بَاطِلًا سُبْحٰنَكَ فَقِنَا عَذَابَ النَّارِ o رَبَّنَآ اِنَّكَ مَنْ تُدْخِلِ النَّارَ فَقَدْ أَخْزَيْتَهٗ وَمَا لِلظّٰلِمِيْنَ مِنْ أَنْصَارٍ o

اے ہمارے رب! تو نے یہ بے مقصد پیدا نہیں کیا، تو پاک ہے، سو ہمیں آگ کے عذاب سے بچا۔ اے ہمارے رب! بلاشبہ تو جسے آگ میں ڈالے سو یقیناً تو نے اسے رسوا کر دیا اور ظالموں کے لیے کوئی مددگار نہیں۔ (آل عمران: 192-191)

ظالم سے اللہ کی پناہ میں آنے کی دعائیں

2. رَبِّ نَجِّنِيْ مِنَ الْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ o

اے میرے رب! مجھے ظالم لوگوں سے بچا لے۔ (القصص: 21)

3. اِنِّيْ عُذْتُ بِرَبِّيْ وَرَبِّكُمْ مِّنْ كُلِّ مُتَكَبِّرٍ لَّا يُؤْمِنُ بِيَوْمِ الْحِسَابِ o

بے شک میں نے اپنے رب اور تمھارے رب کی پناہ لی ہے ہر اس متکبر سے جو یوم حساب پر ایمان نہیں رکھتا۔ (غافر: 27)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

4. عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلْقَوْمِ الظّٰلِمِيْنَ ○ وَنَجِّنَا بِرَحْمَتِكَ مِنَ الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○

ہم نے اللہ ہی پر بھروسا کیا، اے ہمارے رب! ہمیں ظالم لوگوں کے لیے آزمائش نہ بنا۔ اور اپنی رحمت کے ساتھ ہمیں کافر لوگوں سے نجات دے۔ (یونس: 86-85)

5. رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِيْٓ أَمْرِنَا وَثَبِّتْ أَقْدَامَنَا وَ انْصُرْنَا عَلَى الْقَوْمِ الْكٰفِرِيْنَ ○

اے ہمارے رب! ہمارے گناہ معاف فرما اور ہمارے کام میں اگر زیادتی ہوگئی ہو تو اسے بھی معاف فرما، ہمیں ثابت قدم رکھ اور کافروں کے مقابلہ میں ہماری مدد فرما۔ (آل عمران: 147)

6. وَسِعَ رَبُّنَا كُلَّ شَيْءٍ عِلْمًا عَلَى اللّٰهِ تَوَكَّلْنَا رَبَّنَا افْتَحْ بَيْنَنَا وَ بَيْنَ قَوْمِنَا بِالْحَقِّ وَأَنْتَ خَيْرُ الْفٰتِحِيْنَ ○

ہمارے رب نے ہر چیز کا علم سے احاطہ کر رکھا ہے، ہم نے اللہ ہی پر بھروسا کیا، اے ہمارے رب! ہمارے درمیان اور ہماری قوم کے درمیان حق کے ساتھ فیصلہ کر دے اور تو سب فیصلہ کرنے والوں سے بہتر ہے۔ (الاعراف: 89)

7. رَبَّنَا عَلَيْكَ تَوَكَّلْنَا وَاِلَيْكَ أَنَبْنَا وَاِلَيْكَ الْمَصِيْرُ ○ رَبَّنَا لَا تَجْعَلْنَا فِتْنَةً لِّلَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاغْفِرْ لَنَا رَبَّنَا اِنَّكَ أَنْتَ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ ○

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے ہمارے رب! ہم نے تجھی پر بھروسا کیا اور تیری طرف ہی رجوع کیا اور تیری ہی طرف ہمیں لوٹنا ہے۔ اے ہمارے رب! ہمیں ان لوگوں کے لیے آزمائش نہ بنا جنھوں نے کفر کیا اور ہمیں بخش دے اے ہمارے رب! یقیناً تو ہی سب پر غالب، کمال حکمت والا ہے۔ (الممتحنة:5-4)

فسادی لوگوں سے بچنے کی دعا

8. رَبِّ انْصُرْنِیْ عَلَى الْقَوْمِ الْمُفْسِدِيْنَ ○

اے میرے رب! مفسد لوگوں کے خلاف میری مدد فرما۔ (العنکبوت:30)

ظالموں کے ظلم سے بچنے کی دعا

9. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْفَقْرِ وَالْقِلَّةِ وَالذِّلَّةِ وَأَعُوْذُ بِکَ مِنْ أَنْ أَظْلِمَ أَوْ أُظْلَمَ.

اے اللہ! میں فقر و فاقہ، قلت اور ذلت سے تیری پناہ میں آتا ہوں اور اس بات سے تیری پناہ میں آتا ہوں کہ میں کسی پر ظلم کروں یا کوئی مجھ پر ظلم کرے۔ (سنن أبی داؤد:1544)

ظالم کے خلاف اللہ کی مدد پانے کی دعائیں

10. اَللّٰهُمَّ اكْفِنِيْهِمْ بِمَا شِئْتَ.

اے اللہ! تو جس طرح چاہے مجھے ان کے مقابلے میں کافی ہو جا۔ (صحیح مسلم:1544)

11. اَللّٰهُمَّ اكْفِنَاهُ بِمَا شِئْتَ.

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے اللہ! تو جس طرح چاہے، اس سے ہماری کفایت فرما۔ (مسند احمد:3)

12. اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَجْعَلُكَ فِيْ نُحُوْرِهِمْ وَنَعُوْذُ بِكَ مِنْ شُرُوْرِهِمْ.

اے اللہ، ہم تجھ کو ان کے سامنے کرتے ہیں اور ان کے شر سے تیری پناہ میں آتے ہیں۔

(سنن أبي داؤد:1537)

13. اَللّٰهُمَّ أَصْلِحْ لِيْ سَمْعِيْ وَبَصَرِيْ، وَاجْعَلْهُمَا الْوَارِثَيْنِ مِنِّيْ، وَانْصُرْنِيْ عَلٰى مَنْ ظَلَمَنِيْ وَأَرِنِيْ مِنْهُ ثَأْرِيْ.

اے اللہ! میری سماعت و بصارت کی میرے لیے اصلاح کر دے اور ان دونوں کو میرا وارث بنا دے اور جو مجھ پر ظلم کرے اس کے خلاف میری مدد فرما اور میرا انتقام مجھے اس میں دکھا دے۔

(صحيح الادب المفرد:506)

14. اَللّٰهُمَّ اقْسِمْ لَنَا مِنْ خَشْيَتِكَ مَا يَحُوْلُ بَيْنَنَا وَبَيْنَ مَعَاصِيْكَ وَمِنْ طَاعَتِكَ مَا تُبَلِّغُنَا بِهِ جَنَّتَكَ وَمِنَ الْيَقِيْنِ مَا تُهَوِّنُ بِهِ عَلَيْنَا مُصِيْبَاتِ الدُّنْيَا وَمَتِّعْنَا بِأَسْمَاعِنَا وَأَبْصَارِنَا وَقُوَّتِنَا مَا أَحْيَيْتَنَا وَاجْعَلْهُ الْوَارِثَ مِنَّا وَاجْعَلْ ثَأْرَنَا عَلٰى مَنْ ظَلَمَنَا وَانْصُرْنَا عَلٰى مَنْ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عَادَانَا،وَلَا تَجْعَلْ مُصِيْبَتَنَا فِيْ دِيْنِنَا،وَلَا تَجْعَلِ الدُّنْيَا أَكْبَرَ هَمِّنَا وَلَا مَبْلَغَ عِلْمِنَا،وَلَا تُسَلِّطْ عَلَيْنَا مَنْ لَا يَرْحَمُنَا .

اے اللہ! ہم میں اپنے خوف کو اتنا تقسیم کر دے کہ وہ ہمارے اور تیری نافرمانی کے درمیان حائل ہو جائے اور اپنی فرمانبرداری (ہم میں اتنی تقسیم کر دے کہ) وہ ہمیں تیری جنت تک پہنچا دے اور اتنا یقین دے کہ ہم پر دنیا کی مصیبتیں آسان ہو جائیں اور جب تک تو ہمیں زندہ رکھے ہمیں ہماری سماعت، بصارت اور قوت سے مستفید کر اور اسے ہمارا وارث بنا دے۔ اور ہمارا انتقام اسی تک محدود کر دے جو ہم پر ظلم کرے۔ دشمنوں کے مقابلے میں ہماری مدد فرما اور ہمارے دین میں مصیبت نازل نہ فرما، دنیا ہی کو ہمارا سب سے بڑا غم نہ بنا اور نہ (دنیا کو) ہمارے علم کی انتہا بنا اور ہم پر ایسے شخص کو مسلط نہ کر جو ہم پر رحم نہ کرے۔ (سنن الترمذی:3502)

15. رَبِّ أَعِنِّيْ وَلَا تُعِنْ عَلَيَّ وَانْصُرْنِيْ وَلَا تَنْصُرْ عَلَيَّ وَامْكُرْ لِيْ وَلَا تَمْكُرْ عَلَيَّ وَاهْدِنِيْ وَيَسِّرْ هُدَايَ إِلَيَّ وَانْصُرْنِيْ عَلٰى مَنْ بَغٰى عَلَيَّ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْنِيْ لَكَ شَاكِرًا لَكَ ذَاكِرًا لَكَ رَاهِبًا لَكَ مِطْوَاعًا إِلَيْكَ مُخْبِتًا أَوْ مُنِيْبًا رَبِّ تَقَبَّلْ تَوْبَتِيْ وَاغْسِلْ حَوْبَتِيْ وَأَجِبْ دَعْوَتِيْ وَثَبِّتْ حُجَّتِيْ وَاهْدِ قَلْبِيْ وَسَدِّدْ لِسَانِيْ وَاسْلُلْ سَخِيْمَةَ قَلْبِيْ .

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے میرے رب! میری مدد فرما، میرے خلاف کسی کی مدد نہ کر، میری نصرت فرما، میرے خلاف کسی کی نصرت نہ کر۔ میرے حق میں تدبیر فرما، میرے خلاف تدبیر نہ کر۔ میری رہنمائی فرما اور ہدایت کو میرے لیے آسان فرما دے۔ اور جو میرے خلاف بغاوت کرے اس کے مقابلے میں میری مدد فرما، اے اللہ! مجھے اپنا شکر گزار، اپنا ذکر کرنے والا، تجھی سے ڈرنے والا، تیرا از حد اطاعت گزار اور بہت ہی تواضع کرنے والا یا بار بار پلٹ کر آنے والا بنا دے۔ اے میرے رب! میری توبہ قبول کر لے، میری خطائیں دھو ڈال، میری دعا قبول فرما، میری حجت قائم فرما دے، میرے دل کو ہدایت دے، میری زبان کو (حق پر) مستقیم رکھ اور میرے دل سے میل کچیل (بغض، حسد اور کینہ وغیرہ) نکال دے۔

(سنن أبي داؤد: 1510)

ظالموں کے شر سے بچنے کی دعا

عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ جب تم میں سے کسی ایک پر کوئی ایسا حاکم ہو جس کی سخت گیری یا اس کے ظلم سے وہ ڈرے تو چاہیے کہ وہ کہے:

16. اللَّهُمَّ رَبَّ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ وَرَبَّ الْعَرْشِ الْعَظِيمِ، كُنْ لِي جَارًا مِنْ فُلَانِ بْنِ فُلَانٍ وَأَحْزَابِهِ مِنْ خَلَائِقِكَ أَنْ يَفْرُطَ عَلَيَّ أَحَدٌ مِنْهُمْ أَوْ يَطْغَى عَزَّ جَارُكَ وَجَلَّ ثَنَاؤُكَ وَلَا إِلَهَ إِلَّا أَنْتَ .

اے اللہ! سات آسمانوں کے رب اور عرش عظیم کے رب! تو میرا پڑوسی بن جا (یعنی میرے لیے پناہ بن جا) فلاں بن فلاں کے اور اس کے گروہ کے (مقابلے میں) جو تیری مخلوق ہیں (اور اس بات سے روک دے) کہ ان میں سے کوئی ایک بھی مجھ پر زیادتی کرے یا وہ سرکشی کرے، تیری پناہ بہت مضبوط ہے اور تیری تعریف بڑی شان والی ہے۔ اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ (صحيح الادب المفرد: 548)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ابن عباس سے روایت ہے، انہوں نے کہا: جب تم کسی ظالم سلطان (بادشاہ) کے پاس آؤ اور تمہیں یہ خوف ہو کہ وہ تم پر غالب آ جائے گا تو یہ (دعا) تین مرتبہ پڑھو:

17. اَللّٰهُ أَكْبَرُ، اَللّٰهُ أَعَزُّ مِنْ خَلْقِهِ جَمِيْعًا، اَللّٰهُ أَعَزُّ مِمَّا أَخَافُ وَأَحْذَرُ، اَعُوْذُ بِاللّٰهِ الَّذِي لَا اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْمُمْسِكُ السَّمَاوَاتِ السَّبْعِ أَنْ يَقَعْنَ عَلَى الْأَرْضِ اِلَّا بِاِذْنِهِ، مِنْ شَرِّ عَبْدِكَ فُلَانٍ وَجُنُوْدِهِ وَأَتْبَاعِهِ وَأَشْيَاعِهِ مِنَ الْجِنِّ وَالْاِنْسِ، اَللّٰهُمَّ كُنْ لِيْ جَارًا مِنْ شَرِّهِمْ، جَلَّ ثَنَاؤُكَ وَعَزَّ جَارُكَ وَتَبَارَكَ اسْمُكَ، وَلَا اِلٰهَ غَيْرُكَ.

اللہ سب سے بڑا ہے، اللہ اپنی تمام مخلوق پر سب سے زیادہ غالب ہے، اللہ ان (چیزوں) سے کہیں زیادہ طاقت والا ہے جن سے میں خوف کھاتا اور ڈرتا ہوں اور میں اس اللہ کی پناہ میں آتا ہوں جس کے سوا کوئی معبود نہیں، ساتوں آسمانوں کو تھامنے والا کہ وہ زمین پر نہ گر جائیں مگر اس کی اجازت سے، تیرے فلاں بندے کے شر سے اور اس کے لشکروں، اس کے پیروکاروں اور جنوں اور انسانوں میں سے اس کے ساتھیوں کے (شر سے بھی پناہ مانگتا ہوں)، اے اللہ! ان کے شر سے میرے لیے پشت پناہ بن جا، تیری تعریف بڑی شان والی ہے اور تیری پناہ بہت مضبوط ہے اور تیرا نام بابرکت ہے اور تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ (صحیح الادب المفرد: 549)

ظالموں کے علاقے سے بچنے کی دعا

18. رَبَّنَآ اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا وَاجْعَلْ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لَّنَا مِنْ لَّدُنْکَ وَلِیًّا وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ لَّدُنْکَ نَصِیْرًا ○

اے ہمارے رب! ہمیں اس بستی سے نکال لے جس کے رہنے والے ظالم ہیں اور ہمارے لیے اپنے پاس سے کوئی حمایتی بنا دے اور ہمارے لیے اپنے پاس سے کوئی مددگار بنا۔ (النساء: 75)

اپنے ظلم سے معافی کی دعا

18. رَبِّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْلِیْ.

اے میرے رب! بلاشبہ میں نے اپنے آپ پر ظلم کیا ہے۔ لہٰذا مجھے معاف فرما دے۔ (القصص: 16)

19. سُبْحٰنَ رَبِّنَآ اِنَّا کُنَّا ظٰلِمِیْنَ ○

ہمارا رب پاک ہے، بلاشبہ ہم ہی ظالم ہیں۔ (القلم: 29)

20. رَبَّنَاظَلَمْنَآ اَنْفُسَنَا وَاِنْ لَّمْ تَغْفِرْلَنَا وَتَرْحَمْنَا لَنَکُوْنَنَّ مِنَ الْخٰسِرِیْنَ ○

اے ہمارے رب! ہم نے اپنی جانوں پر ظلم کیا اور اگر تو نے ہمیں نہ بخشا اور ہم پر رحم نہ کیا تو ہم ضرور خسارہ پانے والوں سے ہو جائیں گے۔ (الأعراف: 23)

21. اَللّٰھُمَّ أَنْتَ رَبِّیْ وَأَنَا عَبْدُکَ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ وَاعْتَرَفْتُ بِذَنْبِیْ یَا رَبِّ فَاغْفِرْ لِیْ ذَنْبِیْ اِنَّکَ أَنْتَ رَبِّیْ اِنَّهُ لَا یَغْفِرُ الذَّنْبَ اِلَّا أَنْتَ.

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے اللہ! تو میرا رب اور میں تیرا بندہ ہوں، میں نے اپنی جان پر ظلم کیا، مجھے اپنے گناہوں کا اعتراف ہے، اے میرے رب! پس میرے گناہ کو معاف فرما، بے شک تو ہی میرا رب ہے اور تیرے علاوہ کوئی بھی گناہ کو معاف نہیں کر سکتا۔ (مسند احمد: 10681)

22. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ ظُلْمًا كَثِيْرًا وَلَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا أَنْتَ فَاغْفِرْ لِیْ مَغْفِرَةً مِنْ عِنْدِكَ وَارْحَمْنِیْ اِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ .

اے اللہ! میں نے اپنی جان پر (گناہ کر کے) بہت ظلم کیے اور تیرے علاوہ کوئی بھی گناہوں کو معاف نہیں کر سکتا، اس لئے اپنے پاس سے میرے گناہوں کو معاف فرما اور مجھ پر رحم فرما، بے شک تو بڑا بخشنے والا، نہایت مہربان ہے۔ (صحیح البخاری: 834)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

حصول علم کی دعائیں

اللہ "العلیم" ہی تعلیم دینے والا ہے

1. وَيُعَلِّمُكُمُ اللّٰهُ وَاللّٰهُ بِكُلِّ شَيْءٍ عَلِيْمٌ○

اور اللہ ہی تمہیں تعلیم دینے والا ہے اور وہ سب کچھ جاننے والا ہے۔ (البقرۃ:282)

علم میں اضافے کی دعا

2. رَبِّ زِدْنِيْ عِلْمًا○

اے میرے رب! میرے علم میں اضافہ فرما۔ (طٰہٰ:114)

لاعلمی کی بات سے پناہ مانگنا

3. رَبِّ اِنِّيْٓ أَعُوْذُ بِكَ أَنْ أَسْئَلَكَ مَا لَيْسَ لِيْ بِهٖ عِلْمٌ وَّاِلَّا تَغْفِرْلِيْ وَتَرْحَمْنِيْٓ أَكُنْ مِّنَ الْخٰسِرِيْنَ○

اے میرے رب! بے شک میں تجھ سے پناہ مانگتا ہوں کہ تجھ سے اس بات کا سوال کروں جس کا مجھے کچھ علم نہیں اور اگر تو نے مجھے نہ بخشا اور مجھ پر رحم نہ کیا تو میں خسارہ پانے والوں سے ہو جاؤں گا۔ (ھود:47)

4. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ اَعُوْذُ بِكَ أَنْ أُشْرِكَ بِكَ وَأَنَا أَعْلَمُ ، وَأَسْتَغْفِرُكَ لِمَا لَا أَعْلَمُ.

اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ میں جان بوجھ کر تیرے ساتھ کسی کو شریک کروں اور

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

جو میں نہیں جانتا ہوں اس کے لیے تجھ سے مغفرت طلب کرتا ہوں۔ (صحیح الادب المفرد:554)

اللہ سے نفع بخش علم مانگنے کا حکم

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ سے نفع بخش علم مانگو اور فائدہ نہ دینے والے علم سے اللہ کی پناہ مانگو۔ (سنن ابن ماجہ:3843)

5. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَسْأَلُکَ عِلْمًا نَافِعًا وَأَعُوْذُبِکَ مِنْ عِلْمٍ لَا يَنْفَعُ.

اے اللہ! میں تجھ سے نفع بخش علم کا سوال کرتا ہوں اور فائدہ نہ دینے والے علم سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔

(السلسلة الصحيحة :1511)

روزانہ صبح فجر کی نماز کے بعد نفع بخش علم مانگنا

6. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَسْأَلُکَ عِلْمًا نَافِعًا وَرِزْقًا طَيِّبًا وَعَمَلًا مُتَقَبَّلًا.

اے اللہ! میں تجھ سے فائدہ دینے والے علم، پاک رزق اور قبول ہونے والے عمل کا سوال کرتا ہوں۔

(سنن ابن ماجہ:925)

جو علم حاصل کیا اس سے فائدہ پانے کی دعا

7. اَللّٰهُمَّ انْفَعْنِیْ بِمَا عَلَّمْتَنِیْ، وَعَلِّمْنِیْ مَا يَنْفَعُنِیْ، وَارْزُقْنِیْ عِلْمًا تَنْفَعُنِیْ بِهٖ.

اے اللہ! تو مجھے جو علم عطا فرمائے اس سے مجھے فائدہ پہنچا اور مجھے وہ علم دے جو مجھے فائدہ دے، اور مجھے ایسا علم دے جس کے ذریعے میں فائدہ اٹھا سکوں۔ (السلسلة الصحيحة:3151)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

غیر نافع علم سے پناہ مانگنا

8. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنْ عِلْمٍ لَا یَنْفَعُ وَمِنْ قَلْبٍ لَا یَخْشَعُ وَمِنْ نَفْسٍ لَا تَشْبَعُ وَمِنْ دَعْوَةٍ لَا یُسْتَجَابُ لَهَا.

اے اللہ! میں ایسے علم سے تیری پناہ مانگتا ہوں جو نفع دینے والا نہ ہو اور ایسے دل سے جو ڈرنے والا نہ ہو اور ایسے نفس سے جو سیر ہونے والا نہ ہو اور ایسی دعا سے جو قبول ہونے والی نہ ہو۔

(صحیح مسلم:6906)

بچوں کو علم کی دعا دینا

9. اَللّٰهُمَّ عَلِّمْهُ الْکِتَابَ.

اے اللہ! اسے کتاب (قرآن) کا علم عطا فرما۔ (صحیح البخاری:75)

10. اَللّٰهُمَّ فَقِّهْهُ فِی الدِّیْنِ وَعَلِّمْهُ التَّأْوِیْلَ.

اے اللہ! اسے دین کی سمجھ عطا فرما اور کتاب کی تاویل وتفسیر سمجھا۔ (مسند احمد:3022)

11. اَللّٰهُمَّ عَلِّمْهُ الْکِتَابَ وَالْحِسَابَ وَقِهِ الْعَذَابَ.

اے اللہ! اسے حساب وکتاب سکھا دے اور اس کو عذاب سے بچا۔ (السلسلة الصحیحة:3227)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تسبیحات اوران کی اہمیت

سُبْحَانَ اللّٰهِ کہنے سے زمین وآسمان کا بھر جانا

ابو مالک حارث بن عاصم اشعری رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

1. سُبْحَانَ اللّٰهِ ، أَلْحَمْدُ لِلّٰهِ.

اللہ پاک ہے سب تعریف اللہ کے لیے ہے

کہنے سے زمین وآسمان کی درمیانی فضا بھر جاتی ہے۔(صحیح مسلم:534)

سواونٹوں سے افضل عمل

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے سورج طلوع ہونے اور اس کے غروب ہونے سے قبل سو بار:

2. سُبْحَانَ اللّٰهِ.

اللہ پاک ہے۔

کہا تو یہ سواونٹوں سے بہتر ہے ۔(صحیح الترغیب والترھیب:658)

بیس نیکیاں ملنا اور بیس برائیاں مٹنا

نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ نے چار کلمات چنے ہیں۔

3. سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ.

اللہ پاک ہے اور سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے جس نے سُبْحَانَ اللّٰهِ کہا اس کے لیے بیس نیکیاں لکھ دی جاتی ہیں اور اس کی بیس برائیاں مٹادی جاتی ہیں اور جس نے اللّٰهُ أَكْبَرُ کہا اس کے لیے بھی اسی طرح ہے اور جس نے لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہا اس کے لیے اسی طرح ہے۔

(صحیح الترغیب والترھیب:1554)

محکم دلائل و براہین سے مزین متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ہزار نیکیاں ملنا اور ہزار برائیاں مٹنا

سعد رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ ہم رسول اللہ ﷺ کے پاس بیٹھے تھے تو آپ ﷺ نے فرمایا: کیا تم میں سے کوئی ہر دن ہزار نیکیاں کرنے سے عاجز ہے؟ آپ کے پاس بیٹھے ہوئے لوگوں میں سے کسی نے پوچھا: ہم میں کوئی آدمی ہزار نیکیاں کیسے کر سکتا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: جو آدمی سو مرتبہ

4. سُبْحَانَ اللّٰهِ.

اللہ پاک ہے۔

پڑھتا ہے اس کے لئے ہزار نیکیاں لکھی جاتی ہیں یا اس کی ہزار خطائیں مٹا دی جاتی ہیں۔ (صحیح مسلم: 6852)

تسبیح پڑھنا بھی صدقہ ہے / جوڑوں کی طرف سے صدقہ

نبی ﷺ نے فرمایا: تم میں جو کوئی صبح کرتا ہے تو اس کے ہر جوڑ پر صدقہ لازم ہے تو ہر مرتبہ

5. سُبْحَانَ اللّٰهِ

اللہ پاک ہے۔

کہنا صدقہ ہے، ہر مرتبہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے۔

کہنا صدقہ ہے اور ہر مرتبہ

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں۔

کہنا صدقہ ہے، ہر مرتبہ

اَللّٰهُ أَكْبَرُ

اللہ سب سے بڑا ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہنا صدقہ ہے، نیکی کا حکم دینا صدقہ ہے اور برائی سے روکنا بھی صدقہ ہے۔ (صحیح مسلم:1671)

اللہ تعالیٰ کا چنا ہوا کلام

ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ سے سوال کیا گیا: کون سا کلام افضل ہے؟ آپ نے فرمایا: جو اللہ نے اپنے فرشتوں اور بندوں کے لیے چنا:

6. سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ.

پاک ہے اللہ اپنی تعریف کے ساتھ۔ (صحیح مسلم:6925)

قیامت کے دن افضل عمل

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا جو آدمی صبح و شام سو مرتبہ

7. سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ.

پاک ہے اللہ اپنی تعریف کے ساتھ۔

پڑھتا ہے قیامت کے دن کوئی اس سے زیادہ افضل عمل نہیں لا سکتا سوائے اس کے جس نے اس کے برابر یا اس سے زیادہ پڑھا ہو۔ (صحیح مسلم:6843)

تمام مخلوق کے رزق کی کنجی

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ کے نبی نوح علیہ السلام کی وفات کا وقت جب قریب آیا تو انہوں نے اپنے بیٹے سے فرمایا: میں تمہیں ایک وصیت کر رہا ہوں۔۔۔

8. سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ.

پاک ہے اللہ اپنی تعریف کے ساتھ۔

کا ورد کرتے رہنا کہ یہ ہر چیز کی نماز ہے اور اس کے ذریعے مخلوق کو رزق ملتا ہے۔ (السلسلة الصحيحة:134)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

پریشانی یا ڈر وخوف دور کرنے کا ذریعہ

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو رات سے خوف کھائے کہ وہ پریشان کرے گی، یا مال خرچ کرنے سے بخل کرے یا دشمن سے مقابلہ کرنے سے ڈرے تو چاہیے کہ وہ اس (قول) کی کثرت کردے۔

9. سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ.

پاک ہے اللہ اپنی تعریف کے ساتھ۔

کیونکہ یہ اللہ کے نزدیک سونے کا پہاڑ اللہ عزوجل کے راستے میں خرچ کرنے سے زیادہ محبوب ہے۔

(صحیح الترغیب والترھیب:1541)

زبان پر ہلکے مگر میزان میں بھاری

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: دو کلمے ایسے ہیں جو زبان پر ہلکے ہیں لیکن میزان میں بھاری ہیں اور رحمٰن کو محبوب ہیں۔

10. سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ.

پاک ہے اللہ اپنی تعریف کے ساتھ، پاک ہے اللہ عظمت والا۔ (صحیح البخاری:6682)

جنت میں درخت لگانے والے کلمات

نبی ﷺ نے فرمایا: جو شخص

11. سُبْحَانَ اللّٰهِ الْعَظِيْمِ وَبِحَمْدِهِ.

پاک ہے اللہ عظمت والا اور اسی کی تعریف ہے۔

کہتا ہے اس کیلئے جنت میں کھجور کا ایک درخت لگا دیا جاتا ہے۔ (سنن الترمذی:3465)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ کا محبوب کلام

سمرہ بن جندبؓ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اللہ کے نزدیک سب سے زیادہ محبوب کلمات چار ہیں:

12. سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ.

اللہ پاک ہے اور سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے۔

تمہیں اس میں سے کسی بھی کلمہ سے شروع کرنا نقصان نہ دے گا۔ (صحیح مسلم: 5601)

ابوذر رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ نبی ﷺ نے فرمایا: اللہ کے نزدیک سب سے محبوب کلام یہ ہے:

13. سُبْحَانَ اللّٰهِ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ، وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ، سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ.

اللہ پاک ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے بادشاہت ہے اور اسی کے لیے سب تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے، نہیں کوئی (برائی سے بچنے کی) ہمت اور (نیکی کرنے کی) طاقت مگر اللہ (کی مدد) کے ساتھ، اللہ پاک ہے اپنی تعریف کے ساتھ۔ (صحیح الادب المفرد: 497)

تمام چیزوں سے بہتر کلمات

ابوہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا:

14. سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ.

اللہ پاک ہے اور سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے۔

کہنا میرے نزدیک ہر اس چیز سے محبوب ہے جس پر سورج طلوع ہوتا ہے۔ (صحیح مسلم: 6847)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گناہوں کو جھاڑنے والے کلمات

انس رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ ایک ایسے درخت کے پاس سے گزرے جس کے پتے سوکھ چکے تھے۔ آپ ﷺ نے اس پر اپنی لاٹھی ماری تو اس کے پتے جھڑنے لگے۔ پھر آپ ﷺ نے فرمایا:

15. اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ وَسُبْحَانَ اللّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ.

سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے اور اللہ پاک ہے اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے۔ سے اسی طرح گناہ جھڑتے ہیں جس طرح اس درخت کے پتے جھڑے۔ (سنن الترمذی: 3533)

محرومی سے بچانے والے کلمات

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کچھ کلمات ایسے ہیں کہ جن کو سو مرتبہ پڑھنے والا کبھی محروم نہیں ہوتا:

16. سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ.

اللہ پاک ہے اور سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے۔ (صحیح الادب المفرد: 486)

آگ سے بچانے والے کلمات

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اپنا بچاؤ حاصل کرلو۔ صحابہ رضی اللہ عنہم نے کہا: اے اللہ کے رسول! کیا دشمن آ گیا ہے؟ آپ ﷺ نے فرمایا: نہیں، بلکہ جہنم سے تمہارا بچاؤ۔ کہو:

17. سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ.

اللہ پاک ہے اور سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور اللہ سب سے بڑا ہے کیونکہ یہ کلمات قیامت کے دن تمہارے آگے آ کر اور پیچھے آ کر تمہارا بچاؤ کریں گے اور یہی کلمات باقی رہنے والی نیکیاں ہیں۔ (صحیح الترغیب و الترھیب: 2266)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ تعالیٰ کا ان کلمات کے جواب میں تصدیق کرنا

انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں: ایک اعرابی نبی ﷺ کے پاس آیا اور کہا: اے اللہ کے رسول! مجھے کسی بہترین چیز کی تعلیم دیں۔ نبی ﷺ نے اس کا ہاتھ پکڑا اور فرمایا: اس طرح کہا کرو:

18. سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ.

اللہ پاک ہے اور سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے اور اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

اور اللہ سب سے بڑا ہے۔

تو اعرابی نے (ان چار چیزوں کو) اپنی انگلیوں پر شمار کیا اور چل دیا، لیکن کچھ سوچنے کے بعد پھر واپس آ گیا۔ تو نبی ﷺ مسکرائے اور فرمایا: خستہ حال بدو سوچنے لگ گیا ہے۔ اس نے واپس آ کر کہا: اے اللہ کے رسول! سُبْحَانَ اللّٰهِ وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ وَلَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَاللّٰهُ أَكْبَرُ۔ یہ سارے کلمات اللہ تعالیٰ کے لئے ہیں میرے لئے کیا ہے؟ نبی ﷺ نے اسے فرمایا: اے اعرابی! جب تم سُبْحَانَ اللّٰهِ کہو گے تو اللہ تعالیٰ کہے گا: تم نے سچ کہا۔ جب تم اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ کہو گے تو اللہ تعالیٰ کہے گا: تم نے سچ کہا۔ جب تم لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہو گے تو اللہ تعالیٰ کہے گا: تم نے سچ کہا۔ جب تم اللّٰهُ أَكْبَرُ کہو گے تو اللہ تعالیٰ کہے گا: تم نے سچ کہا۔ اور جب تم

اَللّٰهُمَّ! اغْفِرْ لِيْ

اے اللہ! مجھے بخش دے۔

کہو گے تو اللہ تعالیٰ کہے گا: میں نے بخش دیا۔ جب تم

اَللّٰهُمَّ! ارْحَمْنِيْ

اے اللہ! مجھ پر رحم فرما۔

کہو گے تو اللہ تعالیٰ کہے گا: میں نے رحم کر دیا اور جب تم

اَللّٰهُمَّ! ارْزُقْنِيْ

اے اللہ! مجھے رزق دے۔

کہو گے تو اللہ تعالیٰ کہے گا: میں نے رزق دینے کا فیصلہ کر دیا۔ اعرابی نے اپنے ہاتھ پر یہ سات کلمات شمار کئے پھر چل دیا۔ (السلسلة الصحيحة: 3336)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

آسمان کے دروازے کھلنے کا باعث بننے والے کلمات

ابن عمر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ: ہم رسول اللہ ﷺ کے ساتھ نماز پڑھ رہے تھے کہ جماعت میں سے ایک آدمی نے کہا:

23۔ اَللّٰهُ أَكْبَرُ كَبِيرًا وَالْحَمْدُ لِلّٰهِ كَثِيرًا وَسُبْحَانَ اللّٰهِ بُكْرَةً وَأَصِيلًا .

اللہ سب سے بڑا ہے، بہت بڑا اور سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے، بہت زیادہ اور صبح وشام اللہ ہی کی پاکی ہے۔

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: اس طرح کے کلمات کہنے والا کون ہے؟ جماعت میں سے ایک آدمی نے عرض کیا: اے اللہ کے رسول! میں ہوں، آپ ﷺ نے فرمایا: مجھے تعجب ہوا کہ اس کے لئے آسمان کے دروازے کھولے گئے۔ ابن عمر رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں کہ جب سے اس بارے میں میں نے رسول اللہ ﷺ کو یہ فرماتے ہوئے سنا میں نے ان کلمات کو پھر کبھی نہیں چھوڑا۔ (صحیح مسلم: 1358)

تسبیحات کے مواقع

صبح وشام تسبیح کرنا

1. يَاأَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا اذْكُرُوا اللّٰهَ ذِكْرًا كَثِيرًا ○ وَسَبِّحُوهُ بُكْرَةً وَأَصِيلًا ○

اے ایمان والو! اللہ کو بکثرت یاد کیا کرو اور صبح وشام اس کی تسبیح کیا کرو۔ (الاحزاب: 42-41)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص

2. سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ .

پاک ہے اللہ اپنی تعریف کے ساتھ۔

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

ایک دن میں سو بار کہے تو اس کے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں، اگرچہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہی کیوں نہ ہوں۔

(صحیح البخاری:6405)

نماز فجر کے بعد

جویریہ رضی اللہ عنہا سے روایت ہے کہ نبی ﷺ صبح کے وقت نماز ادا کرنے کے بعد ان کے پاس سے چلے گئے اور وہ اپنی جائے نماز پر ہی بیٹھی ہوئی تھیں پھر دن چڑھے آپ ﷺ واپس تشریف لائے تو وہ وہیں بیٹھی ہوئی تھیں۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا: جس وقت سے میں تمہارے پاس سے گیا ہوں تم اسی طرح بیٹھی ہوئی ہو؟ انہوں نے عرض کیا: جی ہاں۔

نبی ﷺ نے فرمایا میں نے تمہارے بعد ایسے چار کلمات تین مرتبہ کہے ہیں کہ اگر تمہارے آج کے کہے ہوئے کلمات کو ان کے ساتھ وزن کیا جائے تو ان کلمات کا وزن زیادہ ہوگا:

3. سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ عَدَدَ خَلْقِهِ وَرِضَا نَفْسِهِ وَزِنَةَ عَرْشِهِ وَمِدَادَ كَلِمَاتِهِ.

اللہ کی تعریف اور اسی کی پاکی ہے اس کی مخلوق کی تعداد کے برابر اور اس کی رضا اور اس کے عرش کے وزن اور اس کے کلمات کی سیاہی کے برابر۔ (صحیح مسلم:6913)

فجر اور عصر کے بعد

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میرے نزدیک طلوع آفتاب کے وقت تک بیٹھ کر اللہ کا ذکر کرنا اور

4. اَللّٰهُ أَكْبَرُ اللہ سب سے بڑا ہے

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے

سُبْحَانَ اللّٰهِ اللہ پاک ہے

اور

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں

کہنا اولاد اسماعیل علیہ السلام میں سے دو یا اس سے زیادہ غلام آزاد کرنے سے زیادہ بہتر ہے اسی طرح نماز عصر سے غروب آفتاب تک اللہ کا ذکر کرنا میرے نزدیک اولاد اسماعیل علیہ السلام میں سے چار غلام آزاد کرنے سے زیادہ بہتر ہے۔ (مسند احمد:22194)

رکوع وسجود میں

5. سُبُّوحٌ قُدُّوسٌ رَبُّ الْمَلَائِكَةِ وَالرُّوحِ .

منزہ اور پاک ذات جو فرشتوں اور جبریل کا رب ہے۔ (صحیح مسلم:1091)

6. سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي .

پاک ہے تو، اے اللہ! اے ہمارے رب! اور تیری ہی تعریف ہے، اے اللہ! مجھے بخش دے۔

(صحیح البخاری: 794)

نماز کے بعد

نبی ﷺ نے فرمایا: جو ہر نماز کے بعد

10.7 مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ

اللہ پاک ہے۔

10 مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے اور

10 مرتبہ اَللّٰهُ أَكْبَرُ

اللہ سب سے بڑا ہے۔

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہے تو زبان کی ادائیگی کے اعتبار سے 150 بار ہے (مجموعی طور پر پانچوں نمازوں کے بعد) اور ترازو میں 1500 ہوں گے۔ (سنن أبی داؤد: 5065)

سوتے وقت

نبی ﷺ نے فرمایا: جب کوئی سونے لگے تو

8. 34 بار اَللّٰهُ أَكْبَرُ اللہ سب سے بڑا ہے اور

33 بار اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ سب تعریف اللہ ہی کے لیے ہے اور

33 بار سُبْحَانَ اللّٰهِ اللہ پاک ہے

کہے زبانی طور پر تو یہ 100 ہے مگر میزان میں یہ تسبیحات 1000 ہوں گی۔ (سنن ابی داؤد: 5065)

9. سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبِّي بِكَ وَضَعْتُ جَنْبِي وَبِكَ أَرْفَعُهُ إِنْ أَمْسَكْتَ نَفْسِي فَاغْفِرْ لَهَا وَإِنْ أَرْسَلْتَهَا فَاحْفَظْهَا بِمَا تَحْفَظُ بِهِ عِبَادَكَ الصَّالِحِينَ.

اے اللہ! میرے رب تو پاک ہے، میں نے تیرے نام کے ساتھ اپنے پہلو کو رکھا اور تیرے نام کے ساتھ اسے اٹھاتا ہوں اگر تو میری جان کو روک لے تو اسے معاف فرما اور اگر تو اسے چھوڑ دے تو اس کی حفاظت فرما جیسے تو اپنے نیک بندوں کی حفاظت فرماتا ہے۔ (صحیح مسلم: 6892)

نبی ﷺ کا راتوں کو مسلسل اللہ کی تسبیح کرنا

ربیعہ بن کعب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں دن بھر رسول اللہ ﷺ کی خدمت کیا کرتا تھا اور جب رات آتی تو آپ ﷺ کے دروازے کے پاس سو جاتا، میں ہمیشہ سنتا کہ آپ ﷺ یہ پڑھ رہے ہیں۔

10. سُبْحَانَ اللّٰهِ سُبْحَانَ اللّٰهِ سُبْحَانَ رَبِّي.

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اللہ پاک ہے، اللہ پاک ہے، میرا رب پاک ہے۔

یہاں تک کہ میں تھک جاتا یا میری آنکھیں مجھ پر غالب آ جاتیں تو میں سو جاتا۔(صحیح الترغیب و الترھیب:539)

رات اٹھنے پر

11. وَاصْبِرْ لِحُكْمِ رَبِّكَ فَإِنَّكَ بِأَعْيُنِنَا وَسَبِّحْ بِحَمْدِ رَبِّكَ حِينَ تَقُومُ ○

(اے نبی ﷺ) آپ اپنے رب کا حکم آنے تک صبر کیجئے۔ بلاشبہ آپ ہماری آنکھوں کے سامنے ہیں اور جب آپ اٹھا کریں تو اپنے رب کی حمد کے ساتھ اس کی تسبیح کیجئے۔ (الطور:48)

شریق ہوزنی کہتے ہیں کہ میں ام المؤمنین عائشہ رضی اللہ عنہا کے ہاں گیا اور ان سے پوچھا کہ رسول اللہ ﷺ جب رات کو اٹھتے تو کس چیز سے ابتدا کرتے تھے؟ انہوں نے کہا: تم نے مجھ سے ایسا سوال کیا ہے جس کے متعلق تم سے پہلے مجھ سے کسی نے نہیں پوچھا۔ آپ ﷺ جب رات کو اٹھتے تھے تو

12. دس بار اَللّٰهُ أَكْبَرُ ، دس بار اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ، دس بار سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ، دس بار سُبْحَانَ الْمَلِكِ الْقُدُّوسِ، دس بار أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ، دس بار لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ پھر دس بار کہتے

اَللّٰهُمَّ اِنِّي أَعُوذُبِكَ مِنْ ضِيقِ الدُّنْيَا وَضِيقِ يَوْمِ الْقِيَامَةِ

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں دنیا کی تنگی سے اور قیامت کے دن کی تنگی سے۔

پھر نماز شروع فرماتے۔(سنن ابی داؤد:5085)

قرآن پڑھتے ہوئے

نبی ﷺ جب خوف والی آیت پڑھتے تو اللہ کی پناہ مانگتے، اور جب رحمت والی آیت پڑھتے تو اللہ کی رحمت کا سوال

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کرتے، اور جب ایسی آیت سے گزرتے جس میں اللہ کی پاکی بیان کی گئی ہوتی تو کہتے۔

13. سُبْحَانَ اللّٰهِ .

اللہ پاک ہے۔(صحیح الجامع الصغیر4782)

بجلی کی کڑک سن کر

14. سُبْحَانَ الَّذِيْ سَبَّحْتَ لَهُ.

پاک ہے وہ ذات جس کی تو نے تسبیح کی۔(صحیح الادب المفرد559)

15. سُبْحَانَ الَّذِيْ يُسَبِّحُ الرَّعْدُ بِحَمْدِهِ وَالْمَلَائِكَةُ مِن خِيْفَتِهِ .

پاک ہے وہ ذات کہ (بادل) کی گرج جس کی حمد کے ساتھ اس کی تسبیح کرتی ہے اور فرشتے بھی اس کے خوف سے (تسبیح کرتے ہیں)۔(الادب المفرد:560)

بلندی سے اترتے وقت

16. سُبْحَانَ اللّٰهِ.

اللہ پاک ہے۔ (صحیح البخاری:2993)

تعجب کے وقت

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ایک آدمی بیل پر بوجھ ڈالے ہوئے اسے ہانک رہا تھا کہ اس بیل نے اس آدمی کی طرف دیکھ کر کہا کہ میں اس کام کے لئے پیدا نہیں کیا گیا، بلکہ مجھے تو کھیتی باڑی کے لئے پیدا کیا گیا ہے، لوگوں نے حیرانگی اور گھبراہٹ میں

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

17. سُبْحَانَ اللّٰهِ .

اللہ پاک ہے۔

کہا اور کہا، کیا بیل بھی بولتا ہے؟ تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: میں تو اس بات پر یقین کرتا ہوں اور ابو بکر اور عمر بھی یقین کرتے ہیں۔ (صحیح مسلم:6183)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نماز کے بعد کی دعائیں

نماز قائم کرنے کے لیے اللہ سے مدد مانگنا

1. رَبِّ اجْعَلْنِیْ مُقِیْمَ الصَّلَاةِ وَمِنْ ذُرِّیَّتِیْ رَبَّنَا وَتَقَبَّلْ دُعَآءِ ○

اے میرے رب! مجھے بھی اور میری اولاد کو بھی نماز قائم کرنے والے بنا۔ اے ہمارے رب! میری دعا قبول فرما۔ (ابراھیم:40)

نماز کے بعد کے اذکار

2. اَللّٰهُ اَكْبَرُ. اللہ سب سے بڑا ہے۔ (ایک بار) (صحیح البخاری:842)

3. أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ. میں اللہ سے بخشش مانگتا ہوں۔ (تین بار) (صحیح مسلم:1334)

4. اَللّٰهُمَّ اَنْتَ السَّلَامُ وَمِنْكَ السَّلَامُ تَبَارَكْتَ يَاذَاالْجَلَالِ وَالْاِكْرَامِ.

اے اللہ تو (سراپا) سلامتی ہے اور تجھی سے سلامتی (حاصل ہوتی) ہے۔ تو بڑی برکتوں والا ہے اے جلال واکرام والے! (صحیح مسلم:1334)

معاذ بن جبل رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے میرا ہاتھ پکڑا اور فرمایا میں تم سے محبت رکھتا ہوں اے معاذ! میں نے عرض کیا میں بھی آپ سے محبت کرتا ہوں اے اللہ کے رسول! تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: تم ہر نماز میں یہ کہنا نہ چھوڑنا:

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

5.رَبِّ أَعِنِّیْ عَلٰی ذِکْرِکَ وَشُکْرِکَ وَحُسْنِ عِبَادَتِکَ

اے میرے رب! اپنا ذکر کرنے، شکر کرنے اور بہترین انداز میں اپنی عبادت کرنے میں میری مدد فرما۔

(سنن النسائی:1303)

6.لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِیْکَ لَهُ،لَهُ الْمُلْکُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ.

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ اکیلا ہے اس کا کوئی شریک نہیں اسی کی بادشاہت ہے اور اسی کے لئے سب تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے۔(صحیح مسلم:1380)

7.لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِیْکَ لَهُ،لَهُ الْمُلْکُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ اَللّٰهُمَّ لَا مَانِعَ لِمَا أَعْطَیْتَ وَلَا مُعْطِیَ لِمَا مَنَعْتَ وَلَا یَنْفَعُ ذَا الْجَدِّ مِنْکَ الْجَدُّ.

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں وہ تنہا ہے اس کا کوئی شریک نہیں، بادشاہت اسی کے لئے ہے اور اسی کے لئے سب تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والا ہے۔اے اللہ! جو تو عطا کرے اسے کوئی روک نہیں سکتا اور جو تو روک لے وہ کوئی دے نہیں سکتا اور کسی بھی دولتمند کو تیرے مقابلے میں اس کی دولت فائدہ نہیں دے سکتی۔(صحیح البخاری:6330)

8.لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِیْکَ لَهُ،لَهُ الْمُلْکُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ لَاحَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بِاللّٰهِ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَا نَعْبُدُ اِلَّا اِيَّاهُ لَهُ النِّعْمَةُ وَلَهُ الْفَضْلُ وَلَهُ الثَّنَاءُ الْحَسَنُ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ مُخْلِصِيْنَ لَهُ الدِّيْنَ وَلَوْ كَرِهَ الْكَافِرُوْنَ .

اللہ کے سوا کوئی عبادت کے لائق نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کی بادشاہت ہے اور اسی کے لئے سب تعریف ہے اور وہ ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے، (گناہ سے بچنے کی) ہمت اور (نیکی کرنے کی) قوت اللہ تعالیٰ کے سوا کوئی دینے والا نہیں۔ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، ہم صرف اسی کی عبادت کرتے ہیں، اسی کی ساری نعمتیں ہیں، اسی کا فضل ہے اور اسی کے لیے بہترین تعریف ہے، اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں ہم خالص اسی کی عبادت کرنے والے ہیں اگرچہ کافر ناپسند کریں۔

(صحیح مسلم:1371)

آیت الکرسی

9. اَللّٰهُ لَآ اِلٰهَ اِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ لَا تَاْخُذُهٗ سِنَةٌ وَّلَا نَوْمٌ لَهٗ مَا فِي السَّمٰوٰتِ وَمَا فِي الْاَرْضِ مَنْ ذَا الَّذِيْ يَشْفَعُ عِنْدَهٗٓ اِلَّا بِاِذْنِهٖ يَعْلَمُ مَا بَيْنَ اَيْدِيْهِمْ وَمَا خَلْفَهُمْ وَلَا يُحِيْطُوْنَ بِشَيْءٍ مِّنْ عِلْمِهٖٓ اِلَّا بِمَا شَآءَ وَسِعَ كُرْسِيُّهُ السَّمٰوٰتِ وَالْاَرْضَ وَلَا يَـُٔوْدُهٗ حِفْظُهُمَا وَهُوَ الْعَلِيُّ الْعَظِيْمُ ○

اللہ (وہ ہے کہ) اس کے سوا کوئی معبود نہیں، زندہ ہے، ہر چیز کو قائم رکھنے والا ہے، نہ اسے اونگھ پکڑتی ہے اور نہ نیند، اسی کا ہے جو کچھ آسمانوں میں اور جو کچھ زمین میں ہے، کون ہے وہ جو اس کے پاس اس کی اجازت کے بغیر سفارش کرے، وہ جانتا ہے جو کچھ ان کے سامنے اور جو ان کے پیچھے ہے اور وہ اس کے

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

علم میں سے کسی چیز کا احاطہ نہیں کرتے مگر جتنا وہ چاہے۔ اس کی کرسی آسمانوں اور زمین کو سمائے ہوئے ہے اور اسے ان دونوں کی حفاظت نہیں تھکاتی اور وہی سب سے بلند، سب سے بڑا ہے۔ (البقرۃ 255)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص ہر فرض نماز کے بعد آیت الکرسی پڑھے اس کو موت کے علاوہ کوئی چیز جنت میں جانے سے نہیں روک سکتی۔ (عمل الیوم واللیلۃ: 100)

10. سورۃ الاخلاص، سورۃ الفلق، سورۃ الناس (ایک ایک بار)

سورۃ الاخلاص

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ هُوَ اللّٰهُ أَحَدٌ ○ اَللّٰهُ الصَّمَدُ ○ لَمْ يَلِدْ وَلَمْ يُوْلَدْ ○ وَلَمْ يَكُنْ لَّهُ كُفُوًا أَحَدٌ ○

کہہ دو وہ اللہ ایک ہے۔ اللہ بے نیاز ہے۔ نہ اس کی کوئی اولاد ہے اور نہ وہ کسی کی اولاد ہے۔ اور نہ کوئی اس کا ہمسر ہے۔ (الاخلاص: 4-1)

سورۃ الفلق

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ الْفَلَقِ ○ مِنْ شَرِّ مَا خَلَقَ ○ وَمِنْ شَرِّ غَاسِقٍ اِذَا وَقَبَ ○ وَمِنْ شَرِّ النَّفّٰثٰتِ فِي الْعُقَدِ ○ وَمِنْ شَرِّ حَاسِدٍ اِذَا حَسَدَ ○

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

کہہ دو میں مخلوق کے رب کی پناہ پکڑتا ہوں، اس چیز کے شر سے جو اس نے پیدا کی۔ اور اندھیری رات کے شر سے جب وہ چھا جائے۔ اور گرہوں میں پھونکنے والیوں کے شر سے۔ اور حسد کرنے والے کے شر سے جب وہ حسد کرے۔ (الفلق: 5-1)

سورۃ الناس

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

قُلْ أَعُوْذُ بِرَبِّ النَّاسِ o مَلِكِ النَّاسِ o اِلٰهِ النَّاسِ o مِنْ شَرِّ الْوَسْوَاسِ الْخَنَّاسِ o الَّذِيْ يُوَسْوِسُ فِيْ صُدُوْرِ النَّاسِ o مِنَ الْجِنَّةِ وَالنَّاسِ o

کہہ دو میں پناہ پکڑتا ہوں لوگوں کے رب کی۔ لوگوں کے بادشاہ کی۔ لوگوں کے معبود کی۔ وسوسہ ڈالنے والے کے شر سے، جو (وسوسہ ڈال کر) پیچھے ہٹ جانے والا ہے۔ وہ جو لوگوں کے سینوں میں وسوسہ ڈالتا ہے۔ جنوں اور انسانوں میں سے۔ (الناس: 6-1)

عقبہ بن عامر رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ نے مجھے حکم دیا تھا کہ ہر نماز کے بعد معوذات پڑھا کروں۔

(سنن أبي داؤد: 1525)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ہر نماز کے بعد کچھ دعائیں ایسی ہیں کہ جن کو پڑھنے والا یا جن کو کرنے والا کبھی محروم نہیں ہوتا۔

11. سُبْحَانَ اللّٰه (33بار)، اَلْحَمْدُ لِلّٰه (33بار)، اَللّٰهُ أَكْبَر (34بار).

(صحیح مسلم: 1377)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس آدمی نے ہر نماز کے بعد

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

12. 33 مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ، 33 مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اور 33 مرتبہ اَللّٰهُ أَكْبَرُ

کہا تو یہ 99 کلمات ہو گئے اور 100 کا عدد پورا کرنے کے لئے

لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ.

کہہ لیا تو اس کے سارے گناہ معاف کر دیئے جائیں گے چاہے وہ سمندر کی جھاگ کے برابر ہوں۔

(صحیح مسلم:1380)

نبی ﷺ نے فرمایا: دو عمل ایسے ہیں اگر کوئی مسلمان بندہ ان کی پابندی کرلے، تو جنت میں داخل ہوگا اور وہ بہت آسان ہیں مگر ان پر عمل کرنے والے بہت کم ہیں۔ (ایک یہ ہے کہ) ہر نماز کے بعد

13. 10 مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ

10 مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ

اور 10 مرتبہ اَللّٰهُ أَكْبَرُ

کہے تو زبان کی ادائیگی کے اعتبار سے 150 بار ہے (مجموعی طور پر پانچوں نمازوں کے بعد) اور ترازو میں 1500 ہوں گے اور جب سونے لگے تو

34 بار اَللّٰهُ أَكْبَرُ

33 بار اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ اور

33 بار سُبْحَانَ اللّٰهِ

کہے۔ زبانی طور پر تو یہ 100 ہے مگر میزان میں یہ تسبیحات 1000 ہوں گی۔ یقیناً میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا، آپ ﷺ انہیں اپنے ہاتھ سے شمار کرتے تھے۔ صحابہ نے پوچھا: اے اللہ کے رسول! یہ کیسے ہے کہ یہ عمل آسان ہے

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مگر کرنے والے تھوڑے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا: سوتے وقت میں کسی کے پاس شیطان آ جاتا ہے اور اس سے پہلے کہ وہ یہ تسبیحات پوری کر لے، وہ اسے سلا دیتا ہے اور (اسی طرح) نماز میں شیطان آ جاتا ہے اور اسے کوئی کام یاد دلا دیتا ہے تو وہ انہیں پڑھے بغیر ہی اٹھ جاتا ہے۔ (سنن ابی داؤد:5065)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے مروی ہے کہ صحابہ کرام نے عرض کیا اے اللہ کے رسول! مالدار لوگ بلند درجات اور ہمیشہ رہنے والی جنت کی نعمتوں کو حاصل کر چکے۔ آپ ﷺ نے فرمایا: وہ کیسے؟ انہوں نے عرض کیا: جس طرح ہم نماز پڑھتے ہیں وہ بھی پڑھتے ہیں اور جس طرح ہم جہاد کرتے ہیں وہ بھی جہاد کرتے ہیں اور اس کے ساتھ وہ اپنا زائد مال بھی (اللہ کے راستہ میں) خرچ کرتے ہیں اور ہمارے پاس مال نہیں ہے۔ آپ ﷺ نے فرمایا کیا میں تمہیں ایک ایسا عمل نہ بتاؤں جس سے تم اپنے آگے کے لوگوں کے ساتھ ہو جاؤ اور اپنے پیچھے آنے والوں سے آگے نکل جاؤ اور کوئی شخص اتنا ثواب نہ حاصل کر سکے جتنا تم نے کیا ہو، سوائے اس صورت کے جب کہ وہ بھی وہی عمل کریں جو تم کرو (اور وہ عمل یہ ہے) کہ ہر نماز کے بعد

دس مرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ پڑھا کرو، دس مرتبہ اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ پڑھا کرو اور دس مرتبہ اَللّٰهُ أَكْبَرُ پڑھا کرو۔ (صحیح البخاری:6329)

براءؓ فرماتے ہیں کہ جب ہم رسول اللہ ﷺ کے پیچھے نماز پڑھتے تھے تو ہم آپ ﷺ کے دائیں طرف کھڑے ہونے کو پسند کرتے تھے تاکہ آپ ﷺ ہماری طرف رخ کر کے متوجہ ہوں، براء فرماتے ہیں کہ میں نے آپ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا:

14. رَبِّ قِنِي عَذَابَكَ يَوْمَ تَبْعَثُ عِبَادَكَ.

اے میرے رب! مجھے اس دن اپنے عذاب سے بچانا جس دن تو اپنے بندوں کو اٹھائے گا۔

(صحیح مسلم:1642)

نبی ﷺ ہر نماز کے بعد یہ دعا فرماتے تھے:

15. اَللّٰهُمَّ اِنِّي أَعُوذُ بِكَ مِنَ الْكُفْرِ وَالْفَقْرِ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَعَذَابِ الْقَبْرِ.

اے اللہ میں کفر، فقر، اور عذاب قبر سے تیری پناہ میں آتا ہوں۔ (مسند احمد:20409)

16. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْلِیْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا أَخَّرْتُ وَمَا أَسْرَرْتُ وَمَا أَعْلَنْتُ وَمَا أَسْرَفْتُ وَمَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّیْ أَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَالْمُؤَخِّرُ لَا اِلٰهَ اِلَّا أَنْتَ.

اے اللہ! میرے سب گناہ معاف فرمادے، جو میں پہلے کر چکا اور جو میں نے بعد میں کیے، جو چھپ کر کیے اور جو ظاہر میں کیے اور جو میں حد سے بڑھا رہا اور جن کا تو مجھ سے زیادہ باخبر ہے۔ تو ہی (نیکی اور خیر میں) آگے کرنے والا اور پیچھے کرنے والا ہے۔ تیرے سوا کوئی معبود نہیں ہے۔ (سنن أبی داؤد:760)

عمرو بن میمون اودیہ کہتے ہیں کہ سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ اپنے بچوں کو یہ کلمات اس طرح سکھاتے تھے جیسے معلم بچوں کو لکھنا سکھاتا ہے اور فرماتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ ہر نماز کے بعد ان کے ذریعے پناہ مانگتے تھے:

17. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُبِکَ مِنَ الْجُبْنِ وَأَعُوْذُبِکَ أَنْ اُرَدَّ اِلٰی أَرْذَلِ الْعُمُرِ وَأَعُوْذُ بِکَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْیَا وَ أَعُوْذُبِکَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ.

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں بزدلی سے اور اس سے تیری پناہ مانگتا ہوں کہ عمر کے ناکارہ حصے میں پہنچا دیا جاؤں اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں دنیا کے فتنوں سے اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں قبر کے عذاب سے۔ (صحیح البخاری:2822)

18. اَللّٰهُمَّ اِنِّی أَعُوْذُ بِکَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أَعُوْذُبِکَ مِنْ عَذَابِ النَّارِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُبِکَ مِنَ الْفِتْنَةِ مَا ظَهَرَ مِنْهَا وَمَا بَطَنَ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُبِکَ مِنْ فِتْنَةِ الْأَعْوَرِ الْکَذَّابِ.

اے اللہ! میں عذاب قبر سے تیری پناہ میں آتا ہوں، اے اللہ! میں عذاب جہنم سے تیری پناہ میں آتا ہوں، اے اللہ! میں ظاہری اور باطنی فتنوں سے تیری پناہ میں آتا ہوں اور اے اللہ! میں اس کانے دجال کے فتنے سے تیری پناہ میں آتا ہوں جو بہت بڑا جھوٹا ہے۔ (مسند احمد: 2778)

عائشہ رضی اللہ عنہا سے مروی ہے کہ رسول اللہ ﷺ جب کسی مجلس میں بیٹھتے یا نماز پڑھتے تو کچھ کلمات کہتے تھے۔ تو عائشہ رضی اللہ عنہا نے آپ ﷺ سے ان کلمات کے متعلق پوچھا تو آپ ﷺ نے فرمایا: اگر تم خیر کی بات کرو تو وہ قیامت تک کے لئے اس پر مہر بن جائیں گے اور اگر کوئی دوسری بات کرو تو وہ اس کا کفارہ بن جائیں گے اور وہ کلمات یہ ہیں:

19. سُبْحَانَکَ وَبِحَمْدِکَ لَا اِلٰهَ اِلَّا أَنْتَ أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَأَتُوْبُ اِلَیْهِ.

پاک ہے تو اور تیری ہی حمد ہے۔ تیرے سوا کوئی الٰہ نہیں۔ میں اللہ سے بخشش مانگتا ہوں اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں۔ (مسند احمد: 24486)

ایک انصاری صحابی کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو نماز کے بعد یہ دعا سو دفعہ پڑھتے ہوئے سنا:

20. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ وَتُبْ عَلَیَّ اِنَّکَ أَنْتَ التَّوَّابُ الْغَفُوْرُ.

اے اللہ! تو مجھے بخش دے، میری توبہ قبول کر، بے شک تو بہت توبہ قبول کرنے والا، نہایت بخشنے والا ہے۔ (السلسلة الصحيحة: 2603)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

فجر کی نماز کے بعد کی دعائیں

21. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ اَسْاَلُکَ عِلْمًا نَافِعًا وَرِزْقًا طَیِّبًا وَعَمَلًا مُّتَقَبَّلًا.

اے اللہ! میں تجھ سے نفع بخش علم، طیب رزق اور قبولیت والے عمل کا سوال کرتا ہوں۔

(سنن ابن ماجه:925)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: نماز فجر کے بعد جو شخص

22. سومرتبہ سُبْحَانَ اللّٰهِ کہے اور سومرتبہ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ.

کہے تو اس شخص کے گناہ معاف کر دیئے جاتے ہیں اگر چہ وہ سمندر کے جھاگ کے برابر ہی کیوں نہ ہوں۔

(سنن النسائی:1354)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے صبح کی نماز سے فارغ ہونے کے بعد یہ کہا:

23. لَااِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِیْکَ لَهُ،لَهُ الْمُلْکُ وَلَهُ الْحَمْدُ بِیَدِهِ الْخَیْرُ وَهُوَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌ.

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے بادشاہت ہے، اور اسی کے لیے سب تعریف ہے اور اس کے ہاتھ میں ہر بھلائی ہے اور وہ ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے۔

اس کی وجہ سے ان کو سات باتیں عنایت ہوتی ہیں، اللہ تعالیٰ اس کے لیے دس نیکیاں لکھتا ہے اور اس سے دس برائیاں دور کرتا ہے اور اس کے دس درجے بلند کرتا ہے اور دس جانوں کے آزاد کرنے کے برابر اس کو ثواب ملتا ہے اور شیطان سے اس کی حفاظت ہوتی ہے اور ہر ایک مکروہ چیز سے وہ محفوظ رہتا ہے اور اس روز شرک کے علاوہ اس کے سب گناہ معاف ہو جاتے ہیں اور جس نے اس کو مغرب کے بعد کہا اس کو بھی رات میں ایسا ہی ثواب دیا جاتا ہے۔

(صحیح الترغیب والترهیب:475)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

مغرب کی نماز کے بعد کی دعائیں

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جو شخص

24۔ لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ يُحْيِيْ وَيُمِيْتُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ .

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں، اسی کے لیے بادشاہت ہے، اور اسی کے لیے سب تعریف ہے اور وہ زندہ کرتا ہے اور موت دیتا ہے اور وہ ہر چیز پر پوری طرح قادر ہے۔

مغرب کے بعد دس مرتبہ پڑھے گا۔ اللہ تعالیٰ اس کی حفاظت کے لئے اسلحہ بردار فرشتے مقرر کر دیں گے جو اس کی صبح تک شیطان سے حفاظت کریں گے، اور اللہ تعالیٰ اس کے لیے جنت واجب کر دینے والی دس نیکیاں لکھ دیتے ہیں اور ہلاک کرنے والی دس برائیاں مٹا دیتے ہیں اور اس کو دس مومن غلاموں کو آزاد کرنے کے برابر ثواب ملتا ہے۔

(سنن الترمذی: 3534)

ابو ایوب رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جس نے صبح کے وقت دس بار یہ کہا:

25. لَا اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ وَحْدَهُ لَا شَرِيْكَ لَهُ، لَهُ الْمُلْكُ وَلَهُ الْحَمْدُ وَهُوَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ .

اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں، وہ اکیلا ہے، اس کا کوئی شریک نہیں ہے، اسی کے لیے بادشاہت ہے اور اسی کے لیے سب تعریف ہے اور وہ ہر چیز پوری طرح پر قادر ہے۔

اللہ تعالیٰ اس کے لیے اس کی وجہ سے دس نیکیاں لکھتا ہے اور اس کے دس گناہ معاف کرتا ہے اور اس کے دس درجے بلند کرتا ہے اور چار غلاموں کے آزاد کرنے کے برابر ثواب ملتا ہے۔ اور شام تک یہ کلمات اس کی حفاظت کرتے ہیں اور جس نے ان کو مغرب کے بعد اپنی نماز کے بعد کہا تو صبح تک ایسا ہی ہوتا ہے۔ (صحیح الترغیب والترھیب: 474)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گناہوں کی بخشش کی دعائیں

قرآنی دعائیں

1. رَبِّ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْ لِیْ...o

اے میرے رب! بلاشبہ میں نے اپنے آپ پر ظلم کیا ہے۔ لہٰذا مجھے معاف فرما دے۔ (القصص: 16)

2. رَبِّ اغْفِرْ وَارْحَمْ وَاَنْتَ خَیْرُ الرّٰحِمِیْنَ o

اے میرے رب! بخش دے اور رحم کر اور تو رحم کرنے والوں میں سب سے زیادہ رحم والا ہے۔

(المؤمنون: 118)

3. رَبِّ اغْفِرْ لِیْ وَلِوَالِدَیَّ...o

اے میرے رب! مجھے اور میرے والدین کو بخش دے۔ (نوح: 28)

4. رَبَّنَآ اَتْمِمْ لَنَا نُوْرَنَا وَاغْفِرْ لَنَا اِنَّکَ عَلٰی کُلِّ شَیْءٍ قَدِیْرٌo

اے ہمارے رب! ہمارے لیے ہمارا نور پورا کر اور ہمیں بخش دے، یقیناً تو ہر چیز پر خوب قادر ہے۔

(التحریم: 8)

5. رَبَّنَا اغْفِرْلَنَا ذُنُوْبَنَا وَاِسْرَافَنَا فِیْٓ اَمْرِنَا وَثَبِّتْ اَقْدَامَنَا وَانْصُرْنَا عَلَی الْقَوْمِ الْکٰفِرِیْنَ o

اے ہمارے رب! ہمیں ہمارے گناہ بخش دے اور ہمارے کام میں ہماری زیادتی کو بھی اور ہمارے قدم ثابت رکھ اور کافروں کے مقابلے میں ہماری مدد فرما۔ (آل عمران: 147)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

6. رَبَّنَا اغْفِرْ لَنَا وَلِإِخْوَانِنَا الَّذِينَ سَبَقُونَا بِالْإِيمَانِ وَلَا تَجْعَلْ فِي قُلُوبِنَا غِلًّا لِّلَّذِينَ آمَنُوا رَبَّنَا إِنَّكَ رَءُوفٌ رَّحِيمٌ ○

اے ہمارے رب! ہمیں بھی بخش دے اور ہمارے ان بھائیوں کو بھی جو ہم سے پہلے ایمان لائے، اور ہمارے دلوں میں ان لوگوں کے لیے کوئی کینہ نہ رکھ جو ایمان لائے۔ اے ہمارے رب تو بے حد شفقت کرنے والا اور نہایت رحم کرنے والا ہے۔ (الحشر: 10)

7. أَنْتَ وَلِيُّنَا فَاغْفِرْ لَنَا وَارْحَمْنَا وَأَنْتَ خَيْرُ الْغَافِرِينَ ○

تو ہی ہمارا سرپرست ہے۔ لہٰذا ہمیں معاف فرما اور ہم پر رحم فرما اور تو بخشنے والوں میں سب سے بہتر ہے۔ (الاعراف: 155)

8. سَمِعْنَا وَأَطَعْنَا غُفْرَانَكَ رَبَّنَا وَإِلَيْكَ الْمَصِيرُ ○

ہم نے سنا اور ہم نے اطاعت کی، تیری بخشش مانگتے ہیں اے ہمارے رب! اور تیری ہی طرف لوٹ کر جانا ہے۔ (البقرۃ: 285)

مسنون دعائیں

9. رَبِّ اغْفِرْ لِي مَا أَسْرَرْتُ وَمَا أَعْلَنْتُ.

اے میرے رب! میرے پوشیدہ اور ظاہر تمام گناہوں کو معاف فرما دے۔ (مسند احمد: 25140)

10. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِي ذَنْبِي وَخَطَئِي وَعَمْدِي.

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے اللہ! میرے گناہوں، لغزشوں اور جان بوجھ کر کیے جانے والے گناہوں کو معاف فرما۔

(مسند احمد:16269)

11. سُبْحَانَ اللّٰهِ وَبِحَمْدِهِ أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَأَتُوبُ إِلَيْهِ.

پاک ہے اللہ اپنی تعریف کے ساتھ، میں اللہ سے بخشش چاہتا ہوں اور اسی کی طرف رجوع کرتا ہوں۔

(مسند احمد:25508)

12. سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ رَبَّنَا وَبِحَمْدِكَ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ.

اے اللہ! تو پاک ہے، اے ہمارے رب! اور تیری ہی تعریف ہے، اے اللہ! مجھے بخش دے۔

(صحیح البخاری:794)

13. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَتُبْ عَلَيَّ إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الْغَفُوْرُ.

اے اللہ! مجھے معاف فرما اور میری توبہ کو قبول فرما، بیشک تو بہت توبہ قبول کرنے والا، بہت بخشنے والا ہے۔

(مسند احمد:23150)

14. أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ الَّذِيْ لَا إِلٰهَ إِلَّا هُوَ الْحَيُّ الْقَيُّوْمُ وَأَتُوْبُ إِلَيْهِ.

میں معافی مانگتا ہوں اللہ سے، وہ ذات کہ اس کے علاوہ اور کوئی معبود نہیں، وہ زندہ ہے اور قائم ہے۔ اور میں اسی کی طرف توبہ کرتا ہوں۔ (سنن أبي داؤد:1517)

15. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ مَا أَخْطَأْتُ وَمَا تَعَمَّدْتُّ وَمَا

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

أَسْرَرْتُ وَمَا أَعْلَنْتُ وَمَا جَهِلْتُ وَمَا تَعَمَّدْتُ.

اے اللہ! میرے ان گناہوں کو معاف فرما جو میں نے غلطی سے کیے، اور جو میں نے جان بوجھ کر کیے، اور جو میں نے چھپ کر کیے، اور جو میں نے علانیہ طور پر کیے، اور جو میں نے نادانی میں کیے، اور جو میں نے جانتے بوجھتے ہوئے کیے۔ (مسند احمد:19925)

16. اَللّٰهُمَّ اغْسِلْ عَنِّيْ خَطَايَايَ بِمَاءِ الثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّ قَلْبِيْ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ وَبَاعِدْ بَيْنِيْ وَبَيْنَ خَطَايَايَ كَمَا بَاعَدْتَ بَيْنَ الْمَشْرِقِ وَالْمَغْرِبِ.

اے اللہ! دھو دے مجھ سے میرے گناہوں کو برف اور اولے کے پانی سے اور میرے دل کو خطاؤں سے اس طرح پاک صاف کر دے جس طرح تو نے سفید کپڑے کو میل سے پاک صاف کیا اور مجھ میں اور میرے گناہوں میں اتنی دوری کر دے جتنی دوری تو نے مشرق اور مغرب میں رکھی ہے۔

(صحیح البخاری:6368)

17. رَبِّ اغْفِرْ لِيْ خَطِيْئَتِيْ وَجَهْلِيْ وَإِسْرَافِيْ فِيْ أَمْرِيْ كُلِّهِ وَمَا أَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ مِنِّيْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ خَطَايَايَ وَعَمْدِيْ وَجَهْلِيْ وَهَزْلِيْ وَكُلُّ ذٰلِكَ عِنْدِيْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ مَا قَدَّمْتُ وَمَا أَخَّرْتُ وَمَا أَسْرَرْتُ وَمَا أَعْلَنْتُ أَنْتَ الْمُقَدِّمُ وَأَنْتَ الْمُؤَخِّرُ وَأَنْتَ عَلٰى كُلِّ شَيْءٍ قَدِيْرٌ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے میرے رب! میری خطا، میری نادانی اور تمام معاملات میں میرے حد سے تجاوز کرنے میں میری مغفرت فرما اور ان گناہوں میں بھی جن کو تو مجھ سے زیادہ جاننے والا ہے۔ اے اللہ! میرے لیے میری خطائیں، میرے ارادہ کے ساتھ کیے کاموں اور بلا ارادہ کاموں اور میرے ہنسی مزاح کے کاموں کو معاف فرما دے اور یہ سب میری ہی طرف سے ہیں۔ اے اللہ! میری مغفرت کر ان گناہوں میں جو میں کر چکا ہوں اور جو کروں گا اور جنہیں میں نے چھپایا اور جنہیں میں نے ظاہر کیا ہے، تو ہی آگے کرنے والا اور پیچھے کرنے والا ہے اور تو ہر چیز پر پوری قدرت رکھنے والا ہے۔ (صحیح البخاری:6398)

سید الاستغفار

18. اَللّٰهُمَّ أَنْتَ رَبِّيْ لَا اِلٰهَ اِلَّا أَنْتَ خَلَقْتَنِيْ وَأَنَا عَبْدُكَ وَأَنَا عَلٰى عَهْدِكَ وَوَعْدِكَ مَا اسْتَطَعْتُ أَعُوْذُ بِكَ مِنْ شَرِّ مَا صَنَعْتُ أَبُوْءُ لَكَ بِنِعْمَتِكَ عَلَيَّ وَأَبُوْءُ لَكَ بِذَنْبِيْ فَاغْفِرْ لِيْ فَاِنَّهُ لَا يَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا أَنْتَ.

اے اللہ! تو ہی میرا رب ہے، تیرے سوا کوئی معبود نہیں۔ تو نے مجھے پیدا کیا۔ میں تیرا بندہ ہوں اور جہاں تک میری استطاعت ہے تیرے عہد و پیمان پر قائم ہوں۔ میں تجھ سے اپنے کاموں کے شر سے پناہ مانگتا ہوں اور اپنے اوپر تیرے احسانات کا اقرار کرتا ہوں اور میں تیرے لیے اپنے گناہوں کا بھی اعتراف کرتا ہوں پس تو مجھے بخش دے کیونکہ تیرے علاوہ کوئی گناہوں کو بخشنے والا نہیں۔

(صحیح البخاری:6303)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

استغفار کے مواقع

صبح وشام

19. أَسْتَغْفِرُ اللّٰهَ وَأَتُوبُ إِلَيْهِ.

میں اللہ سے استغفار کرتا ہوں اور اس سے توبہ کرتا ہوں۔ (صحیح البخاری: 6307)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے سنا: اللہ کی قسم! میں دن میں ستر مرتبہ سے زیادہ اللہ سے استغفار کرتا ہوں اور اس سے توبہ کرتا ہوں۔

دوران مجلس

ابن عمر رضی اللہ عنہما کہتے ہیں کہ بلاشبہ ہم شمار کرتے تھے کہ رسول اللہ ﷺ ایک ایک مجلس میں سو سو بار یہ کلمہ دہراتے تھے:

20. رَبِّ اغْفِرْ لِي وَتُبْ عَلَيَّ إِنَّكَ أَنْتَ التَّوَّابُ الرَّحِيمُ.

اے میرے رب! مجھے بخش دے اور میری طرف رجوع فرما۔ بلاشبہ تو بہت زیادہ توبہ قبول کرنے والا اور بہت رحم کرنے والا ہے۔ (سنن أبي داود: 1516)

مجلس کے اختتام پر کفارے کے طور پر

رسول اللہ ﷺ جب کسی مجلس سے اٹھتے تو آخر میں یہ کلمات کہتے تھے:

21. سُبْحَانَكَ اللّٰهُمَّ وَبِحَمْدِكَ أَشْهَدُ أَنْ لَا إِلٰهَ إِلَّا أَنْتَ أَسْتَغْفِرُكَ وَأَتُوبُ إِلَيْكَ.

اے اللہ! تو پاک ہے اپنی تعریف کے ساتھ، میں گواہی دیتا ہوں کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں میں تجھ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سے مغفرت چاہتا ہوں اور میں تیری طرف رجوع کرتا ہوں۔

ایک آدمی نے کہا: اے اللہ کے رسول! آپ ایسے کلمات کہتے ہیں جو پہلے نہیں کہا کرتے تھے۔ آپ ﷺ نے فرمایا:

یہ اس چیز کے کفارے کے لیے ہے جو مجلس میں ہو جاتی ہے۔ (سنن ابی داؤد: 4859)

رات کو سونے سے پہلے

22. بِسْمِ اللّٰهِ وَضَعْتُ جَنْبِيْ اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ ذَنْبِيْ وَاخْسَأْ شَيْطَانِيْ وَفُكَّ رِهَانِيْ وَاجْعَلْنِيْ فِي النَّدِيِّ الْأَعْلٰى.

اللہ کے نام کے ساتھ، میں نے اپنا پہلو رکھا اے اللہ! میرے گناہ بخش دے اور میرے شیطان کو ذلیل کر اور میری قید کو کھول دے۔ اور مجھے اعلیٰ وارفع مجلس کا ہم نشین کر دے۔ (سنن ابی داؤد: 5054)

بیت الخلا سے نکلتے وقت

23. غُفْرَانَكَ.

تیری بخشش مانگتے ہیں۔ (سنن ابی داؤد: 30)

سواری پر بیٹھتے وقت

علی بن ربیعہ کہتے ہیں کہ میں علی بن ابی طالب رضی اللہ عنہ کے ہاں حاضر تھا کہ سوار ہونے کے لیے آپ کے سامنے سواری لائی گئی۔ آپ نے جب اپنا پاؤں رکاب میں ڈال لیا تو کہا:

24. بِسْمِ اللّٰهِ.

پھر جب ٹھیک طرح سے اس پر بیٹھ گئے تو کہا:

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ.

پھر کہا:

سُبْحٰنَ الَّذِیْ سَخَّرَلَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهٗ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّا اِلٰى رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ.

پاک ہے وہ ذات جس نے اس کو ہمارے تابع کیا اور ہم از خود اس کو اپنا تابع نہ بنا سکتے تھے اور بلاشبہ ہم اپنے رب ہی کی طرف لوٹ جانے والے ہیں۔

پھر تین بار کہا:

اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ.

پھر تین بار کہا:

اَللّٰهُ أَكْبَرُ.

پھر کہا:

سُبْحَانَكَ اِنِّیْ ظَلَمْتُ نَفْسِیْ فَاغْفِرْ لِیْ فَاِنَّهٗ لَا یَغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا أَنْتَ.

اے اللہ! تو پاک ہے میں نے اپنی جان پر ظلم کیا ہے تو مجھے معاف فرما دے بلاشبہ تیرے سوا اور کوئی نہیں جو گناہوں کو بخش سکے۔

پھر آپ ہنسے۔ آپ سے کہا گیا: امیر المؤمنین! آپ کس بات پر ہنسے ہیں؟ فرمایا: میں نے رسول اللہ ﷺ کو دیکھا تھا کہ آپ ﷺ نے ایسے ہی کیا تھا جیسے کہ میں نے کیا ہے اور آپ ﷺ ہنسے (بھی) تھے تو میں نے آپ ﷺ سے دریافت کیا تھا: اے اللہ کے رسول! آپ کس بات پر ہنسے ہیں؟ آپ ﷺ نے فرمایا بلاشبہ تیرے رب کو اپنے بندے پر تعجب آتا ہے جب وہ کہتا ہے: میرے گناہ بخش دے۔ بندہ جانتا ہے کہ میرے سوا گناہوں کو کوئی بخش نہیں سکتا۔

(سنن أبي داؤد: 2602)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گناہ کے فوراً بعد

25. وَالَّذِيْنَ اِذَا فَعَلُوْا فَاحِشَةً أَوْ ظَلَمُوْٓا أَنْفُسَهُمْ ذَكَرُوا اللّٰهَ فَاسْتَغْفَرُوْا لِذُنُوْبِهِمْ وَمَنْ يَّغْفِرُ الذُّنُوْبَ اِلَّا اللّٰهُ وَلَمْ يُصِرُّوْا عَلٰى مَا فَعَلُوْا وَهُمْ يَعْلَمُوْنَ○

وہ لوگ کہ جب ان سے کوئی برا کام ہو جاتا ہے یا وہ اپنے آپ پر ظلم کر بیٹھتے ہیں تو فوراً انہیں اللہ یاد آ جاتا ہے اور وہ اپنے گناہوں کی معافی مانگنے لگتے ہیں اور اللہ کے سوا اور کون ہے جو گناہ معاف کر سکے؟ اور وہ جانتے بوجھتے اپنے کیے پر اصرار نہیں کرتے۔ (آل عمران:135)

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں نے نبی ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا: ایک بندے نے گناہ کیا اور کہا:

26. رَبِّ اَذْنَبْتُ فَاغْفِرْ لِيْ.

اے میرے رب! میں نے گناہ کر دیا مجھے بخش دے۔

اس کے رب نے فرمایا: میرا بندہ جانتا ہے کہ اس کا کوئی رب ہے جو گناہ معاف کرتا ہے اور اس کی وجہ سے مواخذہ بھی کرتا ہے، میں نے اپنے بندے کو بخش دیا۔ پھر جب تک اللہ نے چاہا بندہ رکا رہا اور پھر اس نے گناہ کیا اور عرض کیا، اے میرے رب! میں نے پھر گناہ کر لیا، اسے بھی بخش دے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا میرا بندہ جانتا ہے کہ اس کا کوئی رب ہے جو گناہ معاف کرتا ہے اور اس کی وجہ سے مواخذہ بھی کرتا ہے میں نے اپنے بندے کو بخش دیا۔ پھر جب تک اللہ نے چاہا بندہ گناہ سے رکا رہا اور پھر اس نے گناہ کیا اور اس نے کہا اے میرے رب! میں نے پھر گناہ کر لیا ہے تو مجھے بخش دے۔ اللہ تعالیٰ نے فرمایا میرا بندہ جانتا ہے کہ اس کا ایک رب ہے جو گناہ معاف کرتا ہے اور اس کی وجہ سے مواخذہ بھی کرتا ہے، میں نے اپنے بندے کو تین مرتبہ بخش دیا۔ پس اب جو چاہے عمل کرے۔ (صحیح البخاری:7507)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بری موت سے بچنے کی دعائیں

حالت اسلام میں مرنے کی دعا کرنا

1. فَاطِرَ السَّمٰوٰتِ وَالْأَرْضِ أَنْتَ وَلِيّٖ فِي الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةِ تَوَفَّنِيْ مُسْلِمًا وَّأَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ○

آسمانوں اور زمین کو پیدا کرنے والے! دنیا اور آخرت میں تو ہی میرا سرپرست ہے، مجھے مسلمان ہونے کی حالت میں فوت کر اور مجھے نیک لوگوں کے ساتھ ملا دے۔ (یوسف:101)

2. رَبَّنَآ أَفْرِغْ عَلَيْنَا صَبْرًا وَّ تَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ○

اے ہمارے رب! ہم پر صبر انڈیل دے اور اس حال میں موت دے کہ ہم مسلمان ہوں۔ (الأعراف:126)

نیک لوگوں کے ساتھ فوت ہونے کی دعا کرنا

3. رَبَّنَا فَاغْفِرْ لَنَا ذُنُوْبَنَا وَ كَفِّرْ عَنَّا سَيِّاٰتِنَا وَتَوَفَّنَا مَعَ الْأَبْرَارِ○

اے ہمارے رب! پس ہمارے گناہ معاف کر دے اور ہم سے ہماری برائیاں دور فرما اور ہمیں نیک لوگوں کے ساتھ موت دے۔ (آل عمران:193)

4. رَبِّ هَبْ لِيْ حُكْمًا وَّ أَلْحِقْنِيْ بِالصّٰلِحِيْنَ○

اے میرے رب! مجھے حکمت عطا فرما اور مجھے نیک لوگوں کے ساتھ ملا۔ (الشعراء:83)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

5. اَللّٰهُمَّ تَوَفَّنَا مُسْلِمِيْنَ وَأَحْيِنَا مُسْلِمِيْنَ وَأَلْحِقْنَا بِالصَّالِحِيْنَ غَيْرَ خَزَايَا وَلَا مَفْتُوْنِيْنَ .

اے اللہ! ہمیں حالت اسلام میں موت عطا فرما، حالت اسلام میں زندہ رکھ اور نیک لوگوں میں شامل فرما کہ ہم رسوا نہ ہوں اور نہ ہی کسی فتنے کا شکار ہوں۔ (مسند أحمد:14592)

6. اَللّٰهُمَّ تَوَفَّنِيْ مَعَ الْأَبْرَارِ، وَلَا تُخَلِّفْنِيْ فِي الْأَشْرَارِ، وَأَلْحِقْنِيْ بِالْأَخْيَارِ.

اے اللہ! مجھے نیکوں کے ساتھ وفات دے اور بروں میں نہ چھوڑ دینا اور مجھے اچھے لوگوں کے ساتھ ملا دے۔ (صحيح الادب المفرد:490)

رفیق اعلیٰ سے ملنے کی دعا کرنا

7. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَأَلْحِقْنِيْ بِالرَّفِيْقِ .

اے اللہ! میری مغفرت فرما اور مجھ پر رحم فرما اور مجھے رفیق (اعلیٰ) سے ملا دے۔ (صحيح مسلم:6293)

بہتر وقت میں موت کی دعا

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: کسی دکھ کے آنے پر کوئی شخص ہرگز موت کی دعا نہ کرے بلکہ چاہیے کہ یوں کہے:

8. اَللّٰهُمَّ أَحْيِنِيْ مَا كَانَتِ الْحَيَاةُ خَيْرًا لِيْ وَتَوَفَّنِيْ إِذَا كَانَتِ الْوَفَاةُ خَيْرًا لِيْ.

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے اللہ! مجھے زندہ رکھ جب تک کہ زندگی میرے لیے خیر کا باعث ہو اور جب موت میرے لیے بہتر ہو تو مجھے وفات دیدے۔ (سنن أبی داؤد:3110)

9. اَللّٰهُمَّ بِعِلْمِكَ الْغَيْبَ وَقُدْرَتِكَ عَلَى الْخَلْقِ أَحْيِنِيْ مَا عَلِمْتَ الْحَيَاةَ خَيْرًا لِيْ وَتَوَفَّنِيْ اِذَا عَلِمْتَ الْوَفَاةَ خَيْرًا لِيْ.

اے اللہ! تو اپنے علم غیب سے اور اپنی اس قدرت کے ذریعے سے جو تجھ کو مخلوق پر ہے مجھے زندہ رکھ جب تک کہ تو جانتا ہے کہ میرے لیے زندہ رہنا بہتر ہے اور مجھے موت دے جب کہ تو جانتا ہے کہ میرے لیے موت بہتر ہے۔ (سنن النسائی:1305)

اللہ کے راستے میں شہادت کی دعا

10. اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِيْ شَهَادَةً فِيْ سَبِيْلِكَ وَاجْعَلْ مَوْتِيْ فِيْ بَلَدِ رَسُوْلِكَ ﷺ.

اے اللہ! مجھے اپنے راستے میں شہادت عطا کر اور میری موت اپنے رسول ﷺ کے شہر میں مقدر کردے۔ (صحیح البخاری:1890)

عافیت کی دعا کرنا

11. اَللّٰهُمَّ اِنِّيْ أَسْأَلُكَ الْمُعَافَاةَ فِي الدُّنْيَا وَالْآخِرَةِ.

اے اللہ! میں تجھ سے دنیا و آخرت میں عافیت مانگتا ہوں۔ (سنن ابن ماجہ:3851)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

12. أَسْأَلُ اللّٰهَ الْعَفْوَ وَالْعَافِيَةَ.

میں اللہ سے درگزر اور عافیت کا سوال کرتا ہوں۔ (مسند أحمد:34)

موت کے وقت راحت کی دعا کرنا

13. اَللّٰهُمَّ أَصْلِحْ لِيْ دِيْنِيَ الَّذِيْ هُوَ عِصْمَةُ أَمْرِيْ وَأَصْلِحْ لِيْ دُنْيَايَ الَّتِيْ فِيْهَا مَعَاشِيْ وَأَصْلِحْ لِيْ آخِرَتِيَ الَّتِيْ فِيْهَا مَعَادِيْ وَاجْعَلِ الْحَيَاةَ زِيَادَةً لِيْ فِيْ كُلِّ خَيْرٍ وَاجْعَلِ الْمَوْتَ رَاحَةً لِيْ مِنْ كُلِّ شَرٍّ.

اے اللہ! میرے دین کو درست فرما جو میرے معاملات کا محافظ ہے اور میری دنیا کو درست فرما جس میں میرا معاش ہے اور میری آخرت کو درست فرما جس میں میرا لوٹنا ہے اور میری زندگی کو ہر بھلائی میں میرے لئے زیادتی کا باعث بنا دے اور موت کو میرے لئے ہر شر سے راحت بنا دے۔

(صحیح مسلم:6903)

فطرت پر موت کی دعا

براء بن عازب رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ نبی ﷺ نے فرمایا: جب تم اپنے بستر پر لیٹنے آؤ تو نماز کی طرح کا وضو کرو۔ پھر داہنی کروٹ پر لیٹ کر یوں کہو:

14. اَللّٰهُمَّ أَسْلَمْتُ وَجْهِيْ اِلَيْكَ وَفَوَّضْتُ أَمْرِيْ اِلَيْكَ وَأَلْجَأْتُ ظَهْرِيْ اِلَيْكَ رَغْبَةً وَرَهْبَةً اِلَيْكَ لَا مَلْجَأَ وَلَا مَنْجَا مِنْكَ اِلَّا اِلَيْكَ اَللّٰهُمَّ آمَنْتُ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

بِكِتَابِكَ الَّذِیْ أَنْزَلْتَ وَبِنَبِیِّکَ الَّذِیْ أَرْسَلْتَ .

اے اللہ! میں نے اپنا چہرہ تیرے سپرد کر دیا۔ اپنا معاملہ تجھے سونپ دیا۔ میں نے (تیرے ثواب کی) توقع اور (تیرے عذاب کے) ڈر سے تجھے ہی پشت پناہ بنالیا۔ تجھ سے بھاگ کر کہیں پناہ اور نجات کی جگہ نہیں مگر تیرے ہی پاس۔ اے اللہ! جو کتاب تو نے نازل کی میں اس پر ایمان لایا۔ جو نبی تو نے بھیجا میں اس پر ایمان لایا۔

اگر تم اسی رات مر گئے تو تم فطرت پر مرو گے اور اس دعا کو سب باتوں کے آخر میں پڑھو۔ (صحیح البخاری:247)

سوتے وقت موت آ جانے پر مغفرت کی دعا

15. اَللّٰهُمَّ خَلَقْتَ نَفْسِیْ وَأَنْتَ تَوَفَّاهَا لَکَ مَمَاتُهَا وَمَحْيَاهَا اِنْ أَحْيَيْتَهَا فَاحْفَظْهَا وَاِنْ أَمَتَّهَا فَاغْفِرْ لَهَا اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَسْأَلُکَ الْعَافِيَةَ .

اے اللہ! تو نے میری جان پیدا کی تو تو ہی اسے موت دے گا، اس کی موت اور زندگی تیرے ہی لئے ہے، اگر تو اسے زندہ رکھے تو اس کی حفاظت فرما اور اگر تو اسے موت دے تو اسے معاف فرما، اے اللہ! میں تجھ سے عافیت مانگتا ہوں۔ (صحیح مسلم:6888)

انتہائی بڑھاپے سے پناہ مانگنا

16. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْکَسَلِ وَالْهَرَمِ وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَسُوْءِ الْكِبَرِ وَفِتْنَةِ الدَّجَّالِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ .

اے اللہ! میں کاہلی اور شدید بڑھاپے اور بزدلی اور بخل سے اور بڑھاپے کی برائی سے اور دجال کے فتنے

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اور قبر کے عذاب سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ (سنن النسائی:5495)

17. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْجُبْنِ وَأَعُوْذُ بِکَ أَنْ أُرَدَّ اِلٰی أَرْذَلِ الْعُمُرِ وَأَعُوْذُ بِکَ مِنْ فِتْنَةِ الدُّنْیَا وَأَعُوْذُ بِکَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ.

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں بزدلی سے اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں اس سے کہ میں رذیل عمر (بڑھاپے) میں پہنچا دیا جاؤں اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں دنیا کی آزمائش سے اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں قبر کے عذاب سے۔ (صحیح البخاری:2822)

آزمائش میں پڑے بغیر موت کی دعا

18. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَسْأَلُکَ عَمَلًا بِالْحَسَنَاتِ وَتَرْکًا لِلْمُنْکَرَاتِ، وَاِذَا أَرَدْتَ فِیْ قَوْمٍ فِتْنَةً وَأَنَا فِیْهِمْ فَاقْبِضْنِیْ اِلَیْکَ غَیْرَ مَفْتُوْنٍ.

اے اللہ! بے شک میں تجھ سے نیکیاں کرنے اور برائیوں کو ترک کر دینے کا سوال کرتا ہوں اور جب تو لوگوں کو فتنے میں مبتلا کرنا چاہے اور میں ان میں موجود ہوں تو مجھے فتنے سے بچا کر اپنے پاس بلا لینا۔

(السلسلة الصحیحة:3169)

19. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَسْأَلُکَ فِعْلَ الْخَیْرَاتِ وَتَرْکَ الْمُنْکَرَاتِ وَحُبَّ الْمَسَاکِیْنِ وَأَنْ تَغْفِرَ لِیْ وَتَرْحَمَنِیْ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَاِذَا أَرَدْتَ فِتْنَةَ قَوْمٍ فَتَوَفَّنِي غَيْرَ مَفْتُوْنٍ أَسْأَلُکَ حُبَّکَ وَحُبَّ مَنْ يُحِبُّکَ وَحُبَّ عَمَلٍ يُقَرِّبُ اِلٰی حُبِّکَ.

اے اللہ! میں تجھ سے سوال کرتا ہوں نیک کام کرنے کا، منکرات کو چھوڑنے کا، مسکینوں سے محبت کرنے کا اور یہ کہ تو مجھے معاف فرما اور تو مجھ پر رحم فرما اور جب تو کسی قوم کی آزمائش کا ارادہ کرے تو مجھے فتنے میں مبتلا ہونے سے پہلے موت دے دے اور میں تجھ سے تیری محبت، تجھ سے محبت کرنے والوں کی محبت اور تیری محبت کے قریب کرنے والے اعمال کی محبت کا سوال کرتا ہوں۔ (سنن الترمذی:3235)

بری بیماریوں سے پناہ مانگنا

20. اَللّٰهُمَّ اِنِّی أَعُوْذُ بِکَ ... مِنَ الصَّمَمِ وَالْبَکَمِ وَالْجُنُوْنِ وَالْجُذَامِ وَالْبَرَصِ وَسَيِّیءِ الْأَسْقَامِ.

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں۔۔۔ بہرے پن اور گونگے پن اور پاگل پن سے اور کوڑھ، برص اور تمام بری بیماریوں سے۔ (صحیح الجامع الصغیر:1285)

بری موت سے پناہ مانگنا

21. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْهَدْمِ وَأَعُوْذُ بِکَ مِنَ التَّرَدِّیْ وَأَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْغَرَقِ وَالْحَرَقِ وَالْهَرَمِ وَأَعُوْذُ بِکَ أَنْ يَتَخَبَّطَنِیَ الشَّيْطَانُ عِنْدَ الْمَوْتِ

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

وَأَعُوْذُ بِکَ أَنْ أَمُوْتَ فِیْ سَبِیْلِکَ مُدْبِرًا وَأَعُوْذُ بِکَ أَنْ أَمُوْتَ لَدِیْغًا.

اے اللہ! میں تیری پناہ چاہتا ہوں کہ (کوئی مکان یا دیوار مجھ پر) آ گرے یا کسی بلند (مقام) سے گر پڑوں اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں غرق ہونے سے، جلنے سے یا ازحد بوڑھا ہو جانے سے، اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس سے کہ شیطان مجھے موت کے وقت بدحواس کر دے، اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس بات سے کہ میں تیرے راستے میں پیٹھ پھیرتے ہوئے مروں، اور میں تیری پناہ چاہتا ہوں اس کیفیت سے کہ (زہریلے جانور کے) کاٹنے سے مجھے موت آئے۔ (سنن أبی داؤد:1552)

موت کے فتنے سے پناہ مانگنا

22. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْیَا وَالْمَمَاتِ وَمِنْ شَرِّ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ.

اے اللہ! میں زندگی اور موت کی آزمائش سے اور مسیح دجال کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔

(مسند أحمد:9357)

سفر میں برے لوٹنے سے پناہ مانگنا

23. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَکَآبَةِ الْمُنْقَلَبِ وَالْحَوْرِ بَعْدَ الْکَوْرِ وَدَعْوَةِ الْمَظْلُوْمِ وَسُوْءِ الْمَنْظَرِ فِی الْأَهْلِ وَالْمَالِ وَالْوَلَدِ.

اے اللہ! میں تیری پناہ مانگتا ہوں سفر کی سختی سے اور لوٹنے کے رنج وغم سے اور نفع کے بعد نقصان سے اور مظلوم کی بددعا سے اور گھر، مال اور بچوں میں برا منظر دیکھنے سے۔ (سنن النسائی:5498)

www.KitaboSunnat.com

24. سُبْحَانَ الَّذِیْ سَخَّرَ لَنَا هٰذَا وَمَا كُنَّا لَهُ مُقْرِنِیْنَ وَاِنَّا اِلٰی رَبِّنَا لَمُنْقَلِبُوْنَ اَللّٰهُمَّ اِنَّا نَسْأَلُكَ فِیْ سَفَرِنَا هٰذَا الْبِرَّ وَالتَّقْوٰی وَمِنَ الْعَمَلِ مَا تَرْضٰی اَللّٰهُمَّ هَوِّنْ عَلَیْنَا سَفَرَنَا هٰذَا وَاطْوِعَنَّا بُعْدَهُ اَللّٰهُمَّ أَنْتَ الصَّاحِبُ فِیْ السَّفَرِ وَالْخَلِیْفَةُ فِی الْأَهْلِ اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُبِكَ مِنْ وَعْثَاءِ السَّفَرِ وَكَآبَةِ الْمَنْظَرِ وَسُوْءِ الْمُنْقَلَبِ فِی الْمَالِ وَالْأَهْلِ .

پاک ہے وہ ذات کہ جس نے ہمارے لئے اس (سواری کو) مسخر فرما دیا اور بے شک ہم اسے مسخر کرنے والے نہ تھے اور بے شک ہم اپنے رب کی طرف پلٹ کر جانے والے ہیں، اے اللہ! ہم اس سفر میں تجھ سے نیکی اور تقوی کا اور ان اعمال کا سوال کرتے ہیں کہ جن سے تو راضی ہو۔ اے اللہ! ہمارے اس سفر کو ہم پر آسان فرما اور اس کی مسافت کو لپیٹ دے، اے اللہ! تو ہی اس سفر میں ہمارا رفیق ہے اور گھر والوں کا نگہبان ہے۔ اے اللہ! میں سفر کی تکلیفوں اور رنج وغم کے منظر سے اور اپنے مال اور گھر والوں کی طرف برائی کے ساتھ لوٹنے سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ (صحیح مسلم:3275)

اللہ کی ناراضگی سے بچنے کی دعا

25. اَللّٰهُمَّ أَعُوْذُ بِرِضَاكَ مِنْ سَخَطِكَ وَبِمُعَافَاتِكَ مِنْ عُقُوْبَتِكَ وَأَعُوْذُ بِكَ مِنْكَ لَا أُحْصِیْ ثَنَاءً عَلَیْكَ أَنْتَ كَمَا أَثْنَیْتَ عَلٰی نَفْسِكَ.

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے اللہ! میں تیری ناراضگی سے تیری رضامندی کی اور تیری سزا سے تیری معافی کی پناہ چاہتا ہوں۔ اور میں تجھ سے (ڈر کر) تیری ہی پناہ میں آتا ہوں۔ میں تیری تعریف کرنے کی طاقت نہیں رکھتا، تو ویسا ہی ہے جیسے کہ تو نے خود اپنی ثنا بیان کی ہے۔ (صحیح مسلم: 1090)

www.KitaboSunnat.com

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میت کے لیے دعائیں

خلوص نیت سے دعا کرنا

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے رسول اللہ ﷺ کو فرماتے ہوئے سنا ہے: جب تم کسی میت کا جنازہ پڑھو تو اس کے لیے اخلاص سے دعا کیا کرو۔ (سنن أبي داؤد: 3199)

1. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ وَارْفَعْ دَرَجَتَهُ فِي الْمَهْدِيِّيْنَ وَاخْلُفْهُ فِيْ عَقِبِهِ فِي الْغَابِرِيْنَ وَاغْفِرْ لَنَا وَلَهُ يَا رَبَّ الْعَالَمِيْنَ وَافْسَحْ لَهُ فِي قَبْرِهِ وَنَوِّرْ لَهُ فِيْهِ.

اے اللہ! اسے معاف فرما اور ہدایت یافتہ لوگوں میں اس کا درجہ بلند فرما اور اس کے پیچھے رہ جانے والوں میں تو ہی اس کا خلیفہ بن جا۔ یارب العالمین! ہمیں اور اس کو بخش دے اور اس کی قبر میں اس کے لئے کشادگی فرما اور اس میں اس کے لئے روشنی فرما۔ (صحیح مسلم: 2130)

2. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا وَذَكَرِنَا وَأُنْثَانَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا اَللّٰهُمَّ مَنْ أَحْيَيْتَهُ مِنَّا فَأَحْيِهِ عَلَى الْإِيْمَانِ وَمَنْ تَوَفَّيْتَهُ مِنَّا فَتَوَفَّهُ عَلَى الْإِسْلَامِ اَللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا أَجْرَهُ وَلَا تُضِلَّنَا بَعْدَهُ.

اے اللہ! ہمارے زندوں اور مرنے والوں کو بخش دے اور چھوٹوں کو اور بڑوں کو، مردوں کو اور عورتوں کو، موجود لوگوں کو اور جو موجود نہیں ہیں انہیں بھی بخش دے۔ اے اللہ! ہم میں سے جسے تو زندہ رکھے تو اسے ایمان کے ساتھ زندہ رکھ اور جسے تو موت دے اسے اسلام پر موت دے۔ اے اللہ! ہمیں اس مرنے والے کے اجر سے محروم نہ رکھ اور اس کے بعد ہمیں گمراہ نہ کر دینا۔ (سنن أبي داؤد: 3201)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

3. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِحَيِّنَا وَمَيِّتِنَا وَشَاهِدِنَا وَغَائِبِنَا وَصَغِيْرِنَا وَكَبِيْرِنَا وَذَكَرِنَا وَأُنْثَانَا.

اے اللہ ہمارے زندوں اور ہمارے مُردوں اور ہمارے حاضر اور جو ہم میں غائب ہیں اور ہمارے چھوٹوں اور ہمارے بڑوں اور ہمارے مردوں اور ہماری عورتوں کی بخشش فرما۔ (سنن الترمذی: 1024)

4. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ وَعَافِهِ وَاعْفُ عَنْهُ وَأَكْرِمْ نُزُلَهُ وَوَسِّعْ مُدْخَلَهُ وَاغْسِلْهُ بِالْمَاءِ وَالثَّلْجِ وَالْبَرَدِ وَنَقِّهِ مِنَ الْخَطَايَا كَمَا نَقَّيْتَ الثَّوْبَ الْأَبْيَضَ مِنَ الدَّنَسِ وَأَبْدِلْهُ دَارًا خَيْرًا مِنْ دَارِهِ وَأَهْلًا خَيْرًا مِنْ أَهْلِهِ وَزَوْجًا خَيْرًا مِنْ زَوْجِهِ وَأَدْخِلْهُ الْجَنَّةَ وَأَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَ مِنْ عَذَابِ النَّارِ.

اے اللہ! اس کو بخش دے اور اس پر رحم فرما اور اسے عافیت عطا فرما اور اسے معاف فرما اور اس کی بہترین مہمانی فرما اور اس کی قبر کو کشادہ فرما اور اسے پانی برف اور اولوں سے دھو دے اور اسے گناہوں سے اس طرح صاف کر دے جیسے کہ تو سفید کپڑے کو میل کچیل سے صاف کرتا ہے اور اسے اس کے گھر کے بدلے بہتر گھر عطا فرما اور گھر والوں سے بہتر گھر والے اور اس کی بیوی سے بہتر بیوی عطا فرما اور اسے جنت میں داخل فرما اور اسے قبر کے عذاب اور آگ کے عذاب سے بچا۔ (صحیح مسلم: 2232)

5. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ وَاغْسِلْهُ بِالْبَرَدِ وَاغْسِلْهُ كَمَا

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

يُغْسَلُ الثَّوْبُ.

اے اللہ! اس کو بخش دے اور اس پر رحم فرما اور اسے اولوں سے دھو دے اور اسے اس طرح دھو دے جس طرح کپڑا دھویا جاتا ہے۔ (سنن الترمذی: 1025)

6. اَللّٰهُمَّ عَبْدُكَ، وَابْنُ أَمَتِكَ اِحْتَاجَ اِلٰى رَحْمَتِكَ، وَأَنْتَ غَنِيٌّ عَنْ عَذَابِهِ اِنْ كَانَ مُحْسِنًا فَزِدْ فِيْ اِحْسَانِهِ، وَاِنْ كَانَ مُسِيْئًا فَتَجَاوَزْ عَنْهُ.

اے اللہ! تیرا بندہ اور تیری بندی کا بیٹا، تیری رحمت کا محتاج ہے، تو اسے عذاب دینے سے بے نیاز ہے۔ اگر وہ نیک تھا تو اس کے نیک اعمال میں اضافہ فرما اور اگر برائیوں پر تھا تو اس سے درگزر فرما۔

(المستدرك للحاكم: 1328)

7. اَللّٰهُمَّ اِنَّهُ عَبْدُكَ وَابْنُ عَبْدِكَ وَابْنُ أَمَتِكَ كَانَ يَشْهَدُ أَنْ لَا اِلٰهَ اِلَّا أَنْتَ وَأَنَّ مُحَمَّدًا عَبْدُكَ وَرَسُوْلُكَ وَأَنْتَ أَعْلَمُ بِهِ اَللّٰهُمَّ اِنْ كَانَ مُحْسِنًا فَزِدْ فِيْ اِحْسَانِهِ وَاِنْ كَانَ مُسِيْئًا فَتَجَاوَزْ عَنْ سَيِّئَاتِهِ اَللّٰهُمَّ لَا تَحْرِمْنَا أَجْرَهُ وَلَا تَفْتِنَّا بَعْدَهُ.

اے اللہ! بے شک یہ تیرا بندہ اور تیرے بندے کا بیٹا اور تیری بندی کا بیٹا، اس بات کی گواہی دیتا تھا کہ تیرے سوا کوئی معبود نہیں اور بے شک محمد ﷺ تیرے بندے اور تیرے رسول ہیں اور تو اس کا حال خوب جانتا ہے۔ اے اللہ! اگر یہ نیک تھا تو اس کے نیک اعمال میں اضافہ فرما اور اگر گناہگار تھا تو اس کے

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

گناہوں سے درگزر کر، اے اللہ! ہمیں اس کے ثواب سے محروم نہ کر اور ہمیں اس کے بعد فتنے میں نہ ڈالنا۔ (الموطأ لامام مالك: 479)

8. اَللّٰهُمَّ اِنَّ فُلَانَ بْنَ فُلَانٍ فِيْ ذِمَّتِكَ وَحَبْلِ جِوَارِكَ فَقِهِ مِنْ فِتْنَةِ الْقَبْرِ وَعَذَابِ النَّارِ وَأَنْتَ أَهْلُ الْوَفَاءِ وَالْحَقِّ اَللّٰهُمَّ فَاغْفِرْ لَهُ وَارْحَمْهُ اِنَّكَ أَنْتَ الْغَفُوْرُ الرَّحِيْمُ .

اے اللہ! فلاں بن فلاں تیرے ذمے (کفالت) میں ہے اور تیری ہمسائیگی اور امان میں آ گیا ہے۔ سو تو اسے قبر کی آزمائش اور آگ کے عذاب سے محفوظ فرما دے تو اپنے وعدے وفا کرنے والا اور حق والا ہے۔ اے اللہ! اسے بخش دے اور اس پر رحم فرما بلاشبہ تو بہت ہی بخشنے والا اور رحم کرنے والا ہے۔

(سنن أبي داؤد: 3202)

9. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لَهُ اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ فَوْقَ كَثِيْرٍ مِنْ خَلْقِكَ .

اے اللہ! اس کی مغفرت فرما، اے اللہ! قیامت کے دن اس کو اپنی بہت سی مخلوق سے بلند تر درجہ عطا فرمانا۔ (صحیح البخاری: 4323)

میت بچے کی بخشش کی دعائیں

10. اَللّٰهُمَّ أَعِذْهُ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ .

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

اے اللہ! اس کو قبر کے عذاب سے بچا۔ (الموطأ لامام مالك: 613)

11. اَللّٰهُمَّ اجْعَلْهُ لَنَا فَرَطًا وَسَلَفًا وَأَجْرًا.

اے اللہ! اس (بچے) کو ہمارے لیے ہم سے پہلے آگے جا کر انتظام کرنے والا بنا دے اور اجر کا باعث بنا دے۔ (صحیح البخاری، کتاب الجنائز)

میت کے گھر والوں کے کرنے کی دعائیں

12. اِنَّا لِلّٰهِ وَاِنَّا اِلَيْهِ رَاجِعُوْنَ ، اَللّٰهُمَّ أْجُرْنِيْ فِيْ مُصِيْبَتِيْ وَأَخْلِفْ لِيْ خَيْرًا مِنْهَا.

بے شک ہم اللہ کے لیے ہیں اور بے شک ہم اسی کی طرف لوٹنے والے ہیں۔ اے اللہ مجھے میری مصیبت میں اجر دے اور میرے لئے اس کا نعم البدل عطا فرما۔ (صحیح مسلم: 2126)

13. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَلَهُ وَأَعْقِبْنِيْ مِنْهُ عُقْبٰى حَسَنَةً .

اے اللہ! مجھے اور اس کو معاف فرما دے اور مجھے اس سے اچھا بدلہ عطا فرما۔ (صحیح مسلم: 2129)

زیارت قبور کی دعائیں

14. اَلسَّلَامُ عَلٰى أَهْلِ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَيَرْحَمُ اللّٰهُ الْمُسْتَقْدِمِيْنَ مِنَّا وَالْمُسْتَأْخِرِيْنَ وَاِنَّا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَلَاحِقُوْنَ.

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

سلام ہے ایماندار گھر والوں پر اور مسلمانوں پر، اللہ ہم سے آگے جانے والوں پر اور پیچھے رہ جانے والوں پر رحمت فرمائے، اور ہم ان شاء اللہ تم سے ملنے والے ہیں۔ (صحیح مسلم:2256)

15. اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ دَارَ قَوْمٍ مُؤْمِنِيْنَ وَأَتَاكُمْ مَا تُوْعَدُوْنَ غَدًا مُؤَجَّلُوْنَ وَاِنَّا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَاحِقُوْنَ.

سلامتی ہو تم پر اے مؤمنوں کے گھر والو! تمہارے ساتھ کیا گیا (جنت کا) وعدہ کل کو بہت جلد تمہارے پاس آ رہا ہے۔ اور ہم بھی ان شاء اللہ تم سے آ ملنے والے ہیں۔ (صحیح مسلم:2255)

16. اَلسَّلَامُ عَلَيْكُمْ أَهْلَ الدِّيَارِ مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ وَالْمُسْلِمِيْنَ وَاِنَّا اِنْ شَاءَ اللّٰهُ بِكُمْ لَلَاحِقُوْنَ أَنْتُمْ لَنَا فَرَطٌ وَنَحْنُ لَكُمْ تَبَعٌ فَنَسْأَلُ اللّٰهَ لَنَا وَلَكُمُ الْعَافِيَةَ .

اے مومنو اور مسلمانو کے گھر والو! تم پر سلام ہو، بیشک ان شاء اللہ ہم بھی تم سے ملنے والے ہیں، تم پہلے چلے گئے، ہم تمہارے بعد آئیں گے، ہم اللہ سے اپنے اور تمہارے لیے عافیت طلب کرتے ہیں۔

(مسند احمد:23039)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

میت کے گھر والوں کو دینے کے لیے دعائیں

میت کی بیوی کو دعا دینا

1. اَللّٰهُمَّ صُبَّ عَلَيْهَا الْخَيْرَ صَبًّا وَلَا تَجْعَلْ عَيْشَهَا كَدًّا كَدًّا.

اے اللہ! اس پر خیر کو خوب انڈیل دے اور اس کی زندگی کو مشقت والی نہ بنانا۔ (مسند احمد:19784)

بچوں کو دعا دینا

1. اَللّٰهُمَّ اخْلُفْ جَعْفَرًا فِيْ أَهْلِهِ وَبَارِكْ لِعَبْدِ اللّٰهِ فِيْ صَفْقَةِ يَمِيْنِهِ.

اے اللہ جعفر کے اہل خانہ کے معاملے میں تو ان کا خلیفہ بن جا اور عبداللہ کے دائیں ہاتھ کے معاملے میں برکت عطا فرما۔ (مسند احمد:1750)

(جَعْفَرًا کی جگہ میت اور عَبْدِ اللّٰهِ کی جگہ میت کے بچے کا نام لیں)

میت کے دیگر رشتے داروں کو دعا دینا

جب ابو عامر رضی اللہ عنہ شہید ہوئے تو نبی ﷺ نے ان کے لیے دعا کی۔ ان کے (بھتیجے) ابوموسیٰ رضی اللہ عنہ نے عرض کیا: میرے لئے بھی دعائے مغفرت فرما دیں۔ تو آپ ﷺ نے فرمایا:

1. اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِعَبْدِ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ ذَنْبَهُ وَأَدْخِلْهُ يَوْمَ الْقِيَامَةِ مُدْخَلًا كَرِيْمًا.

اے اللہ! عبداللہ بن قیس کے گناہوں کو بھی معاف فرما دے اور قیامت کے دن اسے معزز جگہ عطا فرما۔ (صحیح البخاری:4323)

(عَبْدُ اللّٰهِ بْنِ قَيْسٍ کی جگہ میت کے رشتے دار کا نام لیں)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

عذاب قبر اور فتنہ قبر سے حفاظت کی دعائیں

عذاب قبر سے پناہ مانگنے کی اہمیت

عبداللہ کہتے ہیں کہ نبی ﷺ کی بیوی ام حبیبہ رضی اللہ عنہا نے کہا اے اللہ مجھے میرے شوہر یعنی رسول اللہ ﷺ اور میرے والد ابوسفیان اور میرے بھائی معاویہ سے فائدہ دے۔ تو نبی ﷺ نے فرمایا: تم نے اللہ سے مقرر شدہ مدتوں اور گنے چنے ایام اور تقسیم شدہ رزق کا سوال کیا ہے، ان میں سے کسی چیز کو وقت مقرر سے مقدم یا وقت مقرر سے مؤخر نہیں کیا جاتا اور اگر تم اللہ سے سوال کرتی کہ وہ تمہیں آگ کے عذاب یا قبر کے عذاب سے پناہ دے تو وہ بہتر اور افضل ہوتا۔

(صحیح مسلم: 6770)

عذاب قبر سے پناہ مانگنا

1. نَعُوْذُ بِاللّٰهِ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ.

ہم قبر کے عذاب سے اللہ کی پناہ مانگتے ہیں۔ (صحیح مسلم: 7392)

2. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْکَسَلِ وَالْهَرَمِ وَالْجُبْنِ وَالْبُخْلِ وَفِتْنَةِ الدَّجَّالِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ.

اے اللہ! میں کاہلی سے اور شدید بڑھاپے سے اور بزدلی سے اور بخل سے اور دجال کے فتنے اور قبر کے عذاب سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ (سنن النسائی: 5457)

3. اَللّٰهُمَّ رَبَّ جِبْرَائِیْلَ وَمِیْکَائِیْلَ وَرَبَّ اِسْرَافِیْلَ أَعُوْذُ بِکَ مِنْ حَرِّ النَّارِ وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ.

اے اللہ! جبرائیل اور میکائیل کے رب! اور اسرافیل کے رب! میں آگ کی تپش اور قبر کے عذاب سے

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

تیری پناہ چاہتا ہوں۔ (سنن النسائی:5519)

نبی ﷺ کا قرآن کی سورت کی طرح یہ دعا سکھانا

عبداللہ بن عباس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ انہیں یہ دعا اسی طرح سکھاتے جس طرح انہیں قرآن کی سورت سکھاتے تھے، آپ ﷺ فرماتے:

4. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ وَأَعُوْذُ بِکَ مِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَأَعُوْذُ بِکَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ وَأَعُوْذُ بِکَ مِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ.

اے اللہ! بے شک میں تیری پناہ مانگتا ہوں جہنم کے عذاب سے اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں قبر کے عذاب سے اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں مسیح دجال کے فتنے سے اور میں تیری پناہ مانگتا ہوں زندگی اور موت کی آزمائشوں سے۔ (سنن ابی داؤد1544)

تشہد میں عذاب قبر سے پناہ مانگنے کا حکم

ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا کہ جب تم میں سے کوئی تشہد پڑھے تو چاہیے کہ وہ اللہ سے چار چیزوں کی پناہ مانگے:

5. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُبِکَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ وَمِنْ عَذَابِ الْقَبْرِ وَمِنْ فِتْنَةِ الْمَحْيَا وَالْمَمَاتِ وَمِنْ شَرِّ فِتْنَةِ الْمَسِيْحِ الدَّجَّالِ.

اے اللہ میں جہنم کے عذاب سے اور قبر کے عذاب سے اور زندگی اور موت کے فتنے سے اور مسیح دجال کے فتنہ کے شر سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ (صحیح مسلم:1324)

محکم دلائل و براہین سے مزین، متنوع و منفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.KitaboSunnat.com

نماز کے بعد عذاب قبر سے پناہ مانگنا

6. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنَ الْکُفْرِ وَالْفَقْرِ وَعَذَابِ الْقَبْرِ.

اے اللہ! میں کفر سے اور فقر سے اور عذاب قبر سے تیری پناہ مانگتا ہوں۔ (سنن النسائی :5465)

رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: جب تم میں سے کوئی اپنی نماز سے فارغ ہو تو اسے چاہیے کہ وہ ان چار (کلمات) سے دعا کرے پھر اس کے بعد جو چاہے دعا کرے:

7. اَللّٰهُمَّ اِنِّیْ أَعُوْذُ بِکَ مِنْ عَذَابِ جَهَنَّمَ وَعَذَابِ الْقَبْرِ وَفِتْنَةِ الْمَحْیَا وَالْمَمَاتِ وَفِتْنَةِ الْمَسِیْحِ الدَّجَّالِ.

اے اللہ! بے شک میں جہنم کے عذاب سے اور قبر کے عذاب سے اور زندگی اور موت کے فتنے سے اور مسیح دجال کے فتنے سے تیری پناہ چاہتا ہوں۔ (صحیح الجامع الصغیر :700)

طلوع فجر کے وقت بلند آواز سے عذاب قبر اور فتنہ قبر سے پناہ مانگنا

